آیَة: نشان، عبرت، پند ونصیحت، قرآن کریم کا ایک محدود حصہ۔
آیَةٌ فِي البَرَاعَة: مہارت کا نمونہ، انتہائی کمال۔
تَأیِیْد: حمایت، سپورٹ۔
تَأیِیْدُ الإقْتِرَاح: تجویز کی حمایت۔
تَأیِیْدٌ قَوِیٌّ: زبردست حمایت۔
المُؤَیِّد: سپورٹر
الأیْدِیُولُوجِیَّة العَقَائِدِیَّة: خیال پرستی، تصورات کا عالم۔
الأیْدِیُولُوجِیَّة الشُّیُوعِیَّة: کمیونسٹ۔

آئیڈیالوجی۔

أَيَّارُ: ماہِ مئی۔

إِيَّاكَ: تجھ ہی کو، ضمیر منصوب منفصل۔

إِيَّاكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا: خبردار ایسا نہ کرنا۔

إِيطَالِيَا: ملک اٹلی۔

الإِيِّـل، الأَيِّـل، الأُيِّـل: بارہ سنگھا، ج: أَيَايِلُ و أَيَائِلُ

أَيْلُوْلُ: ماہِ ستمبر

إِيَالَةٌ: صوبہ (ترکی)۔

ب

ب.....ا

بِ: (۱) ساتھ (۲) سے (۳) ذریعہ (۴) بدلہ (۵) سبب (۶) میں (۷) تعدیہ (۸) زائدہ

بَاعَ بالجُمْلَة: تھوک فروخت کیا۔

مَرَّ بالسُّوْق: بازار سے گذرا

كَتَبَ بالقَلَم: قلم سے لکھا۔

صَعِدَ بالسُّلَّم: سیڑھی کے ذریعہ چڑھا۔

بَاعَ الكِتَابَ بروُبِيَة: کتاب ایک روپے کی فروخت کی۔

فَشِلَ بالإهْمَال: لاپرواہی کی وجہ سے ناکام ہوا۔

أخَذَ باليَد: ہاتھ میں لیا۔

بَاحَ بِسِرّه: اس کا راز ظاہر کیا۔

ليس بجيّدٍ: عمدہ نہیں ہے۔

بَأبَأالولَدُ: بچہ کا بابا کہنا۔

بَابَا: عیسائیوں کا پوپ اعظم

بَابُوْر: (دیکھئے وابور)

بَابُوْرُ البَحْرِ: سمندری جہاز

بَابُوْرُ سِكَّةِ الحَدِيْد: ریلوے انجن۔

بَاتَ (دربَيْت)

بَاتِيْسْتَه: باریک ململ۔

بَاثَالُوْجِيَا: علم العلاج، علم ترکیب ادویہ

بَاحَ: (دربوح) بَاخَ (دربوخ)

بَاخِرَة: (دربخر)

باد (دربَيْک)

بَادِر: (دربدر)

بَاذِنْجَان: بیگن، و بَاذِنْجَانَة

بَأرَ ـــ بَأرًا: کنواں کھودنا۔

بِئْرٌ: کنواں ج: آبَارٌ، أبْؤُرٌ، و أبْآرٌ. و بِئَارٌ.

بُؤْرة: ج: بُؤَر بھنور (۱) نقطۂ اجتماع (۲) گڑھا

بُؤْرَةٌ خَطِيْرَة: خطرناک بھنور۔

بَارٌ: (۱) شراب خانہ۔

بَارْلَمَان: پارلیمنٹ

بَارْنَامَج، بَرْنَامَج: پروگرام، فہرست

بَارُوْمِتر: (مع) بارومیٹر، بیرومیٹر، آلہ بادپیما

بَارِيْس: پیرس

بَارِيْسِيٌّ: پیرسی، پیرس کا، پیرس کا باشندہ۔

بَازَار: بازار، مارکیٹ۔

بَأسٌ: طاقت، بہادری، قوت۔

ذُوْبَأسٍ: طاقتور، بہادر۔

لَابَاسَ بذَلِکَ: کوئی مضائقہ نہیں
لاباسَ بکذا: خاصی، خاصا (خِبرَة)
لاباسَ بِهَا: خاصا تجربہ۔
لاباسَ عَلَيکَ: تم کو کوئی خوف نہیں۔
شئ لاباسَ به: ناقابلِ اعتراض
بَئِسَ ـَ بُؤساً ، وَبَاساً و بَئِيساً: تنگدست ہونا، بدحال ہونا محتاج وفقیر ہونا۔
بَؤُسَ ـُ بَاساً و بَاسَةً و بَآسَةً: طاقتور ہونا، بہادر ہونا۔
بُؤسٌ بَاسَاءُ: بدحالی، تنگدستی، زبوں حالی، مصیبت
بَاسَابُورْت، بَاسْبُوْر: پاسپورٹ
بَائِسٌ: تنگدست، خستہ حال، مصیبت زدہ
بَاشَرَ: (دیکھئے بشر)
بَاش: چیف، صدر
بَاشَا: لقب، پاشا
بَاشْكِيْر: (دا) تولیہ۔
بَاطِسُ الْحِذَاء: (دا) جوتے کا تلا
بَاصَةٌ: (مع) بس ج: بَاصَات
بَاقَة: گلدستہ ج: بَاقَات
بَالَةٌ إبَالَةٌ: تجارتی بنڈل، کپڑے کی گانٹھ۔
بَالُوْعَةٌ: گندا نالہ، گندی نالی
بَالُوْ: بال کا معرب) (ا) گیند (۲) ڈانس
بَالُون: (مع) غبارہ: (مُنطَاد)
بَامِيَا: (مع) بھنڈی
بَانِيُوْ: باتھ ٹب
بَأَهَ للأمْرِ ـَ بَأهَاً: سمجھنا، تاڑنا۔

ب ..... ب

بَبْرٌ: ہندوستانی شیر، شیر ببر ج: بُبُوْر
البَبَغَاءُ ، و البَبَّغَاءُ: طوطا ج: بَبَغَاوَات.

ب ..... ت

بَتَّ ـُ بَتًّا: قطع کرنا، کاٹنا۔
بَتَّ الأمْرَ وفِيْه: آخری فیصلہ کرنا، فیصلہ کرنا، طے کرنا۔
بَتٌّ: فیصلہ، قطعیت۔
بَتَّةَ البَتَّةَ: یقیناً، قطعاً ہمیشہ۔
بَتَاتاً: قطعی طور پر، آخری طور پر، بالکل
بَتَرَ ـُ بَتْرًا: کاٹنا، کترنا، حصہ جسم کاٹنا
بَتْرٌ: قطع وبرید، نقص
بَتَّار: تیز، قاطع
أبْتَرُ مَبْتُوْر: (۱) دُم بریدہ (۲) ناتمام ناقص، لاولد۔ (جُمْلَة مَبْتُوْرَة) ناتمام جملہ۔
بِتْرُوْل: (مع) (۱) (پٹرول) (۲) مٹی کا تیل
بِتْرُوْلٌ خَام: غیر صاف شدہ پٹرول
بِتْرُوْل مُكَرَّرٌ: صاف شدہ پٹرول
بَتَّلَ تَبْتِيْلاً: قطع کرنا، دور کرنا
بَتَّلَ و تَبَتَّلَ: شادی نہ کرنا، بے رغبت ہونا، متوجہ نہ ہونا
مَبْتُوْل: غیر شادی شدہ، کنواری عورت۔
بِتِنْجَان: بینگن
بِتِيَّةٌ:: غسل کرنے کا ٹب، باتھ ٹب۔

ب ..... ث

بَثَّ ـُ بَثًّا: پھیلانا، شائع کرنا، بکھیرنا، بھیجنا، اشاعت کرنا۔
بَثٌّ: اشاعت، بکھیرنا۔
بَثُّ الألْغَام: سرنگ بچھانا۔
بَثُّ رُوْحِ الذُّعْر: دہشت انگیزی پھیلانا

بَثُّ السُّمُوْم: زہرافشانی کرنا۔
بَثُّ الفِکْرَة: نظریہ کی اشاعت کرنا
إنْبِثَاث: پھیلنا، شائع ہونا، بکھرنا۔
مُنْبَثٌ: شائع، منتشر، بکھرا ہوا۔
بَثَرَ ـَ بَثَرَ ـِ بَثَرَ ـُ بَثْراً و بُثُوراً: پھنسیاں نکل آنا، چہرہ پر دانے نکل آنا۔
بَثْرَةٌ: پھنسی ج: بَثْر و بُثُوْر
بَثَقَ ـُ بَثْقاً و بَثَّقَ: شق کرنا، توڑنا، چاک کرنا، پانی کا نہر کو توڑنا۔
إنْبِثَاق: نکلنا، شق ہونا، طلوع ہونا، پانی کا جاری ہونا، (۲) پنکچر ہونا۔
إنْبِثَاقُ الشیٔ من کذا: نتیجہ کے طور پر نکلنا۔

ب.....ج

بَجِحَ به ـَ بَجَحًا: خوش ہونا۔
بَجَّحَ تَبْجِیْحًا: (۱) بے حیا ہونا، خوش کرنا۔
تَبَجَّحَ: فخر کرنا، اترانا۔
بَجَدَ ـُ بُجُوْداً: ب۔قیام کرنا، مقیم ہونا۔
بَجْدَة: اصل، اصلیت، حقیقت۔
إبْنُ بَجْدَة: باخبر، حقیقت شناس
بَجِرَ ـَ بَجَراً: بڑے پیٹ والا ہونا۔
بُجْرَة: ناف ج: بُجَر
اَبْجَرُ: بڑے پیٹ والا۔
بَجَسَ ـُ بَجْسًا: جاری کرنا، بہانا، شق کرنا، چیرنا، پھاڑنا۔
إنْبِجَاس و تَبَجُّس: پھٹنا، جاری ہونا۔
بَجَعَ ـَ بَجْعًا: تلوار سے کاٹنا۔
بَجَعٌ: لمبی چونچ کا ماہی خوراک آبی پرندہ، حواصل و: بَجَعَة
بُجُوْلٌ: (ن۔س) خوش ہونا، خوشحال ہونا۔
بَجُلَ ـُ بَجَالَةً: معزز ہونا۔
تَبْجِیْل: تعظیم کرنا، احترام کرنا۔
مُبَجَّلٌ: لائق احترام، معزز۔
بَجَمَ ـِ بَجْمًا و بُجُوْماً: ڈر کر خاموش ہو جانا۔
بَجَّنَ المِسْمَارَ تَبْجِیْنًا: کیل ٹھونکنا۔
البُوْجِیَّة (عَرَبَة یَجُرُّهَا جَوَاد: بگھی۔

ب.....ح

بَحْبَحَة و تَبَحْبُح: باغ باغ ہونا، خوش ہونا۔
بَحْبُوْحٌ: شریف الطبع (دا)
مُبَحْبِحٌ: فراخ، آرام دہ۔
بَحُتَ ـُ بُحُوْتَة: خالص ہونا۔
بَحْتٌ: خالص
بَحَثَ فی المَوْضُوْع ـَ بَحْثًا: تحقیق کرنا، غور کرنا، چھان بین کرنا۔
بَحَثَ الأمْرَ: غور کرنا، اسٹڈی کرنا، ریسرچ کرنا۔
بَحَثَ عن: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
بَاحَثَ مَعَه فی و تَبَاحَث: بحث کرنا، گفتگو کرنا، مباحثہ کرنا۔
بَحْثٌ: تحقیق، ریسرچ، مطالعہ، اسٹڈی، تھیسز، علمی تحقیق، تحقیقی مقالہ، تحقیقی مضمون ج: أبْحَاث و بُحُوْثٌ
بَحْثٌ إسْتِقْرَائِیٌّ: تجرباتی ریسرچ۔
البَحْثُ عن البِتْرُوْل: پٹرول تلاش کرنا۔
بَحْثٌ فی الشیٔ: غور و فکر کرنا۔
بَحْثٌ عِلْمِیٌّ: ریسرچ
بَحْثُ المَسْئَلَة: مسئلہ پر غور کرنا
بَحْثٌ مُقَارِنٌ: تقابلی مطالعہ

بَحْثٌ و مُنَاقَشَةٌ: بحث ومباحثہ
بَحَّاثَة، بَحَّاثٌ بَاحِثٌ: محقق
مَبْحَثٌ: موضوع، موضوعِ تحقیق، موضوعِ مطالعہ ج: مَبَاحِث
الْمَبَاحِثُ الْجِنَائِيَّةُ: فوجداری تحقیقات
مُبَاحَثَة: استدلالی گفتگو، مناظرہ، مقابلۂ کلام، بات چیت، گفتگو ج: مُبَاحَثَات
مُبَاحَثَات: بات چیت، گفتگو
مُبَاحَثَاتٌ تَمْهِيدِيَّة: ابتدائی گفتگو، ابتدائی بحث ومباحثہ۔
مُبَاحَثَات مباشرہ: گفتگو براہ راست۔
مُبَاحَثَاتٌ وَجْهًا لِوَجْهٍ: روبروبات چیت
مَوْضُوعُ مُبَاحَثَات: بات چیت کا موضوع
بَحْثَرَة: بکھیرنا، برباد کرنا
تَبَحْثُر: بکھرنا، برباد ہونا
بَحَّ ـَ بَحًّا و بَحَاحَةً و بُحُوحَةً و بُحَاحًا: آواز بیٹھ جانا، گلا خراب ہوجانا۔
بَحَّحَ تَبْحِيحًا و أَبَحَّ إِبْحَاحًا: گلا پڑنا یا گلا خراب کردینا۔
بُحَاح: گلے کی خرابی، آواز کا بھاری پن۔
أَبَحُّ، مَبْحُوحٌ: بھاری آواز والا، خراب گلے والا۔
بَحِرَ ـَ بَحَرًا: مبہوت ہونا، حیران ہونا۔
إِبْحَارٌ: سمندر میں سفر کرنا، جہاز کی روانگی۔
بَحْرٌ: سمندر، دریا ج: بِحار
الْبَحْرُ الأَبْيَضُ: دریائے روم، بحر روم
الْبَحْرُ الأَحْمَرُ: دریائے قلزم
الْبَحْرُ الأَطْلَا نْطِيقِيُّ، الْبَحْرُ الأَطْلَا نْطِيُّ: بحر اٹلانٹک جو افریقہ اور امریکہ کے درمیان واقع ہے۔
الْبَحْرُ الْمُحِيطُ: محیط بحر، سمندر، بحر اعظم، ساگر۔
بَحْرُ الظُّلُمَات: دریائے اٹلانٹک
فی بَحْرِ كذا: دوران، اثناء، درمیان
بِحَارَة: جہاز رانی، سمندری سفر کی مہارت، کشتی رانی، ملاحی۔
بَحْرِيٌّ: سمندری، دریائی، سمندر سے متعلق، جہاز رانی سے متعلق (۲) شمالی۔
بَحَّارٌ و بَحَّارَة: ملاح، جہازراں
مُلْحَقٌ بَحْرِيٌّ: بحری اٹاچی، اٹاچی برائے بحری امور
نَقْلٌ بَحْرِيّ: سمندری ٹرانسپورٹ
بَحْرِيَّة: نیوی، بحری طاقت، بحریہ۔
بَحْرَةٌ: جوہڑ، کچا برساتی تالاب، گڑھا ج: بُحْرٌ و بِحَار
بُحَيْرَة: جھیل وتالاب ج: بُحَيْرَات
بُحْرَانٌ: ہذیان، سراسیمگی، بے ہوشی، (دیوانگی کی حالت، بیماری کی شدت کا درجہ۔

ب.....ح

بَخْتٌ: قسمت، نصیب
فَتَحَ الْبَخْتَ: قسمت بتانا
كِتَابُ فَتْحِ الْبَخْت: نجومی کی کتاب جس سے وہ لوگوں کا انکا نصیب بتاتا ہے۔
فَاتِحُ الْبَخْت: نجومی، جوتشی، فال بتانے والا۔

قَلِیْلُ البَخْت: کم نصیب
بَخِیْتٌ و مَبْخُوْت: صاحب نصیب
بَخْتَرَة، تَبَخْتُر: اترانا، اتراکر چلنا
بَخَّ ـُ بَخاً فی النَّوْم: خراٹے لینا
بَخَّ المَاء: پانی ٹپکانا
بُخَیْخة: پچکاری، سرنج
بُخَیْخَةُ الحَدَائِق: باغبانی کا آب پاش
بُخَیْخَة رَشَّاشَة: آب پاش (حجام کا)
بُخَیْخَةُ العُطُور: گلاب پاش
بَخِرَ ـَ بَخَرًا: گندہ دہن ہونا، منہ کا بدبودار ہونا۔
بَخَرَ المَاءُ ـُ بَخْراً و بُخَاراً و تَبَخَّرَ: بھاپ بننا۔
بَخَرَ القِدْرُ: دیگچی سے بھاپ اٹھنا۔
تَبَخُّر: دھونی لینا، بھاپ بننا۔
تُبْخِیْر: دھونی دینا، بھاپ بنانا
بَخَرٌ: بوئے دہن، بدبو
بُخَار: بھاپ، اسٹیم گیس، ج أبْخِرَة
بُخَارِیّ: دخانی، بھاپ دار
بُخَارِیَّة: اسٹیمر، بمپر
مَاسُوْرَةُ البُخَار: اسٹیم پائپ
مِیْزَانُ ضَغْطِ البُخَار: دخان پیما، جو بائلر میں لگا ہوتا ہے جس سے بھاپ کے دباؤ کی مقدار معلوم ہوتی ہے۔ وپیرومیٹر، بھاپ پیما، اسٹیم دیکھنے کا آلہ
وَابُوْر بُخَارِیّ: اسٹیم انجن
سَفِیْنَةٌ بُخَارِیَّة: دخانی کشتی، اسٹیمر
القُوَّةُ الدُّخَانِیَّة: اسٹیم پاور، دخانی طاقت
بَخُوْر: دھونی ج: أبْخِرَة و بَخُوْرَات
بَاخِرَة ج: بَوَاخِرُ: اسٹیمر، دخانی جہاز
بَاخِرَة ج: بَوَاخِرُ: اسٹیمر، دخانی جہاز
بَاخِرَةُ البَضَائِع: مال بردار جہاز
بَاخِرَةُ التَّجَسُّس: جاسوسی جہاز
بَاخِرَةُ شَحْن: باربرداری کا جہاز
مِبْخَرَة: (۱) دھونی دان ج: مَبَاخِرُ (۲) بھاپ کے ذریعہ صفائی کا آلہ
مِبْخَرَة: عوددان
بَخَسَ ـَ بَخْسًا: قیمت گرانا، کم کرنا
بَخَسَه حَقَّه: حق تلفی کرنا، ناانصافی کرنا
بَخْسُ قِیْمَةٍ: قیمت کم کرنا
بَخَصَ عَیْنَه ـَ بَخْصًا: آنکھ نکالنا
بَخَعَ نَفْسَه ـَ بَخْعًا: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو گھلانا، ہلاک کرنا۔
بَخَقَ عَیْنَهُ ـَ بَخْقًا: آنکھ پھوڑنا
بَخُلَ ـُ بُخْلاً بَخِلَ ـَ بَخَلاً و بُخْلاً و بُخُولاً: کنجوس ہونا

ب.....و

بَدَأَ ـَ بَدْأً و ابْتَدَأَ: شروع کرنا، آغاز کرنا، افتتاح کرنا۔
بَدَّأَه تَبْدِئَةً: مقدم کرنا، ترجیح دینا
بَادَأَه مُبَادَأَةً: پہل کرنا
___ بِالشَّرِّ: جھگڑے کی ابتدا کرنا، چڑھائی کرنا۔
___ بِالکَلَام: گفتگو کی ابتدا کرنا، گفتگو میں پہل کرنا۔
بَدْء، بَدَاءَة، إبْتِدَاء: آغاز، اول، شروع، اسٹارٹنگ، ابتداء۔
بَدَأَ اسْمُه یَخْبُو: اس کا نام مٹنے لگا۔

بَدأ سِلسِلةً من الإنفِجارات: اس نے برسناشروع کردیا۔
بَدْءُ نَشاط: سرگرمی جاری کرنا
بَدأتِ الجَامِعَة بالإعْدادِ لهٰذا المُؤتَمر: جامعہ نے اس کانفرنس کی تیاری شروع کر دی۔
بَدأت اللَّجنةُ عَمَلَها: کمیٹی نے اپنا کام شروع کردیا۔
بَدأتِ المُباحَثاتُ برِئاسَةِ فُلانٍ: فلاں کی صدارت میں بات چیت شروع ہوئی۔
بَادِئٌ: پہل کرنے والا، اول، آغاز کنندہ
بَادِئ ذِی بَدْء: شروع میں
البَادِئُ بالشرّ: حملہ آور، چڑھائی کرنے والا
بِدَائِیّ: اصلی، بنیادی
إبْتِدَائِیّ: پرائمری، ابتدائی
شَهَادَة إبْتِدَائِیة: پرائمری سارٹیفکٹ
مَدْرَسَة إبْتِدَائِیَّة: پرائمری اسکول
مَبْدَأ: اصول، قاعدہ، بنیاد، اصل، سرچشمہ
ج: مَبَادِئُ
مَبَادِئ: اصول و مَبْدَأ
مَبَادِئ تَوْجِیهِیَّة: رہنما اصول
مَبَادِئُ الحِزْب: پارٹی کے اصول، جماعتی اصول
مَبَادِئُ دِیمُقْرَاطِیَّة: جمہوری اصول
مَبَادِئُ عَدَمِ الإنْحِیاز: غیر جانبداری کے اصول
مَبَادِئُ للتَّوْجِیه والإرْشَاد: رہنما خطوط
مَبَادِئُ النِقَابَة: یونین کے اصول وضوابط
صَاحِبُ المَبْدَأ: خاص اصول کا مالک، بااصول، صاحب اصول، اصول پسند
سَامِی المَبَادِئُ: بلند اصول انسان
مَبَادِئُ العُلُوم: علم وفن کے بنیادی اصول
إعْتِنَاقُ المَبَادِئ: اصول اپنانا
إنْطِلَاقاً منَ المَبَادِئ: اصول کے تحت
مَبْدَئِی: بنیادی، اصولی، قانونی
مَبْدَئِیّاً: اصولی طور پر، بنیادی طور پر
بَدَّدَ تَبْدِیداً: بکھیرنا، منتشر کرنا، برباد کرنا
تَبَدَّد: بکھر جانا، برباد ہوجانا
تَبَدُّدُ النُّفُوذ: اقتدار مٹنا
تَبْدِیدُ الإشَاعَات: افواہوں کی تردید کرنا
تَبْدِیدُ الشُّکُوک: شبہات دور کرنا
تَبْدِیدُ المَخَاوِف: خدشات دور کرنا
تَبْدِیدُ النَّوَایَا: ارادوں پر پانی پھیرنا،
إسْتِبْدَاد: مطلق العنان ہونا، خودمختار وخود رائے ہونا، مطلق العنانی، اقتدار پسندی، ظلم، ڈکٹیٹرشپ
إسْتِبْدَادِیّ: ڈکٹیٹرانہ، ظالمانہ، مستبدانہ (۲) ڈکٹیٹر، ظالم وجابر
مُسْتَبِدّ: مطلق العنان، ظالم، خودرائے، ڈکٹیٹر، اقتدار پسند، جابرانہ، بے قاعدہ، بے اصول، ظالمانہ
بُدٌّ: چارۂ کار، چھٹکارا، خلاصی، حصہ
بِدَایَةُ الطَّرِیق: ابتدائی مرحلہ
بِدَایَةُ مَعَالِمِ الشیٔ: آثار نظر آنا
لابُدَّ مِنْ کُلِّ بُدّ: ضرور، یقیناً
لابُدَّ منه: ضروری، لازمی
بَدَرَ ـُ بُدُوراً الی: جلدی کرنا، دوڑنا
بَدَّرَ تَبْدِیراً و بَادَرَ مُبَادَرَةً: عجلت کرنا،

سبقت کرنا، دوڑنا
بَدْرٌ: مہ کامل ج :بُدُوْر
بَدَارِ: جلدی کر
بَادِرَة ج بَوَادِرُ: مظہر، بدیہی چیز علامت
البَادِرَة الوُدِّيَّة: دوستانہ علامت
مُبَادَرَة: پہل، اقدام، نئی کوشش، پیغام، نیا قدم، نیا مشن
مُبَادَرَة الی: پیش قدمی کرنا
مُبَادَرَة بکذا: تجویز
مُبَادَرَة بالهُجُوم: حملہ میں پہل کرنا
مُبَادَرَةُ رَاجَرُس: راجرس مشن
مُبَادَرَةُ السَّلام: امن مہم، امن مشن، امن اقدام۔
مُبَادَرَة لازِمَة: ضروری اقدام
مُبَادَرَات: شروعات، اقدامات
بَوَادِرُ: آثار، علامات، و بَادِرَةٌ
بَوَادِرُ تَمْهِيْدِيَّةٌ: ابتدائی آثار
بَوَادِرُ الخِلَاف: مخالفت کی علامتیں، آثارِ مخالفت۔
بَيْدَرُ الحِنْطَة: گیہوں کا کھلیان ج: بَيَادِرُ
بَدَعَ ـُ بَدْعًا و إبْتِدَاع: ایجاد کرنا، گھڑنا، نئی بات پیدا کرنا۔
إبْدَاع: بنانا، پیدا کرنا، کمال دکھانا ایجاد، اختراع
إبْدَاعِيّ: جدت پسند
بَدْعٌ و إبتداعٌ: اختراع، ایجاد
بَدِيْع: عجیب، عمدہ، موجد، خالق، اچھا، اچھوتا ج: بَدَائِعُ
بَدُعَ ـُ بَدَاعَةً و بُدُوْعًا: باکمال ہونا
بَدَلَ ـُ بَدْلاً و بَدَّلَ تَبْدِيْلاً و أبْدَلَ إبْدَالاً: بدلنا، تبادلہ کرنا، باری باری کرنا
بَادَلَ الشیءَ مُبَادَلَةً: تبادلہ میں لینا
إسْتِبْدَال: تبدیل کرانا، ایکسچینج
تَبَادُلُ الآرَاء: تبادلہ خیال کرنا
تَبْدِيْل: تبادلہ کرنا، ادلہ بدلہ کرنا، چینجنگ
تَبْدِيْلُ السُّرْعَة: انجن کا گیر لگانا
بَدَلٌ: عوض، متبادل
بَدَل: الاؤنس، معاوضہ، بدلہ، تبدیلی
بَدَلُ الإشْتِرَاک: خریداری، اخبار یا رسالہ کی قیمت، اخباری چندہ
بَدَلُ إقَامَة: کرایہ قیام، وظیفہ خوردونوش، الاؤنس جو خوردونوش کے لئے دیا جائے
بَدَلُ إنْتِقَال: سفر الاؤنس، ٹی۔اے
بَدَلُ سَفَر: کرایہ سفر، سفر الاؤنس
بَدَلُ سَكَن: رہائشی بھتہ، رہائشی الاؤنس (۲) کرایہ مکان
بَدَلُ مَيْدَان: فیلڈ الاؤنس
بَدَلاً من كَذَا: بجائے اس کے
بَدَلَات و بَدَل: الاؤنس
بَدْلَة: یونیفارم، سوٹ
بَدْلَةُ ثِيَاب: کپڑوں کا جوڑا، سوٹ ج: بَدَلَات
بَدْلَةُ رِجَال: مردانہ سوٹ
البَدْمِنْتُن: بیڈمنٹن
بِدَالٌ (مِدْوَسٌ): پیڈل
بَدَّال: (۱) صراف، سکہ بدلنے والا، (۲) اشیائے خوردنی فروخت کرنے والا۔

بَدِیلُ شیٔ: متبادل، بدل
بَدِیلٌ صَالِحٌ: نعم البدل
بَدَّالَةُ التِّلِیفُون: ٹیلیفون ایکسچینج
تَبَادُل و مُبَادَلَة: لین دین، تبادلہ، ادلا بدلا
تَبَادُلُ الآرَاء: خیالات کا تبادلہ
تَبَادُلُ اَرْضٍ: زمین کا تبادلہ
تَبَادُلُ اَسْرَی الحَرْب: جنگی قیدیوں کا تبادلہ
تَبَادُلُ الْاَفْکَار: خیالات کا تبادلہ
تَبَادُلٌ ثَقَافِیٌّ: ثقافتی تبادلہ
تَبَادُلُ التَّمْثِیل الدِّبْلُومَاسِیّ: سفارتی نمائندگی کا تبادلہ
تَبَادُلُ الخَوَاطِر: تبادلہ خیال کرنا
تبادُلُ کَلِمَاتِ التَّرْحِیب: ایک دوسرے کو خوش آمدید کہنا۔
تَبَادُلُ وِجْهَات النَّظَر: تبادلہ خیالات
تَبَادُلُ مُذَکِّرَات: خطوط کا تبادلہ
تَبَادُلُ النَّظَرَات: آنکھوں آنکھوں میں بات کرنا
تَبَادُلُ نَقْدٍ: مبادلہ زر
مُبَادَلَة: تبادلہ، ایکسچینج، مبادلہ
مُبَادَلَةٌ دَاخِلِیَّةٌ: ملکی ایکسچینج
مُتَبَادَل: مشترک، عام رائج، باہمی
بَدُنَ ـُ بَدَانَةً و بَدَانًا: بھاری جسم ہونا موٹے بدن کا ہونا
بَدَنِیّ: جسمانی
رِیَاضَة بَدَنِیَة: ورزش
عُقُوبَة بَدَنِیَّة: جسمانی سزا
بَدَانَة: موٹاپن، موٹاپا
بَدِیْن: موٹا، بھاری جسم کا
بَدَهَ ـَ بَدْهاً: اچانک آنا
بَدَهَ ـَ بَدَاهَةً و ابْتَدَهَ: برجستہ بولنا
بَدَاهَة: برجستگی، بے ساختگی
بَدِیْهِیٌّ: ظاہر، واضح محتاجِ بیان نہیں
بَدْوٌ: جنگل، دیہات، دیہاتی پن، گنوار پن
بَدَوِیّ: دیہاتی، غیر متمدن، غیر مہذب
بُدُوٌّ (ن): ظاہر ہونا، روشن ہونا
بَدَا لِلفِکْر ـُ بُدُوًّا: ذہن میں آنا
إِبْدَاء مُبَادَاة: ظاہر کرنا
تَبَدَّی: ظاہر ہونا، دیہاتی زندگی اپنانا
بَادٍ: ظاہر، روشن، واضح
بَدَاوَة: بے تمدنی، ناشائستگی
بادیة: جنگل ج: بادیات، بَوادٍ

ب.....ذ

بَذَأَ ـَ بَذْءً و بَذَاءً: ناپسند کرنا، مذمت کرنا
بَذِیٌ: برا، ناپسندیدہ
بَذِیُّ اللِّسَان: بدزبان، بدکلام
بَذَاءَة: برائی، بدزبانی، بدکلامی
بَذَخَ ـُ بَذْخاً: بلند ہونا، تکبر کرنا
بَاذِخ: بلند
بَذَّ ـُ بَذّاً: غالب ہونا، فوقیت لے جانا
بَذَّ ـَ بَذَاذًا و بَذَاذَةً: (س) بدحال ہونا
بَذَاذَةً: پراگندگی، شکستہ حالی، گندگی
بَذَرَ الحَبَّ ـُ بَذْرًا: (۱) بونا، بیج ڈالنا، تخم ریزی کرنا (۲) مال کو فضول خرچ کرنا
بَذْرٌ: بیج ج: بُذُور: نسل، گٹھلی
بَذَّرَ تَبْذِیرًا: فضول خرچ کرنا
بَذَلَ ـُ بَذْلاً: خرچ کرنا

بَذَلَ نَفْسَه: جان کی بازی لگانا، قربانی دینا
بَذَلَ. وُسْعَه: کوشش کرنا، جدوجہد کرنا
بَذْل. و اِبْتِذَال: ناجائز استعمال کرنا، غلط طور پر خدمت لینا، حقارت سے کام لینا
بَذْلٌ: خرچ، داد و دہش، قربانی، قربانی کرنا
بَذْلُ أَقْصٰی جُهُوْدٍ: آخری سے آخری کوشش کرنا
بَذْلُ التَّضْحِيَات مِنْ اَجْل تَحْقِيْق الأَهْدَاف: مقاصد کی تکمیل کے لئے قربانی دینا۔
بَذْلُ الذَّات: تن دہی، جاں بازی
بِذْلَةُ ثِيَاب: سوٹ، کپڑوں کا جوڑا
بِذْلَةُ السَّهْرَةِ: شام کا لباس
بِذْلَةُ العَمَل او الشُّغْل: اوپری پوشاک جو بوقت کام پہنی جاتی ہے
بَذْلَة رَسْمِيَّة: سرکاری وردی
بِذْلَة حُكُوْمِيَّة: سرکاری یونیفارم
بِذْلَة مَلَكِيَّة: شاہی لباس
بِذْلَة نِظَامِيَّة: یونیفارم
بَذْلُ الدَّم: خون دینا، جان دینا، قربانی دینا
بَذْلُ المُحَاوَلَات: کوشش کرنا
مُبْتَذَل: حقیر، مستعمل، پرانا، ریڈی میڈ

ب .....ر

بَرَأَ ـَ بَرْأً: پیدا کرنا
بَرِئَ المَرِيْضُ ـَ بُرْءًا: صحت یاب ہونا
بَرِئَ الجُرْحُ: زخم بھرنا، اچھا ہونا
بَرِئَ من كذا: بری الذمہ ہونا سبکدوش ہونا، گناہ یا جرم سے پاک ہونا
بَرَّأَه تَبْرِئَة: بری کرنا، بے گناہ قرار دینا
تَبْرِئَة و إِبْرَاء: سبکدوش کرنا، بے قصور ٹھیرانا، بیمار کو شفا دینا
تَبَرَّأَ من: دست بردار ہونا، نجات پانا، ناپسند کرنا، اظہارِ براءت، بچنا
بُرْءٌ و بُرُوْءٌ: شفا، صحتیابی
بَرَاءَة: معصومیت (۲) سند، ڈپوما، خلاصی، چھٹکارا صفائی، لائسنس
بَرِئ: پاک، سبکدوش، دست بردار، شفایاب، صحت یاب
بَرِئ: معصومانہ
بَرِيْ ج أَبْرِيَاءُ: بے گناہ، معصوم،
بَرِيَّة: مخلوق ج: بَرَايَا
بَارِئ: خالق
إِبْرَاء و تَبْرِئَة: سبکدوشی، ڈسچارج
بَرْبَرَة: بڑبڑانا، بک بک کرنا، جھک کرنا، فضول باتیں کرنا
بَرْبَرَةٌ: وحشی، مغربی افریقہ کی ایک قوم
بَرْبَرِيَّة: وحشی پن
بُرْتُغَال (مع): پرتگال
بُرْتُقَالٌ: بُرْتُقَان: سنگترا، نارنگی
شَرَابُ البُرْتُقَال: شربتِ سنترہ
عَصَّارَةُ البُرْتُقَال وغيره: رس نکالنے کا آلہ
بُرْتُكُوْل: (مع) پروٹوکول
بُرْثُنٌ: پرندہ کا پنجہ ج: بَرَاثِنُ
بَرَاثِنُ الإِسْتِعْمَار: سامراجی پنجے
بُرْجٌ: قلعہ، محل، گنبد ج: بُرُوْج
بُرْج: ٹاور، برج ج: أَبْرَاجٌ
بَارِجٌ: ماہر جہاز رانی، ماہر ملاح

بَـــارِجَة: مسلح جہاز، جنگی جہاز، میدان جنگ ج: بَوَارِجُ
بَـــارِجَةُ أَمِيْـرِ البَـحْـر: جہاز جس پر امیر البحر کام کر رہا ہو
تَبَرج: عورت کا سنگار کرنا
بَرْجَلٌ: (دا) پرکار، دائرہ کش
بُرْجُمَةٌ: انگلی کا جوڑ ج: بَرَاجِمُ
بَرِحَ المَكَانَ و منه ـَ بَرَحًا: الگ ہونا
مَابَرِحَ: لگاتار، برابر
بَرَّح تَبْرِيْحًا: تھکانا، پریشان کرنا
بَرَّحَ به الأَمرُ: تکلیف میں مبتلا کرنا
بَرَاح: کشادہ زمین، فراخ جگہ
البَارِحَة: روزِ گذشتہ، شب گذشتہ
أَوَّلُ البَارِحَة: پرسوں گذشتہ
مُبَرِّحٌ: اذیت رساں، سخت
أَلَم مُبَرِّح: سخت درد
بَـرُدَ ـُ بُرُوْدَة و بَرَدَ ـُ بَرْدًا و بُرُوْدًا: ٹھنڈا ہونا، سردی لگنا، زکام ہونا
بَـرَدَ ـِـ بَرْدًا وَ بَرَّدَ و أَبْرَدَ: ٹھنڈا کرنا، حوصلہ پست کرنا
بَرَدَتْ هِمَّتُه: حوصلہ پست ہونا
بَرَّدَ هِمَّتَه: حوصلہ پست کرنا
بَرَدَ الحَدِيْدَ ـُ بَرْدًا: ریتنا، ریتی کرنا
إِبْرَاد: ڈاک بھیجنا، ڈاک سے بھیجنا
بَرْدٌ: سردی
بَرَدٌ: اولہ و: بَرَدَة
بَرَّاد: (دا): فٹر، ٹھیک ٹھیک بٹھانے والا (آلہ)
بَرَّادُ الشَّاي: چائے دان، ٹی پاٹ
بَرَّاد (وِعَاء لتَبرِيْد السَّوَائل): (واٹر) کولر
بَارِد: کولڈ، ٹھنڈا
بَرَّادَة: ریفریجریٹر، ٹھنڈا کرنے کی مشین
بَرَّادِيَّة: (دا) واٹر کولر، پانی ٹھنڈا کرنے کا بکس
بُرَادَة: لوہے کا برادہ
بَرُوْد: پٹاخوں وغیرہ کا بارود
بَرُوْدة و بَارُوْدَة: رائفل، بندوق
بَرِيْدٌ: (۱) قاصد (۲) ڈاک (۳) پوسٹ مین
بَرِيْدٌ بَحْرِيٌّ: بحری ڈاک
بَرِيْدٌ جَوِّيٌّ: ایر میل، ہوائی ڈاک
بَرِيْدٌ صَادِرٌ: جانے والی ڈاک
بَرِيْدٌ عَادِيٌّ: معمولی ڈاک
بَرِيْدٌ مُسَجَّلٌ: رجسٹرڈ میل
بَرِيْدٌ وَارِدٌ: آنے والی ڈاک
أُجْرَة البَرِيْد: پوسٹج، محصول ڈاک
خِدْمَاتُ البَرِيْد: میل سروس
طَابِعُ البَرِيْد: ڈاک ٹکٹ، اسٹامپ
صُنْدُوْقُ البَرِيْد: لیٹر بکس
خَتْمُ البَرِيْد: ڈاک مہر
مَصْلَحَةُ البَرِيْد: محکمہ ڈاک
مَكْتَبُ البَرِيْد: پوسٹ آفس
بَرِيْدِيّ: ڈاک کا، ڈاک خانہ کا
بَـارِدٌ: (۱) ٹھنڈا (۲) سست و کاہل (۳) بے حس (۴) کند
بَارِدُ الطَّبْع: نرم و مزاج، ٹھنڈے مزاج کا
مِبْرَدٌ: ریتی ج: مَبَارِدُ
مِبْرَدُ النَّجَّار: رندا
مِبْرَدٌ أَقْطَشُ: کند ریتی یا رندا
مِبْرَدٌ مُنَكَّث: خم دار رندا
مِبْرَدُ نِصْفِ دَائِرَة: کماندار رندا

مُبَرِّدٌ: خوشگوار، ٹھنڈا کرنے والا
المُبَرِّد: واٹر کولر، کولر، ریفریجریٹر
بِرْذَوْن: بار برداری کا گھوڑا ج: بَرَاذِيْنُ
بَرَّرَ تَبْرِيْرًا: جائز قرار دینا، سبکدوش کرنا، بری قرار دینا
تَبْرِيْر: صفائی، معصومیت، کسی کی طرف سے صفائی پیش کرنا، بے گناہ، ثابت کرنا، جائز قرار دینا۔
تَبْرِيْرُ الْعَمَلِيَّةِ الإِجْرَامِيَّة: مجرمانہ کارروائی کو جواز کا رنگ دینا۔
تَبْرِيْرٌ مَفْلُوْجٌ: غدر لنگ
يُبَرَّرُ: لائقِ عفو، قابلِ معافی
لَا يُبَرَّرُ: ناقابلِ عفو
مُبَرِّرٌ: عذر، وجہِ جواز، سبب ج: مُبَرِّرَات
المُبَرِّرُ الكَافِي: بڑا جواز
مُبَرِّرَات: بہانے، صفائیاں
بَرَّهُ ـُ بِرًّا: اطاعت کرنا، حسنِ سلوک کرنا، اچھا برتاؤ۔
بَرَّ فِي قَوْلِهِ: ٹھیک بات کہنا، سچ بولنا
بَرَّ فِي اليَمِيْن: قسم پوری کرنا
بِرٌّ: نیکی، حسن سلوک، اطاعت، احسان
بُرٌّ: گیہوں
بَرٌّ: خشکی
نَقْلٌ بَرِّيٌّ: زمینی ٹرانسپورٹ
بَرٌّ وَبَارٌّ: نیک، فرمانبردار، صالح
بَرًّا: (۱) خشکی کے راستہ سے، (۲) باہر
بَرًّا وَبَحْرًا: بحر و بر سے
بَرَّانِيّ: بیرونی، اجنبی، خارجی
بِلَادُ البِرِّ: بیرونی ممالک

مَبَرَّة: نیکی احسان ج: مَبَرَّات
بَرَزَ ـُ بُرُوْزًا، بَرِزَ ـَ بَرَزًا: ظاہر ہونا، نمایاں ہونا، ممتاز ہونا، مشہور ہونا، ابھرنا
بَرَزَ عَلَى غَيْرِهِ ـُ بَرَازَةً: فوقیت لیجانا
بَارَزَهُ مُبَارَزَةً: مقابلہ کرنا
إِبْرَاز: ظاہر کرنا، نمایاں کرنا، نکالنا، پیشکش
إِبْرَازُ الحَقِيْقَة: اظہار حقیقت
تَبَرُّز: پاخانہ کرنا
بِرَازُ الإِنْسَان: پاخانہ، لید وغیرہ
بُرُوْزَ (ن): ابھار، نمایاں ہونا
بُرُوْزُ العُرُوْق فِي الأَيْدِي النَّحِيْلَة: نازک ہاتھوں کی رگیں دکھائی دینا۔
بُرُوْز: ابھار، نمود
مُبَارِز: مقابل، مردِ میدان، جنگلی
مُبَرَّز: نمایاں، ممتاز
مُبَارَزَة: مقابلہ
بَرْزَخ: خاک نائے
بُرْش: پائدان
بَرْشَمَ فِيْهِ بَرْشَمَةً: گھورنا
بَرْشَمَ الشَّيْءَ: سیل لگانا، کیل لگانا، مضبوط بند کرنا
آلَةُ البَرْشَمَة: کیل لگانے کی مشین
بَرَشُوْت: (مع) پیراشوٹ، فوجی چھتری
بَرَشُوْتِيّ: چھاتہ بردار سپاہی
بَرِصَ ـَ بَرَصًا: برص میں مبتلا ہونا
بَرْصٌ، أَبُوبُرَيْص: چھپکلی
بَرْطَلَة: رشوت دینا
تَبَرْطُل: رشوت لینا
بُرْطُلَة: چھتری

مُبَرْطَلٌ: چھت دار
بَرْطَمَة: غصہ سے پھول جانا، غصہ سے ہونٹ نکالنا
بَرْطَمَان: مرتبان
بَرِيْطَانِيَا العُظمیٰ: برطانیہ عظمیٰ
بَرِيْطَانِيَة: برٹش، برطانیہ
بَرَعَ ـــ و بَرِعَ ـــ و بَرُعَ ـُ بَرَاعَةً و بُرُوْعًا: صاحبِ کمال ہونا، ماہر ہونا
تَبَرَّعَ فی: کمال حاصل کرنا، مہارت پیدا کر لینا
تَبَرَّعَ بشیء: چندہ دینا، خیرات کرنا
بَارِعٌ: ماہر، باکمال
بَرَاعَة: کمال، مہارت
بَرَاعَةٌ إدَارِيَّةٌ: انتظامی مہارت
البَرَاعَة العَسْكَرِيَّة: فوجی مہارت
تَبَرُّع ج: تَبَرُّعَات: چندہ، عطیہ، چندہ دینا
تَبَرُّعًا: مفت، بلا قیمت
تَبَرُّعَاتٌ تَطَوُّعِيَّة: رضا کارانہ چندہ
مُتَبَرِّعٌ: چندہ دہندہ، عطیہ دہندہ
بَرُغَتْ المَكَانُ بَرْغَةً: کسی جگہ پسو پڑنا
بُرْغُوْثٌ: پسو ج: بَرَاغِيْثُ
بُرْغِيٌّ: پیچ ج: بَرَاغِيُّ
مِسْمَارٌ بُرْغِيٌّ: پیچ دار کیل
بَرَقَ ـُ بَرْقًا و بُرُوْقًا و بَرَقَانًا و بَرِيْقًا: چمکنا، ظاہر ہونا
بَرَقَتْ و أَبْرَقَتْ السَّمَاءُ: آسمان میں بجلی چمکنا
إبْرَاق إلی: تار دینا، برقیہ روانہ کرنا

بَرْقٌ: بجلی، چمک، ٹیلی گراف
البَرْقُ اللَّاسِلْكِيّ: وائرلیس، ٹیلی گراف،
بَرْقِيّ: بجلی سے متعلق، بجلی کا
بَرْقِيًّا: بذریعہ تار
بَرْقِيَّة: ٹیلی گرام، تار ج: بَرْقِيَّات
بَرْقِيَّةٌ بالشِّفْرَة: کوڈڈ ٹیلی گرام
بَرْقِيَّة جَوَابِيَّة: جوابی تار
بَرْقِيَّةٌ غَيْرُ مُسْتَعْجَلَة: معمولی تار
بَرْقِيَّةٌ لاَسِلْكِيَّة: وائرلیس ٹیلی گرام
بَرْقِيَّةٌ مُسْتَعْجَلَة: ارجنٹ تار
بَرْقِيَّةٌ مُمَاثِلَة: ویسا ہی تار، سابق جیسا
بَرْقِيَّةٌ مُؤَجَّلَةٌ: میعادی تار
بَرْقِيَّاتُ عَزَاء: تعزیتی تار
بَرَّاق: چمکدار، چمکیلا، بھڑکدار
عُيُوْنٌ بَرَّاقَةٌ: چمکدار آنکھیں
بَارِقَة: بجلی والا بادل، کرن
بَارِقَةُ أَمَلٍ: شعاعِ امید، امید کی کرن
بَرِيْق: آب و تاب
إبْرِيْقٌ: لوٹا، جگ ج: أَبَارِيْقُ
إبْرِيْقٌ أُسْطُوَانِيُّ الشَّكْل: جگ
إبْرِيْقُ الشَّاي: کیتلی، ٹی پوٹ
إبْرِيْقُ القَهْوَة: کافی پوٹ
إبْرِيْقٌ وِطِشْتٌ: لوٹا سلفچی
مُبْرِقَة، آلَةُ التِّلِغْرَاف: ٹیلی گراف
المُبْرِقَةُ المُبَاشِرَةُ: ٹیلکس
بَرْقَشَةٌ: رنگنا، رنگوں سے آراستہ کرنا
مُبَرْقَشٌ: رنگین، آراستہ
بُرْقُعٌ: نقاب، برقع، ج: بَرَاقِعُ
بُرْقُوْق: آلوچہ، آلو بخارا، شفتالو

بَرَکَ ـُ بُرُوْکًا و تَبْرَاکًا : قیام کرنا، اونٹ کا بیٹھنا

بَرَّکَ المَاءُ فی الأرْض: پانی جمع ہونا

بَرَّکَ و أبْرَکَ الجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا

بَارَکَ له و فیه و علیه مُبَارَکَة: برکت دینا

تَبَرَّکَ و تَبَارَکَ به : برکت حاصل کرنا، نیک شگون لینا

تَبَارَکَ: بلند و باعظمت ہونا

بَرَّکَه تَبْرِیْکاً: مبارکباد دینا، برکت کی دعا کرنا

بُرْکَان ج: بَرَاکِیْنُ: آتش فشاں، کوہ آتش فشاں

بُرْکَانٌ ثَائِرٌ: آتش فشاں پہاڑ جس سے لاوا ابل رہا ہو

بُرْکَانٌ ثَائِرٌ هَادِرٌ: زبردست لاوا پھینکنے والا آتش فشاں

بُرْکَانٌ خَامِدٌ: جس کا لاوا نکلنا بند ہو گیا

بُرْکَانٌ سَاکِنٌ: جس سے لاوا نہ نکل رہا ہو

فُوْهَة البُرْکَان: دہانہ آتش فشاں پہاڑ

مَقْذُوْفَاتُ البُرْکَان: لاوا، آتشیں مادہ جو پہاڑ سے نکلتا ہے

بُرْکَانِیٌّ: آتش فشاں پہاڑ کا

بِرْکَة ج: بِرَک : حوض، تالاب، گڑھا

مُبَارَک: خوشگوار، بابرکت

مُبَارَکَةُ شیء: سراہنا

بَارَکَ جُهُوْدَه مُبَارَکَةً: خراجِ تحسین، پیش کرنا، سراہنا

بِرْکَارٌ: پرکار (مع)

بَرْلَمَان: پارلیمنٹ

البَرْلَمَانُ السَّلِیْمُ: صاف ستھری پارلیمنٹ

البَرْلَمَانُ المَحَلِّیُّ فی الوِلَایة: صوبائی پارلیمنٹ

اِنْتِخَابَات بَرْلَمَانِیة: پارلیمنٹ کے انتخابات

بَرَمَ ـُ بَرْمًا و أبْرَمَ الحَبْلَ : بٹ دینا

بَرَمَ الأمْرَ: مضبوط و مستحکم کرنا، برقرار رکھنا

بَرِمَ ـَ بَرَمًا و تَبَرَّمَ: تنگ دل ہونا

بَرْمٌ و إبْرَام: پختہ کرنا، مضبوط کرنا، استحکام و مضبوطی

إبْرَامُ إتِّفَاق: معاہدہ کرنا

إبْرَامُ صَفْقَة: سودا کرنا

بَرِّیْمَة: برما، سوراخ کرنے کا اوزار، هیچکیپش

بَرِّیْمَة لِفَتْحِ الزُّجَاجَات: ڈاٹ کھولنے کا پیچ

إبْرَامُ المُعَاهَدَة و الإتِّفَاق: برقراری معاہدہ، استحکام معاہدہ

تَبَرُّم: تنگ دلی، ناگواری

التَّبَرُّمُ بشیء: اکتاہٹ، ناگواری،

مُبْرَمٌ: مضبوط، مستحکم

قَضَاءٌ مُبْرَمٌ: اٹل فیصلہ، تقدیرِ الٰہی

بِرْمِیْل ج : بَرَامِیْلُ: بیرل، ڈرام، تیل کا پیمانہ، پیپا، کنستر

نِصْفُ البِرْمِیْل: ٹب

بَرَامِجُ التَّدْرِیْب: ٹریننگ پروگرام

بَرَامِجُ التَّنْمِیَة: ترقیاتی پروگرام

بَرَامِجُ الدِّرَاسَة بالمُرَاسَلَات: مراسلاتی کورس

البَرَانْدِی (شَرَابٌ مُسْکِر): برانڈی

بَرْنَامَج: ایجنڈا، پروگرام، فہرست ج: بَرَامِجُ
بَرْنَامِجٌ إِصْلَاحِيٌّ: اصلاحی پروگرام
بَرْنَامَجُ الدِّرَاسَة او التَّعْلِيم: نصابِ تعلیم
بَرْنَامَجٌ ذُو النِّقَاط العِشْرِيْن: بیس نکاتی پروگرام
بَرْنَامَجُ الغِذَاء العَالَمِيّ: عالمی غذائی پروگرام
بَرْنَامَجٌ مَحَلِّيّ: مقامی پروگرام
بَرْنَامَجُ المُرَاجَعَة: آڈٹ پروگرام
بَرْنَامَجُ المُسَاعَدَة الخَارِجِيَّة: بیرونی امداد کا پروگرام
بِرِنْس: (مع) پرنس، امیر، شہزادہ
بُرْنِيْطَة: ہیٹ (مع)
بُرْنِيْطَةُ اللَّمْبَة: لمپ شیڈ
بُرْهَة: وقت، پیریڈ، لمحہ، تھوڑی دیر
بَرْهَنَ الشيءَ وعليه: دلیل قائم کرنا
بَرْهَنَةٌ على الوَطَنِيَّة: شہریت کا ثبوت پیش کرنا
بُرْهِيٌّ: تیز رفتار
بُرُوتُوْل كُوْل: دستاویز، معاہدہ، متعینہ طریقہ کار
بَرْوَزَة: (دا) فریم کرنا، چوکٹا لگانا
بِرْواز: چوکھٹا، فریم (دا)
بُرُوْفَةُ المَطْبُوْعَات: پروف
بَرَى القَلَمَ وغَيْرَه ـِ بَرْيًا: تراشنا، چھیلنا، دُبلا کرنا، ہڈیاں نکالنا
بَارَاه مُبَارَاةً: مقابلہ کرنا، میچ کرنا
تَبَارٍ: باہم مقابلہ، تسابق
إِنْبَراء: سامنے آنا، مقابلہ پر آنا، چیلنج کرنا

بَرَى: مٹی
بَرَّاءَة، مِبْرَاة: قلم تراش، پنسل تراش
مُبَارَاة: میچ، ٹورنامنٹ، مقابلہ
مُبَارَاة: مقابلہ، میچ، میچ کرنا
المُبَارَاة النِّهَائِيَّة: فائنل میچ
بَرِيْطَانِيَا: برٹش، برطانیہ

ب.....ز

بَزَرَ ـُ بَزْرًا: بیج ڈالنا
بِزْرٌ و: بِزْرَةٌ: بیج، تخم ج: بُزُوْر
بَزْرَاءُ: کثیر الاولاد عورت
بَزَّ ـُ بَزًّا و بَزَّةً منه: چھیننا، زبردستی لینا
بِزَّةٌ: کپڑوں کا جوڑا، ڈریس، ہیئت، یونیفارم
بِزَّةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی وردی
بَزَّاز: پارچہ فروش، کلاتھ مرچنٹ
بَزَّازَةُ الأَطْفَال: بچے کی دودھ پینے کی شیشی (رَضَّاعَة)
إِبْتِزَاز: لوٹ کھسوٹ
الإِبْتِزَاز التَّهْدِيْدِيّ: بلیک میل
إِبْتِزَازُ المَال بِتَهْدِيْد: بلیک میل کرنا
بَزَغَ ـُ بُزُوْغًا: طلوع ہونا، روشن ہونا
بَزَقَ ـُ بَزْقًا و بُزَاقًا: تھوکنا
بُزَاق: تھوک
بَزَّاقَه، مِبْزَقَة: پیکدان، اگالدان ج: مَبَازِقُ
بَزَلَ ـُ بَزْلًا: سوراخ کرنا، برمانا
بَزَلَ الزُّجَاجَة: شیشی کی ڈاٹ کھولنا
بُزَال: ڈرام یا پیپے کی ٹینٹو
بِزَال: بوتلوں کی ڈاٹ کھولنے کا پیچ
مِبْزَل: ٹروکر، ایک خاص قسم کا طبی آلہ جس کے ذریعہ مریض استسقاء کے جسم

، رطوبت نکالی جاتی ہے

بزیٌ: ھ شریک بھائی

بارِیٌ: باز، شکاری پرندہ

ب.....س

بُستانٌ: باغ ج: بَساتِیْنُ

بُستانِیٌ: باغباں، مالی، گارڈنر

بَسَرَ الخَبَرُ ـُ بَسْرًا وابْتَسَرَ: قبل از وقت خبر دینا۔

بَسَرَ ـُ بُسُوْرًا: ترش رو ہونا، چہرہ پر شکن پڑنا

بُسْرٌ: ناپختہ کھجور

مُبْتَسَرٌ: قبل از وقت، بے موسم

بَسَّ ـُ بَسًّا: اونٹ کو آہستہ چلانا، دھتکارنا

بَسٌّ و بَسَّة: پوسی، بلی

بَسْ: بس، کافی ہے، فقط

بَسَطَ ـُ بَسْطًا: پھیلانا، کشادہ کرنا، بچھانا، وسعت دینا، ظاہر و واضح کرنا، ہاتھ پھیلانا

بُسِطَ المَائِدَةَ: دسترخوان بچھانا

بَسَطَ یَدَه: سخاوت کرنا، فراخ دستی کرنا

بَسَطَ الرَّجُلَ: خوش کرنا

بَسَطَ و بَسَّطَ الحَدِیْدَ: لوہے کو کوٹنا

بَسَطَ و بَسَّطَ الأَمْرَ: آسان و سہل کرنا

بَسْطُ النُّفُوْذ علی ..... (ن): اقتدار جمانا، رسوخ پھیلانا

بَسُطَ ـُ بَسَاطَةً: معمولی ہونا، سادہ ہونا صاف ہونا

اِنْبِسَاط: پھیلنا، کشادہ ہونا، کھلنا، خوش ہونا

بَسْط: کشادگی، وسعت، وضاحت

بِسَاط: فرش، دری، وغیرہ ج: بُسُط

علی بِسَاط البَحْث: زیرِ غور، زیرِ بحث

بَسَاطَة: سادگی، صاف دلی، بے تکلفی

بَسِیْطٌ: سہل، معمولی، سادہ، صحیح النیت، سادہ دل

بَسِیْط الکَفّ: فراخ دست، سخی

مَعْرِفَةٌ بَسِیْطَة: معمولی تعارف

مَبْسُوْط: شائع، فراخ (۲) خوش طبع، بے تکلف

بَسَقَ ـُ بُسُوْقًا: بلند و دراز ہونا

بَاسِق: بلند و دراز

بَاسِقُ الأَخْلَاق: بلند اخلاق

بَسْكُوْت و بَسْكَوِیْت: بسکٹ

بَسُلَ ـُ بَسَالَة و بَسَالاً: بہادر ہونا

تَبَسَّل: ترش رو ہونا، تیوری چڑھانا

اِسْتِبْسَال: لڑنے کے لئے آمادہ ہونا

بَسَالَة: جرأت، بہادری

بَاسِلٌ: جری، بہادر، ج: بَوَاسِلُ

بَسَمَ ـِ بَسْمًا، تَبَسَّمَ و اِبْتَسَمَ: مسکرانا

مَبْسِمٌ: منھ ج: مَبَاسِمُ

مَبْسِمُ السِّیْجَارَة: سگریٹ ہولڈر

بَسْمَلَة: بسم اللہ پڑھنا

ب.....ش

بَشِرَ ـَ به بِشْرًا: خوش ہونا

بَشَرَ العُوْدَ و الثَّمَرَ ـُ بَشْرًا: چھیلنا

بَشَّرَه تَبْشِیْرًا: خوشخبری دینا

بَاشَرَ الأَمْرَ مُبَاشَرَةً: خود انجام دینا، براہِ راست انجام دینا

بَاشَرَ الصِّنَاعَةَ: پیشہ اختیار کرنا، پریکٹس کرنا

بَاشَرَ الْعَمَلَ: کام پر لگنا، انجام دینا، شروع کرنا
إِسْتِبْشَار: خوش ہونا
الإِسْتِبْشَارُ بِالْمُسْتَقْبَل: مستقبل کی بشارت دینا
بِشْرٌ: خوشی
بَشَرَة: کھال، ظاہری سطح
بُشْرٰی و بِشَارَة: خوشخبری، مسرت بخش خبر
بَشَرِیٌّ: (۱) انسانی (۲) جلد انسانی سے متعلق
بَشَرِیَّة: نوعِ انسان، نسلِ انسان
أَعْطَابٌ بَشَرِیَّةٌ: جانی نقصانات
قُوَّة بَشَرِیَّة: افرادی طاقت
بِشَارَة: (۱) خوشخبری (۲) نیک شگون (۳) خیر (۴) انجیل (۵) حسن و جمال
ج: بِشَارَات و بَشَائِرُ
بَشِیْرُ الوَجْه: خوب رو
بَشِیْرُ سَلَام: امن کا پیغام بر
تَبْشِیْر: مسیحی تبلیغ
تَبْشِیْرِیّ: مشنری
تَبَاشِیْرُ: ابتدائی علامات، علامات، آثار
مُبَشِّر: (۱) خوشخبری دینے والا (۲) امرِ خیر کی دعوت دینے والا (۳) مذہبی واعظ، مشنری، مبلغ، عیسائی مذہب کا مبلغ
مِبْشَرَة: ج: مباشر: جلد صاف کرنے کا آلہ
مُبَاشِر: ڈائرکٹ، بلاواسطہ، براہ راست
رَئِیْسٌ مُبَاشِرٌ: ڈائرکٹ آفیسر
مُبَاشَرَة: براہِ راست، بلاواسطہ طور پر، ڈائرکٹ
مُبَاشَرَةٌ: آغاز، اتصال، اسٹارٹ کرنا
مُبَاشَرَةُ الْحُقُوْقِ الْبَرْلَمَانِیَّة: پارلیمنٹری حقوق لینا
مُبَاشَرَةُ السُّلْطَةِ الْبَرْلَمَانِیَّة: پارلیمنٹری اختیار حاصل کرنا
بَشِعٌ و بَشِیْع: بدشکل، بدرو
بَشْکِیر: تولیہ

ب.....ص

بَصْبَصَ الْکَلْبُ بِذَنَبِهٖ بَصْبَصَةً: دم ہلانا
بَصْبَصَ الرَّجُلُ: چاپلوسی کرنا، تملق کرنا
بَصْبَصَ بِعَیْنِهٖ: آنکھ سے شارہ کرنا
بَصِرَ ـَ و بَصُرَ ـُ الشَّیْءَ و بِهٖ بَصَرًا و بَصَارَةً: دیکھنا، تہہ تک پہنچنا، جاننا
مَدَی الْبَصَر: حدِّ نگاہ
بَصَرٌ: نگاہ، علم ج: أَبْصَار
طَوِیْلُ الْبَصَرِ: دوربیں، وسیع العلم
قَصِیْرُ الْبَصَر: کوتاہ بیں، کوتاہ علم
بَصَرِیٌّ: آپٹیکل، آنکھ کا، نگاہ کا
بَصِیْرَة: ذکاوت، فہم، نورِ قلب، علم، دور اندیشی ج: بَصَائِرُ
فَتْحُ الْبَصَائِر: آنکھیں کھولنا
بَاصِرَة: آنکھ
تَبَصَّرَ فِی: بصیرت حاصل کرنا
مُبَاصَرَة: ٹیلی ویژن، غائب بینی، مشاہدۂ غائب، لاسلکی کے ذریعہ ان واقعات یا اشیاء کا مشاہدہ کرنا جو فاصلہ یا حجاب کی وجہ سے آنکھوں سے اوجھل ہوں
مِبْصَارٌ: ٹیلی ویژن، آلہ غائب میں ٹیلی ویژن سیٹ
بَصَّ ـُ بَصًّا و بَصِیْصًا: چمکنا، روشن ہونا، پانی برسنا

بَصَّةُ نَارٍ ، بَصُوَة: شعلہ، چنگاری
بَصِيْصٌ: چمک، روشنی، کرن
بَصِيْصٌ من الأَمَل: امید کی ایک کرن، امید کی جھلک، شعاعِ امید
بَصَّاصٌ: (دا) جاسوس، خبر رساں
بَصَّاصَةٌ: آنکھ (دا)
بَصَقَ ـُ بَصْقًا: تھوکنا
مِبْصَقَةٌ: اگالدان ج: مَبَاصِقُ
بَصَلٌ: پیاز و: بَصَلَة
بَصَلٌ طَازَج: تازہ پیاز
بَصَلٌ مُجَفَّف: خشک پیاز
بَصَلٌ مُخَلَّل: پیاز کی چٹنی، سرکہ ملی ہوئی پیاز
بَصَلِيٌّ: پیازی، پیاز والا
بَصْم: سیل
بَصْمَة: ج: بَصَمَات: نشانِ انگشت، نشانِ انگوٹھا

ب.....ض

بِضَاعَة: مالِ تجارت ج: بَضَائِعُ
بِضَاعَة تَالِفَة: (ضد: سَلِيْمَة) خراب سامان
بِضَاعَةُ التِّجَارَة: سامانِ تجارت
بَضْعُ الجِلْد: نشتر زنی
بِضَاعَةٌ تَحْتَ التَّشْغِيْل: سامانِ زیرِ ترتیب زیرِ ترتیب سامان
بِضَاعَةٌ تَحْتَ الصُّنع: زیرِ تیاری سامان
بِضَاعَةٌ حَاضِرَة: تیار شدہ سامان
بِضَاعَةٌ سَلِيْمَة: (ضد: تَالِفَة): اچھا سامان
البِضَاعَةُ فِي الطَّرِيْق: سامان چل پڑا ہے (یعنی راستہ میں ہے)
البِضَاعَة المؤَمَّنُ عليها: انشورڈ سامان
بَضَائِعُ بِقَالِيَّة: پرچون کا سامان
بَضَائِعُ بِالقَطْعَة: خوردہ سامان، سامان کے پیس
بَضَائِعُ بَلَاسْتِيْك: پلاسٹک کا سامان
بَضَائِعُ ثَقِيْلَة: ہیوی مال، بڑا سامان
بَضَائِعُ جِلْدِيَّة: چمڑے کا سامان
بَضَائِعُ حَدِيْدِيَّة: لوہے کا سامان
بَضَائِعُ خَطِرَة: نازک سامان، پرخطر سامان
بَضَائِعُ رَاكِدَة: نہ بکنے والا مال، کنڈم سامان، کنڈم مال
بَضَائِعُ زُجَاجِيَّة: کانچ کا سامان
بَضَائِعُ غَيْرُ تَامَّةِ الصُّنع: نامکمل اشیاء
بَضَائِعُ قَابِلَةٌ للإِشْتِعَال: آگ پکڑنے والا سامان
بَضَائِع قابلة لِلتَّلَفِ: خراب ہونے والا سامان
بَضَائِعُ قَابِلَةٌ للعَطَب: خراب ہونے والا سامان
بَضَائِعُ قَلِيْلَةُ القِيْمَة: کم قیمت چیزیں، کم قیمت مال
بَضَائِعُ كَاسِدَة: بے کار سامان
بَضَائِعُ كَبِيْرَةُ الحَجْم: بڑے عدد، بڑے سامان
بَضَائِعُ مُتَدَاوَلَة: چلنے والا سامان
بَضَائِعُ مُمْتَازَة: اعلیٰ قسم کا سامان
بَضَائِعُ مِنَ الدَّرَجَة الأُوْلَى: اول درجہ کا سامان، ایک نمبر کا سامان
بَضَائِعُ مَنْزِلِيَّة: گھریلو سامان

البَضَائِعُ الْمُهَرَّبَةُ: غیر قانونی درآمد برآمد شدہ مال
بَضَائِعُ هَنْدَسِيَّة: انجینئرنگ کا سامان
بَضَائِعُ تُدْفَعُ عنها عَوَائِدُ جُمْرُكِيَّة: سامان جس پر کسٹم دیا جائے۔

ب.....ط

تَبَاطُؤ: تاخیر ڈھیلا پن
تَبَاطُؤ فی الإنْتَاج: پیداوار میں کمی، ڈھیلا پن
تَبَاطُؤٌ مُعَقَّدٌ: دانستہ تاخیر
مُبْطِئ: لیٹ
مُتَبَاطِئ فی الدَّفْع: ادائیگی میں ست
بَطَّارِيَّة: بیٹری
بَطَّارِيَّاتُ سَيَّارَات: موٹر کار بیٹریاں
بَطَّارِيَّات الصَّوَارِيْخ: راکٹوں کی بیٹریاں
بَطَاطَا، بَطَاطِس: آلو
بِطَاقَة: لیبل، چٹ، کارڈ ج: بَطَائِقُ بِطَاقَاتٌ
بِطَاقَةُ بَرِيْد: پوسٹ کارڈ
بِطَاقَةٌ بَرِيْدِيَّة: پوسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ تَحْقِيْق الشَّخْصِيَّة: شناختی کارڈ
بِطَاقَةُ تَخْزِيْن: مال جمع کرنے کا کارڈ
بِطَاقَة الجرَايَات: راشن کارڈ
بِطَاقَةُ الدُّخُوْل إلى حَفْلَةٍ أوْ إجْتِمَاع: داخلہ کارڈ، داخلہ پاس
بِطَاقَةُ الزِّيَارَة: وزیٹنگ کارڈ، ملاقاتی کارڈ
البِطَاقَةُ السِّيَاحِيَّة: ٹورسٹ کارڈ
بِطَاقَةُ شِرَاءٍ على الحِسَاب: کریڈٹ کارڈ
بِطَاقَةُ الصِّنْف: لیبل جس سے سامان کی قسم (کوالٹی) معلوم ہو
بِطَاقَةُ عُلْبَة: ڈبے کی چٹ
بِطَاقَةُ العَنَاوِيْن: ایڈریس بک
بِطَاقَةٌ مُخَرَّمَةٌ: سوراخ کیا ہوا سلپ
بِطَاقَةُ الهُوِيَّة: ایڈنٹی کارڈ، شناختی کارڈ
بَطَلَ ـُ بُطْلاً و بُطْلاناً: فاسد ہونا، بیکار ہونا، باطل ولغو ہونا
بَطَلَ اسْتِعْمَالُه: رواج ختم ہونا
بَطَّلَ الشئَ تَبطِيْلاً و أبْطَلَ: (۱) فسخ کرنا، کینسل کرنا، منسوخی، ختم کرنا، (۲) ناقص بنانا
إبْطَالُ صَحِيْفَةٍ: اخبار بند کرنا
بَطَلَ ـُ بَطَالَة: دلیر ہونا، ہیرو بننا
بَطُلَ ـُ بَطُوْلَةً: بیکار و بے مشغلہ ہونا
بَطَلٌ ج: أبْطَال. م: بَطَلَة: (۱) بہادر (۲) ہیرو (۳) شہسوار (۴) ممتاز کھلاڑی، مجاہد، ممتاز چیمپین
بَطَلٌ سِيْنَمَائِيٌّ: فلمی ہیرو
البَطَل المِغْوَار: جانباز ہیرو
بَطَلٌ يُؤَلِّهُه قومُه: ہیرو جس کو اس کی قوم خدا مانتی ہے۔
بُطُوْلَات: بہادرانہ کارنامے
البُطُوْلَة: اعلیٰ کردار، کارنامہ، شجاعت، چمپین شپ
بُطُوْلَةُ العَالَم: عالمی چمپین
بُطُوْلَة عَالَمِيَّة: عالمی چمپین شپ
بُطُوْلَة مَسْرَحِيَّة: ڈرامائی، ہیروشپ، ڈرامائی کردار
الأبَاطِيْلُ: بے بنیاد باتیں
بَاطِل: (۱) حق کی ضد (۲) جھوٹا، (۳) بے قیمت، لغو بے تاثیر، بے حقیقت، غلط

بَطَالَة: (۱) بیکاری، بے روزگاری (۲) چھٹی
بَطَالَة دَوْرِيَّة: وقفہ جاتی بے روزگاری
بَطَالَة مُزْمِنَة: دائمی بے روزگاری
بَطَالَة مُفْتَعَلَة: مصنوعی بے روزگاری
بَطَالَة مَوْسِمِيَّة: سیزنل بے روزگاری
بَطْلِيمُوس: اسکندریہ کا عالمِ فلکیات
بَطَنَ ـُ بُطُوْنًا: چھپنا، پوشیدہ ہونا
بَطَنَ الأَمْرَ ـُ بَطْنًا و اسْتَبْطَنَه و تَبَطَّنَه: معاملہ کی تہ کو پہنچنا، نوعیت واقعہ کو سمجھنا
بَطِنَ ـَ بَطَنًا و بَطُنَ ـُ بَطَانَةً: پیٹ بڑھنا، بڑے پیٹ والا ہونا
بَطِيْنٌ: (۱) بڑے پیٹ کا (۲) ندیدہ، بسیار خوردہ
شَأْوٌ بَطِيْنٌ: مسافتِ بعیدہ
بِطْنَةٌ: بسیار خوری، حرص، زیادتی خوراک سے پیٹ کا پھولنا، ندیدہ پن
إِبْطَان: چھپانا، پوشیدہ کرنا
بُطِنَ ـَ بَطَنًا: (مجہول): پیٹ میں درد ہونا
مَبْطُوْن: دردِ پیٹ میں مبتلا
بَطْنٌ ج: بُطُوْن و أَبْطُن: (۱) پیٹ (۲) ہر چیز کا اندرونی حصہ
إِنْقِبَاضُ البَطْن: قبض ہونا
بَطْنُ الرِّجْل: پیر کا تلوا
بَطْنُ المِلْعَقَة: چمچہ کی گہرائی
إِبْنُ بَطْنِه: پیٹ کا بندہ، مطلبی
وَلَدَتْ ثَلَاثَةً فِي بَطْنٍ وَاحِدَةٍ: بیک وقت تین بچے جنے۔
بَاطِنٌ: (۱) اندرونی حصہ (۲) پوشیدہ
بَاطِنًا: دل دل میں، رازدارانہ طور پر
بَوَاطِنُ الأُمُوْرِ و ظَوَاهِرُهَا: معاملات کے مختلف پہلو، اسرار و ظواہر
بِطَانَة ج: بَطَائِنُ: (۱) راز (۲) رازدار (۳) خاص آدمی
بِطَانَةُ الثَّوْبِ (ضد ظِهَارَة): استر، نیچے کا کپڑا
بِطَانَةُ الأَمِيْر: حاشیہ نشیں، مقربین، خاص لوگ
بِطَانَة: استر ج: بِطَانَات
بَطَّانِيَّة: (۱) کمبل، بلانکٹ ج: بَطَّانِيَّات
بِطِّيْخ: (در بطّخ) خربوزہ
بَاطِيَة: ج: بَوَاطٍ: بڑا پیالہ

ب ..... ظ

بَظَّ ـُ العُوْدَ بَظًّا: باجے کے تاروں کو بجانے کے لئے درست کرنا
إِبْظَاظ: موٹا ہونا (بَظِيْظ موٹا)
بَظِرَ ـَ بَظَرًا: غیر مختون ہونا
أَبْظَرُ: غیر مختون ج: بُظْر. م: بَظْرَاءُ
تَبْظِيْر: ختنہ کرنا

ب ..... ع

بَعْبَعَة: (ثَرْثَرَة): بک بک کرنا، جلدی اور لگاتار بولنا
بَعَثَ الشَّيْءَ وبه ـَ بَعْثًا: (۱) بھیجنا (۲) نکال پھینکنا، مردوں کو اٹھانا
بَعَثَ بالرِّسَالَة الى: خط بھیجنا، پیغام بھیجنا
بَعَثَ بالبَرْقِيَّة الى: تار بھیجنا
بَعَثَ من النَّوْم: بیدار کرنا
بَعَثَ من المَوْت: زندہ کرنا، جلانا، اُٹھانا
بَعَثَ على: آمادہ کرنا، مجبور کرنا، برانگیختہ کرنا
بَعَثَ على التَّفْكِيْر: سوچنے پر مجبور کرنا

بَعَثَ: (۲) وفد بھیجنا، کمیشن روانہ کرنا
إِبْتِعَاث: نمائندہ بنا کر بھیجنا
بَعْثٌ: (۱) قیامت (۲) روانگی (۳) وفد ج: بُعُوث
بَعْثَة: ڈیپوٹیشن، ایجنسی، مشن، وفد جو کسی مقصد سے کہیں بھیجا جائے، نمائندہ، ادارہ، کمیشن، باختیار وفد، ڈیلی گیشن ج: بعثات
بَعْثَةُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا کمیشن
بَعْثَةٌ تِجَارِيَّةٌ: تجارتی وفد کاروباری مشن
بَعْثَةٌ ثَقَافِيَّةٌ: ثقافتی مشن
البَعْثَةُ الجُيُولُوجِيَّةُ: جیالوجی کمیشن
بَعْثَة دِبْلُومَاسِيَّة: ڈپلومیٹک ایجنسی، سفارتخانہ، سفارتی مشن
بَعْثَةٌ طُلَّابِيَّةٌ: طلبہ کا وفد، طلبہ کی جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے
بَعْثَةٌ عِلْمِيَّة: تعلیمی وفد
بَعْثَةٌ إِكْتِشَافِيَّةٌ: تحقیقاتی جماعت، وفد بَاعِثٌ ج: بَوَاعِثُ: سبب، وجہ، علت
بَعْثٌ ج: بُعُوث: پیغام، مشن (۲) وفد، شام و عراق کی برسر اقتدار پارٹیاں، وہ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے
بَعْثِيّ: بعث پارٹی سے تعلق رکھنے والا
مَبْعَث: سبب، باعث ج: مَبَاعِثُ
مَبْعُوثٌ: (۱) نمائندہ (۲) پیامبر، بھیجا ہوا، قاصد، ڈیلی گیٹ، نائب، سفیر
مَبْعَثُ الذُّهُول والإِسْتِغْرَاب: باعثِ حیرت واستعجاب
مَبْعُوث او وَزِيْر مُعْتَمَد: معتمد علیہ نمائندہ
مَبْعُوثُ الأُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ کا نمائندہ
مَبْعُوثٌ دِبْلُومَاسِيٌّ: ڈپلومیٹک نمائندہ، سفارتی نمائندہ
مَبْعُوثٌ رَسْمِيّ: سرکاری نمائندہ
المَبْعُوث الشَّخْصِيّ: ذاتی نمائندہ
مَبْعُوث فَوْق العَادَة: نائب قونصل
مَبْعُوث فِي مُهِمَّة خَاصَّة: سفیر، فرستادہ، کسی اہم کام کے لئے فرستادہ
مَبْعُوثٌ قُنْصُلِيّ: کونسلر کا نمائندہ
مُبْتَعَث: مبعوث
مَجْلِسُ المَبْعُوثِين: پارلیمنٹ کا بورڈ، ہاؤس، ایوانِ نمائندگان
إِنْبِعَاث: (۱) روانہ ہونا (۲) اٹھنا، پھیلنا
إِنْبِعَاثُ الرَّائِحَةِ الكَرِيهَة: بدبو پھیلنا
إِنْبِعَاث فِي السَّيْر: تیز چلنا
بَعِثَ ـَ بَعَثًا: بیدار ہونا
تَبَعُّثُ شيء: کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا
تَبَعُّثُ الشِّعْرِ منه: شعر کی آمد ہونا
بَعْثَرَة: بکھیرنا، پھیلانا، منتشر کرنا
مُبَعْثَر: پھیلا ہوا، منتشر
تَبَعْثُر: منتشر ہونا، بکھرنا، پھیلنا
تَبَعْثُرُ النَّفْس: طبیعت بے چین ہونا
بَعَجَ البَطْنَ ـَ بَعْجًا: پھاڑنا، چاک کرنا
بَعُدَ ـُ بُعْدًا: دور ہونا
إِبْعَاد: (۱) دور کرنا (۲) معزول کرنا (۳) جلا وطن کر دینا (۴) زائل کرنا، برطرف کرنا، باہر نکالنا، پارٹی وغیرہ سے

نکالنا

إبعادُ الشیٔ عن الفِکر: ذہن سے نکالنا

أبعادُ شیٔ: فاصلے، وسعتیں، گہرائیاں، پہلو، حدود، اثرات

أبعادُ قضیّة: مسئلہ کا نشیب وفراز

أبعادیّة: زمین، کھیت، فارم

إستِبعاد: (۱) دور سمجھنا، (۲) ناممکن سمجھنا، خارج از امکان سمجھنا (۳) حذف کرنا، دشوار سمجھنا (۴) دور ہونا

إستِبعادٌ عن: حذف کرنا، نکالنا

إبتِعاد و تَباعُد عن: (۱) دور ہونا (۲) اجتناب کرنا، چھوڑنا

بُعدٌ: (۱) دوری (۲) مسافت (۳) پہلو (۴) فاصلہ ج: أبعاد

بُعدٌ شاسِعٌ: طویل فاصلہ

بُعدُ النَّظَر: دوراندیشی

عن بُعدٍ: دور رہ کر، دور سے

علی بُعدٍ: دور، بہت دور، فاصلہ پر

بَعیدُ المَدَی: دوررس، طویل المیعاد، طویل الذیل

المُبعَدُ: جلاوطن

بَعد: بعد، پھر

بَعدَ الآن: آئندہ، اب سے

بَعدَمَا: جب کہ، اس کے بعد کہ

بَعدُ _ (لِلآن): اب تک، ابھی تک، تاایں دم

بَعَّرَ الحَیَوانُ تبعیرًا: زیادہ مینگنی کرنا

مَبعَرٌ: مینگنی نکلنے کی جگہ ج: مَباعِرُ

بَعثَرَةٌ: پراگندہ کرنا، بکھیرنا

بَعض: حصہ، ٹکڑا ج: أبعاض

بَعضُ التَّبریر: کسی حد تک وجہ جواز

بَعضُ الوَقت: پارٹ ٹائم

بَعوض: مچھر و: بَعوضة

بَعوضُ المَلاریا: ملیریائی مچھر

بَعلٌ: ج: بُعول: خاوند، شوہر

ب ..... غ

بَغتَهَ _ بَغتًا و باغَتَه مُباغَتَةً: یکا یک آنا، تعجب خیز طریقہ سے آنا

إنبِغات: کسی چیز کے اچانک ظہور سے متاثر ہونا، سٹپٹا جانا

بَغتَةً: اچانک، یکا یک، لاعلمی میں، بلاتوقع، ایک دم، بے خبری میں

مُباغَتَة: اچانک آنا، یکبارگی کوئی کام کرنا

بَغیٰ _ بَغیًا و بِغاءً: زنا کرنا

بَغیٰ علیه: ظلم کرنا، زیادتی کرنا، خلاف کرنا

إبتِغاء: پسند کرنا، چاہنا

مُبتَغٍ: آرزومند

یَنبَغِی: مناسب ہے، لازم ہے، چاہئے

بَغیٌ و بُغاءٌ: (۱) ظلم ستم (۲) زنا

بَغِیٌّ ج بَغایا: عصمت فروش عورت، زانیہ

بُغیَة: مطلوب، مقصد، حاجت

بَاغٍ ج: بُغاة: (۱) ظالم (۲) نافرمان

ب ..... ق

بَقّ: (دربقق)

بَقبَقَة: زیادہ بولنا، جھک کرنا

بَقباق: بسیارگو، جھکی آدمی

بُقجَة: (دا) بقچی، پوٹلی، بنڈل

بُقجَهُ صابُون: صابن کی ٹکیہ

بَقَرَالشیءَ ـُـ بَقْرًا: پھاڑنا، کشادہ کرنا (۲) کھودنا

بَقَرٌ: (اسم جنس) گائے و بَقَرَة ج: بَقَرَات

بَقَرَالوَحش و البَقَرُالوَحشِیُّ: نیل گائے۔ جنگلی گائے

بَقَرُ المَاء: دریائی گائے

بَقَرِیٌّ: گائے کا، گائے کی

بَقَّعَ الثَّوبَ تَبقِیعًا: کپڑے پر دھبے ڈالنا، ایک دفعہ رنگ میں ڈبونا

تَبَقَّع: کپڑے پر رنگ کے دھبے پڑنا

بُقعَة ج: بُقَع و بِقَاع: (۱) زمین کا ایک حصہ (۲) دھبہ، نشان، داغ (۳) رتبہ و منزلت (فُلانٌ حَسَنُ البُقعَة عِندَ الأَمِیر)

أَبقَعُ اللَّونِ: سیاہ وسفید رنگ والا، داغدار ن: بُقعٌ

بَاقِعَة: ج: بَوَاقِعُ: دھوکہ نہ کھانیوالا

بَقَّ المَاءُ ـُ بَقًّا: (۱) منہ سے پانی کو آواز کے ساتھ نکالنا

بَقَّقَ البَیتُ: کثرت سے کھٹمل ہونا

بَقٌّ: کھٹمل، پسو، و: بَقَّة

بَقُّ الفِرَاش: کھٹمل

بَقَّاقٌ: بکواسی، بہت بولنے والا

بَقَّال: پرچون فروش

بَقَالَة: پرچون کی دکان جہاں خشک اشیاء فروخت ہوتی ہیں۔

بَقِیَ ـَ بَقَاءً: (۱) باقی رہنا، باقی بچنا، (۲) دیرپا ہونا، ٹھہر جانا

تَبَقِّی: بچایا جانا، باقی رہنا

إِبقَاء: (۱) باقی رکھنا (۲) رحم کھانا

إِبقَاءٌ علی الحَیَاة: امان دینا، جان محفوظ رکھنا

الإِبقَاءُ عَلَی القَوَاعِدِ الحَربِیَّة: جنگی اڈے محفوظ رکھنا

إِستِبقَاء: باقی رکھنا، محفوظ رکھنا

إِستِبقَاءٌ علی الحَیَاة: امان چاہنا

بَقَاءٌ: بقا، وجود

بَقَاءُ الشیءِ عَقَبَةً فی الطَّرِیق: رکاوٹ بنا رہنا

بَقَاءُ الاَنسَب: بقائے اصلح

بَاقٍ: (۱) موجود، بچا ہوا (۲) بیلنس (در حساب) (۳) فاضل و متروک (۴) لازوال، دیرپا (۵) ساکن، جامد، غیر متحرک

مُستَبقًی: محفوظ، ریزرو

البَاقِی مِن الطَّلَب: بیک آرڈر، باقی ماندہ فرمائش

بَوَاقٍ: بقایاجات، و: بَاقِیَة

ب.....ک

بَکَالُورِیُوس فی العُلُوم التِّجَارِیَّة: بیچلر آف کامرس، بی کام (B.Com)

بَکَالُورِیوس فی الفُنُونِ والآدَاب: بی اے (B.A)

بَکبَاشِی: لفٹنٹ کرنل، (فوجی عہدہ دار)

بَکَّتَ تَبکِیتًا: ملامت کرنا، سرزنش کرنا

بَکَّتَ الضَّمِیرَ: ضمیر کو ملامت کرنا

بَکَرَ ـُ بُکُورًا و بَکَّرَ تبکِیرًا: صبح سویرے اٹھنا، صبح کے وقت آنا، عجلت سے کرنا

إِنذَارٌ مُبَکِّرٌ: ابتدائی وارننگ

اِبتِکار: جدت، ایجاد کرنا، ابتدائی حصہ حاصل کرنا
مُبتَکرات: نئی چیزیں
بِکرٌ ج أبکار: اکلوتا بیٹا، پہلا بچہ، کنواری، ہر نئی چیز، اچھوتا
بَکَرَة: رِیل، چرخی
بَکَرَةُ البئر: ج: بَکَرات) چرخی
بَکَرَةُ الخَیط: دھاگے کی نلکی، تاگے کی ریل
بُکرَة: جماعت
جَاءُوا علی بُکرَةِ أبِیهِم: سب کے سب آئے۔
بُکرَةً، باکِرًا: (۱) صبح سویرے، صبح کے اول وقت میں (۲) کل آئندہ
بَکرَة شریط (فی الالة الکابه) دبن اسپون
بِکرِیٌّ (بِکرِیَّة): پہلا بچہ، پہلونٹی کا بچہ
بِکرِیَّةُ الوِلادَة: پہلی بار بچہ جننے والی
بَکِیرٌ: قبل از وقت اپنے وقت سے پہلے ظاہر ہونے والی چیز
بَکرَجٌ (دا) غَلَّایَةُ المَاء: پانی اُبالنے کا برتن، سماور، کیتلی
بَکَلَ ـُ بَکلًا و بَکَّلَ: بکسوا لگانا
بَکَلُورِیَّةٌ، بَکَالُورِیَّة: بیکالوریٹ، بی۔اے کی سند
بَکلُورِیُوس: گریجویٹ
___ عُلُومٍ: بی ایس، بیچلر آف سائنس
___ فُنُون: بی۔اے، بیچلر آف آرٹس
بَکِمَ ـَ بَکَمًا و بَکامَةً: گونگا ہونا
بَکُمَ ـُ بَکامَةً: جان بوجھ کر گونگا بننا
بَکِیمٌ و أبکَمُ ج: بُکمَان و بُکمٌ: گونگا
التَّباکِی علی شئ: کسی چیز کا رونا رونا
بُکَاءُ التِّمسَاح: مگرمچھ کے آنسو

ب ..... ل

بَلاتِینَ: (مع): پلاٹینم، ایک قسم کی دھات جو سونے سے قیمتی اور بھاری ہوتی ہے۔
بَلبَلَة: بے چین بنانا، پریشان کرنا، ہنگامہ مچانا (۲) گڑبڑی، افراتفری
تَبَلبُل: بے چین ہونا، مضطرب ہونا
مُبَلبِلُ النَّفس او الخَاطِر: پریشان خاطر
بُلبُلٌ: (دا) لٹو (۲) ایک پرندہ ج: بَلابِلُ
بَلبَلَة بَلبَال: اضطراب، بے چینی، تشویش، اختلاط
بَلبَلَةُ الأفکار: ذہنوں کو پریشان کرنا
بَلبَلَةُ الرَّأی العَامّ: رائے عامہ میں ہیجان پیدا کرنا
مُبَلبَل: غیر یقینی، تشویشناک
بَلَجَ ـُ بُلُوجًا و إبلَاج و إنبِلاج و إبتِلاج وتَبَلُّج: روشن ہونا، طلوع ہونا
بَلِجَ الحَقُّ ـَ بَلَجًا: ظاہر ہونا، واضح ہونا
بَلِجَ صَدرُه: انشراح ہونا
بَلجِیکَا: بلجیم
بَلجِیکِیّ: ملک بلجیم کا باشندہ
بَلَحٌ و: بَلَحَة: کچی کھجور
بَلَحُ البَحر: ایک صدفی کیڑا، بحری صدفیہ
بَلُدَ ـُ بَلادَة، بَلَّدَ و تَبَلَّد: کند ذہن ہونا، ضعیف الرائے ہونا
بَلَّدَ الرَّجُلَ تَبلِیدًا: شہری آب وہوا کا عادی بنانا
مُتَبَلِّدُ الحِسّ: ڈل
تَبَالُد: بے وقوفی کا مظاہرہ کرنا

بَلَدٌ ج: بَلادو بُلْدان: خطۂ زمین، ملک
البِلادُ تُواجِهُ أَزْمَةً كَبِيْرَةً: ملک کو بڑا بحران درپیش ہے
بِلادٌ تَحْتَ الإِنْتِداب: عارضی انتظام کے ماتحت ممالک
بِلادُ العَجَم: غیر عربی ممالک
بِلادٌ الكُومُنْوِيلث: کامن ویلتھ ممالک
بِلادٌ مُسْتَهْلِكَة: کھپت والے ممالک
بِلادٌ مُصَنِّعَةٌ: صنعتی ممالک
بَلادَة: بے حسی، کم عقلی، جمود، کٹرپن، سخت دلی، مردہ دلی
بَلَدٌ ذُو سِيادَة: خودمختار ممالک
بَلَد و بَلْدَة: (۱) قصبہ، (۲) شہر
بَلَدِيٌّ: (۱) ہم وطن (۲) ملکی
بَلَدِيَّة: میونسپلٹی ج: بَلَدِيَّات
البَلَدُ فی مِحَنٍ: ملک آزمائش میں ہے
البَلَدُ المُعْتَدِی: حملہ آور ملک
البُلْدانُ المُنْتِجَة: پیداواری ممالک
مَجْلِسٌ بَلَدِيٌّ: میونسپل کونسل
بَلْوَرَة: بلّور کے مانند ہونا، واضح کرنا، صاف و شفاف بنانا، وضاحت کرنا، انکشافِ حقیقت کرنا
تَبَلْوُر: بلّور کے مانند ہونا، واضح ہونا
بِلَّوْر: ایک قسم کا صاف شیشہ
بِلَّوْرِیّ، مُتَبَلِّر مُتَبَلْوِر: بلور کی مانند چمکدار، واضح وروشن
بَلْشَفَة: انتہاپسند اشتراکی بنانا
بُلْشُفِيّ: انتہاپسند اشتراکی ج: بَلاشِفَة
بُلْشُفِيَّةٌ: بالشوازم (BOLSHEVISM)
شَارَةُ البَلاشِفَة: بالشویک بیج
الحِزْبُ البُلْشُفِيُّ: بالشویک پارٹی
بَلَصَ ـِ بَلْصًا: بزور لینا، غصب کرنا
بَلَصَ بِالتَّهْدِيْد: بلیک میل کرنا، کسی کو دھمکی دے کر کوئی کام لینا
بُوْلِيْصَة: رسید، ہُنڈی، بلٹی
بُوْلِيْصَةُ تَأْمِيْن: بیمہ پالیسی، معاہدۂ بیمہ
بُوْلِيْصَةُ تَأْمِيْن على الحَيَاة: لائف انشورنس پالیسی
بُوْلِيْصَةُ خُرُوْج: مال کی بلٹی
بُوْلِيْصَةُ شَحْن: بلٹی
بَلَطَ ـُ بَلْطًا و بَلَّطَ: پختہ فرش بنانا، پتھر کا فرش بنانا، پلاسٹر کرنا، ٹائل لگانا
تَبْلِيْط: (۱) تھکنا، عاجز ہونا
بَلاطٌ و: بَلاطَة: ٹائل، وہ پتھر جو فرش میں استعمال کیا جائے (۲) دربار
لُغَةُ البَلاطَ: درباری زبان
بَلاطُ المَلِك: قصرِ شاہی، شاہی محل، دربارِ شاہی
بَلاطُ إِسْمَنْت: سمنٹ کا ٹائل
بَلْطَو، مِعْطَف: کوٹ، اوورکوٹ
بَلَعَ ـَ بَلْعًا و ابْتَلَعَ: نگلنا
بَلَعَ الإِهَانَةَ: توہین برداشت کرنا
تَبْلِيْع و إِبْلاع: نگلوانا
بَلَّعَه رِيْقَه: مہلت دینا، موقع دینا
بَلَّاعَةٌ بَالُوعَة ج: بَلالِيْع و بَوَالِيْع: نالی، موری، گندہ آب چک
بُلْعُم. بُلْعُوْم: ج: بَلاعِم: حلق

بَلَغَ ـُـ بُلُوْغًا: (۱) پہنچنا، (۲) پالینا (۳) جاننا، کسی بات کا علم ہونا

بَلَغَ الوَلَدُ: بالغ ہونا

بَلَغَ الأَوْجَ: ٹاپ کرنا

بَلَغَ الثَّمَرُ: پک جانا

بَلَغَ الحَضِيْضَ: پستی کو پہونچنا

بَلَّغَ الخَبَرَ: اطلاع دینا، خبر بھجوانا، بتلانا

بَلَغَ الذُّرْوَةَ: ٹاپ کرنا

بَلَغَ الرُّشْدَ: بالغ ہونا، سنِ شعور کو پہنچنا

بَلَغَ سِنَّ الرُّشْد: ہوش، سنبھالنا، سن شعور کو پہونچنا

بَلَغَ السَيْلُ الزُّبَى: پانی سر سے گذرنا، معاملہ حد سے بڑھنا

بَلَغَ القِمَّةَ: ٹاپ کرنا

بَلَغَ ما نَمَنَّاه: آرزو بر آنا

بَلَغَ إرْتِفَاعُه سَبْعَةَ أمْتَار: اس کی بلندی سات میٹر ہوگئی

بَلَغَ مُنْتَهَاه: وہ آخری حد پر پہنچ گیا

بَلَغَتِ السَّاعَةُ ثَمَانِيَةً: آٹھ بجنا

بُلْغَة: بقدرِ کفاف، گذر بسر کے بقدر

بَلَغَ المِقْدَارُ كذا: مقدار کا کسی حد کو پہنچنا

بَلَغَهُ كذا: کسی بات کا علم ہونا

بَلَّغَ الخَبَرَ و أبْلَغَ ب: (۱) اطلاع دینا، (۲) خبر بھجوانا، بتلانا

بَلَّغَ الخَبَرَ عنه: (۱) رپورٹ دینا، (۲) کسی کے خلاف اطلاعات پہنچانا

إبْلاغ: اناؤنس منٹ، نوٹس

بَالَغَ فی الْمُبْلَغُ مُبَالَغَةً: غلو کرنا، حد سے بڑھنا

تَبَلَّغ: آگاہ ہونا، باخبر ہونا

تَبَلَّغٌ بالشئ: کسی چیز پر اکتفا کرنا

مَبْلَغ ج: مَبَالِغ: رقم، مقدار، کسی چیز کی حد، منتہا

مَبْلَغٌ إضَامِيٌّ: الاؤنس

الْمَبْلَغُ الكُلِّيُّ: مجموعی رقم، ٹوٹل رقم

المَبْلَغُ المَحْسُوْمُ: ڈسکاؤنٹ، وضع کردہ رقم

مَبْلَغ مَدْفُوْع مُقَدَّمًا: پیشگی ادا کردہ رقم

المَبْلَغ المُسْتَحَقّ: مطالبہ کی رقم، واجب مطالبہ

المَبْلَغُ المُوْدَعُ: امانت کی رقم، (بینک میں) جمع کی ہوئی رقم

المَبْلَغُ المُؤَمَّن عليه: انشورڈ رقم، محفوظ رقم

مُبَالِغٌ في الرَّأي الَّذِي يَعْتَنِقُه: اصول پرست، نظریہ پرست

بَلَاغٌ: خبر، اطلاع، (۲) اعلان (۳) اناؤنس منٹ، پیغام، فرمان (۴) دھمکی، نوٹس ج: بَلَاغَات

بَلَاغ أخِيْر أو نِهَائِي: الٹی میٹم

بَلَاغ رَسْمِيّ: اعلامیہ، پریس نوٹ

بَالِغٌ: پورا کامل، مراہق، حد نمو اور حد کمال عقل کو پہنچنے والا

بَالِغُ ذِرْوَةٍ: ہائی، انتہائی بلند

البَالِغُ قَدْرُه كذا: جس کی مقدار اتنی ہے۔

قَلَقٌ بَالِغٌ: زبردست تشویش

بَلَفَ ـَـ بَلْفًا: وہم میں ڈالنا، دھوکہ دینا

بَلِقَ: (س، ک) سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا

أبْلَقُ: سفید وسیاہ داغوں والا
بُلُکّ: (دا) جماعت، فوج کی ایک کمپنی
بَلْکُون. (شُرْفَة): بالکنی
بَلَّ ـــِ بَلًّا و بَلَلاً و بُلُوْلاً من مَرَضه: صحت یاب ہونا
بَلَّ بُلُولاً: بھیگی بھیگی سرد ہوا چلنا
بَلَّ ـُ بَلًّا و بِلَّةً، و بَلَلاً و بَلَّلَ: بھگونا، تر کرنا
إبْتِلال: بھیگنا، تر ہونا
بَالُو: بال کا معرب، کرہ، گیند
بَلِهَ ـَ بَلَهًا و بَلاهَةً: بے وقوف ہونا، کمزور رائے والا ہونا
أبْلَهُ م: بَلْهَاءُ ج بُلْه: بے وقوف
بُلُوْک: دیکھئے، بُلُک
بُلُوْک أمِیْن: کوارٹر ماسٹر (ایک فوجی عہدہ)
بَالُون: (مع) غبارہ
بَلُّون، مُنْطَاد: غبارہ، غبارہ نما چیز
بَلِیَ ـَ بِلیً وبَلاءً: پرانا ہونا، بوسیدہ ہونا
بَلیٰ ـُ بَلْوًا: آزمائش میں ڈالنا، گرفتارِ مصیبت کرنا، پرانا کرنا، ابتداء آزمائش میں ڈالنا
بَالٍ: (ا) پرانا، گلا ہوا، کرم خوردہ، بوسیدہ، (۲) بدبودار، متعفن
بَالَی الأمْرَ و بِه مُبَالاةً: کسی چیز کو اہمیت دینا، پروا کرنا (اس کا اکثر استعمال منفی ہوتا ہے) (لَایُبَالِی بکذا)
بَلْیُورَا: پھیپھڑے کی جھلی
بَلْیُون، أَلْفُ مِلْیُوْن: ایک ارب (۱،۰۰،۰۰،۰۰،۰۰۰) (امریکہ میں) (انگلستان میں) مِلْیُوْن: دس لاکھ ج: بَلَایِیْن:۔ اربوں

ب.....م
بَمْبَاشی، بَکْبَاشی: لفٹنٹ کرنل
بُمْبَة: (معرب) بم (قُنْبُلَة)

ب.....ن
بَنْج: ایک قسم کا زہریلا نبات جو جسم کو بے حس اور سن بنا دیتا ہے (۲) کلورافارم، نیند آور دوا
بَنَّجَ تَبْنِیْجًا: سن کرنا، بے حس کرنا
بَنْدٌ ج: بُنُوْد: (ا) بڑا جھنڈا (۲) قانون کی دفعہ، فقرہ، آئٹم
بُنُوْدُ الصَّرْف: مداتِ خرچ
بُنُوْدُ الإیْرَاد: مداتِ آمدنی
بَنْدَر: (مع) تجارتی شہر، مرکزِ تجارت، مرکزی شہر
بُنْدُقَة: کارتوس
بُنْدُقِیَّة: بندوق، گن
بُنْدُقِیَّةُ رَشّ: شوٹ گن
بُنْدُقِیَّةُ رَصَاص: رائفل
بُنْدُقِیَّةٌ مَحْشُوَّةٌ: بھری ہوئی بندوق، لوڈ گن
بُنْدُقِیَّةُ هَوَاء: ایر گن
بَنْدُوْل: (مع) گھڑی کا پنڈولم
بِنْزِیْن: پٹرول
بَنْس (بَنِی): پینی (ایک انگریزی سکہ)
بَنْطُغْرَاف: نقل نگار، (ایک آلہ)
بَنْطَلُوْن ج: بَنْطَلُوْنَات: پینٹ، پتلون
بَنْطَلُوْن قَصِیْر: نیکر
بُنْکٌ: (ا) اصل شے (۲) رات کا ایک حصہ
بَنْکٌ ج: بُنُوْک: (ا) بینک، (۲) بینچ، سیٹ

بَنکَ النَّجّار: وہ منبر جس پر بڑھئی لکڑی رکھ کر رندہ کرتا ہے
بَنکُ الإصدار: سنٹرل بینک، بینک آف ایشو
بَنکُ أهلِیّ: نیشنل بینک
بَنکُ إیداع: بینک آف ڈپازٹ، ڈپازٹ بینک
بَنکٌ تِجارِیٌّ: کمرشیل بینک
بَنکُ التَّسلِیف: لون بینک
بَنکُ التَّسلِیف الزِّراعِیّ: زرعی قرضہ بینک
بَنکُ التَّسلِیف الصِّناعِیّ: صنعتی قرضوں کا بینک
بَنکُ الدَّم: بلڈ بینک، خون بینک
بَنکُ الدَّولَة: گورنمنٹ بینک، اسٹیٹ بینک
مُحَوِّلَ: منی آرڈر بھیجنے والا، ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ روپیہ بھیجنے والا، ملکیت وغیرہ تبدیل کرنے والا، ٹرانسفر کرنے والا۔
الْمُحَوَّلُ إِلَیْه: جس کی طرف ٹرانسفر کیا گیا ہو، جس کے نام ملکیت منتقل کی گئی ہو۔
مُحَوِّلُ السِّکَّةِ الحَدِیْدِیَّة، مُحَوِّلَة: (مِفْتَاحُ تَحْوِیلِ خَطِّ السَّیْرِ): پائنٹ، قینچی جس کی مدد سے ریل کی پٹری بدلتی ہے۔
مِحْوَلَجِیّ (دا) مُحَوِّل: سوئچ مین، ریل کی پٹری کی قینچی لگانے اور ہٹانے والا۔
مُحَوَّلٌ عَلَیه بالبَرید: رقم پانے والا، جس کے نام منی آرڈر کیا گیا یا ڈرافٹ بھیجا گیا۔
مُحَوَّلٌ له، مُحَالَ: جس کے نام چیک دیا گیا۔
مُسْتَحِیلٌ: باطل، ناممکن۔
(حَوْمٌ) حَامَ ـُ علی الشیْ و حَوْلَه حَوْمًا و حَوَمَانًا: چکر لگانا، گھومنا، منڈلانا۔
حَوْمَة ج: حَوْمَات: کسی چیز کا بڑا حصہ۔
حَوْمَة الوَغیٰ: معرکۂ کارزار۔
حَوْمَةُ القِتَال وغیرِہٖ: شدت۔
حَوَی الشیْءَ ـِ حَوَایَةً: جمع کرنا، سمیٹنا۔
___ و احْتَوی الشیْءَ و عَلَیْه: مشتمل ہونا، حاوی ہونا۔
تَحَوَّی: سمٹنا، سکڑنا، گول ہونا۔
حَوِیَّةُ حِبَالٍ: رسی کا گولا۔
حَاوٍ و مُحْتَوٍ: جامع، مشتمل، محیط۔
حَاوِی: مداری، بازی گر، شعبدہ باز۔
___ الحَیَّات: سپیرا۔
جِرَابُ الحَاوِی: مداری کا جھولا۔
مُحْتَوَی: مفہوم۔
الْمُحْتَوَیَات: مضامین، مشمولات، مندرجات۔
مُحْتَوَیاتُ الرِّسَالَة: خط کا مضمون۔

ح.....ی

حَیْثُ: جہاں۔
بِحَیْثُ: باعتبار، بلحاظ، اس طرح کہ۔
بِحَیْثُ أَنَّ: بایں طور کہ، اس اعتبار سے کہ، اس حیثیت سے کہ۔

مِنْ حَیْثُ: باعتبار، اس وجہ سے کہ، جہاں سے۔
حَیْثُ کَانَ: جیسا بھی ہو، جہاں بھی ہو۔
حَیْثُمَا: جہاں کہیں۔
حَیْثُمَا اتَّفَقَ: جس طرح ہو سکے، جس طرح بن پڑے، جس طرح ممکن ہو۔
حَیْثِیَّة: اعتبار، لحاظ، وقعت۔
مِنْ هٰذِهِ الْحَیْثِیَّة: اس لحاظ سے، اس اعتبار سے۔
حَیَّدَ الشیٔ تَحْییدًا: علیحدہ کرنا۔
تَحْیید: غیر جانبدار بنانا۔
حَادَ عن کذا ـِـ حَیْدًا و حَیَدَانًا: علیحدہ ہونا، کنارہ کش ہونا، غیر جانبدار ہونا۔
حَایَدَه مُحَایَدَةً و حِیَادًا: بچنا، الگ رہنا۔
حَیْدٌ، حَیَدَان، مَحِید: علیحدگی، اجتناب۔
لَا مَحِیْدَ عَنْه: اس سے مفر نہیں۔
عَلٰی حَیْدَةٍ: علیحدہ، الگ، غیر جانبدار۔
حِیَادٌ، مُحَایَدَة: غیر جانبداری، کنارہ کشی، ناوابستگی، علیحدگی۔
الحِیَادُ الإِیْجَابِیّ: مثبت ناوابستگی۔
شُقَّةُ حِیَادٍ: غیر جانبدار علاقہ جو دو ملکوں کے درمیان ہوتا ہے۔
مُحَایِد: غیر جانبدار۔
مُحَایِدٌ، علی الحِیَاد: کنارہ کش، غیر جانبدار۔
حَیَّرَ تَحْییرًا: حیران کرنا، پریشان کرنا، شک میں ڈالنا۔
حَیَّرَ بِالْأَسْئِلَة: سوالات کے ذریعہ پریشان کرنا، لاجواب کرنا۔

حَارَ حَیَرَانًا و حَیْرَةً: تردد میں پڑنا، شک میں پڑنا (۲) حیران ہونا۔
احْتِیَار: پریشان و حیران ہونا۔
مُتَحَیِّر، فی حَیْرَة: حیران، حیران زدہ۔
مُحَیِّرٌ: پریشان کن، حیرت انگیز۔
حَائِرٌ: آشفتہ حال، پریشان حال۔
حَیِّز: (دیکھئے حوز)۔
تَحَیُّز: بے جا طرفداری، جانبداری۔
مُتَحَیِّز من جَانِبٍ وَاحِدٍ: یک طرفہ، حمایت کنندہ۔
حَازَ ـِـ حَیْزًا: ہانکنا، اونٹ کو چلانا۔
مُحَایِزٌ إِلٰی: جانبدار۔
حَیْزَ بُون: بڈھی عورت۔
حَیْضٌ: (ض) الگ ہونا، فرار ہونا۔
مَحِیْضٌ: مفر، جائے فرار، چھٹکارا۔
حَیْفٌ: ظلم و ستم۔
حَافَ عَلَیْه ـِـ حَیْفًا: ظلم و زیادتی کرنا۔
حَیْق: انجام، انجام بد۔
حَاقَ ـِـ حَیْقًا و حُیُوْقًا، و حَیَقَانًا و أَحَاقَ به إِحَاقَةً: احاطہ کرنا۔
حَیْک: (دیکھئے حوک)۔
حَیَّنَ الأَمْرَ تَحْیِینًا: کسی کام کا وقت مقرر کرنا۔
تَحَیُّن سَاعَةِ العَمَل: کام کا موقع ہاتھ لگنا۔
تَحَیُّن الفُرْصَة لکذا: موقع کی تلاش، موقع کی تاک میں رہنا، موقع تلاشنا۔
حَانَ الوَقْتُ ـِـ حَیْنًا و حَیْنُونَةً: وقت آنا۔
حَانَتِ السَّاعَةُ ـِـ حَیْنًا: موقع لگنا۔

حَانَاتُ الفِسْقِ و الفُجُور: بدکاریوں کے اڈے۔
حَانَتِ الفُرْصَةُ: موقع ملنا۔
حِيْنٌ ج: أَحْيَانٌ: وقت، زمانہ، موقع۔
إِلَى حِيْنٍ: کچھ عرصہ کیلئے، کچھ عرصہ تک۔
فِي حِيْنِهِ: بروقت۔
حِيْنًا بَعْدَ حِيْنٍ: موقع بہ موقع۔
أَحْيَانًا: کبھی کبھی۔
حِيْنَمَا: جب۔
حِيْنَئِذٍ: اس وقت۔
حَانٌ، حَانَةٌ: شراب خانہ۔
حَيِيَ ـَ حَيَاةً: زندہ رہنا۔
ـــ منه: شرمانا، شرم کرنا۔
حَيَّاه تَحِيَّةً: خراج تحسین ادا کرنا، سلام کرنا۔
حَيَّاهُ تَحِيَّةَ إِكْرَام: آداب بجالانا۔
أَحْيَاهُ إِحْيَاءً: زندگی عطا کرنا، زندہ کرنا، جان ڈالنا (۲) تازہ کرنا (۳) متحرک و فعال بنانا۔
إِحْيَاءُ حَفْلَةٍ: پارٹی دینا۔
إِحْيَاءُ الذِّكْر: یادمنانا۔
إِحْيَاءُ اللَّيْلِ: شب بیداری کرنا۔
حَيٌّ ج: أَحْيَاءٌ: (۱) زندہ (۲) زندہ دل (۳) باقی (۴) فعال، مستعد و متحرک (۵) تازہ۔
حَيٌّ (من مَدِيْنَةٍ) ج: أَحْيَاء: وارڈ، محلہ۔
أَحْيَاءٌ سَكَنِيَّة: رہائشی علاقے، کالونیاں۔
حَيَاة: زندگی، لائف، تازگی۔
عِلْمُ الحَيَاةِ أو الأَحْيَاء: بیالوجی۔
عِلْمُ الحَيَاةِ الاجْتِمَاعِيَّة: سوشل بیالوجی۔
أَحْيَائِيّ: بیالوجیکل۔
أَحْيَائِيّ: ماہر بیالوجی ج: أَحْيَائِيُّون۔
حَيَاةٌ جَامِعِيَّة: یونیورسٹی لائف۔
حَيَاةٌ زَوْجِيَّة: ازدواجی زندگی۔
حَيَاةٌ صَاخِبَة: گھماگھمی کی زندگی۔
الحَيَاةُ العَائِلِيَّة: ازدواجی زندگی۔
حَيَاةٌ فِي السِّلْكِ الدِبْلُوْمَاسِيّ: سفارتی لائن کی زندگی۔
حَيَاةٌ قَاسِيَة: کٹھن زندگی۔
حَيَوَانٌ ج: حَيَوَانَات: جانور۔
حَدِيْقَةُ الحَيَوَانَات: زو، چڑیا گھر۔
حَيَوِيٌّ: حیاتی، زندگی کا، زندگی کیلئے ناگزیر، زندگی کے متعلق، صحتمند، حیات بخش۔
حَيَوِيَّة: بالیدگی، زندگی، نشوونما، توانائی، طاقت، تازگی، مستعدی، فعالیت، قوتِ حیات، حیاتی قوت۔
الأَعْضَاءُ الحَيَوِيَّة: وہ اعضاء جو زندگی کے لئے ناگزیر ہوں۔
حَيِيٌّ: شرمیلا۔
تَحِيَّة ج: تَحِيَّات: سلام، خراج عقیدت، خراجِ تحسین، خراجِ عقیدت پیش کرنا۔
تَحِيَّةُ إِكْبَار: خراجِ عقیدت۔
تَحِيَّةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی سلام۔
تَحِيَّةُ القُرَّاء إِلَى المَجَلَّة: خراج تحسین، قارئین کا رسالہ کو خراجِ عقیدت۔
تَحِيَّةُ تَقْدِيْر: خراجِ عقیدت۔
مُحَيًّا: چہرہ۔
مُسْتَحْيٍ: شرمیلا۔

خ

خ.....ب

خَبَأَ ـَ خَبْئاً: چھپانا۔
اخْتَبَی، تَخَبَّی: چھپنا، پوشیدہ ہونا۔
إِخْبَاء المُسْتَقْبَلَ لِأَحَد: مستقبل کو تاریک بنانا۔
خَبْءٌ، خَبِيئَة: پوشیدہ چیز، راز۔
خَابِيَة ج: خَوَابِی: بڑا مٹکا۔
مَخْبَأ ج: مَخَابِئ: پناہ گاہ۔
مَخَابِئُ الأَسْلِحَة: اسلحہ کے ناجائز ذخیرے۔
خَبَبُ و خَبِيبُ الحِصَان: گھوڑے کی چال۔
خَبَّ ـُ خَبّاً و خَبَباً، و خَبِيباً و اخْتَبَّ الحِصَانُ: دوگامہ چلنا، گھوڑے کا ایک طرف کے دو پیر ساتھ اٹھا کر چلنا۔
خَبُثَ ـُ خُبْثاً و خَبَاثَةً و خَبَاثِيَةً: بدباطن ہونا، بدطینت ہونا۔
خُبْثٌ: بدباطنی، کمینہ پن۔
خَبِيث: بدباطن، کمینہ، بدطینت، برا، اذیت رساں۔
خَبِيثُ الرَّائِحَة: بدبودار۔

خَبَّرَ و أَخْبَرَ: بتانا، خبر دینا۔
خَبَرَ الأَمْرَ ـُ خُبْراً و خِبْراً: تجربہ سے جاننا، تجربہ کرنا، آزمانا۔
خَبُرَ ـُ خُبْراً: تجربہ کار ہونا، تجربہ حاصل کرنا، واقف کار ہونا۔
خَابَرَهُ مُخَابَرَةً: مراسلت کرنا، رابطہ قائم رکھنا، اطلاع بہم پہنچانا، خفیہ اطلاع دینا۔
خَابَرَ و تَخَابَرَ مع: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔
اخْتَبَرَ الأَمْرَ: جانچنا، آزمانا۔
اخْتِبَار: آزمائش، جانچ، تحقیق، کھوج، امتحان، ٹیسٹ (۲) جانچ پڑتال کرنا ج: اخْتِبَارَات۔
اخْتِبَارُ الطَّائِرَة: ہوائی جہاز کی چیکنگ۔
اخْتِبَارِیّ: آزمائشی، تجرباتی، امتحان سے متعلق۔
اخْتَبَرَ الرَّجُلَ: امتحان لینا، ٹیسٹ کرنا۔
اسْتَخْبَرَه و تَخَبَّرَه: معلومات کرنا، دریافت کرنا۔
اسْتَخْبَرَ عَنْ: سوال کرنا، تحقیق کرنا۔
اسْتِخْبَار: خبر رسانی، سراغ رسانی۔

اِستِخبَارَات: اطلاعات۔
خَبَرٌ ج: اَخبَارٌ: خبر، حادثہ۔
اَخبَارٌ: انفارمیشن۔
اَخبَارٌ مَحلِّیَّة: لوکل خبریں۔
وِکَالَةُ الأخبَار: نیوز ایجنسی۔
خُبرَةٌ و خِبرَةٌ: تجربہ، مہارت، واقفیت۔
مُخبِر: باطن، لیبارٹری۔
مُخبِر: رپورٹر، خبر رساں۔
مُخبِرُ الشُّرطَة: پولیس رپورٹر۔
مُخَابِر: جاسوس، سی آئی ڈی۔
المُخَابَرة: سراغرسانی، جاسوسی، انٹیلی جنس ج: مُخَابَرات۔
مُخَابَرةٌ تِلِیفُونِیَّة: بذریعہ ٹیلیفون اطلاع رسانی۔
المُخَابَرةُ العَسکَرِیَّة: فوجی محکمہ سراغرسانی۔
المُخَابَرةُ المَرکَزِیَّة: مرکزی انٹیلی جنس۔
المُخَابَرَاتُ الاَمرِیکِیَّة: امریکی سراغرسانی۔
المُخَابَرَاتُ الحَربِیَّة: جنگی محکمۂ سراغرسانی۔
المُخَابَرَاتُ العَامَّة: جنرل سراغرسانی۔
خِبرَاتٌ فَنِیَّة: ٹیکنیکل تجربات یا صلاحیتیں۔
خِبرَةٌ قِتَالِیَّة: جنگی تجربہ، جنگی مہارت۔
اَ ـــ المُخَابَرَاتِ الحَربِیَّة: محکمۂ اطلاعاتِ جنگ۔
مُختَبَر: تجربہ کار، ماہر، جانچنے والا، ٹیسٹ کرنے والا۔
مُختَبَر: تجربہ خانہ، لیبارٹری ج: مُختَبَرَاتٌ۔
خَبِیرٌ (قَادِرٌ عَلَی تَقدِیمِ المَشُورَة): ماہر، اکسپرٹ ..... باصلاحیت، آزمودہ کار، تجربہ کار، واقف کار، ماہر فن (۲) بصیرت رکھنے والا ج: خُبَرَاءُ۔
خَبِیرٌ إِدَارِیّ: انتظامی امور کا ماہر۔
خَبِیرُ اسْتِثمَارَات: سرمایہ کاری کا ماہر۔
خَبِیرٌ فی شُئُونِ کذا: معاملات کا ماہر۔
خَبِیرٌ مُثَمِّنٌ بالمَزَاد: نیلامی کا ماہر۔
خَبِیرٌ مُحَاسِب: ماہر حسابات، اکاؤنٹنٹ۔
خَبِیرٌ مُعَاین: سرویر، سروے کرنے والا۔
خَبَزَ العَجِینَ ـِ خَبزاً و اختَبَزَ: روٹی پکانا۔
خُبزٌ ج: اَخبَارٌ: روٹی، چپاتی، بریڈ۔
خَبَّازٌ: نان بائی، تنور والا۔
مَخبَزٌ، مَخبَزَةٌ ج: مَخَابِزُ: روٹی کی دکان، روٹی کا تنور، بیکری، بسکٹوں کا تنور۔
خُبزٌ إفرَنجِیّ: ڈبل روٹی۔
خُبزٌ مُضَاعَف: ڈبل روٹی۔
خَبَصَ الشَّیءَ بالشَّیءِ ـِ خَبصاً: ملانا، مخلوط کرنا۔
خَبَطَ ـِ خَبطاً: زور سے مارنا، دھکے کھانا، بے ہدایت و بصیرت کام کرنا۔
خَبَطَ البَابَ: دروازہ کھٹکھٹانا۔
خَبطَة: ایک ضرب، ایک جھپک۔
خَبَلَ ـُ خَبلاً و خَبَّلَ تَخبِیلاً: (۱) پریشان کرنا، دیوانہ بنا دینا (۲) پیچیدگی پیدا کرنا، رکاوٹ ڈالنا، الجھا دینا۔

خَبِلَ ــَـ خَبَلاً: عقل زائل ہونا، دیوانہ ہونا، دماغ میں خرابی آنا۔
خَبْلٌ و خَبَلٌ: (۱) جنون (۲) پریشانی۔
مُخَبَّلٌ: پریشان، پیچیدہ، الجھا ہوا (دھاگا وغیرہ الجھا ہوا)۔
خَبُوَ: (ن) آگ کا ٹھنڈا ہونا، بجھنا۔
خَبَّأَه تَخْبِئَةً: آگ کو ٹھنڈا کرنا، بجھانا۔
خِبَاءٌ ج: أَخْبِيَةٌ: خیمہ۔
خِبَاءُ القَيْحَةِ والشَّعِيْر: بھوسی، گیہوں کی بالوں کا چھلکا۔

خ ..... ت

خَتَرَه ــِـ خَتْراً: بے وفائی کرنا، دغا کرنا۔
خَتْرٌ: بے وفائی، بدعہدی، غداری۔
خَتَّار: بڑا بے وفا، بدعہد، غدار۔
خَتَلَ ــُـ خَتْلاً وَ خَتَلاناً و خَاتَلَ مُخَاتَلَةً: فریب دینا۔
خَتْلٌ و مُخَاتَلَة: دھوکہ دہی، دھوکہ بازی۔
مُخَاتِل: دھوکہ باز۔
خَتَمَ الشئَ و عليه ــِـ خَتْماً و خِتَاماً: مہر لگانا۔
خَتَمَ الإِنَاءَ: برتن کو بند کرنا۔
خَتَمَ العَمَلَ: مکمل کرنا۔
خَتْمٌ: (۱) مہر لگانا (۲) مہر کا نشان، سیل، اسٹامپ۔
خَتْمٌ و خَاتِمٌ ج: خَوَاتِمُ: مہر، مہر کرنے کا آلہ۔
خَتْمُ الإِلْغَاء: منسوخ کرنے کی مہر۔
خَتْمٌ بِالتَّارِيخ: ڈیٹر، ڈیٹ اسٹامپ۔
خَتْمُ بَرِيْدٍ: ڈاک خانہ کی مہر۔
خَتْمٌ بالشَّمْع: لاک کی مہر۔
خَتْمُ التَّارِيْخ: ڈیٹر، ڈیٹ کی مہر، تاریخ کی مہر۔
خَتْمُ مَطَّاطٍ: ربڑ اسٹامپ۔
خَتْمٌ مَطَّاطِيٌّ: ربڑ اسٹامپ۔
خَتْمُ الوَقْت: ٹائم اسٹامپ۔
خِتَامٌ: انتہاء، اخیر، خاتمہ، پچھلا حصہ، اختتام، لاسٹ۔
فِي الخِتَام، خِتَامًا: اخیر میں۔
خِتَامِيٌّ: آخری، انتہائی، اختتامی، فائنل۔
خَتَّامَة، حَبَّارَةُ الخَتْم: اسٹامپ پیڈ، مہر کی سیاہی کی ڈبیہ۔
مَخْتُوم: (۱) مہر لگا ہوا (۲) سربمہر، سیل بند۔
مَخْتُومٌ بِخَتْمِ فُلانٍ: فلاں کی مہر لگی ہوئی چیز۔
خَتَنَ ــُـ خَتْناً و خِتَاناً و خِتَانَةً: (۱) کاٹنا (۲) ختنہ کرنا۔
خَتْنٌ و خِتَانٌ و خِتَانَة: ختنہ کا پیشہ۔
خَتَنٌ ج: أَخْتَانٌ: داماد۔
خَتِيْنٌ و مَخْتُونٌ: ختنہ شدہ۔
خَاتُوْن: (ف) ج: خَوَاتِيْن: عورت، بیگم، لیڈی۔

خ ..... ث

خَثُرَ ــُـ الدَّمُ وغَيْرُه خَثَراً و خَثْراً وخُثُوراً و خَثَراناً و تَخَثَّر: گاڑھا ہونا، جم جانا، غاظت آجانا۔
خَثُرَ اللَّبَنُ: دہی بن جانا۔
خَثَّرَ و أَخْثَرَ: جمانا، گاڑھا کرنا، دہی جمانا۔
خُثَارَةُ الشَّئ: تلچھٹ، کسی چیز کا باقی ماندہ گاڑھا

حصہ۔
خَاثِر ، مُخَثَّر : منجمد، دہی بنا ہوا۔
خَاثِرَة: خون کا تھیکا۔

خ ..... ج

خَجِلَ ـَ خَجَلاً و خَجْلَةً: شرمانا، شرم آنا، شرمندہ ہونا۔
خَجَّلَه و أخْجَلَه: (۱) شرم دلانا (۲) رسوا کرنا، بدنام کرنا۔
خَجَلٌ: (۱) شرم (۲) رسوائی، جھجک۔
خَجِلٌ، خَجْلَان، مَخْجُوْل: شرمیلا، شرمندہ۔
خَجُوْلٌ: شرمیلا، ڈرپوک۔
مُخْجِلٌ: رُسوا کن۔

خ ..... د

خَدَّ الأرْضَ ـُ خَدّاً: زمین کو ہل کے ذریعہ کھودنا۔
خَدَّ و تَخَدَّدَ الجِلْدُ وغَيْرُه: (تکرّش) سکڑ جانا، سمٹ جانا، جھرّی پڑ جانا۔
خَدٌّ ج: خُدُوْدٌ: رخسار۔
خَدٌّ، خُدَّة، أخْدُوْدٌ ج: أخَادِيْدُ و خُدَد: گڑھا، لمبا گڑھا۔
مِخَدَّة: (۱) تکیہ (۲) گدّا۔
خَدِرَ ـَ خَدَراً: (بدن کے حصہ کا) سن ہونا۔
خَدَّرَه تَخْدِيْراً: سن کر دینا۔
خَدَّرَه و أخْدَرَ: (۱) بے ہوش کر دینا، مدہوش کرنا (۲) پردہ میں بٹھانا، پردہ نشین بنانا۔
خِدْرٌ ج: أخْدَار و خُدُوْر: پردہ، خاتون کی خلوت گاہ۔
خَدِرٌ، خُدْرَة: بے حسی، بے ہوشی۔
خَدِرٌ، مُخَدَّرٌ: سن، بے ہوش۔
مُخَدِّر: نشہ آور، سن کرنے والا۔
مُخَدِّرَات: نشہ آور اشیاء۔
مُخَدَّرٌ: نشہ والا (معمولی درجہ کا)۔
مُخَدَّرَة: پردہ نشیں عورت، خلوت نشین عورت۔
خَدَشَ ـِ خَدْشاً و خَدَّشَ: خراش لگانا، کھسوٹنا، نوچنا، پارہ پارہ کرنا، مجروح کرنا۔
خَدَشَ السُّمْعَةَ: شہرت کو مجروح کرنا۔
خَدَعَ ـَ خَدْعاً: دھوکہ دینا، فریب دینا، چال چلنا۔
انْخِدَاع: دھوکہ کھانا، فریب میں آنا۔
خُدْعَةٌ ج: خُدَعٌ: چال، دھوکہ۔
خُدْعَةٌ لَطِيْفَة: عمدہ چال۔
خَدِيْعَةٌ و خِدَاعٌ: دھوکہ دہی، نفاق۔
خِدَاعُ البَصَر: فریبِ نظر۔
خَدَّاع، مُخَادِع: دھوکہ باز، فریب کار۔
خِدَاعِيّ: پُرفریب۔
خَيْدَعٌ: سراب۔
مَخْدَعٌ ج: مَخَادِع: کمرہ، چیمبر۔
مَخْدُوْع: فریب خوردہ۔
خَدِلَ ـَ خَدَلاً: سُن ہو جانا۔
خَدَمَه ـُ خِدْمَة: خدمت کرنا، کسی کا کام کرنا۔
خَدَمَ الأرْضَ: زمین کو قابل کاشت بنانا۔
اسْتِخْدَام: (۱) خدمتگار بنانا (۲) استعمال کرنا (۳) کام لینا، خدمت لینا (۴) نوکر رکھنا (۵) کسی کا نوکر ہو جانا، خدمت پر مامور ہو جانا۔

اسْتِخْدَامُ حَقِّ الفِيْتُو: ویٹو استعمال کرنا۔
اسْتِخْدَامُ السُّلُطَات: اختیارات سے کام لینا۔
اسْتِخْدَامُ قَنَابِلِ الغَاز المُسِيْلِ لِلدُّمُوْع: آنسو گیس کے گولے استعمال کرنا۔
اسْتِخْدَامُ القُوَّة: طاقت استعمال کرنا، طاقت کا استعمال۔
اسْتِخْدَامُ النُّفُوذ: اثر ورسوخ استعمال کرنا۔
اسْتِخْدَامُ الهِرَاوَات: لاٹھی چارج کرنا۔
خَدَمٌ، خُدَّام: خدمتگاران۔
خِدْمَة: کام، مدد، نوکری، استعمال۔
الخَدَمُ المَنْزِلِيُّونَ فی السِّفَارَة: سفارت خانہ کا لوکل اسٹاف، مقامی اسٹاف۔
خِدْمَة: کارکردگی، صلاحیت، سروس۔
خِدْمَةٌ تَعْوِيْضِيَّة: معاوضہ کا کام۔
خِدْمَةٌ جَوِّيَّة: فضائی سروس۔
الخِدْمَةُ الذَّتِيَّة: سیلف سروس۔
خِدْمَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوجی سروس، ڈیوٹی۔
الخِدْمَةُ فی الفَنَادِقِ و المَطَاعِم: ہوٹلوں یا ریسٹورنٹوں کی سروس۔
خِدْمَةٌ مَدَنِيَّة: سِول سروس۔
خِدْمَةُ المَصْلَحَة: مفاد کے لئے کام کرنا۔
خِدْمَةٌ مَنْزِلِيَّة: گھریلو کام کاج۔
خِدْمَةُ النَّفْس: سیلف سروس۔
خِدْمَةٌ وَطَنِيَّة: نیشنل سروس۔
خَدَمَاتٌ اجْتِمَاعِيَّة: سوشل سروس۔
خَدَمَاتُ البَرِيْد: میل سروس۔
خَدَمَاتٌ تَعْلِيْمِيَّة: ایجوکیشنل سروس۔
الخَدَمَاتُ الجَوِّيَّةُ الخَاصَّة: پرائیویٹ فضائی سروس۔
خَدَمَاتُ الدِّفَاع: ڈیفنس سروس۔
خَدَمَاتٌ سِيَاحِيَّة: ٹورسٹ سروس۔
خَدَمَاتٌ صِحِّيَّة: ہیلتھ سروس۔
خَدَمَاتٌ عَامَّة: پبلک سروس۔
فِی خِدْمَتِكُمْ: آپ کے تابع۔
خَدَّام، خَادِم: خدمتگار، نوکر، کاریگر، م: خَادِمَة، خَدَّامَة۔
مُسْتَخْدَمٌ: (۱) ملازم، نوکر، کارکن (۲) مستعمل۔
خَادِمِيَّة: ملازمت، نوکری۔
اسْتِخْدَام: استعمال۔
مُسْتَخْدَمُوْن: اسٹاف۔
مُخَدَّم: ہموار۔
فی الخِدْمَة: اون ڈیوٹی۔
خِدْنٌ ج: اَخْدَان: دوست، ساتھی۔
خَادَنَهُ مُخَادَنَةً: دوستی کرنا۔
الخِدِيو: (ترکی) وائسرائے، مصر کے سابقہ فرماں رواؤں کا لقب جو سلطان ترکی کے تابع ہوتے تھے۔

خ ..... ذ

خُذْرُوْف ج: خَذَارِيْف: پھرکی، لٹو۔
خَذَفَ ـِ خَذْفًا: کنکریاں یا پتھر وغیرہ پھینکنا۔
خَذَلَ ـُ خَذَلاً و خُذْلاً: (۱) چھوڑنا، دست بردار ہونا، دست کش ہونا (۲) غالب ہونا۔

خَذَلَہ ـُ خَذْلاناً: بھانڈا پھوڑنا، بے نقاب کرنا، بھرم کھولنا، بے یارو مددگار چھوڑنا، فیل کرنا۔
خُذْلانُ مَساعِی اَحَدٍ: کوششوں کو ناکام بنانا۔
اِنْخِذال: بے یارومددگار رہ جانا، تنہا رہ جانا۔
تَخاذُل: پیچھے ہٹنا۔
مُتَخاذِل: شکست پسند۔

خ.....ر

خِراءٌ، خُرْءٌ: پرندہ کی بیٹ۔
خَرِئَ ـَ خَرْأً و خَراءَةً: بیٹ کرنا، پاخانہ کرنا۔
خَرَبَ ـِ خَرْباً و خَرَّبَ: ویران کرنا، اُجاڑنا، برباد کرنا۔
خَرِبَ ـَ خَرْباً و خَرَاباً: ویران ہونا، اجڑنا، برباد ہونا۔
تَخَرَّبَ: ویران ہونا، منہدم ہونا، اجڑنا۔
خُرْبُ الإبْرَة: سوئی کا سوراخ۔
خَرِبٌ، مُتَخَرِّبٌ: منہدم۔
خَرِبٌ و خَرْبَانٌ: (دا) مرمت طلب، اصلاح طلب۔
خَرْبٌ و خَرَابٌ: (۱) ویران، غیرآباد (۲) بربادی، تباہی۔
خَرَابٌ: ویران، تباہ شدہ، اُجاڑ، آدم نہ آدم زاد۔
خِرْبَة، خَرِبَة (دا) خَرَابَة: ویران جگہ، ویرانہ، کھنڈر ج: خَرائِبُ۔
خَرُّوبَة: گیہوں کے دانے کا چوبیسواں حصہ۔
خَارِبٌ، مُخْرِبٌ: تباہ کن، تخریبی، اجاڑنے والا، تباہ کرنے والا۔
خَرابٌ شامِلٌ: مکمل بربادی۔
التَخْرِیبُ و التَّدْمِیرُ: تباہی و بربادی۔
خَرْبَشَة: خراب کرنا، فاسد کرنا، بگاڑنا، بے پروائی سے لکھنا۔
خَرْبَقَة: خراب کرنا، بگاڑنا۔
خَرَتَ ـُ خَرْتاً: سوراخ کرنا۔
خَرْتٌ ج: أخْراتٌ: سوئی وغیرہ کا ناکہ، سوراخ۔
خَرْتِیتٌ: (دا) گینڈا، ایک سمندری جانور۔
خَرَجَ ـُ خُرُوجاً: (۱) نکلنا، باہر ہونا (۲) نمودار ہونا، ضدّ غَابَ (۳) ابھرنا۔
خَرَجَ بہ: نکالنا، ابھارنا۔
___ علیہ: سامنے آنا۔
___ علی الحَاکِم أو الحُکُومَة: بغاوت کرنا۔
___ عنہم: الگ ہونا، مخالف ہونا۔
إخْراج: پھینکنا، بھیجنا، وجود میں لانا، منظر عام پر لانا، تیار کرنا، باہر نکلنا، حذف کرنا، مستثنیٰ کرنا (۲) برطرفی، تیاری۔
إخْراجُ المجلَّة: رسالہ تیار کرنا۔
تَخَرَّجَ: سندفراغ حاصل کرنا، علم حاصل کرنا، تعلیم پانا، گریجویٹ ہونا۔
تَخَرَّجَ فی مَدْرَسَةٍ: کسی مدرسہ کا فاضل یا سندیافتہ ہونا۔
اسْتِخْراج: نکالنا، مسئلہ حل کرنا، اخذ کرنا۔
مُتَخَرِّجٌ، خِرِّیجٌ: سندیافتہ، فاضل،

فارغ التحصیل، گریجویٹ۔
تَخْرِیج: گریجویٹ بنانا، فاضل بنانا، نکالنا، دھتکارنا، حذف کرنا، مستثنیٰ کرنا، ٹریننگ دینا، سندِ فضیلت عطا کرنا، گریجویشن۔
تَخْرِیْجُ دَفْعَةٍ: کھیپ تیار کرنا۔
تَخَارَجَ عَنْ حَقٍّ: دست بردار ہونا، کسی حق کو چھوڑ دینا۔
تَخَارُج: دست برداری، دست کشی۔
خُرُجٌ ج: اَخْرَاجٌ: تھیلی۔
خَرْجٌ (ضد دَخْل): خرچ۔
خَرْجُ الجُنْدِیّ: سپاہی کا راشن۔
خَرْجٌ و خَرَاجٌ: ٹیکس، مال کی ایک مقررہ مقدار جو زمین کے ٹیکس کے طور پر لی جاتی ہے۔
خَرْجَة: ابھار۔
خَرْجَةٌ فی بناءٍ: عمارت کا ابھار یا پھولن۔
خُرَاجٌ: (دُمَّل) پھنسی، پھوڑا۔
خَارِجٌ: باہر۔
خَارِجَ الخِدْمَة: آف ڈیوٹی، بلا ڈیوٹی، ڈیوٹی پر نہیں۔
خَارِجَ دَائِرَةِ الاِخْتِصَاص: دائرۂ اختیار سے باہر۔
خَارِجٌ عَلَی الحِزْب: پارٹی کا باغی۔
خَارِجٌ عَنِ المَوْضُوع: خارج از بحث۔
خَارِجَ المُنْشَأة: آؤٹ ڈور۔
خَارِجَ نِطَاقٍ: وِداؤٹ، دائرہ سے باہر۔
خَارِجًا: باہر، باہر کی جانب۔
خَارِجِیٌّ: بیرونی، پردیسی، غیر ملکی۔
وِزَارَةُ الخَارِجِیَّة: وزارت خارجہ۔
خَرِّیْجُ جَامِعَةٍ: گریجویٹ، یونیورسٹی کا فاضل۔
خَرِّیْجُ کُلِّیَّةٍ: گریجویٹ، کالج کا ڈگری یافتہ۔
مَخْرَجٌ ج: مَخَارِج: گزرگاہ، باہر نکلنے کا دروازہ (ضدّ مَدْخَل) روشن دان، کھڑکی، راہِ فرار۔
مُخْرِجٌ سِیْنَمَائِیّ: فلم تیار کرنیوالا۔
خُرُوْج: ایگزٹ EXIT (باہر جانے کا راستہ)۔
خُرُوْجٌ الی جَانِبِ العَدُوّ: دشمن سے ملنا۔
الخُرُوْجُ علی (حِزْبٍ مَثَلاً): بغاوت کرنا۔
الخُرُوْجُ علی شَیْءٍ: خلاف ورزی کرنا۔
الخُرُوْجُ عَنْ إطَارِ المُهِمَّة: دائرۂ کار سے تجاوز کرنا۔
الخُرُوْجُ مِنَ المَخْرَجِ الطَّبِیْعِیّ: اصل راستہ سے نکلنا۔
خَرْخَرَة: خراٹے لینا۔
خَرِدَتِ البِنْتُ ـَخْرَدًا: باکرہ ہونا۔
خَرِیْدٌ و خَرُوْدٌ: باکرہ ج: خَرَائِدُ و خُرُد۔
خُرْدوات: (۱) سامان، خردہ، متفرق سامان۔
خُرُدوَات: (۲) عورتوں کا ضروری سامان (دا)۔
خُرْدَجِیٌّ: خُردہ فروش۔
خَرْدَلٌ: رائی۔
خَرْدَلَة: رائی کا دانہ۔

خَرَّ ـُ خَرّاً و خُرُوراً: نیچے گرنا، زمین پر گرنا (۲) سجدہ میں گرنا (۳) خراٹے لینا۔
خَرَّ الماءُ ـِ خَرِيرًا: پانی بہنے کی آواز ہونا۔
خَرِيرُ المَاء: پانی بہنے کی آواز۔
خَرَزَ ـُ خَرْزاً: سوراخ کرنا، سینے کے لئے سوراخ کرنا۔
خَرَزٌ و: خَرَزَة: تسبیح کا دانہ، مہرہ، سوراخ دار دانہ۔
خَرَزَةُ البِئْر: کنویں کی مینڈ۔
مِخْرَزٌ ج: مَخَارِز: ستاری، آر۔
خَرِسَ ـَ خَرَساً: گونگا ہونا، خاموش ہونا، سکوت اختیار کرنا، زبان بند ہونا۔
إِخْرَاس: گونگا بنانا، خاموش کرنا۔
أَخْرَسُ ج: خُرْسٌ: گونگا، بے آواز۔
خَرَسٌ: گونگا پن، خاموشی۔
خَرَسَان، خَرَسَانَة: کنکریٹ۔
خَرَسَانٌ مُسَلَّح: لوہا ملی ہوئی کنکریٹ۔
خَرَشَ ـِ خَرْشاً: خراش لگانا، مکھی کا کاٹنا۔
خَرَصَ ـُ خَرْصاً: جھوٹ بولنا، تخمینہ کرنا، اندازہ لگانا، اٹکل و اندازہ سے بات کہنا۔
تَخَرَّصَ علی: الزام لگانا، تہمت لگانا، افترا پردازی کرنا۔
خَرَّاصٌ: جھوٹا، افترا پرداز، اٹکل اور اندازہ سے بات کہنے والا۔
خَارِصِين: توتیا، جست۔
خَرَطَ الخَشَبَ أو المَعْدِنَ بِالمِخْرَطَةِ ـُ خَرْطاً: (۱) خراد پر چڑھانا (۲) کسی کام پر لگانا (۳) جھوٹ بولنا۔
اسْتَخْرَطَ فی البُکَاء: پھوٹ پھوٹ کر رونا۔
انْخِرَاط: منسلک ہونا، لڑی میں پرو جانا۔
انْخِرَاطٌ فِی العَمَل: منہمک ہو جانا۔
خَرْطٌ وَ خِرَاطَة: خراد کا کام یا پیشہ۔
خَرَّاطُ الخَشَبِ أو المَعْدِن: خراد کرنے والا۔
مِخْرَطَةٌ: خراد کی مشین ج: مَخَارِط۔
خَرِيطَةٌ، خَارِطَة ج: خَرَائِط: (۱) جغرافیائی نقشہ (۲) نقشہ، میپ، چارٹ (۳) سیاہی کا تھیلا، بیگ۔
مَخْرُوط: مخروطی شکل کا۔
خَارِطَةٌ تَنْظِيمِيَّة: تنظیمی چارٹ۔
خَرِيطَةٌ لِمَدِينَة: شہر کا نقشہ۔
خَرْطُوش و: خَرْطُوشَة: کارتوس۔
خُرْطُوم ج: خَرَاطِيم: سونڈ۔
خُرْطُومُ المَاء: پانی کا پمپ۔
خَرِعَ ـَ خَرَعاً و انْخَرَعَ: کمزور ہونا، ٹوٹنا، پھٹنا، سست ہو جانا۔
خَرَعَ ـُ خَرْعاً: پھاڑنا۔
خَرُعَ ـُ خَرَاعَةً: ڈھیلے جسم کا ہونا، بدن کا ڈھیلا ہونا، سست ہو جانا۔
خَرِيعٌ، خَرِعٌ: ڈھیلا، کمزور، سست۔
اخْتِرَاع: ایجاد کرنا، نئی چیز بنانا۔
مُخْتَرِع: موجد، بانی۔
خَرِفَ ـَ خَرَفاً و خَرَافَةً: بڑھاپے یا بیماری سے سٹھیا جانا (۲) کم عقل ہونا، مخبوط الحواس ہونا۔
خَرَفٌ: سٹھیاپا، بے عقلی، مخبوط الحواسی۔
خَرِفٌ: سٹھیایا ہوا، کم عقل، مخبوط الحواس۔

خُرافَة: (۱) کم عقلی کی بات (۲) غلط اعتقادی (۳) افسانہ جو لوگوں میں مشہور ہو (۴) بے سروپا بات، جھوٹ و دروغ، وہمی اور خیالی چیز ج: خُرافات۔

خُرافِیّ: من گھڑت، بے حقیقت، بے سروپا، مبنی براوہام (۲) لغو و بیہودہ، لایعنی (۳) ناقابل اعتبار۔

خَرُوف ج: خِرفان و أخرِفَة: (۱) مینڈھا، دُنبہ (۲) بکری کا بچہ (بڑا)۔

خَرِیف: خزاں، پت جھڑ، ماہ اگست سے اکتوبر تک۔

خَرِیفِیّ: خزاں کا، فصلِ خریف کا۔

خَرُقَ ـُـ خَرْقَةً و خُرْقاً: بیوقوف ہونا۔

خَرَقَ ـُـ خَرْقاً و خَرَّقَ: پھاڑنا (۱) روشن دان کھولنا، کھڑکی کھولنا، سوراخ کرنا۔

خَرَقَ العَادَةَ: فوق العادت کام کرنا۔

خَرَقَ و اخْتَرَقَ الشیٔ: کسی چیز کو پار کرنا، پاس کرنا، مجمع کو چیر کر نکلنا۔

خُرْق: بیوقوفی۔

خَرْق: سوراخ، پھٹن، پنکچر (۲) خلل اندازی، خلاف ورزی۔

خِرْقَة ج: خِرَق: چیتھڑا، دھجّی، چندی، پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔

خَارِق: آر پار، پھاڑنے والا۔

خَارِقُ الطَّبِیعَة: مخالفِ فطرت۔

خَارِقُ العَادَةِ: فوق العادت۔

خَرْقُ الاتِّفَاقِیَّة: معاہدہ کی خلاف ورزی۔

خَرْقُ امْتِیَازَاتِ بَرْلَمَانِیَّة: پارلیمنٹری مراعات شکنی۔

خَرْقُ خُرْمَةٍ: وقار کو مجروح کرنا، بے حرمتی۔

خَرْقُ قَانُونِ الحُکُومَة: سرکاری قانون کی خلاف ورزی۔

خَرْقٌ لِحُقُوقِ الأنسَان: انسانی حقوق کی خلاف ورزی۔

خَرْقاً لِلْمَادَّة: (س): دفعہ (س) کی خلاف ورزی کرتے ہوئے (مثلاً)۔

إخْرَاق: بے وقوف بنانا۔

اخْتِرَاق: آر پار ہونا، پھٹنا، سوراخ ہونا (۲) پھاڑنا، چیرنا، پار کرنا (۳) خلاف ورزی۔

اخْتِرَاقُ الحُرْمَة: بے عزتی کرنا۔

خَارِق: غیر معمولی۔

خَرَمَ ـُـ خَرْمًا و خَرَّمَ: سوراخ کرنا۔

خَرَمَ: (دا) راستہ کو مختصر کرنا، کسی کام کے لئے مختصر راستہ اختیار کرنا (۲) حساب غلط ہونا، حساب میں غلطی ہونا۔

خَرْم: پنچ، پنچنگ، سوراخ کرنا۔

اخْتِرَام: ہلاک کرنا۔

اُخْتُرِمَ: ہلاک کرنا۔

خُرْمٌ: سوراخ۔

خُرْمُ الإبْرَة: سوئی کا ناکہ۔

خَرَّامَة: برما، چھید نے یا سوراخ کرنے کا اوزار۔

تَخْرِیمَة: مختصر راستہ۔

مُخَرَّم: سوراخ دار۔

خِرْنِق: چھوٹا خرگوش۔

خُرُوشُوف: خراشیف، خروشچیف، روسی نام۔

خ.....ز

خَزَرَ ـِـ و خَزَرَ ـُـ خَزْراً: کنکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا (۲) آنکھ کا

چھوٹا ہونا۔
اَخْزَرُ: چھوٹی آنکھ والا۔
خَیْزُرَان: بانس، نرسل۔
خَیْزُرَانَة: (بانس کی) لاٹھی۔
خَزَّ ـُ خَزّاً و اخْتَزَّ: چوکا مارنا۔
خَزٌّ ج: اَخْزاز: ریشم، ریشم اوراون کا بنا ہوا کپڑا۔
خُزَعْبَلٌ، خُزَعْبَلَة: افسانہ جو عام طور پر مشہور ہو، داستان، بے حقیقت بات۔
خُزَعْبَلِیٌّ: افسانوی، من گھڑت، مذاقی۔
خَزَفٌ: ٹھیکرا، پکی ہوئی مٹی۔
خَزَفِیٌّ: پختہ مٹی کا بنا ہوا۔
آنِیَةٌ خَزَفِیَّة: مٹی کے برتن۔
خَزَّافٌ: کمہار، مٹی کے برتن فروخت کرنے والا۔
خَزَقَ الشَّیْءَ و فیه ـِ خَزْقاً: گاڑنا، نیزہ مارنا، تیر مارنا۔
خَازِقٌ: نیزہ زن۔
خَزَلَ ـِ خَزْلاً: کاٹنا۔
اخْتَزَلَ الکَلَامَ: کلام کو مختصر کرنا، شاٹ کرنا، اشاروں میں کلام کرنا۔
اخْتَزَلَ بِرَأْیِه: خودرائے ہونا، اپنی رائے میں منفرد ہونا۔
اخْتِزَال: اختصار، مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
کِتَابَةُ الاخْتِزَال: فنِ مختصر نویسی، شارٹ ہینڈ، اسٹینوگرافی۔
کَاتِبُ الاخْتِزَال: مختصر نویس، اسٹینو گرافر، شارٹ ہینڈ کلرک۔
المُخْتَزِل (کَاتِبُ الاخْتِزَال): اسٹینوگرافر۔
مُخْتَزِل و کَاتِبٌ علی الآلَةِ الکَاتِبَة: شارٹ ہینڈ ٹائپسٹ۔
اخْتِزَالِیّ: مختصر نویسانہ۔
خَزَمَ الأنْفَ ـِ خَزْماً: ناک میں نکیل ڈالنا، تابع بنالینا۔
خِزَامُ الانْفِ: ناک کا چھلا، نتھ، نکیل۔
خَزَنَ ـُ خَزْناً و خَزَّنَ و اخْتَزَنَ: (۱) جمع کرنا (۲) ذخیرہ کرنا، اسٹاک کرنا، گودام میں رکھنا۔
خَزَنَ و اخْتَزَنَ الطَّرِیْقَ: راستہ کو مختصر کرنا۔
خَزَنَ وَ اخْتَزَنَ السِّرَّ: راز کو محفوظ رکھنا۔
اخْتِزَان: اسٹاک، ذخیرہ کرنا، محفوظ کرنا۔
خَزَّنَ القِطَارَ الحَدِیْدِیَّ: ریل گاڑی کو بند کرنا، روکنا۔
خَزْنٌ و تَخْزِیْنٌ: ذخیرہ اندوزی۔
خَزْنَةٌ، خِزَانَة: گنجینہ، نعمت خانہ، برتن وغیرہ کی الماری۔
خِزَانَة: ٹریزری، لاکر، الماری، تجوری۔
خِزَانَةُ الاحْتِرَاق (فی مِرْجَلٍ او قَاطِرَةٍ): فائربکس۔
خِزَانَةٌ حَدِیْدِیَّة: لوہے کی الماری، سیف۔
خِزَانَةٌ حَدِیْدِیَّةٌ للحِفْظ: سیف ڈپازٹ بکس۔
خَزَانَةُ الثِّیَاب: کپڑوں کی الماری یا کپڑوں کا کمرہ۔
خِزَانَةُ الکُتُب: کتابوں کی الماری۔
خَزِیْنَةُ حَدِیْدٍ: تجوری، روپیہ وغیرہ رکھنے کی لوہے کی الماری۔

خَزِیْنَة ج: خَزَائِنُ: خزانہ، بیت المال۔
خَزَّانُ الْمِیَاہ: (۱) بند، ڈیم (۲) حوض، تالاب۔
خَازِنٌ: خزانچی۔
مَخْزَنْجِیّ (أَمِیْنُ الْمَخْزَن): اسٹور کیپر، منتظم گودام (دا)۔
مَخْزُوْن: ذخیرہ، اسٹاک۔
الْمَخْزُونُ الْعَازِل: محفوظ اسٹاک۔
مُخْزُونٌ نَفِدٌ: ختم ہونے والا اسٹاک۔
مَخْزُوْنَات: ذخیرے، اسٹاک۔
مُخْتَزِن: ذخیرہ اندوز۔
مُخْتَزَن: اسٹاک۔
مُخْزَن: گودام، اسٹور، مکان، مال خانہ، شیڈ، شاپ، دوکان، اسٹور روم، اسٹور ہاؤس، ڈپو، اسٹاک روم ج: مَخَازِنُ۔
مَخْزَنُ اَدْوِیَة: فارمیسی، میڈیکل اسٹور، دواخانہ۔
مَخْزَنُ الاِیْدَاع: امانت گودام۔
مَخْزَنُ تَبْرِید: کولڈ اسٹور۔
مَخْزَنُ فَحْم: کوئلہ کا اسٹاک۔
مَخْزَنُ کُتُب: کتب خانہ، بک اسٹور۔
مَخْزَنٌ لِلْبَضَائِع: میگزین، سامان خانہ، مال گودام۔
مَخْزَنٌ لِلْغَلَال: غلہ کا گودام۔
مَخَازِنُ التَّمْوِیْن: سپلائی کے گودام۔
مَخَازِنُ الْجَیْش: فوج کا اسلحہ خانہ۔
مَخَازِنُ الطَّرِیْق: مختصر اور قریب ترین راستے۔
خَزِیَ ـَـ خَزًی و خِزْیاً و خَزَایَةً: رسوا ہونا، ذلیل ہونا، شرمندہ ہونا۔
خَزَی ـِـ خَزْیاً و أَخْزَی: بدنام کرنا، شرمندہ کرنا۔
خِزْیٌ: رسوائی، بدنامی، شرمندگی، عار۔
خَزْیَانٌ، مَخْزِیٌّ: بدنام، رسوا، شرمندہ۔
الْمَخْزِیُّ: شیطان۔
مُخْزٍ: رسوا کن، بدنام کن۔

خ.....س

خَسَأَ ـَـ خَسْأً: کتے کو دھتکارنا، تنہائی میں ظلم کرنا (۲) دور کرنا۔
خَسِیَ ـَـ خَسَأً: دور ہونا، دھتکارا جانا۔
خَسِرَ ـَـ خُسْراً و خَسَارَةً: (۱) نقصان اٹھانا (۲) گمراہ ہونا (۳) ضائع ہونا (۴) ہلاک ہونا۔
خَسَرَ ـِـ خَسْراً: ضائع کرنا، نقصان کرانا، خسارہ میں مبتلا کرنا۔
خُسْرٌ، خَسَارَةٌ، خُسْرَانٌ: نقصان، ضرر، ہلاکت۔
خَسَارَةٌ جُزْئِیَّة: جزوی نقصان۔
خَسَارَةٌ صُوْرِیَّة: ظاہری نقصان۔
خَسَارَةٌ فَادِحَة: زبردست نقصان۔
خَسَارَةٌ فِی الْاَرْوَاح: جانی نقصان۔
خَسَارَةٌ مَادِّیَّة: مالی نقصان۔
خَسَائِرُ بَشَرِیَّةٌ: افرادی نقصان۔
خُسْرَانُ الانتخاب: الیکشن ہارنا۔
خُسْرَانُ الحَرْب: جنگ ہارنا۔
خُسْرَانُ الدَّوْلَةِ مَلْیُوْنَ رُوْبِیَة: ملک کو دس لاکھ روپے کا نقصان ہوا (مثلاً)۔
خُسْرَانُ الرِّهَان: بازی ہارنا۔
خُسْرَانُ الْمَعْرَکَة: جنگ ہارنا۔

خُسْرَانُ المَعْرَکَةِ بالشَّرَف: باعزت طور پر لڑائی ہارنا۔
خَاسِرٌ: نقصان اٹھانے والا۔
خَاسِرُ المَعْرَکَةِ: جنگ کا ہارا ہوا۔
مُخْسِرٌ: ضرر رساں، موجب خسارہ، خلافِ مفاد۔
خَسَّسَ و خَسَّ ـُ خَسّاً: کم کرنا۔
خَسَّ ـَ خَسَاسَةً: ذلیل ہونا۔
خَسَّة، خَسَاسَة: دناءت۔
خَسِيْسٌ: کمینہ، رذیل۔
خَسَفَ ـِ خُسُوْفاً و انْخَسَفَ: دھنس جانا، نیچے اتر جانا، چاند کو گہن لگنا۔
خَسَفَ الأَرْضَ: دھنسا دینا۔
خَسْفٌ: ذلت۔

خ.....ش

خَشَّ ـُ خَشّاً: داخل ہونا۔
خَشَّبَ و تَخَشَّبَ و اخْشَوْشَبَ: لکڑی بن جانا، لکڑی کی طرح سخت ہو جانا۔
خَشَبٌ ج: اَخْشَاب: لکڑی۔
خَشَبُ البِنَاءِ: عمارتی لکڑی۔
خَشَبِيٌّ: لکڑی کا۔
خَشَبَةٌ ج: خَشَبَات: لکڑی کا تختہ۔
خَشَبَةُ المَسْرَح: ڈرامہ اسٹیج، ڈرامہ ہال کا اسٹیج۔
خَشَّاب: لکڑی فروش۔
خَشِيْبٌ: بغیر پالش کا۔
مُتَخَشِّب: خشک، لکڑی کے مانند۔
خَشْخَشَة: ہتھیار یا زیور وغیرہ کی آواز، جھنکار (۲) دھماکہ ہونا۔
خَشْخَاش: پوست، پوست کا پودا۔
خَشَعَ ـَ خُشُوْعاً: گڑگڑانا، اظہار عجز کرنا۔
خَشَعَ بِبَصَرِه: نگاہ نیچی کرنا۔
خَشَفَ الماءُ ـُ خُشُوْفاً: (پانی کا) جم جانا۔
خَشَّفَ تَخْشِيْفاً: راہ نمائی کرنا۔
خُشَّفٌ: ہرنی کا بچہ۔
خَشُنَ ـُ خُشُوْنَةً و خَشْناً و خَشَانَةً: کھردرا ہونا سخت ہونا۔
تَخْشِيْن: کھردرا بنانا، سخت بنانا۔
خَشِنٌ: سخت، کھردرا، موٹا، معمولی، سادہ، خشک۔
خَشِنُ الأَخْلَاق: بدمزاج، سخت مزاج، بداخلاق۔
خُشُوْنَةٌ و خَشَانَة: کھردراپن، سختی، سادگی۔
خَشِيَ ـَ خَشْيَةً: ڈرتے رہنا، ڈرنا۔
خَشْيَة و خَشِيٌّ: خوف، ڈر۔
خَشْيَةَ أَنْ: اس خوف سے، اس ڈر سے کہ۔
خَاشٍ و خَشْيَانٌ: ڈر رکھنے والا، خائف رہنے والا۔

خ.....ص

خَصِبَ المَكَانُ ـَ خِصْباً و أَخْصَبَ: سرسبز ہونا، زرخیز ہونا۔
خِصْبٌ: خوشحالی، شادابی، زرخیزی۔
خُصُوْبَةٌ: پیداواری صلاحیت۔
اخْتَصَرَ و تَخَصَّرَ: اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔
اخْتَصَرَ الكَلَامَ: بات کو مختصر کرنا۔
اخْتَصَرَ الطَّرِيْقَ: راستہ کو مختصر کرنا، قریب کا راستہ چلنا۔
الخَاصِرَة: پہلو (۲) پہلو کا درد۔
مُخْتَصَر: سمری، خلاصہ۔
خَصَّصَ تَخْصِيْصًا: محدود کرنا، خاص مقصد

کے لئے متعین کرنا، منفرد کرنا، مخصوص کرنا۔

خَصَّ الشیٔ ـُ خَصَاً و خُصُوْصاً و خُصُوْصِیَّةً: مخصوص کرنا، خاص کرنا۔

خَصَّ و اخْتَصَّ به: متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا۔

خَصَّهٗ ـُ خَصَاً: متعلق ہونا، حق ہونا، حصہ ہونا (ألا یَخُصُّکَ أنْ تَجْلِسَ المَجْلِسَ)۔

تَخَصَّصَ و اخْتَصَّ بکذا: منفرد ہونا، امتیاز حاصل کرنا، مہارت حاصل کرنا۔

تَخَصُّصٌ بفَرْعٍ مِنَ العِلْم: کسی علمی شعبہ کا ماہر ہونا، منفرد ہونا، امتیاز حاصل کرنا۔

تَخَصُّصَات: امتیازات، خصوصیتیں۔

تَخْصِیْصُ الجَوَائِز لفُلَانٍ: کسی کے لئے انعامات کو خاص کرنا۔

تَخْصِیْصُ الصَّحِیْفَة لکَذَا: اخبار کا کسی مضمون کے لئے کوئی صفحہ مخصوص کرنا۔

مُخْتَصّ: بااختیار۔

مُخْتَصٌّ بکذا: متعلق، ماہر، اسپیشلسٹ۔

تَخْصِیصُ فُصُوْلٍ ثَابِتَةٍ لِکُلِّ مَادَّةٍ: ہر مضمون کی مستقل کلاسیں قائم کرنا۔

تَخْصِیْصِیّ: ریزرو۔

مُخَصَّصَات: اختیارات، فنڈ، مخصوص سرمایہ، کوٹہ۔

مُخَصَّصَاتٌ مِنَ الاِسْمِنْت: سیمنٹ کا کوٹہ۔

خُصٌّ: گھونسلا۔

خَصَاصٌ و: خَصَاصَةٌ: ریخ، جھری۔

خُصُوْص (صَدَد): تعلق، نسبت، سلسلہ۔

مِنْ خُصُوص و بِخُصُوص کَذَا: فلاں چیز کے بارہ میں، سلسلہ میں، فلاں چیز سے متعلق۔

مِنْ هٰذَا الخُصُوْص: اس نسبت سے، اس تعلق سے۔

خُصُوْصاً: خاص طور پر۔

خُصُوْصِیٌّ: (۱) مخصوص، محدود (ضد عُمُومیّ) (۲) ذاتی، شخصی، پرائیویٹ۔

خَاصَّة: مخصوص صفت جو دوسرے سے ممتاز بنائے، صفتِ ممیزہ، خاصیت ج: خَوَاصّ۔

خَوَاصٌّ: جوہر، خلاصہ۔

خَاصٌّ: اسپیشل۔

خَاصٌّ لِلرُّسُوْم الجُمْرُکِیَّة: کسٹم فیس کے دائرہ میں۔

خَصَائِصُ و: خَصِیْصَة: کمالات، فوائد، امتیازات۔

خَاصَّةً: خصوصی طور پر، خاص کر۔

الخَاصَّة: اونچے درجے کے لوگ۔

اخْتِصَاصٌ ج: اخْتِصَاصَات: (۱) دائرۂ اختیار (۲) اختیارات۔

اخْتِصَاصٌ بـ: خصوصیت، کمال، مہارت، امتیاز۔

الاخْتِصَاصُ بکذا: متعلق ہونا، وابستہ ہونا، اختیار حاصل ہونا، مہارت حاصل

ہونا۔
اِخْتِصَاصِیّ، إِخْصَائِیّ ج: اَخْتِصَاصِیُّوْنَ و إِخْصَائِیُّون: ماہر، ایکسپرٹ، اسپیشلسٹ، کسی فن کا ماہر۔
تَخْصِیْص: تحدید، تعیین (ضد تعمیم)۔
مَخْصُوْصٌ: خاص، اسپیشل، پرائیویٹ۔
قِطَارٌ مَخْصُوْص: اسپیشل ٹرین۔
مُتَخَصِّصٌ فِی کذا: کسی علم کا ماہر، فاضل (مُتَخَصِّصٌ فی الأدب مثلاً: فاضلِ ادب)۔
أَلَّا اِخْتِصَاصِیّ: جنرل اسٹ (عمومی)۔
خُصْلَةٌ: چھوٹی گٹھڑی، گچھا، بالوں کی لٹ۔
خَصْلَة ج: خِصَال: عادت۔
خَصَمَه ـِ خَصْمًا: غالب ہونا، زیر کرنا۔
خَصَمَه: (دا) قیمت میں دوسرے کے مقابلہ کے لئے کمی کر دینا، مقابلہ کرنا۔
خَاصَمَهُ مُخَاصَمَةً و تَخَاصَمَه و اخْتَصَمَه: جھگڑا کرنا۔
خَصْمٌ ج: خُصُوْم، خَصِیْم ج: خُصَمَاءُ: مقابل، مخالف، حریف، فریق۔
خِصَام، خُصُوْمَة: نزاع، جھگڑا، دشمنی، مقابلہ، کمپیٹیشن۔
خَصْمٌ: کٹوتی، قیمت وغیرہ میں کمی، کمیشن، ڈسکاؤنٹ (۲) مقابل، حریف۔
خَصْمٌ تِجَارِیّ: تجارتی کمیشن۔
خَصْمٌ سِیَاسِیّ: سیاسی حریف۔
خَصْمُ القِیْمَة: قیمت میں کمی کرنا۔
خَصْمُ (المَصْرِفِ الکَمْبِیَالة): ڈسکاؤنٹ کرنا۔
خُصُوْمُ فُلان: مخالفین۔
خُصُوْمَةٌ اَدَبِیَّة: ادبی لڑائی۔
خُصُوْمَةٌ سِیَاسِیَّة: سیاسی لڑائی۔
مُخَاصِم: مُقابل۔
خَصٰی ـِ خَصْیاً و خِصَاءً: جانور کو خصی کرنا۔
خَصِیٌّ و مَخْصِیّ: خصی کیا ہوا۔

خ ..... ض

خَضَبَ ـِ خَضْباً و خَضَّبَ: رنگنا، خضاب کرنا۔
خَضِبَ ـَ خُضُوْباً و تَخَضَّبَ: سرسبز ہونا، رنگین ہونا۔
خَضْخَضَة: ہلانا، حرکت کرنا (۲) جنبش۔
خَضَدَ ـِ خَضْداً: توڑنا۔
خَضِرَ ـَ خَضَراً و خُضْرَةً و اخْضَرَّ: سبز ہونا، سرسبز و شاداب ہونا۔
خَضَّرَه تَخْضِیْراً: سبز بنانا
خَضِرٌ، مُخْضَرٌّ: سبز، ہرا۔
خُضْرَة، خَضَارَةٌ: سبزی، شادابی۔
خَضَارٌ: ترکاری۔
خَضَّارٌ، خُضْرِیٌّ: سبزی فروش۔
اَخْضَرُ: ہرا، سبز، گرین م: خَضْرَاءُ ہری۔
مَخْضَرَة: سرسبز مقام۔
خَضَّضَ: آراستہ کرنا۔
خَضَّاضَة: نوشادر۔
خَضَعَ ـَ خُضُوْعاً و خَضْعاً، و خُضْعَاناً: مطیع ہونا، تابع ہونا، پابندِ احکام ہونا، عاجز

ہونا، ماتحت ہونا۔
إخضاع و تخضیع: تابع بنانا، پابند احکام بنانا، ماتحت بنانا، زیر کرنا، نیچا دکھانا۔
إخضاع أحد لإرادته: اپنی خواہش کا تابع بنانا۔
خاضع تابع، فرمانبردار، پابند احکام، ماتحت، عاجز۔
الخضوع لأحد: سامنے جھکنا۔
الخضوع لإرادة فلان: کسی کی خواہش پر چلنا۔
الخضوع للرأی: رائے ماننا۔
الخضوع لرأی الأغلبیة: اکثریت کی رائے کے سامنے جھکنا۔
الخضوع لضغط: دباؤ میں آنا۔
الخضوع للفکر: رائے ماننا۔
الخضوع للقانون: قانون کے سامنے جھکنا۔
خضل و أخضل: تر کرنا، بھگونا، عمدہ اور خوشگوار بنانا۔
خضل ـُ خضلا: تر ہونا، خوشگوار ہونا۔
خضم: بڑا دریا، بڑا سمندر۔
خضم ـِ خضما: قطع کرنا، کھانا۔
خضم: ہجوم کار وغیرہ، کثرت کار۔

خ ..... ط

خط: (در خطط)۔
خطأ تخطئة: غلط قرار دینا۔
خطئ ـَ خطأ و خطئا و أخطأ: غلطی کرنا (۲) غلطی پر ہونا (۳) گناہ کرنا، جرم کرنا۔
أخطأ التقدیر أو الحساب: اندازہ یا حساب غلط لگانا۔
إخطاء الممرمی: مس ہونا، نشانہ چوکنا۔
أخطأ فی الاستنتاج: غلط نتیجہ برآمد کرنا۔
أخطأ فی التسمیة: غلط نام لینا۔
أخطأ فی التلفظ: غلط تلفظ کرنا۔
أخطأ فی الفهم: غلط فہمی ہونا، غلط سمجھنا۔
أخطأ فی النقل: غلط بیانی کرنا، غلط ترجمانی کرنا۔
خطأ ج: أخطاء: غلطی، گناہ، جرم۔
خطأ فادح: زبردست غلطی۔
خطأ فی التسلیم: غلط ڈلیوری، غلط تقسیم۔
خطأ فی التفسیر: بیان کی غلطی، غلط تشریح۔
خطأ مصلحی: محکمہ جاتی غلطی۔
خطأ مطبعی: چھپائی کی غلطی، طباعتی غلطی، پریس کی غلطی۔
الخطأ المعیاری: بڑی غلطی۔
أخطاء ارتکابیة: واقعی غلطیاں۔
أخطاء کتابیة: لکھائی کی غلطیاں۔
خطیئة ج: خطیئات: گناہ، جرم۔
خاطئ: غلط، غلط کار، گنہگار۔
مخطئ: غلطی پر، غلط کار۔
خطب ـُ خطابة: مقرر ہونا۔
خطب ـُ خطبة و خطابة: تقریر کرنا، لیکچر دینا، وعظ کہنا، خطبہ دینا۔
خطب الفتاة ـُ خطبة: پیغام نکاح دینا۔
خاطب و تخاطب معه: بات چیت

کرنا (۲) خط و کتابت کرنا، مراسلت کرنا۔
خَاطَبَهُ تِلْفُونِيّاً: ٹیلیفون کرنا۔
خَطْبٌ ج: خُطُوب: (۱) حال (۲) پریشانی (۳) مصیبت۔
خُطْبَة: خطبہ، تقریر، وعظ، ایڈریس۔
خُطْبَةٌ اخْتِتَامِيَة: اختتامی تقریر۔
خُطْبَةٌ دِينِيَة: وعظ۔
خُطْبَةٌ عِلْمِيَة: لیکچر، علمی تقریر۔
خِطَابِيّ: تقریری، تقریر کا، تقریر سے متعلق۔
خِطْبَة، خُطُوبَة: منگنی، پیغامِ شادی۔
خِطَابٌ ج: خِطَابَات: (۱) خط (۲) پیغام (۳) تقریر (۴) ایڈریس۔
خِطَابٌ إِذَاعِيّ: ریڈیائی تقریر، نشری تقریر۔
خِطَابُ اعْتِمَادٍ: مختارنامہ، تصدیق نامہ، اتھارٹی لیٹر۔
خِطَابُ اعْتِمَادٍ غَيْرَ قَابِلٍ لِلْإِلْغَاءِ: ناقابلِ انکار تصدیق نامہ۔
خِطَابٌ افْتِتَاحِيّ: افتتاحی تقریر۔
خِطَابٌ انْتِخَابِيّ: انتخابی تقریر۔
خِطَابُ تَعْرِيفٍ: تعارف نامہ۔
خِطَابُ التَّعْيِين: اپائنٹ منٹ لیٹر، تقرر نامہ۔
خِطَابُ تَفْوِيضٍ و تَوْكِيل: مختارنامہ، وکالت نامہ۔
خِطَابٌ جَوِّيّ: ایرلیٹر۔
خِطَابٌ دَوْرِيٌّ: سرکلر، گشتی مراسلہ۔
خِطَابُ ضَمَان: ضمانت نامہ، ضمانتی خط۔
خِطَابٌ مَجْهُولٌ (لَيْسَ بِهِ تَوْقِيعٌ): گمنام خط۔
خِطَابٌ مُرْفَقٌ: کورنگ لیٹر، ہمرشتہ تحریر۔
خِطَابٌ مُوْفَقٌ لِمُسْتَنَدَاتٍ: مراسلہ ہمرشتۂ کاغذات۔
خِطَابٌ مُسْتَعْجَل: اکسپریس لیٹر۔
خِطَابٌ مُؤَمَّنٌ عَلَيْه: انشورڈ لیٹر۔
خِطَابَاتٌ تِجَارِيَة: تجارتی خطوط۔
خِطَابَاتٌ صَادِرَة: جانے والے خطوط، جانے والی ڈاک۔
خِطَابَة: تقریر، فنِ تقریر۔
خَطِيب ج: خُطَبَاء: مقرر، لیکچر۔
خَطِيبٌ مُحْتَرِف: پیشہ ور مقرر۔
خَطِيب و خَاطِب: منگیتر، رشتہ کرانے والا۔
خَاطِبَة: رشتہ کرانے والی عورت یا پیغامِ نکاح دینے والی۔
خَطَرَ ـُ خَطْراً و خَطَرَاناً: (۱) ڈانواڈول ہونا، جھومنا۔
خَطَرَ بِسَيْفِه: تلوار کو غرور سے چلانا۔
خَطَرَ فِي مِشْيَتِه: اکڑ کر چلنا، اترا کر چلنا، ہاتھوں کو ہلا کر چلنا۔
خَطَرَ له الأمْرُ ـُ خُطُوراً: سامنے آنا۔
خَطَر على و في و بِبَالِه: دل میں آنا۔
خَطُرَ ـُ خُطُورَةً: عظیم المرتبہ ہونا، مہتم بالشان ہونا، اہم ہونا۔
خَاطَرَ مُخَاطَرَةً: بازی لگانا، شرط بدنا۔
خَاطَرَ بِكَذَا مُخَاطَرَةً: خطرہ میں پڑنا، اپنی جان کو خطرہ میں ڈالنا، خطرہ مول لینا۔
إِخْطَار: متنبہ کرنا، باخبر کرنا، اطلاع دینا، نوٹس دینا، آگاہ کرنا (۲) نوٹس، اعلان، آگاہی۔

إخْطَارٌ بالاسْتِئْناف: اپیل، نوٹس۔
إخْطَارٌ بكذا: تنبیہ کرنا، باخبر کرنا، اطلاع دینا، نوٹس دینا۔
إخْطَارٌ خَاطِئٌ: غلط نوٹس۔
إخْطَارٌ نِهَائِيّ: فائنل نوٹس، آخری اطلاع۔
تَخَاطَرُوا على كذا تَخَاطُراً: کسی چیز کی باہم شرط بدنا، بازی لگانا۔
خَطَرٌ ج: أخْطَار: بازی جس کی شرط لگائی جائے۔
خِطْرٌ ج: أخْطَار: رتبہ، شان، حیثیت۔
خَطِرٌ، مُخْطِرٌ: خطرناک۔
خَطِر: سنگین، خطرناک، ڈینجر، ایمرجنسی۔
خَطَرُ التَّلَف: نقصان کا خطرہ۔
خَطَرٌ مُحْدِقٌ: زبردست خطرہ۔
خَطَران: تذبذب۔
خَطَّارُ السَّاعَة: گھڑی کا پنڈولم۔
خُطُورَة: اہمیت، عظمت۔
خُطُورَة: سنگینی، نزاکت۔
خُطُورَةُ المَوقِف: صورتحال کی نزاکت۔
خُطُورَةُ الوَضْع: نزاکتِ حال۔
خَطِير: اہم، مہتم بالشان، زبردست۔
خَاطِر ج: خَوَاطِر: خیال، رجحان۔
مُرَاعَاةُ الخَاطِر: پاسِ خاطر رکھنا، لحاظ کرنا۔
لِأَجْلِ خَاطِرِه: اس کی دلداری کے لئے۔
كَسَرَ خَاطِرَهُ: دل شکنی کرنا، مغموم کرنا۔
تَبَادُلُ الخَوَاطِر: ہم خیال ہونا، اتفاقاً ایک خیال پر ہونا۔

عَنْ طِيْبِ خَاطِرٍ: بطیبِ خاطر۔
أخَذَ الشَّيْءُ عَلَى خَاطِرِه: (دا) مکدر کرنا۔
أخَذَ بِخَاطِرِه: (دا) تسلی دینا، دل جمعی کرنا۔
مَحْفُوفٌ بِالمَخَاطِر: خطرات سے پُر۔
إخْطَار: دھمکی، نوٹس۔
مُخْطِرٌ: خطرناک۔
مُخَاطِرٌ: بازی لگانے والا، خطرہ مول لینے والا۔
مُخَاطَرة: جاں بازی۔
خَطَّطَ: لائن ڈالنا، سطریں بنانا (۲) منصوبہ تیار کرنا، پلاننگ کرنا۔
خَطَّطَ الأرْضَ: سروے کرنا، حد بندی کرنا، چک بندی کرنا (۲) کھیت میں اُبھری ہوئی لائنیں ڈالنا (کیاریاں بنانا)۔
خَطَّطَ القُمَاشَ: کپڑے پر دھاری ڈالنا۔
خَطَّ على الشَّيْءِ ـُ خَطّاً: لائن ڈالنا، خط کھینچنا، لکیر کھینچنا، خط لگانا۔
خَطَّ واخْتَطَّ خُطَّةً: منصوبہ بنانا، اسکیم بنانا، لائحہ عمل بنانا۔
خَطَّ واخْتَطَّ الشَّارِبُ: موچھیں نکل آنا۔
خَطٌّ ج: خُطُوط: لائن، سطر (۲) کتابت، لکھائی، فنِ خوشنویسی، رسم الخط، ہینڈ رائٹنگ۔
الخَطُّ الأُمُّ: مین لائن۔
خَطُّ إمْدَادِ الجَيْش: سپلائی لائن۔
خَطُّ الأنَابِيْب: پائپ لائن۔
خَطُّ بَارْلِيف: بارلیو لائن۔

خَطٌّ بَرِّیّ: بری راستہ، بری لائن، خشکی کا راستہ۔
خَطٌّ تَحْتَ عِبَارَةٍ: انڈر لائن (وَضَعَ خَطًّا تَحْتَ عِبَارَةٍ)۔
خَطُّ تَحْوِیْلٍ: کراس اُور، لائن بدلنے والی پٹری۔
خَطُّ التِرَام: ٹراموے۔
خَطُّ التِلِیْفُوْن: ٹیلیفون لائن۔
خَطُّ التَّمْوِیْن: سپلائی لائن۔
خَطٌّ جَوِّیّ: ایرلائن۔
خَطٌّ حَارٌّ: ہاٹ لائن۔
خَطٌّ حَدِیْدِیّ: ریلوے لائن۔
خَطٌّ حَدِیْدِیٌّ ضَیِّقٌ: ریلوے چھوٹی لائن، چھوٹے گیج کی لائن۔
خَطٌّ دِفَاعِیٌّ: دفاعی لائن۔
خَطٌّ رَئِیسِیٌّ: مین لائن۔
خَطٌّ سَاخِنٌ: ہارٹ لائن، گرم لائن (سربراہانِ امریکہ وروس کے بات کرنے کی لائن)۔
خَطُّ السِّکَّةِ الحَدِیْدِیَّة: ریلوے لائن۔
خَطٌّ سَلِیْمٌ: صحیح راستہ۔
خَطُّ السَّیْر: عام راستہ، طریقہ۔
خَطُّ العَمَل: طریقۂ کار۔
خَطٌّ غَیْرُ مُبَاشِر: بالواسطہ لائن، اِن ڈائرکٹ لائن، ذیلی لائن۔
خَطٌّ غَیْرُ مَنْزُوْعِ السِّلَاح: غیر ہتھیار بند لائن۔
الخَطُّ الفَاصِل: خطِ فاصل۔
خَطٌّ فَرْعِیّ: برانچ لائن۔
خَطُّ القِتَال: جنگی لائن۔
خَطُّ مُبَاشِر: ڈائریکٹ لائن، سیدھی لائن۔
خَطٌّ مُسْتَقِیْم: سیدھا راستہ۔
خَطٌّ مُشَبَّک: گھسیٹواں، شکستہ خط۔
خَطٌّ مِنَ الأَنَابِیْب: پائپ لائن۔
خَطٌّ المُوَاجَهَة: سامنے کی لائن، مقابلہ کی لائن، فرنٹ لائن۔
خَطُّ المُؤَلِّف: آٹوگراف، مصنف کے دستخط۔
خَطُّ النَّار: فائرنگ لائن۔
الخَطُّ النَّسْخِیّ: خطِ نسخ۔
خَطُّ وَقْفِ إِطْلَاقِ النَّار: جنگ بندی لائن۔
خَطٌّ هَاتِفِیٌّ: ٹیلیفون لائن۔
خَطُّ الهُدْنَة: جنگ بندی لائن۔
عَلَی خَطِّ تِلِیْفُوْن: ٹیلیفون پر بولنے والا۔
(مَنْ عَلَی خَطٍّ): کون بول رہا ہے۔
فِی خَطٍّ مُسْتَقِیْم: سامنے، سیدھے۔
عَلَی خَطٍّ مُسْتَقِیْم: سیدھی جانب، سامنے کی طرف، سیدھ میں۔
خُطَّةٌ: محلّہ۔
خُطَّة ج: خُطَط: اسکیم، لائحۂ عمل، پروگرام، نقشہ، ڈیزائن، خاکہ، پلان، آئیڈیا، پروجیکٹ، منصوبہ، طریقۂ کار۔
خُطَّةٌ إِصْلَاحِیَّة: اصلاحی پروگرام، اسکیم۔
خُطَّةُ التَّدْرِیْس: اسباق کا تعلیمی نقشہ۔
خُطَّةُ التَّنْمِیَةِ الشَّامِلَة: ہمہ گیر ترقیاتی منصوبہ۔
خُطَّةُ الخَمْسِ سَنَوَاتٍ: پنج سالہ منصوبہ۔
خُطَّةٌ خَمْسِیَّةٌ: پنج سالہ منصوبہ۔

خُطَّةُ الدِّفاع: دفاعی پلان۔
خُطَّةٌ رَئيسيَّة: ماسٹر پلان۔
خُطَّةُ السَّلام: امن پلان۔
خُطَّةُ السِّيَاسَة (لِحِزْبٍ او مُرَشَّح): پلیٹ فارم، سیاسی پروگرام۔
خُطَّةٌ شَامِلَة: جامع منصوبہ۔
خُطَّةُ عَمَلٍ: پروگرام، لائحۂ عمل، عملی خاکہ۔
خُطَّةُ العَمَلِيَّات: کارروائی کا نقشہ۔
خَطَّةٌ قَوْمِيَّة: نیشنل پلان۔
خُطَّةٌ مُتَوَسِّطَةُ الأَجَل: متوسط المیعاد منصوبہ۔
خُطَّةٌ مُدَبَّرة: سوچی سمجھی اسکیم۔
خُطَّةٌ مُفَصَّلَة: تفصیلی پروگرام۔
خُطَّةٌ مِنْ خَمْسِ نِقَاطٍ: پانچ نکاتی فارمولا۔
خُطَطٌ إنْمَائِيَّة: ترقیاتی منصوبے۔
خَطَّاطٌ: کاتب، خوشخط۔
تَخْطِيْط: چارٹ بنانا، خاکہ بنانا، منصوبہ بنانا، تنظیم، پلاننگ، ڈیزائننگ، منصوبہ بندی۔
تَخْطِيْطٌ اجْتِمَاعِيّ: سوشل پلاننگ۔
تَخْطِيْطُ الأَرَاضِي: پیمائش زمینات، سروے، چک بندی۔
التَّخْطِيط الاِسْتراتيجيّ: حکمت آمیز پلاننگ (جنگی) حکمت عملی پر مشتمل پلاننگ۔
تَخْطِيْطُ الأُسْرَة: فیملی پلاننگ، خاندانی منصوبہ بندی۔
تَخْطِيْطُ الاِقْتِصَاد: اقتصادی منصوبہ بندی، اقتصادی پلاننگ۔
تَخْطِيْطُ البُلْدَان: جغرافیہ، شہروں کی منصوبہ بندی۔
تَخْطِيْطُ التَنْمِيَة: ترقیاتی پلاننگ، منصوبہ بندی۔
تَخْطِيْطُ الحُدُوْد: سرحدوں کی نشان بندی، حد بندی کرنا۔
تَخْطِيطٌ زِرَاعِيٌّ: زرعی پلاننگ۔
تَخْطِيطٌ شَامِل: ہمہ گیر پلاننگ۔
تَخْطِيطٌ شَدِيْدُ التَّدْقِيْق: انتہائی پختہ منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطٌ عِلْمِيّ: علمی منصوبہ بندی۔
التَّخْطِيطُ العِلْمِيّ الدَّقِيْق: مکمل علمی منصوبہ بندی۔
تَخْطِيطٌ لِشَيْءٍ: اسکیم بنانا، منصوبہ بنانا۔
تَخْطِيْطٌ مَرْكَزِيّ: مرکزی منصوبہ بندی، مرکزی پلاننگ۔
تَخْطِيْطُ المُسْتَقْبَل: مستقبل کا منصوبہ۔
تَخْطِيطُ النَّسْل: خاندانی منصوبہ بندی، برتھ کنٹرول۔
مُخَطَّطٌ: دھاری دار، نشاندار (۲) سروے کیا ہوا۔
مُخَطَّط: منصوبہ، اسکیم، پلان، ڈیزائن، لائن ج: مُخَطَّطَات۔
مُخَطِّط: پلانر، منصوبہ ساز۔
المُخَطَّطُ الأَصْلِيّ: اصلی منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّخْرِيْب: تخریبی منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّسْوِيَة: امن منصوبہ۔
مُخَطَّطُ التَّوْسِعَة: توسیع پسندانہ منصوبہ۔

المُخَطَّطُ المُصَمِّمُ: ڈرافٹ مین۔
مُخَطَّطاتٌ اسْتِسْلامِيَّة: شکست خوردانہ منصوبے۔
خَطِفَ ـَ خَطْفاً و اخْتَطَفَ: اچکنا، غضب کرنا، چھین لینا، اغوا کرنا، ہائی جیک (۲) نگاہ کو خیرہ کرنا۔
تَخَطَّفَ: زبردستی لینا، چھین لینا۔
مُخْتَطِفٌ و خَطَّاف: اُچکا، اغوا کنندہ، اغوا کار، ہائی جیکر۔
مِخْطَاف: کانٹا، آنکڑا جس کے ذریعہ کنویں سے ڈول وغیرہ نکالا جاتا ہے۔
خَطِلَ ـَ خَطَلاً و اخْطَلَ فی کلامه: مہمل باتیں کرنا، لغو باتیں کرنا۔
خَطِلَ و تَخَطَّلَ: اکڑنا، اترانا۔
خَطَلٌ: لغوبات، مہمل کلام، بے وقوفی، دماغی خلل۔
خَطَمَ ـِ خَطْماً: جانور کے منہ پر چھینکا چڑھانا، منہ بند چڑھانا، لگام ڈالنا، نکیل ڈالنا۔
خَطَمَ بِالْكَلام: خاموش کرنا۔
خَطْمٌ، مُخْطِمٌ: منہ بند (جانوروں کا)، چھینکا۔
خِطَامٌ: لگام، نکیل۔
خَطْوَةٌ: ایک قدم، ڈگ، قدم کی ایک حرکت ج: خَطَوَات۔
خَطْوةً خَطْوةً: قدم بقدم، مرحلہ بمرحلہ۔
خَطْوةٌ رَائِدَة: رہنما اقدام۔
خَطَوَاتٌ اِيْجَابِيَّة: مثبت اقدامات۔
خُطْوَةٌ ج: خُطُوَات و خُطىً: دو قدموں کا درمیانی فاصلہ، تقریباً ۳۰ انچ۔

خَطَا ـُ خَطْواً و اخْتَطَى: قدم اٹھانا، چلنا، ڈگ بھرنا۔
خَطَا نَحْوَ الأَمَام: بڑھنا، ترقی کرنا، آگے قدم بڑھانا۔
خَطَا خُطُواتٍ قَصِيْرَةً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا، چھوٹے ڈگ بھرنا۔
تَخَطَّى: پار کرنا۔
خَطِيَّة ج: خَطِيَّات: گناہ۔

خ ..... ف

خَفَّ: (در خفف)۔
خَفَتَ ـُ خُفُوْتاً و خَفْتاً، و خُفَاتاً: (۱) آواز پست ہونا (۲) آواز بند ہو جانا۔
إِخْفَات: پست کرنا۔
خَافِتٌ: پست، ہلکی آواز۔
خَفَرَ ـُ خَفْراً و خَفَّرَ: حفاظت کرنا، پہرہ دینا۔
خَفِرَ ـِ خَفَراً و تَخَفَّرَ: شرمانا۔
خَفَرٌ: حیا، شرم۔
خَفِرٌ: شرمیلا، حیادار۔
خِفَارَة: پہرہ داری، چوکیداری، پہرہ داری کا پیشہ، اجرت پہرہ۔
خَفِيْرٌ ج: خُفَرَاء: چوکیدار، محافظ، پہرہ دار۔
مَخْفَرٌ ج: مَخَافِر: چوکی جہاں محافظ رہتا ہو، پہرہ کی چوکی، پولیس چوکی۔
مَخْفَرُ الاِطْفَاء: فائر اسٹیشن۔
مَخْفَرُ شُرْطَةٍ: پولیس چوکی، تھانہ۔
خَفَسَ ـُ خَفْساً: (۱) منہدم کرنا، (۲) مذاق کرنا، مذاق اُڑانا۔
خَفْشٌ: شب کوری، رتوندا، دنوندا۔

خَفِشَ ـَ خَفَشاً: دن کو کم نظر آنا، رتوندا ہونا، شب کور ہونا۔
خَفَّاش ج: خَفَافِیش: چمگادڑ۔
اَخْفَشُ: دن کا اندھا، دن کو کم دیکھنے والا۔
خَفَضَ ـُ خَفْضاً و خَفَّضَ: کم کرنا، نیچا کرنا، کمی کرنا، پست کرنا، اُتارنا، گھٹانا۔
خَفُضَ عَیْشُه ـُ خَفْضاً: آسودہ حال ہونا، خوش حال ہونا۔
إِخْفَاضٌ: پست کرنا، کم کرنا، نیچے اترنا۔
اِنْخِفَاض و تَخَفُّض: کم ہونا، نیچا ہونا، پست ہونا۔
خَفْضٌ، تَخْفِیض: پستی، کمی۔
خَفْضُ العَیْش: آسودہ حالی۔
خَفْضُ التَّکَالِیْفِ إِلٰی مَلْیُون: دس لاکھ تک کمی کرنا (مثلاً)۔
خَفْضُ الدَّرجَة: ڈگری کم کرنا، درجہ گھٹانا، درجہ گرانا۔
خَفْضُ رَأْسِ المَال: سرمایہ کم کرنا۔
خَفْضُ القُوَّات: فوجوں میں کمی کرنا۔
خَفْضُ کَمِّیَّاتِ الاَسْلِحَة: ہتھیاروں کی مقدار میں کمی۔
خَفْضُ المَصْرُوْفَات: اخراجات میں کمی۔
خَفْضُ مِقْدَارِ التَّکْلِفَة: لاگت کی مقدار میں کمی کرنا۔
خَفْضٌ وَرَفْعٌ: اتار چڑھاؤ۔
خَفْضُ المَعُوْنَات: امداد میں کمی کرنا۔
تَخْفِیْض: کمیشن، قیمت میں خاص کمی، رعایت ج: تَخْفِیْضَات۔
تَخْفِیضُ الأَسْعَار: نرخوں میں کمی، بھاؤ گرانا۔
تَخْفِیضُ التَّکْلِفَة: لاگت میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ الثَّمَن: قیمت میں رعایت، کمیشن۔
تَخْفِیضُ حِدَّةِ التَّوَتُّر: کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِیضُ الدَّرَجَة: ڈگری کم کرنا، درجہ گرانا۔
تَخْفِیضُ رَأْسِ المَال: سرمایہ میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ الرُّسُوْم: فیس میں کمی، چنگی کم کرنا۔
تَخْفِیضُ الضَّرَائِب: ٹیکسوں میں کمی۔
تَخْفِیضُ القُوَّات: فوجوں میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ القِیْمَة: قیمت کم کرنا۔
تَخْفِیضُ الْکَمِّیَّة: مقدار گھٹانا۔
تَخْفِیضُ المُسَاعَدَاتِ إِلٰی فُلَان: کسی کی امداد میں کمی کرنا۔
تَخْفِیضُ المَصَارِیْف: اخراجات کم کرنا۔
تَخْفِیضُ النَّفَقَات: اخراجات کم کرنا۔
اِنْخِفَاضُ الأَسْعَار: نرخوں میں کمی ہونا۔
اِنْخِفَاضُ اَسْعَار الإِنْتَاجَات: پیداوار کی قیمتوں میں کمی ہونا۔
اِنْخِفَاضُ الإِنْتَاجِیَّة: پیداواری صلاحیت کم ہوجانا۔
اِنْخِفَاضُ الصَّادِرَات: برآمدات میں کمی ہوجانا۔

انْخِفَاضُ العُمْلَة: سکہ کم ہوجانا، سکہ کا گرجانا۔
انْخِفَاضُ القُدْرَةِ الشِّرَائِيَّة: قوت خرید کم ہوجانا۔
مُنْخَفِضٌ: پست، نیچا۔
مَخْفُوضٌ (ضد مَرْفُوع): پست۔
أثْمَانٌ مُخَفَّضَة: کم قیمتیں۔
مُخْفَضُ الثَّمن: کم قیمت۔
خَفَّفَ تَخْفِيفاً: (۱) ہلکا کرنا (۲) کمی کرنا، سکون بخشنا (۳) ملائم بنانا (۴) معتدل بنانا۔
خَفَّفَ كَثَافَةَ المَزِيج: گاڑھی چیز میں پانی ملا کر ہلکا یا پتلا کرنا۔
خَفَّفَ عَنْ: آرام پہنچانا۔
خَفَّفَ العُقُوبَة: سزا میں تخفیف کرنا۔
خَفَّ ـِ خِفَّةً و خَفَاً: ہلکا ہونا۔
خَفَّ إليه خُفُوفاً: لپکنا، اڑکر جانا، دوڑکر جانا۔
اسْتَخَفَّ بالأمْر: ذلیل سمجھنا۔
اسْتَخَفَّ الشيءَ: ہلکا سمجھنا۔
خُفٌّ ج: أخْفَاف: (۱) چرمی عوزہ (۲) ہاف بوٹ، سلیپر (۳) اونٹ یا شتر مرغ کی ٹاپ، قدم۔
خِفَّة: ہلکا پن۔
خِفَّةُ الألَم: افاقہ ہونا، درد میں کمی ہونا۔
خِفَّةُ حِدَّةِ التَوَتُّر: کشیدگی کم ہونا۔
خِفَّةُ حَمْلَةِ الشَّائِعَات: افواہوں کا زور کم ہونا۔
خِفَّةُ اليَد: ہاتھ کی صفائی، شعبدہ، نظر بندی، مداری کا کھیل۔
أَلْعَابُ خِفَّةِ اليَد: شعبدہ بازی، بازی گری۔
خِفَّةُ سُقُوطِ القَذَائِف: گولہ باری میں کمی۔
خِفَّةُ وَطْأَةِ المَرَض: بیماری کی شدت میں کمی۔
تَخْفِيف: کمی۔
تَخْفِيفُ الانْتَاج: پیداوار میں کمی۔
تَخْفِيفُ حَدِّ التَوَتُّر: کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيفُ حِدَّةِ التَوَتُّر بَيْنَ القُوَّتَيْنِ الأعْظَم: دونوں بڑی طاقتوں کے درمیان کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيفُ حَدَّةِ التَّوَتُّر الدُّولِيّ: بین الاقوامی کشیدگی کم کرنا۔
تَخْفِيفُ الصَّدْمَة على أحَدٍ: کسی کی تکلیف کو کم کرنا۔
تَخْفِيفُ الضَّغْطِ على: دباؤ کم کرنا۔
التَّخْفِيفُ عَنْ أحَدٍ: تخفیف کرنا، بوجھ ہلکا کرنا۔
التَّخْفِيفُ عَنْ أزْمَةِ السَّكَن: رہائشی مشکلات کو کم کرنا۔
خَفِيف: ہلکا۔
شَايٌ خَفِيفٌ: ہلکی چائے۔
دُخَانٌ خَفِيفٌ: ہلکا تمباکو۔
خَفَقَ ـُ خَفَقَانًا: دل دھڑکنا، متحرک ہونا، لہلہانا، پرچم ہلنا، بجلی کوندنا۔
خَفَقَ خَفْقاً: ہلانا، پھینٹنا، انڈے کی زردی کو سفیدی میں ملانا۔
خَفَقَ و أخْفَقَ الطَّائِرُ أو العَلَمُ: لہلہانا۔
خَفَقَ و أخْفَقَ النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔

إخْفَاق: پرندہ کا پھڑ پھڑانا (۲) پرچم کا لہلہانا (۳) ستارہ غروب ہونا (۴) ناکام ہونا (۵) ناکامی، زوال۔

إخْفَاقُ السَّعْی: کوشش ناکام ہونا۔

خَفَقٌ و خَفَقَانُ القَلْب: دل کی دھڑکن۔

الْخَافِقَان: شمس وقمر۔

خَافِقَات: پرچم، جھنڈے۔

مِخْفَقَةُ البَیْض: انڈا پھینٹنے کا آلہ۔

خَفِیَ ـَـ خَفَاءً و خِفْیَةً و خُفْیَةً و اخْتَفَی: پوشیدہ ہونا۔

خَفَی ـِـ خَفْیاً و اَخْفَی و خَفَّی: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔

تَخَفَّی: پوشیدہ ہونا، روپوش ہونا۔

اخْتِفَاء: روپوش ہونا، روپوشی۔

اخْتِفَاءُ آثَارِ الشَّیْءِ: آثار مٹنا۔

إخْفَاءُ المُسْتَنَدَات: کاغذات چھپانا۔

خَفِیّ، خَافٍ: پوشیدہ، رازدارانہ۔

خَافِیَة: راز، پوشیدہ بات۔

خُفْیَةً: پوشیدہ طور پر، خفیہ طور پر۔

خَفَاء: راز، پوشیدگی۔

بَرِحَ الخَفَاءُ: بات کھل گئی۔

خ.....ل

خَلَبَ ـُـ خَلْباً: دام فریب میں پھنسانا، گرویدہ بنانا، دل موہ لینا، کلام کے ذریعہ متاثر کرنا (۲) پنجہ مارنا، پرندہ کا ناخن مارنا۔

خَالَبَ و اخْتَلَبَ: دھوکہ دینا۔

خَالِبٌ، خَلَّابٌ: دلکش، جاذبِ نظر، پرفریب۔

مِخْلَبٌ ج: مَخَالِب: پنجہ، پرندہ کا ناخن۔

خَلَجَ ـُـ خَلْجاً: (۱) کھینچنا، چھین لینا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا، آنکھ کا حرکت کرنا (۳) دل میں کسی بات کا کھٹکنا۔

خَلَجَ و خَالَجَ و اخْتَلَجَ الفِکْرُ: خیال آنا۔

خَالَجَه شَکٌّ: شک پیدا ہونا۔

اخْتَلَجَ القَلْبُ: اختلاجِ قلب ہونا، مضطرب ہونا۔

اخْتَلَجَ الأمْرُ فی الصَّدْر: دل میں کوئی بات آنا۔

تَخَلَّجَ: مضطرب ہونا، متحرک ہونا۔

خِلَاج، خَالِجٌ، خَالِجَة: خیال ج: خَوَالِج۔

خَلْخَلَة: حرکت دینا، پازیب پہنانا۔

خَلْخَال، خَلْخَل: پازیب۔

خَلَدَ ـُـ خُلُوْداً و خُلْداً: ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔

خَلَّدَه و أخْلَدَه: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، دوام عطا کرنا، حیاتِ ابدی بخشنا۔

خَلَّدَ الذِّکْرَ: یادگار بنا دینا، یاد قائم رکھنا۔

أخْلَدَ: ہمیشہ رکھنا، برقرار رکھنا، حیات ابدی بخشنا۔

أخْلَدَ إلی: مائل ہونا، جھکنا۔

تَخْلِیْد: دوام عطا کرنا۔

تَخْلِیدُ الذِّکْرَی: یادگار باقی رکھنا۔

خُلْدٌ، خُلُوْد: دوام، ہمیشگی۔

خَلَدٌ: دل۔

خَلُدٌ و خَالِدٌ: دوامی، لازوال، ناقابلِ فراموش، ابدی۔

خَالِدُ الذِّکر: زندۂ جاوید۔
الخَوَالِد: پہاڑ۔
خَلَسَ ـِ خَلْساً و اخْتَلَسَ: جھپٹنا لوٹنا، غبن کرنا، خرد برد کرنا، اُچکنا، معمولی چیز چُرانا۔
خُلْسَة: موقع۔
خُلْسَةً: خفیہ طور پر۔
اخْتِلَاس: لوٹ، غبن، چھین جھپٹ (۲) اغوا کرنا۔
مُخْتَلِس: اُچکا، غبن کرنے والا۔
خَلَصَ ـُ خُلُوْصاً و خَلَاصاً: خالص ہونا، صاف ہونا۔
إخْلَاص: وفا۔
إخْلَاصٌ فی أدَاءِ الوَاجِبَات: ادائیگی، فرائض میں بے لوث ہونا۔
خَلَصَ و تَخَلَّصَ مِنْه: نجات پانا، چھٹکارا پانا، رہائی پانا، آزاد ہونا۔
تَخَلُّصُ البِلَادِ من کذا: ملک کا چھٹکارا پانا۔
التَّخَلُّص من اَحَدٍ: بے تعلق ہونا۔
التَّخَلُّصُ من الاسْتِعْمَار: سامراجیت سے چھٹکارا۔
خَلَّصَ تَخْلِیْصاً: نجات دلانا، جان بچانا، آزاد کرانا، خالص بنانا، صاف بنانا۔
التَّخْلِیصُ علی العِضَاعَة: کسٹم دے کر مال چھڑانا، مال کا کسٹم دینا۔
تَخْلِیْصُ المُعَامَلات: معاملات صاف رکھنا۔
اسْتِخْلَاص: نتیجہ نکالنا، خلاصہ اور جوہر نکالنا، مخلص و خالص سمجھنا، مال چھڑانا۔

خَالَصَه مُخَالَصَةً: خالص دوستی رکھنا۔
خَلَاص: چھٹکارا، نجات۔
خُلُوْص: صفائی، صراحت۔
خَالِصٌ: خالص، صاف، آزاد، پیور۔
خَالِصُ الأُجْرَة: محصول، فیس۔
خَالِصُ أُجْرَةِ البَرِیْد: محصول ڈاک۔
خَالِصُ الطَّوِیَّة: صاف دل، فراخ دل۔
مُخْلِص: سچا، وفادار، صاف دل۔
مُسْتَخْلِصُ البَضَائِع من الجُمْرُک: چنگی سے مال چھڑانے والا ایجنٹ۔
خُلَاصَة: سمری، خلاصہ، نچوڑ۔
مُخَالَصَة: ڈسچارج کرنا۔
خَلَطَ ـِ خَلْطاً و خَلَّطَ: آمیزش کرنا، ملانا۔
خَلَطَ فی الکَلَام: لغو و بیہودہ کلام کرنا۔
خَلَطَ وَرَقَ اللَّعِب (وغیرہ): تاش کے پتوں کو پھینٹنا، ملانا، گڈمڈ کرنا۔
خَلَّطَ المَرِیْضُ: بد پرہیزی کرنا۔
خَالَطَهُ مُخَالَطَةً: مل جل کر رہنا، ساتھ رہنا۔
خُوْلِطَ فی عَقْلِه و اخْتَلَطَ عَقْلُهُ: دماغ میں خرابی ہونا۔
اخْتِلَاط: مل جانا، گڈمڈ ہونا، مخلوط ہونا، آمیزش ہونا، مکس ہونا (۲) امتزاج۔
خَلْطٌ: آمیزش۔
خِلْطٌ، خَلِیْط: مکسچر، ملی ہوئی سیال چیز۔
خَلِیْط: مختلف چیزوں کا مجموعہ۔
أخْلَاطُ الجَسَدِ: اخلاطِ اربعہ (۱) خون (۲) بلغم (۳) صفرا (۴) سودا۔

أخْلاطُ النَّاسِ: عوام، ادنی لوگ (۲) لوگوں کا مجمع۔
خَلَعَ ـَ خَلْعاً: کپڑا یا جوتا اتارنا۔
خَلَعَ ثِيَابَه: برہنہ ہونا۔
خَلَعَ سِنّاً: دانت نکالنا۔
خَلْعَهُ: معزول کرنا۔
خَلَعَهُ عَنِ العَرْشِ: تخت سے اتارنا۔
خَلَعَ المِفْصَلَ: (مَلَخَ): قبضہ کھولنا (کواڑوں کو جوڑنے کا)۔
خَلَعَ عليه ثَوْباً ـَ خَلْعاً: خلعت یا لباس عطا کرنا۔
خَلُعَ ـُ خَلاعَةً: آوارہ ہونا، بداخلاق ہونا۔
خَلْعٌ: معزولی، علیحدگی۔
خَلْعُ صَلاحِيَّةِ التَّفاوُضِ على فلان: کسی کو بات چیت کا اختیار دینا۔
خَلْعُ اللَّقَبِ على أحَدٍ: لقب دینا (نام)۔
خَلْعُ الإنْسانِيَّة عن: آدمیت سے دور ہونا یا کرنا۔
خَلْعٌ من العَرْشِ: تخت سے اتارنا۔
خَلْعٌ من المَنْصِب: منصب سے ہٹانا، عہدہ سے ہٹانا۔
تَخَلَّع: ڈھیلا ہونا۔
تَخْلِيع: ڈھیلا کرنا۔
خِلْعَة: لباس، خلعت۔
خَلاعَة: آوارگی۔
خَلِيعٌ: آوارہ، بدمعاش ج: خُلَعاء۔
خَلِيعٌ و مَخْلُوع: معزول، علیحدہ کیا ہوا۔
خَلَفَهُ ـُ خِلافَةً: (۱) جانشین ہونا، (۲) قائم مقام ہونا (۳) باقی رہنا۔

خَلَفَ له و عليه: معاوضہ دینا۔
خَلَفَ عن أصْحابه ـُ خُلْفاً: پیچھے رہنا۔
خَلَّفَ الشيءَ: پیچھے چھوڑنا، وراثت چھوڑنا۔
خالَفَه مُخالَفةً: مخالفت کرنا، خلاف ہونا، عہد شکنی کرنا، نافرمانی کرنا۔
مُخالِف: مخالف، برعکس۔
مُخالَفةٌ قانُونِيَّة: قانون کی خلاف ورزی کرنا۔
المُخالَفةُ المالِيّة: مالی خلاف ورزی۔
اِخْتَلَفَ إلى: آمد و رفت رکھنا۔
أخْلَفَ وَعْدَه و به: وعدہ خلافی کرنا۔
أخْلَفَ عليه: معاوضہ دینا۔
تَخَلَّفَ: پیچھے رہنا، دوسرے کے مرنے کے بعد باقی رہنا۔
مُتَخَلِّف: آخری، پسماندہ۔
المُتَخَلِّفُون عن الدِّراسَة: تعلیم میں پیچھے۔
خَلَفٌ: (ضد سَلَفٌ) پسماندگان (۲) بدل (۳) نسل ج: أخْلافٌ۔
خَلَفٌ لِأحَدٍ: جانشین، قائم مقام۔
خَلْفٌ: پیچھے، پیٹھ۔
خَلْفِيّ: پچھلا۔
خَلْفِيَّة: بیک گراونڈ، پس منظر، پچھلا حصہ۔
خَلْفِيَّةُ الصُّوْرَة: بیک گراؤنڈ، پس منظر۔
خَلْفِيَّةُ القُماش: بیک گراؤنڈ، کپڑے کا نچلا حصہ۔
خِلْفَة: کپڑے کا ٹکڑا۔
خَلْفَهُ بِخَطَواتٍ كذا: اس سے اتنے قدم پیچھے۔

الخِلافَة: نیابت، امامت، قائم مقامی۔
مُخَلَّفٌ: باقی ماندہ، متروکہ چیز۔
مُخَلَّفات: متروکہ سامان یا اشیاء۔
مُخالَفَةٌ: نافرمانی، خلاف ورزی، عہد شکنی، جرم۔
خِلاف ج: خِلافَات: قیل وقال، اختلاف۔
خِلافاتٌ حادَّة: زبردست اختلاف۔
دَنْج، دِنْجَه: (معرب) ڈنگو بخار، بخار جس میں بدن کے جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔
دُنْجُلُ العَجَلَة: ایکسل، دُھرا، دھری۔
دُنْدُرْمَة: آئس کریم۔
دَنْدَنَة: گنگنانا، بھنبھنانا، آواز ہونا۔
دَنَّرَ النُّقُوْدَ: سکہ ڈھالنا، دینار بنانا۔
دِيْنَارٌ ج: دَنَانِيْر: (۱) ایک قدیم سکہ (سونے کا) (۲) رقم۔
دَنَّسَ تَدْنِيْساً: (۱) میلا کرنا (۲) خراب کرنا (۳) عیب لگانا (۴) عزت کو بٹہ لگانا، عزت کو داغدار بنانا، بے حرمتی کرنا۔
دَنِسَ ـَ دَنَساً و دَنَاسَةً و تَدَنَّسَ: خراب

ومیلا ہونا۔
دَنَسٌ ج اَدْنَاسٌ: میل، گندگی۔
دَنِسٌ: میلا، عیب دار۔
تَدْنِیْس: بے عزتی، بے حرمتی۔
جَرِیْمَةُ تَدْنِیْسِ الأَشْیَاءِ المُقَدَّسة: جرم بے حرمتی۔
دَنِفَ المَرِیْضُ ـَـ دَنَفاً و أَدْنَفَ: بیمار کا لب دم ہونا، بیماری سخت ہونا۔
دَنَّقَ الوَجْهُ تَدْنِیقاً: بیماری یا غم سے چہرہ اتر جانا۔
دَنَّقَ الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔
دَانِق: ۱/۶ درہم۔
دِنْمُوْ: (مع) ڈینمو، بجلی پیدا کرنے والی موٹر۔
دَنٌّ ج: دِنَانٌ: مٹکا۔
دَنَا ـُ دُنُوّاً، و دَنَاوَةً: قریب ہونا۔
دَنَا و أَدْنٰی و اِدَّنٰی لَه و منه و إلَیه: قریب ہونا، نزدیک آنا۔
دَنِیَ ـَ دَنَایَةً: کم درجہ ہونا، گھٹیا درجہ کا ہونا۔
دَنّٰی و أَدْنٰی و دَانٰی: قریب کرنا۔
تَدَنّٰی و تَدَانٰی: بتدریج قریب آنا (۲) لٹکنا، جھکنا۔
دَنَاوَة و دَنَایَة و دَنَاءَة: گھٹیاپن۔
دَنِیّ، دَنِیْءٌ: گھٹیا۔
دَنِیّ، دَانٍ: قریب۔
دُنْیَا: (اً) جہان، عالم انسانی (۲) اسم تفضیل مونث، ضد قصوی: قریب، کمینی، کم درجہ کی۔
أُدْنٰی: قریب تر (۲) کم درجہ، لور، جونیر۔
أُدْنٰی مَنْزِلَةً: جونیر۔
أُدْنٰی نِسْبَة: کم از کم تناسب۔
الحَدُّ الأُدْنٰی: کم سے کم درجہ۔
أُدْنَاهُ: الَمذْکُورُ أُدْنَاهُ): ذیل میں، مندرجہ ذیل۔
د.....ہ
دَهْرٌ ج: دُهُوْر: زمانہ دراز۔
دَهْرُ الإنْسَان: مدت عمر
بَنَاتُ الدَّهْر: شدائد و مصائب زمانہ۔
تَصَارِیْفُ الدَّهْر: انقلابات زمانہ
دَهْرِیُّ المَذْهَب: طبیعی، دہریہ، خدا کا منکر، زمانہ کو ہر چیز کا موثر اور مسبب ماننے والا۔
دَهْرِیّ: (۲) زمانہ کا، وقت کا، وقتی، زمانہ ساز، وقت شناس۔
دَهِشَ ـَ دَهَشاً و دُهِشَ من: حیران ہونا، پریشان ہونا، ہوش اڑنا۔
أَدْهَشَهُ و دَهَّشَ: حیران کرنا، ہوش اڑانا، خوف زدہ کرنا۔
دَهْشَة: حیرت، خوف، تعجب۔
مُدْهِشٌ: حیران کن، تعجب خیز، دہشت انگیز۔
دَهِشٌ و دَهْشَانٌ و مَدْهُوشٌ: حیران و پریشان، حواس باختہ۔
دَهَقَ ـَ دَهْقاً و دِهَاقاً: پانی بہانا، گلاس یا جام کو چھلکانا۔
دَهَقَ و أَدْهَقَ الکَأْسَ: لبالب بھرنا، لبالب کرنا، لبریز کرنا۔
کَأْسٌ دِهَاقٌ: چھلکتا ہوا جام۔
دَهَکَ ـَ دَهْکاً: پینا، توڑنا۔

دِهْلِيز: ڈیوڑھی ج: دَهَالِيز:
دَهِمَ الأمْرُ ـَ دَهَماً و دَهَمَهُ الأمْرُ ـُ دَهْماً: اچانک کوئی مسئلہ درپیش ہونا۔
دَاهَمَه مُدَاهَمةً: دھاوا بولنا۔
دَاهَمَتِ الشُّرْطَةُ المَبْنٰى: پولیس کا بلڈنگ پر دھاوا بولنا، چھاپہ مارنا۔
مُدَاهَمة: چھاپہ (۲) گھسنا، اچانک پہنچنا۔
دُهْمَة: سیاہی۔
اِدْهِيْمَامٌ: سیاہ ہونا۔
دَهْمَاءُ: جماعت، بازاری لوگ۔
أدْهَمُ: سیاہ فام۔
دَهَنَ ـُ دَهْناً: روغن کرنا، تیل ملنا، مالش کرنا، پینٹ کرنا۔
دَاهَنَه مُدَاهَنةً: چکنا کرنا تیل ملنا (۲) چاپلوسی کرنا۔
دُهْن ج: أدْهَانٌ: تیل، پالش، روغن، گریس، پینٹنگ۔
دُهُونٌ لِلْأكْل: کھانے کے تیل۔
دَهِيْن: تیل لگائے ہوئے۔
دُهْنُ اللَّحْم: چربی۔
دُهْنِيٌّ: چکنا، تیل کا، چربی کا۔
دِهَان: روغن، تیل، وارنش، پینٹ، تیل یا کریم وغیرہ جو چہرہ یا بالوں کی خوبصورتی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
دَهَّانٌ: (۱) روغن گر، رنگ ساز (۲) روغن کرنے والا، پینٹر۔
مُدْهِنٌ: روغن دار چربی دار۔
مُدَاهِن: چاپلوس۔
دَهْوَرَة: گرانا، گڑھے میں دھکیلنا۔
تَدَهْوُر: گڑھے میں گرنا (۲) انحطاط، کمی، خرابی، زوال، بگاڑ، کمزوری، گراوٹ۔
تَدَهْوُرُ الأزْمَة: بحران کا شدت اختیار کرنا۔
تَدَهْوُرُ الاقْتِصَاد: معاشی حالت خراب ہونا۔
تَدَهْوُرُ العَلَاقَات: تعلقات بگڑنا۔
تَدَهْوُرُ العَلَاقَاتِ الدِّبْلُومَاسِيَّة: سفارتی تعلقات خراب ہونا، ختم ہونا۔
تَدَهْوُرُ القِيْمَة: قیمت گرنا۔
تَدَهْوُرُ المَوقِف: صورت حال خراب ہونا، صورت حال ابتر ہونا۔
تَدَهْوُرُ الوَضْع: صورت حال بگڑنا، پوزیشن کمزور ہونا۔
دَهَاه ـَ دَهْياً و دَاهَاه: مصیبت میں ڈالنا۔
دَهَتِ الدَّاهِيَةُ: آفت و مصیبت نازل ہونا۔
دَهِيَ ـَ دَهَاءً: چالاکی سے کام لینا۔
دَهَاءٌ: ہوشیاری، چالاکی۔
دَهَاءٌ سِيَاسِيّ: سیاسی چالاکی، پالیسی
دَاهِيَة، ذُو دَهَاءٍ: چالاک، مکار، حیلہ ساز۔
دَاهِيَةٌ فی الفَنّ: ماہر فن۔

د.....و

دَوْبٌ: (ن) کوشش کرنا۔
دَوْث: (ن) توڑنا۔
دَوْجٌ: (ن) حرکت کرنا۔
دَوْحٌ: (ن) پیٹ پھولنا، پھول کر لٹکنا۔
دَوْحَة: بڑا اور پھیلا ہوا درخت۔
دَوَّخَ البِلَادَ: شہروں میں گھومنا۔
دَوَّخَ الرَّجُلَ: زیر کرنا، مغلوب کرنا۔
دَوَّخَ الرَّأْسَ: سر میں چکر پیدا کرنا، چکرانا۔
دَاخَ ـُ دَوْخاً: (۱) ذلیل ہونا (۲) زیر و

مغلوب ہونا (۳) سر میں چکر آنا (۴) بے ہوش ہونا۔

دَوْخَة: چکر، گھمیر۔

دَائِخٌ: وہ شخص جس کے سر میں چکر آ رہا ہو۔

دَوَّدَ الشَّیْءُ تَدْوِیْداً: کیڑے پڑنا، کیڑا پیدا ہونا، کیڑا لگنا۔

دَوْدَة ج: دُوْدٌ و دِیْدَانٌ: کیڑا۔

دُوْدَةُ القَزّ: ریشم کا کیڑا۔

دُوْدِیّ: کیڑے دار، کیڑے نما، کیڑے کا

الزَّائِدَةُ الدُّوْدِیَّة: اپینڈیکس، زائد آنت۔

اِلْتِهَابُ الزَّائِدَةِ الدُّوْدِیَّة: زائد آنت میں درد و سوزش پیدا ہونا۔

دَوَاءٌ طَارِدٌ لِلدِّیْدَان: کیڑا مار دوا۔

مَدْوُدٌ، مُدَوَّدٌ: کرم خوردہ، کیڑا لگا۔

دَوَّرَ تَدْوِیْراً: گول بنانا۔

دَوَّرَ و أَدَارَ: گھمانا، گردش دینا۔

دَوَّرَ و أَدَارَ العَمَلَ: کام چلانا، انجام دینا، کام جاری رکھنا، انتظام کرنا۔

دَوَّرَ و أَدَارَ السَّاعَة: گھڑی میں چابی بھرنا۔

دَوَّرَ و أَدَارَ الآلَة: مشین چالو کرنا۔

دَوَّر و أَدَارَ الحَرَکَة: تحریک چلانا۔

دَارَ دَوْرًا و دَوَرَاناً: گھومنا، چکر لگانا، محور پر گھومنا (۳) رخ پھرنا (۳) منتقل ہونا (۴) ادل بدل ہونا۔ (۵) گشت لگانا (۶) سرایت کرنا (۷) مکرر ہونا (۸) لوٹنا، رخ پھیرنا۔

دَارَ عَلَیْهِ الشَّیْء: الٹنا، پلٹنا، لوٹ کر آنا۔

دَارَ الرَّأْسُ: سر میں چکر آنا۔

دَارَ مَعَ الزَّمَنِ: زمانہ کے ساتھ چلنا۔

دَارَ عَلَی القَوْمِ بِالشَّیْءِ: پیش کرنا، جام وغیرہ کا دور چلانا۔

دَاوَرَهُ مُدَاوَرَةً: کسی کے ساتھ گھومنا۔

اِسْتَدَارَ و تَدَوَّرَ: گھومنا، گول ہونا

اِسْتَدَارَ العَطْفَ علی نَفْسِه: اپنے لیے ہمدردی حاصل کرنا۔

دَارٌ ج: دُوْرٌ و دِیَارٌ: گھر

دَارُ الآثَار: میوزیم۔

دَارُ التَّمْثِیْل: تھیٹر، تماشہ گاہ، سینما گھر۔

دَارُ السَّلَام: دارالامن۔

دَارُ الاَسْلِحَة: اسلحہ خانہ۔

دَارُ البَلَدِیَّة: ٹاؤن ہال۔

دَارُ السِّفَارَة: سفارت خانہ۔

دارالسَّک: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال۔

دَارُ الضَّرْب: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال

دَارُ ضَرْبِ النُّقُوْد: سکہ بنانے کی جگہ، ٹکسال۔

دَارُ الضِّیَافَة: مہمان خانہ

دَارُ العُلَمَاء: اکیڈمی۔

دَارُ العَدْل: کورٹ ہاؤس، عدالت

دَارُ القَضَاء: کورٹ ہاؤس، عدالت، کچہری، ٹریبونل۔

دَارُ الکُتُب: لائبریری، کتب خانہ۔

دَارُ المَجْلِس: اسمبلی ہاؤس۔

دَارُ المَحْفُوْظَاتِ الأَهْلِیَة: قومی محافظ خانہ۔

دَارُ المَحْکَمَة: کچہری۔

دَارُ القُنصُلِيَّة: کونسل خانہ۔
دَائِـرٌ: (۱) گردش کرنے والا (۲) دائرہ میں گھومنے والا (۳) متحرک (۴) گول (۵) رائج (۶) متداول (۷) لوٹ کر آنے والا (۸)، چالو، مصروف کار۔
دَائِرَةٌ: حلقہ، علاقہ (۲) آفس، دفتر (۳) محکمہ، سرکل (۴) آسمانی یا جغرافیائی تقسیم کا علاقہ، زون ج: دَوَائِرُ
دَائِرَةٌ انتِخَابِيَّة: الیکشن کا حلقہ، حلقۂ انتخاب۔
دَائِرَةٌ البُولِيس: کوتوالی، تھانہ۔
دَائِرَةٌ حُكُومِيَّة: سرکاری دفتر۔
دَائِرَةٌ الخِدْمَةِ الوَطَنِيَّة: محکمۂ شہری خدمات۔
دَائِرَةُ الشُّرْطَة: پولیس آفس، کوتوالی۔
دَائِـرَةُ الطُّرُوْدِ البَرِيْدِيَّة: محکمہ پارسل پوسٹ۔
دَائِرَةٌ مَالِيَّة: محکمہ مالیات۔
دَائِـرَةٌ مَعَـارِفٍ: انسائیکلوپیڈیا، مختلف علمی معلومات کا ذخیرہ۔
دَائِرَةٌ (مِنْ مَدِيْنَةٍ): وارڈ (ward)
دَائِرَةُ النَّشَاط: دائرۂ عمل۔
دَائِرَةٌ هَنْدَسِيَّة: گول حلقہ، سرکل
دَوَائِرُ الانتِخَاب: انتخابی حلقے۔
دَوَائِرُ الحُكُوْمَة: سرکاری حلقے۔
الدَّوَائِرُ دِيْنِيَّة: مذہبی حلقے۔
دَوَائِرُ رَسْمِيَّة: سرکاری حلقے۔
دَوَائِرُ سِيَاسِيَّة: سیاسی حلقے۔
الدَّوَائِرُ المَسْئُولَة: ذمہ دار حلقے۔
دَوَائِرُ المُعَارَضَة: اپوزیشن حلقے۔

دَائِرِيٌّ: دائرہ نما۔
دَوْرٌ ج: أَدْوَارٌ: (۱) نمبر (۲) باری (۳) فرصت، وقت (۴) بیماری کا حملہ یا مقررہ وقت (۵) آب پاشی کی باری (۶) درجہ، منزل (۷) حالت (۸) پارٹ، کردار، رول (۹) کاموں کا سلسلہ
دَوْرٌ مِنْ مَنْزِلٍ: عمارت کا ایک حصہ، ایک منزل، اسٹوری۔
الدَّوْرُ الأَرْضِيّ (مِنْ مَبْنًى): گراؤنڈ فلور، نچلی منزل۔
دَوْرٌ إِيْجَابِيّ: مثبت رول۔
الدَّوْرُ البُطُولِيّ: بہادرانہ کردار۔
دَوْرُ التَجْرِبَةِ: تجرباتی دور۔
دَوْرٌ حَاسِمٌ: اہم پارٹ، زبردست پارٹ
الـدَّوْرُ الـطَّلِيْعِيّ: رہنمایانہ کردار، قائدانہ کردار۔
الدَّورُ العَلَوِيّ: بالائی منزل
ادَوْرٌ قِيَادِيّ: قائدانہ رول۔
الدَّوْرُ المُتعَاظِم: زبردست کردار، پارٹ۔
الدَّورُ النَّشِيْط: موثر کردار۔
بَـالـدَّوْر: نمبر سے، باری سے، باری باری
دَوَرَانُ الايَّام: دن پھر جانا، انقلابِ زمانہ۔
دَوَرَانُ الـحَدِيْثِ حَوْلَ المَسَائِل: مسائل کے بارہ میں بات چیت ہونا۔
دَوَرَانُ الاَحَـادِيْـثِ الوُدِّيَّة: دوستانہ گفتگو ہونا۔
دَوَرَانُ الشَّئِ بالمُخَيِّلَة: دماغ میں گھومنا۔
دَوَرَانُ الـمَعْرَكَةِ عَلَى مَقْرَبَةٍ مِنَ الطَّائِرَة:

ہوائی جہاز کے قریب لڑائی ہونا۔

دَوَرَانُ المُفاوَضات حَوْلَ الافْرَاج عَنْ فُلان: کسی کی رہائی کے سلسلہ میں بات چیت ہونا۔

دَوْرَة: اجلاس، سیشن، سیزن، مقررہ وقتی کمیٹی کا اجلاس (۲) ایک چکر، ایک گشت، ایک پھیرعمامے وغیرہ کا۔

دَوْرَةُ الامَمِ المُتَحِدَة: اقوام متحدہ کا اجلاس۔

دَوْرَةُ انعقاد الجلسات: میٹنگوں کا سیزن۔

دَوْرَةُ انْعِقَادِ مَجْلِسِ النُّوَّاب: پارلیمنٹ سیزن۔

دَوْرَةُ البَرْلَمان: پارلیمنٹ کا اجلاس۔

دَوْرَةٌ تَدْرِيْبِيَّة: تربیتی کورس۔

دَوْرَةٌ طَارِئَة: ہنگامی اجلاس۔

دَوْرَةٌ مِنَ الطَّلَبَةِ المُتَخَرِّجين: کھیپ۔

دَوْرَةُ المِيَاه: لیٹرین، بیت الخلاء طہارت خانہ

دَوْرِیّ: گشتی دستہ، وقفہ متعینہ کا، وقفہ جاتی۔

دَوْرِيّاً: وقفہ والا، وقفہ کے ساتھ۔

دَوْرِيَّة: گشتی دستہ، گشتی پارٹی ج: دَوْرِيَّات:

رِيْحٌ دَوْرِيَّة: مون سون۔

نَشْرَةٌ أومَطْبُوعَةٌ دَوْرِيَّة: میعادی اشاعت، کتاب وغیرہ جو مقررہ وقت پر شائع ہو۔

دُوَارُ الرَّأس: سر کا چکر، گھمیر۔

دَوَّارٌ: گشت لگانے والا، برابر حرکت میں رہنے والا، متحرک، چلتا پھرتا۔

بَائِعٌ دَوَّارٌ: پھیری لگا کر بیچنے والا۔

دَوَّارَةُ الهَوَاء: ہوا کا رخ بتانے والا پنکھا۔

دَيْرٌ ج: أَدْيِرَة و أَدْيَارٌ: عیسائی خانقاہ۔

دَيَّارٌ: راہب۔

اِدَارَة: گھمانا، پھرانا، چلانا (۲) گردش (۳) انتظام کرنا (۴) انتظام، نظم ونسق، مینجمنٹ (۵) سروس (۶) ڈیپارٹمنٹ (۷) حکومت، ایڈمنسٹریشن، انتظامیہ (۸) دفتر، محکمہ، ڈائرکشن۔

إدَارَةُ الآلَة: مشین چلانا۔

إدَارَةُ إبْرَة الرَّادِيُو لِلاسْتِمَاع إلى بَرْنَامَج: کوئی پروگرام سننے کے لیے سوئی گھمانا۔

إدَارَةُ أَعْمَال: کاروبار چلانا، انتظام کرنا۔

إدَارَةُ تَخْدِيْم: امپلائمنٹ آفس، کام دینے کا محکمہ۔

إدَارَةُ الحَرْب: جنگ لڑانا۔

إدَارَةُ الحَرَكَة: تحریک چلانا۔

إدَارَةُ الحُكْم: حکومت چلانا۔

إدَارَةُ شُئُوْنِ المَنْزِل: گھر کا کاروبار چلانا۔

إدَارَةُ العَمَل: کام چلانا، انجام دینا۔ کام جاری رکھنا، انتظام کرنا۔

إدَارَةُ قُرْصِ التِّلِيْفُوْن: ڈائل کرنا۔

إدَارَةُ المَاكِيْنَات: مشینیں چلانا۔

إدَارَةُ المَعْرَكَة: جنگ کو چلانا، جنگ لڑانا۔

إدَارَةُ المُفَاوَضَات: بات چیت کرنا۔

إدَارَةُ المَكَاتِب: دفاتر کو چلانا۔

إدَارَةُ المُنَاقَشَة: مباحثہ کرنا، زیر بحث لانا۔

إدَارِيّ: انتظامی، انتظام سے متعلق، ڈپارٹمنٹل۔

الإدَارِيُّوْن: ملازمین۔

رَئِيسُ الإدَارَة: منتظم، افسر انتظامیہ

مَجْلِسُ الإدَارَة: مجلس انتظامیہ،

انتظامی بورڈ۔
مَرْکَزُ الإدَارَة: ہیڈکوارٹر انتظامیہ، افسر انتظامیہ کا صدر مقام۔
اِستِدَارةٌ: گولائی۔
مَدَارٌ: محور، قطب۔
مَدَارُ الأرْض: زمین کا مدار۔
مَدَارُ البَحْث: موضوع بحث، ٹاپک
مُدَارَاة: آؤ بھگت، خاطر تواضع
مُدَارَاةُ المَوْقِف: اپنی بات نبھانا۔
مَدَارٌ و مُستَدَارٌ: فلک۔
مَدَارُ الحَدِیْث: موضوع گفتگو، نقطہ کلام۔
عَلیٰ مَدَارِ السَّنَة: تمام سال، سال بھر۔
مُدَاوِرٌ: زمانہ ساز، وقت شناس، زمانہ کے ساتھ چلنے والا۔
مُدِیْر: منیجر، ڈائریکٹر، ایڈمنسٹریٹر۔
مُدِیْرُ الإحْصَاء: افسر اعداد وشمار۔
مُدِیرُ إدَارَة المَرَاسِیْم: صدر محکمہ استقبالیہ، چیف آف پروٹوکول۔
مُدِیْرُ الإعْلانَات: منیجر اشتہارات
مُدِیْرُ الأمْن: سپرنٹنڈنٹ پولیس
مُدِیْرُ البُرُوْتُوکُول: صدر محکمہ استقبالیہ، چیف آف پروٹوکول۔
مُدِیْرُ التَّحْرِیر: اڈیٹر۔
مُدِیْرُ التَّصْدِیر: ایکسپورٹ منیجر
مُدِیْرُ الجَمَاعة: ناظم۔
مُدِیْرُ الحَرَکَة: ٹریفک افسر۔
مُدِیْرُ الضَّرَائِب: ٹیکس ڈائریکٹر
المُدِیرُ العَامّ: ڈائریکٹر جنرل، جنرل منیجر۔
مُدِیرُ عَامَّ الحِسَابَات: اکاؤنٹنٹ جنرل۔
المُدِیرُ العَامُّ لِقُوی الأمْنِ: حفاظتی پولیس کا جنرل انسپکٹر، آئی جی۔
مُدِیْرُ عَمَلٍ: منیجر، منتظم، ڈائریکٹر۔
مُدِیْرُ العَمَلِیَات الحَرْبِیَّة: جنگی کارروائی کا انچارج۔
مُدِیْرُ الفُرُوْع: برانچ منیجر۔
مُدِیْرٌ لإحْدیٰ الإدَارَاتِ الحُکُومِیَّة: کمشنر۔
مُدِیْرُ المَبَاحِثِ الجِنَائِیَّة: افسر فوجداری تحقیقات۔
مُدِیْرُ المَبِیْعَات: سیلز منیجر۔
مُدِیْرُ المَحَطَّة: اسٹیشن ماسٹر۔
مُدِیْرُ المَحَلّ: اسٹور منیجر۔
مُدِیْرُ المَدْرَسَة: پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، ناظم، مہتمم۔
مُدِیْرُ المَرَاسِیْم: پروٹوکول افسر۔
مُدِیْرُ مُسَاعِد: اسسٹنٹ منیجر۔
مُدِیْرُ المُسْتَخْدَمِیْن: اسٹاف منیجر۔
مُدِیْرُ مَعْهَد الدِّفَاعِ المَدَنِیّ: سول ڈیفنس ادارہ کا منیجر۔
مُدِیْرُ مَکْتَبِ البَرِیْد: پوسٹ ماسٹر۔
مُدِیْرُ مُؤَسَّسَةٍ تِجَارِیَّة: تجارتی ادارہ کا منیجر۔
مُدِیْرُ مُؤَسَّسَةٍ صِنَاعِیَّة: آپریٹر، صنعتی ادارہ کا منیجر۔
مُدِیْرُو الأقْسَام: نظماء شعبہ جات۔

مُدِیْرِیَة: (۱) ضلع (۲) مصری صوبہ
دَوْسٌ: (ن) پیر رکھنا، پیروں سے روندنا، غلہ گاہنا۔ مسلنا۔
دُوسِیه، دُوسِیِیه: فائل۔
دَوّاسَة ج: دَوّاسَات: بائیسکل یا کسی انجن مشین وغیرہ کا پیڈل۔
مِدْوَسٌ ج: مَدَاوِس: پیڈل
دَاسَ القِطَارُ أو العَرَبةُ فُلاناً: ریل یا گاڑی نے فلاں کو کچل دیا، یا فلاں کے اوپر سے اتر گئی، فلاں شخص ریل یا گاڑی کے نیچے آ گیا۔
مَدُوْسٌ، مُدَاسٌ: قدموں سے روندا ہوا، مسلا ہوا۔
دُوْسِنْطَارِیَا، دُوْسِنْتَارِیَا: (معرب) ڈی سنٹری، شدید پیچش۔
دَوْفَ: (ن) دوا وغیرہ کو پانی میں ملانا (۲) انڈے پھینٹنا۔
دَوْقَ: (ن) کھانا، چکھنا۔
دَوْکَ: (ن) لوگوں کا مضطرب ہونا۔
دَوْکَة: بے چینی، اضطراب ہنگامہ، شور وغل۔
دُوْکَار: ٹم ٹم۔
دَوْلَة: (۱) زمانہ کا دور (۲) انقلاب (۳) گردشِ زمانہ۔
دَوْلَة (۲) ج: دُوَلٌ: حکومت، ریاست، بادشاہت، مملکت، ملک، کنٹری، اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ اِتِّحَادِیَة: وفاقی ریاست۔
دَوْلَةٌ اِسْتِبْدَادِیَة: جابر حکومت۔
دَوْلَةٌ اسْتِعْمَارِیة: سامراجی حکومت۔
الدَّوْلَةُ البُولِیسِیَّة: پولیس اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ دَاعِیَة: میزبان ملک۔
دَوْلَةٌ دِیمُقْرَاطِیَّة: ڈیموکریٹک ملک، جمہوری ملک۔
دَوْلَةٌ الرَّخَاء و الرِّعَایَةِ الاجْتِمَاعِیَّة: سوشل ویلفیئر اسٹیٹ، عام رفاہی ریاست
دَوْلَةٌ رَفَاهِیَة: ویلفر اسٹیٹ، فلاحی ریاست۔
دَوْلَةٌ عَازِلَةٌ (دَوْلَةٌ حَاجِزَة: بفر اسٹیٹ۔ دو حکومتوں کے درمیان فاصل حکومت
دَوْلَةٌ عِمُلاقَة: دیوقامت سلطنت، دیو قامت ریاست۔
دَوْلَةٌ عَمِیلَة: آلہ کار حکومت۔
دَوْلَةٌ مُتَخَلِّفَة: پسماندہ ملک
دَوْلَةٌ مُعَادِیَة: دشمن ملک، دشمن اسٹیٹ، دشمن سلطنت۔
الدَّوْلَةُ المُعْتَدِیَة: حملہ آور ملک، حملہ آور اسٹیٹ۔
دَوْلَةٌ مُتَقَدِّمَة: ترقی یافتہ ملک۔
دَوْلَةٌ نَامِیَة: ترقی پذیر ملک۔
صَاحِبُ الدَّوْلَة: وزیر اعظم کا لقب۔
الدُوَلُ الأعْضَاءُ: ممبر ممالک۔
دُوَلُ الخَلِیجِ العَرَبِیّ: خلیج عرب کے ممالک۔
الدُوَلُ الشَقِیقَة: پڑوسی ممالک۔
الدُوَلُ الصَّدِیقَة: دوست ممالک۔
الدُوَلُ الصِنَاعِیَة: صنعتی ممالک۔
دُوَلُ عَدَمِ الانْحِیَاز: غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ العُظْمَی: بڑے ممالک، بڑی طاقیں، بڑی حکومتیں۔
الدُّوَلُ الغَیْرُ المُنْحَازَة: غیر جانبدار ممالک۔

الدُّوَلُ الفَقِیرَة: غریب ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَأَخِّرة: پسماندہ ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَحَارِبَة: برسرپیکار ممالک۔
الدُّوَلُ المُتَحَالِفَة: حلیف ممالک، متحدہ حکومتیں۔
الدُّوَلُ المُتَّحِدَة: اقوام متحدہ۔
الدُّوَلُ المُتَضَرِّرَةُ اقْتِصَادِیاً: اقتصادی طور پر نقصان رسیدہ ممالک۔
الدُّوَلُ المُحَایِدَة: غیر جانبدار ممالک۔
الدُّوَلُ المِحْوَر: بنیادی حکومتیں، بنیادی اہمیت کے ممالک۔
دُوَلُ المُشَارِکَة: حصہ دار حکومتیں۔
دُوَلٌ مُصَدِّرَة: برآمد کرنے والے ممالک۔
الدُّوَلُ المُصَنِّعَة: صنعتی ممالک۔
الدُّوَلُ المُنْتِجَة: پیداوار والے ممالک۔
الدُّوَلُ المُنْحَازَة: جانبدار ممالک۔
دُوَلُ المُوَاجَهَة: براہ راست مقابل ممالک۔
دُوَلِیٌّ: بین الاقوامی، انٹرنیشنل، عالمی۔
دُوَلِیّ: قومی، ملکی، ریاستی۔
دُوَلِیاً: بین الاقوامی سطح پر۔
دُوَیْلَة ج: دُوَیْلات: چھوٹی سی ریاست، حکومت۔
دَوَالَیْکَ: یکے بعد دیگرے، نمبردار۔
وهٰکَذَا دَوَالَیْکَ: (إلی آخِرِة): (اسی طرح اور)
دَالَ ـُ دَوْلَةً و دَوْلاً: زمانہ بدلنا، ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا۔
دَالَتْ عَلَیْهِ الدَّوْلَةُ: اس پر مصیبت آئی، اس کے خلاف تبدیلی آئی۔
دَالَتْ لَهُ الدَّوْلَةُ: اس کے حق میں تبدیلی آئی۔
دَوَالَهُ مُدَاوَلَةً وأَدَالَهُ: مروج بنانا، دائر سائر کرنا۔
تَدَاوُل: باہم لین دین کرنا (۲) باہم مشورہ کرنا (۳) باہم بات چیت کرنا (۴) تبادلہ خیال کرنا (۵) رواج، سرکلیش، اٹھاؤ، چلن، گفتگو، بات چیت۔
تَدَاوُلُ رِسَالَةٍ: ایک دوسرے کو پیغام دینا۔
تَدَاوُلُ العُمْلَةِ: سکہ چلنا، سکہ کا چلن
تَدَاوُلُ النَّاسِ الشَّیْءَ: زیر بحث لانا، استعمال میں لانا۔
تَدَاوَلَتْه الأَلْسُنُ: کسی بات کا چرچا ہونا۔
تَدَاوَلَتْهُ الأَیْدِی: کسی چیز کا کام میں آنا، کسی چیز کا استعمال میں آنا۔
تَدْوِیل: رواج دینا، عام کرنا۔
تَدْوِیل: (۲) بین الاقوامی بنانا یا قرار دینا
مُدَاوَلَةٌ ج: مُدَاوَلات: مخصوص بات چیت، بحث، ڈبیٹ، گفتگو، بات چیت۔
مُتَدَاوَل: رائج، مستعمل، مسلسل، مروجہ، دست گرداں، دائر سائر، رائج الوقت۔
دُوْلاب: (۱) مشین (۲) آلہ (۳) پہیہ (۴) الماری ج: دَوَالِیب
دُوْلابُ الحِفْظ: فائلنگ الماری۔
دُوْلار: ڈالر۔
الدُّوْلَا رَاتُ النِّفْطِیَّة: پٹرو ڈالر۔
دَوَّمَ الطَّائِرُ: فضا میں پرندہ کا چکر لگانا۔
دَامَ ـُ دَوْماً و دَوَاماً: گھومنا، چکر

لگانا (۲) ہمیشہ رہنا، برقرار رہنا۔
دَاوَمَ عَلیٰ مُدَاوَمَةً: پابندی کرنا، کوئی فعل مسلسل کرنا، ہمیشہ کرنا۔
أَدَامَ إِدَامَةً: دوام عطا کرنا۔
اسْتَدَامَ: برقرار رہنا، مسلسل رہنا،
دَوْمٌ، دَوَامٌ: ہمیشگی، تسلسل، بقاء، ابدیت، لاقانیت۔
دَوْماً، عَلَی الدَّوَام: ہمیشہ۔
دُوَّامَة: لٹو، پھرکی (۲) چکر، سلسلہ۔
دُوَامٌ: سرکا چکر۔
دُوَامٌ رَسْمِیٌّ: سرکاری اوقات کار۔
دِوَامٌ، اسْتِدَامَة: بقاء۔
دَائِمٌ: دائمی، مستقل، پرمانٹ، برقرار، لازوال (ضدِ مُوَقَّت)
دَائِماً، دَوَاماً: ہمیشہ، آئے دن،
مَادَامَ: جب تک۔
مُدَامٌ وَمُدَامَةٌ: شراب۔
مُدَاوَمَة: پابندی۔
دُوْمِین: سرکاری مقبوضات۔
دَوَّنَ تَدْوِیناً: لکھنا، مدون کرنا، قلمبند کرنا، نوٹ کرنا۔
دَوَّنَ التَّارِیْخَ: تاریخ مرتب کرنا۔
تَدْوِیْن: اندراج، رجسٹریشن، نوٹ کرنا، ریکارڈ کرنا۔
تَدْوِیْنُ الشَّیْءِ فِي الیَوْمِیَّات: ڈائری میں نوٹ کرنا، لکھنا۔
تَدْوِیْنُ القَوَانِیْن: قانون سازی
دُوْنَ: کم، کم درجہ (۲) سامنے (۳) درے۔
دُوْنَ أَن، مِنْ دُوْنِ أَنْ: بغیر، اس کے بغیر، بغیر اس کے کہ۔
دُوْنَ إِخْطَارٍ: بلا اطلاع۔
دُوْنَ اِرْتِبَاطٍ: بے جوڑ، بے ربط۔
دُوْنَ تَحَفُّظٍ: بلا احتیاط۔
دُوْنَ سَابِقِ عِلْمٍ عَنْ: پہلے سے کسی اطلاع کے بغیر۔
دُوْنَ مُنَازِعٍ: بلا اختلاف۔
بِدُوْنِ: بے، بلا، بغیر۔
بِدُوْنِ أَسَاسٍ: بے بنیاد۔
بِدُوْنِ سَفْكِ دِمَاءٍ: بلا خونریزی۔
بِدُوْنِ ضَرِیْبَةٍ: بلا ٹیکس۔
بِدُوْنِ فَوَائِدَ: بلا سود۔
بِدُوْنِ قَیْدٍ أَوْ شَرْطٍ: بلا قید و شرط۔
بِدُوْنِ مَصْرُوفَاتٍ: بلا خرچ۔
بِدُوْنِ مُقَابِلٍ: مفت۔
بِدُوْنِ مُقَدَّمَاتٍ: بلا تمہید۔
دُوْنَکَ: لے۔
الدِّیْوَان: دیوان، کمپارٹمنٹ، دفتر، امورِ انتظامیہ کا مرکز (۲) عدالت، کچہری
دِیْوَانُ المُحَاسَبَة: محکمہ حسابات
الدِّیْوَانُ المَلَكِیّ: شاہی کیبنٹ، شاہی دفتر، شاہی سکریٹریٹ۔
دِیْوَانُ شِعْرٍ: کتاب اشعار ج: دَوَاوِیْنُ
دِیْوَانٌ فِی قِطَارٍ حَدِیْدِیّ: ریلوے کمپارٹمنٹ۔
دَوَّی و دَوَی ـِ دَوِیًا: گرج ہونا، گونج دار آواز ہونا۔
دَوِیَ ـَ دَوًی: بیمار ہونا۔
دَاوَی المَرِیضَ مُدَاوَاةً: علاج کرنا، دوادارو

کرنا، دوا دینا۔
دَوَاءٌ ج: اَدْوِیَة: علاج، دوا، میڈیسن۔
دَوَاءٌ مُقَوٍّ: ٹانک۔
الأَدْوِیَة المُخَدِّرَة: نشہ آور دوائیں۔
دَوِیَ: تہلکہ، گونج (۲) گونج دار۔
دَوِیُّ المِدْفَع: توپ کی گرج۔
دَوَاة ج: دُوِیٌّ: دوات۔

د.....ی

دَیْدُبَان: سنتری، پہریدار۔
دِیْزِل: ڈیزل۔
دَیْزَلَة (تَزْوِیْدٌ بِدِیْزِل): ڈیزل ڈالنا۔
دِیْسِیْجِرَام: (مع) ڈیسی گرام۔
دِیْسِیْمِتْر: (مع) ڈیسی میٹر۔
دِیْسَمْبَر: (مع) ماہ دسمبر۔
دِیکْرِیتو: (مع) فرمان عالی، فرمان حکومت، حکم، فیصلہ۔
دِیْکٌ ج: دُیُوک: مرغا۔
دِیْمُقْرَاطِیّ: جمہوری، عوامی، ڈیموکریٹک (مع)
دِیْمُقْرَاطِیَّة: جمہوریت، ڈیموکریسی، عوامیت (مع)۔
دِیْمُوْطِیْقِیّ: جمہوری۔
دَیْنٌ ج: دُیُوْن: قرض (۲) حق (۳) عہد۔
دَیْنٌ هَالِکٌ: ناقابل وصول قرض۔
الدَّیْنُ الأَهْلِیّ: قومی قرضہ۔
دَیْنٌ مُؤَجَّلُ الدَّفْع: میعادی قرضہ۔
دُیُوْنٌ خَارِجِیَّة: بیرونی قرضے۔
دُیُوْنٌ دَاخِلِیَّة: گھریلو قرضے۔
دُیُوْنٌ سَائِرَة: چالو قرضے، مختصر المیعاد قرضے۔
دُیُوْنٌ عَادِیَّة: عمومی قرضے، معمولی قرضے۔
دُیُوْنٌ عَامَّة: عوامی قرضے۔
دُیُوْنٌ مُجَمَّدَة: منجمد قرضے۔
دُیُوْنٌ مَضْمُوْنَة: ضمانت پر دیئے ہوئے قرضے۔
دُیُوْنٌ مُمْتَازَة: خصوصی قرضے۔
الدُّیُوْنُ المَمْنُوحَة: دیئے ہوئے قرضے۔
بِالدَّیْنِ: علی الحساب۔
مَدِیْن: قرض دار
مَدِیْنٌ: احسان مند۔
قَضٰی دَیْنَه: قرض ادا کیا (۲) مر گیا۔
دِیْنٌ ج: أَدْیَانٌ: (۱) مذہب (۲) عقیدہ (۳) پرہیزگاری (۴) عبادت (۵) جزا، بدلہ۔
دَیِّنٌ: دیندار، مذہبی، عبادت گزار۔
دَانَه ـِ دَیْناً: (۱) قرض دینا (۲) محکوم بنانا، ذلیل بنانا۔
دَانَ له ـِ دَیْنًا: کسی کے سامنے اظہار عجز کرنا، فرمانبرداری ہونا۔
دَانَ لَه بکذا ـِ دَیْناً: ممنون ہونا۔
دَانَ بِدِیْنٍ ـِ دِیْناً و دِیَانَةً: مذہب اختیار کرنا۔
تَدَیَّنَ بِکَذَا: مذہب اختیار کرنا۔
تَدَیَّنَ وَاسْتَدَانَ: قرض لینا، لون لینا۔
إِدَانَة: قرض لینا، قرض دینا، مذمت کرنا، ذلیل کرنا، مجرم قرار دینا، الزام لگانا۔
دَائِنٌ: قرض دار، قرض خواہ
دَیَانَة: مذہب ج: دِیَانَات
دِیْنَامِیْت: (معرب) ڈائنامیٹ، ایک پھٹنے والا مادہ۔

دِیْنَمُو: (معرب) ڈائنمو، برقی رَو پیدا کرنے	والی مشین۔

ذ

ذ.....ا

ذَا، هٰذَا: یہ اسم اشارہ واحد۔
مذکر قریب کے لیے ج: اُولَاءِ، هٰؤُلَاءِ
ذَاکَ، ذٰلِکَ: وہ، اسم اشارہ واحد۔
مذکر بعید کے لیے ج: اُولٰئِکَ
اِذْذَاکَ: تب، اس وقت۔
مَاذَا: کیا؟
لِمَاذَا: کیوں، کس لیے؟
ذَأَبَ ـَ ذَأْباً و ذَأَّبَ: خوف دلانا۔
ذِئْبٌ ج: ذِئَابٌ و أَذْؤُبٌ، و ذُؤْبَانٌ: بھیڑیا۔
ذِئْبَة: بھیڑیے کی مادہ۔
ذُؤَابَة ج: ذَوَائِبُ: گیسو، بالوں کی لٹ۔

ذ.....ب

ذَبَّ عَنْه ـُ ذَبّاً: دفاع کرنا، بچاؤ کرنا، نقصان رفع کرنا۔
ذُبَابَةٌ ج: ذُبَابٌ: مکھی۔
مِذَبَّةٌ: (۱) مکھیاں اڑانے کا پنکھا (۲) ذریعہ دفع مضرت۔
ذَبَحَ ـَ ذَبْحاً: ذبح کرنا، کاٹنا، قربانی کرنا، مار ڈالنا۔
ذَبَّاح: قصاب۔
ذَبِیْحٌ، ذَبِیْحَة ج: ذَبَائِح: قربانی، قربانی کا جانور، ذبح شدہ جانور۔
مَذْبَحَةٌ: فساد، قتل وغارت گری، خونریزی، ذبح خانہ، خون خرابہ ج: مذابح ذَبْذَبَة: ہلانا (۲) ہلنا (۳) تردد میں پڑنا۔
تَذَبْذُب: ہلنا (۲) تردد میں پڑنا۔
ذَبْذَبَة: (۲): تردد۔
ذَبْذَبَةُ السُّوْق: بازار کا اتار چڑھاؤ۔
مُذَبْذَبٌ: متردد، ڈانواڈول۔
ذَبُلَ ـُ ذُبُولاً و ذَبْلاً: مرجھانا، پژمردہ ہونا۔
ذُبُول: افسردگی۔
ذُبَالَةُ الْمِصْبَاح: چراغ کی بتی ج: ذُبَال
ذَابِلٌ: پژمردہ، افسردہ، مضمحل۔
ذَابِلُ الوَجْه: افسردہ۔
عَیْنٌ ذَابِلَة: چشم نیم باز، مخمور نگاہ۔

ذ.....خ

ذَخَرَ ـَ ذَخْراً و ذُخْراً: ذخیرہ کرنا، جمع کرنا، اسٹاک کرنا، کسی چیز کو وقت ضرورت کے لیے محفوظ رکھنا۔
ذَخِیْرَة ج ذَخَائِر: جمع کردہ مال، سامان، اسٹاک گولہ بارود، امونیشن (۲) فنڈ،

اسٹور (۳) سرمایہ۔
ذَخِيرَةٌ حَرْبِيَّة: جنگی ساز وسامان۔
ذَخَائِرُ حَرْبِيَّة: میگزین، اسلحہ خانے
ذَخِيرَةٌ مُقَدَّسَة: پاک سرمایہ۔
ذَاخِر: اسٹاکسٹ۔
اِدِّخَار، اِدْخَار: چھپا کر رکھنا، جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، (۲) روپیہ بچانا، سیونگ، بچت، بچت کرنا۔
اِدِّخَارٌ إجْبَارِيّ: جبری بچت۔

ذ.....ر

ذَرَبَ ـُـ ذَرْباً: تلوار تیز کرنا۔
ذَرِبَ ـَـ ذَرَباً: پیٹ یا معدہ خراب ہونا (۲) تیز زبان ہونا۔
ذَرَبُ البَطْنِ: اسہال، دستوں کی بیماری۔
ذَرِبٌ: بیمار، دستوں کا مریض۔
رَجُلٌ ذَرِبٌ: بدزبان آدمی، تیز زبان۔
ذَرَّ ـُـ ذَرّاً: بکھیرنا، پھیلانا، چھڑکنا۔
ذَرٌّ، ذَرَّة: چھوٹی چیونٹی۔
ذَرَّة ج: ذَرَّات: (مِقْدَارٌ بَالِغُ الصِّغَر): آئٹم، مادہ کا وہ سب سے چھوٹا جز جس کی مزید تقسیم نہ ہو سکے، جوہر فرد (۲) خاک کا ذرہ، ریزہ۔
ذَرَّةٌ كَهْرَبِيَّة: برق پارہ۔
مِثْقَالَ ذَرَّةٍ: ذرہ برابر۔
ذَرِّيّ: ایٹمی، جوہری، جزلاتجزی کا، ایٹومک، نیوکلیائی۔
النَّظَرِيَّة الذَّرِّيَّة: نظریہ جوہر، یہ نظریہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزاء مادہ پر مشتمل ہیں جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ہیں اور مختلف اشیاء کے جوہر جب ترکیب پاتے ہیں تو ایک خاص تناسب کے ساتھ ملتے ہیں اور ان کا یہ تناسب وہی ہوتا ہے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیائی ترکیب پاتے ہیں (انگلش اسٹینڈرڈ ڈکشنری)۔
قُنْبُلَةٌ ذَرِّيَّة: آئٹم بم۔
ذَرُور: پاؤڈر، سفوف، برادہ، مٹی۔
ذَرُورُ الأسْنَان: ٹوتھ پاؤڈر۔
ذَرُورٌ مَعْدِنِيّ: ابرق (ایک قسم کی چمکیلی دھات)
ذَرُورِيّ: پاؤڈر جیسا ملائم۔
ذُرِّيَّة ج: ذُرِّيَّات: نسل۔
ذَرَعَ إلَيه و عِنْدَهُ ـَـ ذَرْعاً: سفارش کرنا۔
تَذَرُّعٌ بالحَزْم: احتیاط سے کام لینا۔
تَذَرُّعٌ بِذَرِيعَةٍ: وسیلہ بنانا، ذریعہ بنانا، واسطہ بنانا۔
تَذَرُّعٌ بكذا: آڑ لینا۔
ضَاقَ ذَرْعاً بِالأمْرِ: تنگ ہو گیا، پریشان ہو گیا۔
ذِرَاعٌ ج: أذْرُعٌ: بازو، ہاتھ، کہنی سے بیچ کی انگلی تک (۲) طاقت۔
ذِرَاع: (۲) قدیم لولی پیمانہ ۱۸ سے ۲۲ انچ تک کا، درعہ، نیم گز۔
ذِرَاعُ التُّرُوس أو المُسَنَّنَات: گیر لیور
ذَرِيعٌ: (۱) سفارش کرنے والا (۲) تیز رفتار۔
قَتْلٌ ذَرِيعٌ: بدترین قتل۔
فَشَلٌ ذَرِيعٌ: بدترین ناکامی۔
ذَرِيعَةٌ ج: ذَرَائِع: وسیلہ۔

ذَرَفَ الدَّمْعُ ـِ ذَرْفاً و ذُرُوْفاً و ذَرَفَاناً: آنسو بہنا۔
ذَرَفَتِ العَیْنُ دَمْعَهَا: آنکھ نے آنسو بہایا، آنکھ سے آنسو ٹپکا۔
ذَرَقَ ـُ ذَرْقاً: بیٹ کرنا۔
ذَرْقٌ: پرندوں کی بیٹ۔
ذَرَّی تَذْرِیَةً و ذَرَی الحِنْطَةَ ـِ ذَرْیاً و ذَرَا ـُ ذَرْواً و أذْرٰی: غلہ ہوا میں اڑانا۔
ذَرَّتِ الرِّیْحُ التُّرابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔
ذَرَّی فُلاناً: تعریف کرنا۔
أذْرٰی إذْرَاءً: گرانا، پھینکنا۔
أذْرَتِ العَیْنُ الدَّمْعَ: آنکھ سے آنسو بہنا۔
تَذَرَّی الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَذَرَّی بکذا: آڑ لینا۔
اسْتَذْرٰی به: پناہ لینا۔
ذُرَةٌ: مکئی۔
ذُرْوَة ج: ذُرًی: بلندی، چوٹی، منتہا، بلند ترین مقام (۲) زمین کا سورج سے بعید ترین فاصلہ۔
ذَرْیٌ: حفاظت۔
مِذْرَی، مِذْرَاةٌ ج: مَذَارٍ: سہ شاخہ یا دو شاخہ لکڑی جس سے غلہ ہوا میں اڑاتے ہیں یا کریدتے ہیں۔

ذ.....ع

ذَعَرَ ـَ ذَعْراً و أذْعَرَ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا۔
ذَعِرَ ـَ ذَعَراً و ذُعِرَ: ڈرنا، سہمنا۔
انْذِعَار: ڈرنا، سہمنا۔
ذُعْرٌ، ذَعْرٌ: خوف، سراسیمگی، دہشت۔
ذُعَرَةٌ: ایک پرندہ جو ہر وقت دُم ہلاتا ہے۔
ذَعَفَ ـَ ذَعْفاً: کھانے میں زہر ملانا۔
ذَعِفَ ـَ ذَعَفَاناً: مرنا۔
ذُعَاف: سمِ قاتل، زہر ہلاہل۔
مَوْتٌ ذُعَاقٌ: فوری موت، جلد آنے والی موت۔
ذَعَقَ ـَ ذَعْقاً: چیخنا، زور سے پکارنا (۲) گھبرا دینا۔
ذَعِنَ لَه ـَ ذَعَناً و أذْعَنَ لَهُ: معترف ہونا، مطیع و فرمانبردار ہونا، اظہار عجز و انکساری کرنا، تسلیم کرنا۔
إذْعَان: انقیاد و تذلل، اطاعت۔
مُذْعِنٌ: مطیع، فرمانبردار، معترف۔
مِذْعَان: بڑا اطاعت گزار، جلد بات مان لینے والا۔

ذ.....ف

ذَفَرٌ: بدبو۔
ذَفِرَ ـَ ذَفَراً: بدبودار ہونا، بو آنا۔

ذ.....ق

ذَقَنٌ ج: أذْقَان: ٹھوڑی، مجازاً: ڈاڑھی۔

ذ.....ک

ذَکَرَ ـُ ذِکْراً و ذُکْراً، و ذِکْرٰی، وتَذْکَاراً: ذکر کرنا، بات بتانا، نام لینا۔ واقعہ بیان کرنا، دل اور زبان سے یاد کرنا۔
ذَکَرَ و تَذَکَّرَ و اسْتَذْکَرَ: یاد کرنا، محفوظ کرنا، سمجھنا، غور کرنا۔
تَذَکَّرَ الشَّیْءَ: بھولنے کے بعد یاد کرنا، یاد آنا، ذہن میں آنا۔
تَذْکِیْر: یاد دلانا، نصیحت کرنا۔
ذَاکَرَه مُذَاکَرَةً: گفتگو کرنا، بات چیت کرنا۔

ذَاكَرَ دَرْسَه: یادکرنا، مطالعہ کرنا۔
ذَكَرٌ: ذُكُور: نر۔
اِمْرَأَةٌ ذَكِرَةٌ: مردنما عورت۔
ذِكْرٌ، ذِكْرَة: شہرت، تذکرہ، یاد۔
ذِكْرٌ و ذِكْرىٰ: یاد، یادگار۔
إحْيَاءُ الذِّكْر: یادتازہ کرنا۔
سَالِفُ الذِّكْر: مذکورہ بالا۔
ذِكْرىٰ: یادگار ج: ذِكْرَيَات
ذِكْرىٰ خَالِدَة: لافانی یادگار۔
يُذْكَرُ: قابل ذکر۔
مَذْكُورٌ أعْلَاهُ: مذکورہ بالا۔
المَذْكُورُ عَالِيْه: مذکورہ بالا۔
ذَاكِرَة: حافظہ، ذہن، دماغ۔
تَذْكَار، تَذْكِرَه: یادگار ٹرافی۔
تَذْكَاراً لِهٰذَا: فلاں چیز کی یاد میں۔
تَذْكَارِيّ: میموریل، یادگاری۔
تَذْكِرَة: یادگار، ٹکٹ، کارڈ، پاس ج: تَذَاكِرُ
تَذْكِرَة إيَاب: ریٹرن (واپسی) ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ بَرِيْد: پوسٹ کارڈ۔
تَذْكِرَةُ سَفَر: ٹکٹ (یکطرفہ)۔
تَذْكِرَةُ ذَهَابٍ و إيَابٍ: ٹکٹ آمدورفت۔
تَذْكِرَةُ يَانَصِيْب: لاٹری ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ مُرُوْر: (۱) پاسپورٹ (۲) پاس۔
تَذْكِرَةُ طِبِّيَّة: ڈاکٹری یا معالجاتی نسخہ۔
تَذْكِرَةُ حَجْز: ریزرویشن ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ دُخُوْل: داخلہ ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ سِكَّةِ حَدِيْد: ریلوے ٹکٹ۔
تَذْكِرَةٌ مَجَّانِيَّة: پاس۔
تَذْكِرَةٌ مَفْتُوحَة: اوپن ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ نِصْفِ أُجْرَة: آدھی قیمت کا ٹکٹ۔
تَذْكِرَةُ هُوِيَّة: شناختی کارڈ، ایڈنٹی کارڈ۔
تَذْكِرِيّ: ٹکٹ کلرک، ٹکٹ بابو۔
تَذْكَرْجِيّ: (عَامِلُ صَرْفِ التَّذَاكِر) بکنگ کلرک، ٹکٹ بابو۔
مَكَانُ صَرْفِ التَّذَاكِرِ: بکنگ آفس، ٹکٹ گھر۔
مُذَكِّر: یاددلانے والا، ناصح۔
مُذَكِّرَةٍ ج: مُذَكِّرَات: میمورنڈم، کسی معاملہ کی یادداشت، گشتی، نوٹ۔
مُذَكِّرَة: (مُفَكِّرَة): نوٹ بک۔
مُذَكِّرَةٌ تَتَضَمَّنُ اللَّوْمَ: مذمتی میمورنڈم۔
مُذَكِّرَةٌ شَدِيْدَةُ اللَّهْجَة: سخت لب و لہجہ کا نوٹس۔
ذَكّىٰ تَذْكِيَةً: قربانی دینا، ذبح کرنا (۲) پاک وصاف کرنا۔
ذَكّىٰ و أذْكىٰ: آگ روشن کرنا۔
ذَكَتِ النَّارُ ـُ ذُكُوّاً و ذَكاً، و ذَكَاءً و اسْتَذْكَتْ: آگ تیز ہونا، روشن ہونا، بھڑکنا۔
إذْكَاءُ الحَرَكَة: تحریک تیز کرنا۔
ذُكَاءٌ: ہوشیاری، ذہانت۔
ذَكِيٌّ: ہوشیار، ذہین، زود فہم ج: أذْكِيَاءُ
ذَكِيُّ الرَّائِحَة: خوشبودار۔
ذَكِيُّ الطَّعْم: ذائقہ دار۔
ذُكَاءُ: آفتاب۔
اِبْنُ ذُكَاءَ: صبح۔

ذَلَّ ـ ذُلًّا، وذِلَّةً، و مَذَلَّةً: ذلیل وحقیر ہونا۔
إذْلالٌ، تَذْلِيلٌ: ذلیل کرنا۔
تَـذْلِيـل: (۲) قابو پانا، غالب آنا، مشکلات پر قابو پانا، تابع بنانا، آسان بنانا، گھوڑے کو سدھانا۔
تَذْلِيلُ الصِّعَاب: دشواریوں کو ختم کرنا۔
تَذْلِيلُ العَقَبات: دشواریوں پر قابو پانا۔
ذُلٌّ: بے عزتی، ذلت وخواری۔
ذَلِيلٌ ج: أذِلَّاءُ: حقیر۔
تَذَلُّل: عاجزی اختیار کرنا، ذلیل بننا۔
إذْلالٌ و اسْتِـذْلال: زیر کرنا، قابو میں کرنا۔
ذَلَقَ السِّكِّينَ ـُ ذَلْقاً و ذَلاقَةً: تیز کرنا۔
ذَلِقَ اللِّسَانُ ـَ ذَلَقاً: زبان تیز ہونا، تیز زبان ہونا (۲) فصیح ہونا۔
ذَلاقَةُ اللِّسَانِ: زور زبان، فصاحت، چرب زبانی۔
ذَوْلَقُ اللِّسَانِ: زبان کا کنارہ۔
ذٰلِكَ: وہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید کے لیے
مَعَ ذٰلِكَ: باوجود۔

ذ.....م

ذمّ: (در: ذمم)
ذَمَرَ الأسَدُ ـُ ذَمْراً: شیر کا چنگھاڑنا
تَذَمَّرَ: تنگ دل ہونا، دل برداشتہ ہونا۔
تَذَمُّر: غصہ، ناگواری۔
التَّذَمُّرُ السِّيَاسِيّ: سیاسی بے چینی
تَذَمُّرُ الشَّعْب: عوامی بے چینی۔
ذِمَار: شرف، اعزاز (۲) ناموس، عزت، حرم۔
ذَمَّمَ تَذْمِيماً: حد سے زیادہ مذمت کرنا۔
ذَمَّهُ ـُ ذَمّاً و مَذَمَّةً: برا کہنا، تنقید کرنا۔
ذَمٌّ: برائی، تنقید۔
ذِمَّة: (۱) ضمانت (۲) عہد (۳) حفاظت، امن (۴) قرض (۵) ضمیر ج: ذِمَـمٌ.
أهْـلُ الـذِّمَّةِ: (۱) معاہدین (۲) دارالاسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار۔
عَلى ذِمَّةِ التَّحْقِيق: تحقیق کے لیے۔
فِيْ ذِمَّتِه: اس پر واجب ہے۔
ذِمِّيٌّ: معاہد، جزیہ دے کر دارالاسلام میں رہنے والا کافر۔
ذَمِيمٌ، مَذْمُوم: برا، قابل مذمت۔

ذ.....ن

ذَنْبٌ ج: ذُنُوب: گناہ، غلطی، جرم۔
ذَنَبٌ ج: أذْنَاب: دُم (۲) تابع۔
ذَنْبِيٌّ: گناہ کا، گناہ سے متعلق۔
ذَنَّبَ تَذْنِيباً: دُم لگانا، دمدار بنانا (۲) سزا دینا۔
إذْنَاب: جرم کرنا، گناہ کرنا غلطی کرنا۔
اسْتِذْنَاب: گنہگار سمجھنا۔
مُذْنِبٌ: گنہگار، مجرم، غلط کار۔
مُذَنَّبٌ: دم دار، دم دار ستارہ۔

ذ.....ہ

ذَهَبَ ـَ ذَهَاباً: جانا۔
ذَهَبَ به: لے جانا۔
ذَهَـبَ إلـى كـذا: خیال ہونا، مناسب سمجھنا (۲) اختیار کرنا۔
ذَهَبَ ضَحِيَّةَ كذا: شکار ہونا، نذر ہونا
ذَهَبَ أدْرَاجَ الرِّيَاح: فنا ہونا، ہوا بُرد ہونا۔
ذَهَّبَ تَذْهِيباً: سونے کا ملمع کرنا، سونا بنانا۔

إذْهَابٌ: لے جانا۔
تَـمَذْهَبَ بِمَذْهَبٍ كذا: کوئی طریقہ یا مسلک اختیار کرنا۔
ذَهَبٌ: سونا۔
ذَهَبٌ أبْيَضُ: پلاٹینم، ایک قیمتی دھات۔
ذَهَبِيٌّ: سونے کا، گولڈن۔
ذَهَاب: روانگی، واپسی۔
ذَهَابُ الحَرَارَة: آنچ کم ہونا۔
ذَهَابُ الصُّرَاخ أدْرَاجَ الرِّيَاح: چیخ ہوا میں گم ہوگئی۔
ذَهَابُ المُحَاوَلةِ فَاشِلَةً: ارادہ ناکام ہونا۔
الذَّهَابُ و الإيَابُ: آمدورفت۔
مَـذْهَبٌ ج: مَـذَاهِبُ: مسلک، اعتقاد، عقیدہ، مکتب فکر۔
المَذْهَبُ التَّقْلِيْدِيّ: تقلیدی مکتب فکر۔
مَذْهَبُ الجَبْرِ أو الجَبْرِيَّة: عقیدہ جبر، جبریت۔
مَـذْهَـبُ الـحُكْمَ المُطْلَق: استبدادی حکومت کا عقیدہ، مطلق العنان حکومت کا نظریہ۔
مَـذْهَـبُ الـفَـوْضَـوِيَّة: لاقانونیت کا نظام۔
مَذْهَبِيّ: فرقہ وارانہ۔
مُذَهَّب: سونے کا ملمع کیا ہوا۔
ذَهَـلَ عَـن الأمْـرِ ذَهْلاً و ذُهُولاً: غافل ہونا، بھول جانا، ذہن سے نکلنا۔
ذَهِلَ ـَذُهُوْلاً: ہوش اڑنا، عقل زائل ہونا، ہکا بکا رہ جانا۔
مُذْهِل: حیرت انگیز۔
ذُهُول: غفلت۔
ذَاهِـلٌ، مُنْذَهِلٌ: غافل، ششدر، حواس باختہ۔
ذِهْنٌ ج: أذْهَانٌ: عقل، ذہن۔
ذِهْنِيّ: آئیڈیل۔

ذ.....و

ذُوْ: والا، صاحب ج: ذَوُوْ۔
ذُوْاتِّجَاهٍ رَأْسُمَالِيّ: سرمایہ دارانہ ذہنیت کا۔
ذُوْاسْتِقْلالٍ ذَاتِيّ: خودمختار۔
ذُوسُلْطَةٍ: بااختیار۔
ذُوعَاهَةٍ: آفت رسیدہ۔
ذُومَعْنىً: بامقصد۔
ذَوُوْ دَخْلٍ مَحْدُوْدٍ: محدود آمدنی والے۔
ذَوُو الرَّجُلِ: رشتہ دار، متعلقین۔
ذَات: (مونث ذُوْ) والی (۲) جان، نفس
ذَاتَ مَرَّة: ایک دفعہ، کسی دفعہ۔
ذَاتَ يَوْمٍ: ایک دن، کسی دن۔
ذَاتُ الكَثَافَةِ السُّكَّانِيَة: گھنی آبادی والی۔
احْتِرَامُ الذَّات: عزت نفس۔
الاعْتِمَادُ عَلىَ الذَّات: خوداعتمادی۔
الإعْجَابُ بالذَّات: خودپسندی۔
الثِقَةُ بالذَّات: خوداعتمادی۔
إنْـكَـارُ الذَّاتِ: نفس کشی، خودفراموشی، تواضع۔
مَدْحُ الذَّات: خودستائی۔
ذَاتِيّ: شخصی، پرسنل۔
ذَاتِيَّةٌ: شخصیت، اپنی ذات، ذات کا مسئلہ۔

ذَاتِيَّةُ الشَّيْءِ: حقیقت۔
ذَاتِيّاً: ذاتی طور پر، شخصی طور پر۔
ذوَاتُ البَلَد: سربرآوردہ، معززین شہر
ذوَاتُ الأرْبَع: چوپائے۔
أوْلادُ الذَّوَات: صاحبزادگان، بڑوں کی اولاد۔
ذَوَّبَ تَذْوِيباً و أذَابَ: گھلانا، پگھلانا
تَذْوِيبُ الفَوَارِق: امتیازات ختم کرنا۔
إذَابَةُ الذَّاتِ فی کذا: کسی میں خود کو ضم کردینا۔
ذَابَ ـُ ذَوْباً و ذَوَبَاناً: گھلنا، پگھلنا۔
ذَابَ أسىً أوهَمّاً: غم یارنج میں گھلنا۔
ذَابَ خَجَلاً: شرمندگی سے پانی پانی ہونا۔
ذَابَتْ مُنَظَّمَةٌ دَاخِلَ مُنَظَّمَةٍ: تنظیم کا تنظیم میں گم ہوجانا۔
ذَائِبٌ: گھلا ہوا، پگھلا ہوا۔
مُذِيبٌ: پگھلانے والا، حل کنندہ۔
ذَوْبُ سِلْكِ الصِّمَامَةِ الكَهْرَبَائِيَّة: فیوز اڑنا۔
ذَوْدٌ: (ن) دفاع کرنا، ہٹانا، بچانا۔
ذَوْقٌ: (ن) چکھنا، ذائقہ معلوم کرنا۔
إذَاقَة: چکھانا۔
تَذَوَّقَ: ذائقہ لینا، مزہ لینا، تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
تَذَوُّق: ٹیسٹ، ذائقہ چکھنا۔
مَذَاق: ٹیسٹ، ذائقہ۔
مَذَاقٌ سَلِيمٌ: صاف ذائقہ۔
ذَوْق و ذَوَاق: (۱) مذاق، خواہش (۲) لیاقت (۳) اصابت رائے، سلیقہ، ٹیسٹ۔
الذَّوْقُ الاجْتِمَاعِيّ: معاشرتی سلیقہ۔
قِلَّةُ ذَوْق: بدذوقی۔
قَلِيلُ الذَّوْق: بدذوق۔
ذَوَى ـِـ ذَيّاً وذُوِيّاً و ذَوِيَ ـَـ ذَوِيّاً: مرجھانا، کملانا۔
ذَاوٍ: مرجھایا ہوا، پژمردہ۔
ذَاعَ الخَبَرُ ـِـ ذُيُوعاً: پھیلنا، عام ہونا، شائع ہونا، نشر ہونا۔
ذَاعَتْ شَائِعَةٌ ـِـ حَوْلَ وعَنْ كذا: افواہ پھیلنا۔
إذَاعَة: شائع کرنا، نشر کرنا، بیان، انکشاف کرنا، اناؤنس کرنا، اطلاع، اشتہار۔
إذَاعَةُ بَيَان: بیان جاری کرنا۔
إذَاعَةُ السِّرّ: راز کھولنا، راز فاش کرنا۔
إذَاعَةُ عُمُوم الهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔
إذَاعَةٌ بِاللاَّسِلكِيّ: براڈ کاسٹ کرنا۔
ذَائِع: عام، شائع۔
ذَائِعُ الصِّيت: شہرت یافتہ۔
مَحَطَّةُ الإذَاعَةِ اللاَّسِلْكِيَّة: ریڈیو اسٹیشن، نشرگاہ۔
إذَاعَات: (۱) ریڈیو نشریات (۲) افواہیں، مشہور کردہ خبریں۔
مُذِيع: ناشر، اناؤنسر، پروگرام چلانے والا، اعلان کنندہ۔
مِذْيَاعٌ: (۱) بھوپو، میکروفون (۲) راز افشاء کرنے والا، بھانڈا پھوڑ آدمی۔
مِذْيَاعٌ كَهْرَبِيّ: (۱) میکروفون (۲) ریڈیو۔

مُذَاعٌ بِالتِّلْفِزْيُوْن: ٹیلیویژن پر نشر شدہ۔
مُذَاعٌ بالرَّادِيُو: ریڈیو سے نشر شدہ۔

ذ.....ی

ذَيَّلَ الكِتَابَ، تَذْيِيلاً: کتاب پر حاشیہ لکھنا، نوٹ لکھنا، ضمیمہ لگانا، اضافہ کرنا، فٹ نوٹ لکھنا۔
ذَيْلٌ ج: أذْيَالٌ: (۱) دُم (۲) کنارہ (۳) آخری حصہ، اضافہ، حاشیہ (۴) تابع۔
ذَيْلُ الثَّوبِ: دامن۔
ذَيْلُ الصَّفْحَة: صفحہ کا نچلا حصہ۔
ذَيْلٌ و تَذْيِيل: ضمیمہ۔
حَامِلُ الذَّيْل: دامن بردار۔
طَاهِرُ الذَّيْل: پاکدامن۔
قَصْرُ ذَيْلٍ: کوتاہ دامنی، یہ ایسے وقت استعمال کیا جاتا ہے جبکہ کوئی کام مکمل نہ ہو۔
مَقْطُوْعُ الذَّيْلِ: دُم بریدہ۔
ذَائِلٌ، مُذَيَّل: دُم دار۔

ر

ر.....اُ

رَأَبَ الصَّدْعَ ـَ رَأْباً: پھٹن کو جوڑنا، ریخ بند کرنا، مرمت کرنا۔

رَأْرَأَةٌ: پتلی پھرا کر دیکھنا۔

رَادِیْکَالِیّ: (معرب) راڈیکل، انتہا پسند۔

رَادْیُو: (مع) ریڈیو، وائرلیس سیٹ۔

رَادْیُو کُلِّ الهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔

رَادْیُو عُمومِ الهِنْد: آل انڈیا ریڈیو۔

رَادْیُو غرَاف: (معرب) ریڈیوگراف۔

رَادْیُو فُون: (معرب) ریڈیوفون۔

رَادْیُوم: (مع) ریڈیم، ایک چمکیلا مادہ۔

رَأَسَ ـَ رِئَاسَةً ورِیَاسَةً و تَرَأَّسَ وارْتَأَسَ: بڑا بننا، راہنما بننا، سربراہ بننا۔

رَأَسَ العَملَ: نگرانی کرنا، انتظام کرنا۔

رَأَسَ الجَمْعِیَّةَ أو الاجْتِمَاعَ: جماعت یا جلسہ کی صدارت کرنا۔

رَؤُسَ ـُ رِئَاسَةً: صدر ہونا، لیڈر ہونا، سربراہ ہونا، افسر ہونا۔

تَرْئِیس: صدر بنانا، افسر بنانا۔

تَرْئِیسُ القَلَم: (دا) قلم کی نوک بنانا۔

تَرْئِیسُ الکِتَابِ أو المَقَالَة: کتاب یا مضمون پر عنوان لگانا۔

رَأْسٌ ج: رُؤُوْسٌ: (۱) سر (۲) چوٹی (۳) اول، ہیڈ، سربراہ (۴) عقل (۵) بالائی حصہ (۶) اصل۔

رَأْسُ مَـــالٍ: سرمایہ، فنڈ، کیپٹل، اصل رقم ج: رُؤُوْسُ أَمْوَالٍ

رَأْسُ المَالِ للإبْتِدَائِیُّ: ابتدائی سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الاجْتِمَاعِیُّ: سوشل سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الاحْتِیَاطِیُّ: ریزرو سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الثَّابِت: فکسڈ سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ الحَقِیْقِیُّ: واقعی سرمایہ۔

رَأْسُ الـمَالِ السَّنَدَات: کاغذی سرمایہ، کاغذات کے بموجب سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ العَاطِلُ: بیکار سرمایہ۔

رَأْسُ الـمَـالِ الـعَـامِلُ: دست گرداں سرمایہ، چلتا سرمایہ، مصروف سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُتَدَاوَل: کرنٹ سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المَحْبُوْس: منجمد سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُسَجَّل: رجسٹرڈ سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُقْتَرَضُ: قرض سرمایہ۔

رَأْسُ المَالِ المُکْتَتَب: مشترکہ سرمایہ، چندہ

کا سرمایہ۔
رَأسُ المَالِ الوَطَنِیّ: قومی سرمایہ۔
الرَّأسُمَالِیّ: سرمایہ دار، سرمایہ دارانہ۔
الرَّأسُمَالِیَّة: سرمایہ داری۔
الرَّاسُمَالِیَّةُ الاِحتِکَارِیَّة: اجارہ دارانہ سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّة التِّجَارِیَّة: تجارتی سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّةُ الشَّعبِیَّة: عوامی سرمایہ داری۔
الرَّأسُمَالِیَّةُ المَحَلِّیَّة: لوکل سرمایہ داری۔
الرأسُمَالِیَّةُ الوَطَنِیَّة: نیشنل سرمایہ داری۔
رَأسُ العَمُود: کالم کا بالائی حصہ۔
رَأسُ القَوم: لیڈر، سردار۔
رَأسٌ بِرَأسٍ: برابر، مساوی۔
رَأساً: براہ راست، ڈائریکٹ۔
رَأساً علی عَقِبٍ: الٹا، اوندھا۔
عَلی رَأسِ الحُکُومة: سربراہ حکومت
رَأسِیّ: عمودی شکل کا۔
رَئِیسٌ ج: رُؤسَاءِ: صدر، لیڈر، افسر، سربراہ، چیف، نگراں، ہیڈ، پرنسپل، چیئرمین۔
___ إدارَةٍ أو مَکتَبٍ: کسی محکمہ یا دفتر کا افسر، ذمہ دار، افسر انتظامیہ۔
___ اَرکَانِ الجَیش: کمانڈر انچیف۔
___ الأرکَانِ العَامَّة: چیف آف اسٹاف
الرئیسُ الاَعلیٰ للجَامِعَات: یونیورسٹیوں کا سربراہ عام۔
رَئِیسُ البَلَدِیَّة: میونسپل چیئرمین، میئر۔
___ لِهَیئَةٍ تَشرِیعِیَّة: اسپیکر۔
___ بِالنِّیَابَة: قائم مقام صدر۔
___ بالوِکَالَة: قائم مقام صدر۔

___ التَّحرِیر: چیف ایڈیٹر، مدیر اعلیٰ
___ جَامِعَة: چانسلر۔
___ الجَلسَة (فی مَجلِسِ النُّوَّاب): اسپیکر۔
___ جَلسَةٍ أو اجتِمَاعٍ أو مَجلِسٍ: صدر جلسہ، چیئرمین۔
___ الحِسَابَات: چیف اکاؤنٹنٹ
___ الدَّائِرَة: افسر۔
الرَّئِیسُ العَامّ: جنرل افسر۔
رَئِیسُ فِرقَةٍ: کیپٹن۔
___ عِصَابَةٍ: گروہ کا سردار۔
___ عُمَّال: اوورسیر، فورمین۔
___ اللَّجنَة: کمیٹی کا چیئرمین۔
___ للوِزَارَة بالنِّیَابَة: قائم مقام وزیر اعظم۔
___ لَیسَ لَه حَقٌّ: صدر بلا اختیار۔
___ مُبَاشِرٌ: ڈائریکٹ آفیسر۔
___ مَجلِسِ الاِدَارَة: چیئرمین آف بورڈ
___ مَجلِس الدَّوْلَة: چیئرمین قومی اسمبلی۔
___ مَجلِس المَدِینَة: میئر۔
___ مَجلِس النُّواب: اسپیکر پارلیمنٹ۔
___ المَحکَمَة: جج، حاکم عدالت۔
___ المَحکَمَةِ العُلیَا: چیف جسٹس
___ مَدرَسَةٍ: مہتمم۔
مُشَارِکٌ: مشترکہ صدر۔
المَکتَب: چیف کلرک، ہیڈ کلرک۔
___ مُوَقَّتٌ: عارضی صدر۔
___ مَعهَدٍ عِلمِیّ أو دِینِیّ: کسی علمی یا مذہبی ادارہ کا اعلیٰ ذمہ دار، یونیورسٹی کے کسی شعبہ کا صدر، ڈین۔

الوُزَرَاءِ: وزیراعظم۔
رَئِيسُ وَفْدٍ: وفد کا صدر، سربراہ وفد
___ الهَيْئَةِ المَرْكَزِيَّةِ لِلتَّخْطِيط: مرکزی پلاننگ بورڈ کا چیئرمین۔
رَئِيسَة: (مونث رئیس)
رَئِيسِيٌّ: اول، بنیادی، اہم، صدر، بڑا، چیف، ماسر، مین۔
رِئَاسَة: صدارت، سربراہی، لیڈری، افسری، سرداری، چیئرمین شپ۔
الرِّئَاسَةُ بِالاشْتِرَاك: مشترکہ صدارت
رِئَاسَةُ التَّحْرِيرِ: ادارتِ اعلیٰ، مدیر اعلیٰ کا عہدہ۔
رِئَاسِيّ: صدارتی۔
مَرْؤُوسٌ: ماتحت (ضد رئیس)
رَأَفَ ـِ رَأْفَةً و رَؤُفَ رَآفَةً و رَئِفَ ـَ
رَأْفًا و تَرَأَّفَ به: مہربانی کرنا، شفقت کرنا، مہربان ہونا۔
رَأْفَة: مہربانی، رحم، شفقت۔
رَؤُوف: بے حد مہربان، مشفق۔
رَأَى ـَ رُؤْيَةً: دیکھنا، ادراک کرنا، خیال کرنا، مناسب سمجھنا۔
تَرَاءَى لَهُ: سامنے آنا، نظر آنا (۲) اظہار کرنا، کسی چیز کا مظاہرہ کرنا۔
رَاءَاهُ مُرَاءَاةً و رِءَاءً ورِيَاءً: ریاکاری کرنا (۲) مشورہ کرنا۔
إِرَاءَة: دکھانا۔
اِرْتَأَى الأَمْرَ: غور کرنا، مناسب سمجھنا۔
يَاتُرَىٰ، هَلْ تُرَىٰ: تعجب ہے، حیرت ہے، دیکھئے صاحب، دیکھئے کیا ہوتا ہے۔
(حیرت اور تعجب کے وقت بولا جاتا ہے)۔
رَأْيٌ ج: آرَاءٌ: رائے، خیال، فکر، نظریہ، تجویز، مشورہ، نصیحت۔
رَأْيُ الأَغْلَبِيَّة: اکثریت کی رائے۔
الرَّأْيُ العَالَمِيّ: رائے عامہ، بین الاقوامی رائے۔
الرَّأْيُ المُبَلْبَل: مذبذب رائے۔
الرَّأْيُ العَامّ: رائے عامہ، عام رجحان
مِنْ رَأْيِهِ أَنْ: اس کا خیال ہے کہ۔
رُؤْيَا: خواب ج: رُؤًى
رُؤْيَة: دید۔
رُؤْيَة لِلْعَاصِي: ٹیلی ویژن، لاسلکی کے ذریعے آنکھوں سے اوجھل چیزوں کو دیکھنا، غائب بینی، مشاہدۂ غائب۔
رِئَاءٌ ورِيَاءٌ: تصنع، نفاق، دکھاوا۔
رِئَة ج رِئَات، ورِئُون: پھیپھڑا۔
مُرَاءٍ: ریاکار، منافق۔
مِرْآة ج: مَرَايَا و مَرَاءٍ: آئینہ۔
مِرْآةٌ مُعْدِنِيَّة: ایک آلہ جراحی (۲) دوربین جو سرجری میں استعمال کی جاتی ہے۔
مَرْآى: منظر۔
مَرْئِيّ: دکھائی دینے والا۔
رَايَة: جھنڈا، پرچم، نشان، علم، فلیگ، بینر ج: رَايَات
الرَّايَةُ البَيْضَاءُ: صلح کا جھنڈا۔
رَايَةُ الثَّوْرَة: نشانِ انقلاب۔
الرَّايَةُ الحَمْرَاء: سرخ جھنڈا۔

ر.....ب

رَبَأَ ـَ رَبْأً عَلَيْه: نگرانی کرنا۔

رَبَأَ بِنَفْسِہ عَنْ عَمَل کَذا: اس نے فلاں فعل سے اپنے کو باز رکھا۔

رَبَّبَ و رَبَّ ـُ رَبّاً و تَرَبَّبَ الوَلَدَا: پرورش کرنا، پالنا۔

رَبٌّ: پروردگار، پرورش کنندہ، مالک، سردار، صاحب ج،أَرْبَاب و رُبُوب م: رَبَّة ج: رَبَّاتٌ

رَبُّ البَیْت: صاحب خانہ، مالک مکان۔

رَبُّ العَمَل: مالک کاروبار۔

رُبَّ: مُربّا

رُبَّ، رُبَّمَا: شاید، بعض اوقات، بسا اوقات، ممکن ہے۔

رَبَابٌ: ایک قسم کا باجہ۔

رِبَابَة، رُبُوبَة، رُبُوبِیَّة: پرورش۔

رُبَّانٌ: جہاز کا کپتان، کشتی بان، ملاح ج: رَبَابِیْنُ

رُبَّانُ الاخْتِبَار: ٹیسٹ پائلٹ۔

رُبَّانُ الطَائِرة: پائلٹ۔

رَابٌّ: سوتیلا باپ۔

رَابَّةٌ: سوتیلی ماں۔

رَبِیْبٌ: (۱) سوتیلا لڑکا (۲) سوتیلا باپ ج: اَرِبَّة

رَبِیْبَة: (۱) سوتیلی لڑکی (۲) سوتیلی ماں ج: رَبَائِبُ

رَبِیْبَةُ الاسْتِعْمَار: سامراجیت کا پروردہ۔

رَبَتَ الصَّبِیَّ ـَ رَبْتاً و رَبَّتَ: بچہ کو تھپکی دینا۔

رَبِحَ ـَ رِبْحاً و رَبَحاً، و رَبَاحاً: تجارت میں نفع اٹھانا۔

تَرْبِیْح: نفع پہنچانا، نفع بخش بنانا۔

رِبْحٌ ج: أَرْبَاحٌ: فائدہ، بیاج، پرافٹ۔

رِبْحٌ صَافٍ: خالص منافع جو انتظامی اخراجات کے بعد حاصل ہو۔

رِبْحٌ صُوْرِی: ظاہری نفع۔

الرِّبْحُ و الخَسَارَةُ: نفع ونقصان۔

أَرْبَاحٌ قِیَاسِیَّة: مقررہ منافع۔

رِبْحُ المَال: کسی رقم کا مقررہ منافع۔

رِبْحٌ بَسِیْطٌ: سودِ مفرد۔

رِبْحٌ مُرَکَّبٌ: سودِ مرکب۔

رَابِحٌ، مُرْبِح: فائدہ اٹھانے والا، نفع حاصل کرنے والا (۲) نفع بخش۔

رَبَدَ ـُ رَبْداً و رُبُوْداً بِالمَکَان: اقامت گزیں ہونا، قیام کرنا۔

رَبَدَهُ ـُ رَبْداً: منع کرنا، روکنا، روکے رکھنا۔

أَرْبَدُ: بھورا، خاکستری رنگ کا۔ مٹیالا

رَبَصَ ـُ رَبْصاً و تَرَبَّصَ بِأَحَدٍ: کسی کے لیے خیر یا شر کا منتظر رہنا، گھات میں لگنا۔

التَرَبُّصُ بِاَحَد: کسی کی فکر میں رہنا، تاک میں لگنا۔

ربص ـِ ربصاً و رُبُوْصاً: جنورہ گھٹنے کے بل بیٹھنا۔

رَبَضٌ، مَرْبَض: بکریوں کا باڑہ ج: أَرْبَاضٌ و مَرَابِضُ۔

رَبَضُ المَدِیْنَة: شہر کی ملحقہ عمارتیں۔

رَبَطَ ـُ رَبْطاً باندھنا، ملانا، جوڑنا۔

رَبْطُ الأَلْغَامِ فی شَیْءٍ: آتش گیر مادہ کسی چیز میں رکھنا۔

اَلرَّبْطُ بِاَحَدٍ: جوڑ، تعلق۔

رَبَطَ بَیْنَ الشَّعْبَیْن: دو ملکوں کے عوام کو جوڑنا۔

رَبَطَ علی قَلْبِه: مضبوط کرنا، صبر عطا کرنا۔

رَبَطَ الجُرحَ: زخم کو پٹی باندھنا۔
رَبَطَ اللِّسَانَ: زبان بند کرنا، گونگا کرنا۔
رَابَطَ الجَيْشُ مُرَابَطَةً: لشکر کا مقیم ہونا، پڑاؤ ڈالنا۔
رَابِطُ الجَأْشِ: بہادر، نڈر
اِرْتِبَاطٌ بشَيْءٍ: بندھنا، ملنا جڑنا، نتھی ہونا۔(۲) وابستگی، کنکشن، تعلق، جوڑ، ربط۔
الارْتِبَاطُ عَاطِفِيًّا: جذباتی لگاؤ۔
رَبْطٌ: جوڑ، بندش، (ضد، حلّ)
رَبْطُ الطَّائِرَاتِ فِي أَعْمِدَةِ حَظِيرَةٍ: ہوائی جہازوں کو شیڈ کے ستونوں سے باندھنا۔
رَبْطُ العَلاَقَةِ مَعَ الشَّعْبِ: عوام سے تعلق قائم کرنا۔
رِبَاط: رسی، پٹی، ڈوری، جوتے کا تسمہ ج: رُبُط
رِبَاطُ الجَوَارِبِ: گیٹس۔
رِبَاطُ الرَّقَبَةِ: ٹائی ج: رُبُط
رِبَاطُ العُنُقِ: ٹائی ج: رُبُط
رَبْطَة: پیکٹ: گٹھڑی، بستہ ج: رَبْطَاتٍ:
رَبْطَةُ السَّاقِ: گیٹس، موزہ بند۔
رَبْطَةُ العُنُقِ: نکٹائی۔
رَابِط: قیام پذیر، بندھا ہوا۔
رَابِطُ الجَأْشِ: متحمل مزاج، حواس درست رکھنے والا، مستقل مزاج۔
رَابِطَة: تعلق، کنکشن، ایسوسی ایشن، رابطہ ج: رَوَابِط
رَابِطَةُ شُعُوبٍ: کامن ویلتھ۔
رَابِطَةُ المُوَظَّفِينَ: اسٹاف ایسوسی ایشن۔
رَوَابِط: تال میل، تعلقات و: رَابِطَة
الرَّوَابِطُ الاِقْتِصَادِيَّة: اقتصادی روابط۔

مَرْبَط ج: مَرَابِط: اصطبل، گھوڑوں اور چوپاؤں کو باندھنے کی جگہ
مَرْبُوط: مرتبط، بندھا ہوا، وابستہ
مُرْتَبِطٌ بِمَوْعِدٍ أَوْ عَهْدٍ: کسی پروگرام یا عہد کا پابند۔
رَبَعَ ـَ رَبْعاً: توقف کرنا، انتظار کرنا
تَرْبِيع: چار گنا کرنا۔
تَرَبَّعَ وَاسْتَرْبَعَ فِي الجُلُوسِ: چار زانو بیٹھنا۔
رُبْع: چوتھائی حصہ ج: أَرْبَاع.
رَبْع: (۱) مکان (۲) حویلی جس میں بہت سے چھوٹے مکانات ہوں (۳) کوارٹر، جگہ، مقام، اقامت گاہ ج: رُبُوع۔
رَبِيع: موسم بہار ج: أَرْبِعَة۔
رَبِيعُ الحَيَاةِ: زندگی کی بہار۔
رُبَاعِيّ: چہار اجزائی۔
رُبَاعِيّ الأَحْرُفِ: چار حرفی۔
رُبَاعِيُّ الأَضْلاَعِ: چہار پہلو والا۔
رُبَاعِيُّ الأَرْجُلِ: چار پیروں والا۔
رَابِع: چوتھا م: رَابِعَة۔
رَابِعَ عَشَرَ: چودھواں۔
أَرْبَعَةٌ، أَرْبَعٌ: چار (۴)
أَرْبَعَةُ أَضْعَافٍ: چار گنا۔
أَرْبَعَةُ مَفَارِقَ: چوراہا۔
أَرْبِعَاء، يَوْمُ الأَرْبِعَاءِ: بدھ کا دن، چہار شنبہ۔
تَرْبِيعَةٌ ج: تَرْبِيعَات، مُرَبَّع ج: مُرَبَّعَات: خانہ۔
مَرْبَعُ الصَّيْدِ ج: مَرَابِع: شکارگاہ۔

مُرَبَّعٌ: چہارگناہ:چوکانہ، چہار پہلو۔
رِبقَة: پھندا،طوق ج:رِبَقٌ
رِبقَةُ الاستِعبَاد: طوق غلامی۔
رَبَکَ ـُ رَبکاً: رکاوٹ ڈالنا،مشکل میں مبتلا کرنا، پریشان کرنا۔
رَبِکَ ـَـ رَبکاً و ارتَبَکَ: مشکل میں پھنسنا، پریشان ہونا۔
أرْبَکَ: الجھانا۔
رَبکٌ ،اِرتِبَاک: پریشانی،الجھن۔
اِرتِبَاکُ المَوقِف: صورتحال پیچیدہ ہونا۔
رَبِکٌ ، مُرتَبِکٌ: پریشان،مبتلائے مصیبت والجھن۔
مُرْبِکٌ: پریشان کن۔
مُرتَبَک: پیچیدہ۔
رَبِلٌ: فربہ، چربی دار، گوشت سے بھرپور۔
رَبَالَةٌ: فربہی۔
رَبِیلٌ: موٹے جسم کا،موٹا۔
رَبْوَة ج: رُبیً: ٹیلہ،اونچی زمین ـــ (۲) دس لاکھ۔
رُبْوَة: دس ہزار۔
رِبَا، رِبَاءٌ: سود، بیاج، ناجائز سود، ناجائز نفع مال۔
رِبَوِیّ: سودی۔
مُرَابِی: سودی کاروبار کرنے والا۔
رَبَا ـُ رَبْواً و رُبُوّاً: بڑھنا،زیادہ ہونا،نشوونما پانا۔
رَبَّی الوَلَدَ تَربِیَةً: پرورش کرنا، پالنا،تعلیم و تربیت دینا،نگہداشت کرنا۔
رَبَّی الثَّمَرَ بِالسُّکَّر: پھلوکا مربا بنانا۔
رَابَاهُ مُرَابَاةً: سودی معاملہ کرنا،سود پر روپیہ دینا۔
إرْبَاء: بڑھانا،اضافہ کرنا۔
تَرَبّی: بڑھنا،نشوونما پانا، پرورش پانا، مہذب ہونا،تعلیم پانا۔
تَربَوِیّ: تربیتی۔

ر.....ت

رَتَّبَ تَرتِیباً: مرتب کرنا،سلیقہ سے لگانا، رکھنا (۲) تدبیر کرنا، تیار کرنا، انتظام کرنا۔
رَتَّبَ تَرتِیباً أبجَدِیّاً: حروف تہجی پر ترتیب دینا۔
تَرَتَّبَ: سلیقہ سے لگنا،مرتب ہونا۔
تَرَتَّبَ عَلیَ: نتیجہ برآمد ہونا۔
تَرَتُّبُ النَّتِیجَةِ عَلَی شَیءٍ: کسی چیز کا نتیجہ نکلنا۔
رُتبَةٌ ج: رُتَبٌ: درجہ،حیثیت،ڈگری،عہدہ، منصب،گریڈ۔
رَتِیب: روٹین،ترتیب وار۔
رَتِیبِیّ: روٹینی۔
مَرتَبَة ج: مَرَاتِب: (بمعنی:رُتبَة)
مَرَاتِبُ الخِدمَةِ المَدَنِیَّة: سول سروس کے گریڈ،درجات۔
رَاتِبٌ ج: رَوَاتِب: مالی یافت،تنخواہ، وظیفہ۔
رَاتِبٌ جُزئِیٌّ: جزوی تنخواہ۔
رَاتِبٌ زَهِید: معمولی تنخواہ۔
رَاتِبٌ شَهرِیّ: مشاہرہ۔
رَاتِبٌ مُؤَجَّل: معین المیعاد وظیفہ۔

رَاتِبٌ دَائِمٌ، ثَابِت: مستقل تنخواہ۔
رَاتِبٌ و رَتِيب: منظم، مرتب۔
رَوَاتِبُ مُنْتَظِمَة: باضابطہ وظائف۔
مُرَتَّب: گریڈ یافتہ۔
مُرَتَّب: گریڈ، وظیفہ، تنخواہ۔
مُرَتَّبٌ تَرْتِيباً هِجَائِيّاً: الف با کے حساب سے مرتب۔
مُرَتَّبُ التَّقَاعُد: ریٹائرمنٹ پنشن۔
مُرَتَّبٌ سَنَوِيّ مَدَى الحَيَاة: تاعمر سالانہ وظیفہ۔
مُرَتَّبٌ كَامِل: پوری تنخواہ۔
مُرَتَّبٌ لِمَدَى الحَيَاة: وظیفہ تاحیات، تاحیات وظیفہ۔
المَرْتَبَةُ الثَّانِيَة: سکینڈ کلاس۔
مَرْتَبَةٌ سَفِيْر: اعلیٰ درجہ، اعلیٰ گریڈ۔
مُرَتَّبَاتٌ إِضَافِيَة: الاؤنس۔
تَرْتِيب: نظام، تدبیر، تیاری، ترتیب، انتظام، پوزیشن، ارینجمنٹ، سلیقہ۔
تَرْتِيبُ اجْتِمَاعٍ أَحَدٍ مَعَ أَحَدٍ: ملاقات کا انتظام کرنا۔
تَرْتِيبُ اجْتِمَاعَات: جلسوں کا انتظام کرنا۔
تَرْتِيبُ رَوَاتِبَ شَهْرِيَّة: تنخواہیں مقرر کرنا۔
تَرْتِيبُ فُرْصَةٍ لِكَذا: کسی چیز کا موقع نکالنا۔
تَرْتِيبُ الفِئَات: اقسام متعین کرنا کیٹگری متعین کرنا۔
تَرْتِيبُ مَقَاعِدَ (فِي مَبْنًى): سیٹنگ، نشستوں کی ترتیب قائم کرنا۔
تَرْتِيبُ الوَظَائِف: درجہ بندی، گریڈ بندی۔
تَرْتِيبَات: انتظامات، تیاریاں، پروگرام۔
تَرْتِيبَاتٌ خَاصَّةٌ بِالمِيْزَانِيَة: بجٹ تیاری۔
تَرْتِيبَاتٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی انتظامات۔
رَتَجَ ـُ رَتْجاً: بند کرنا، دروازہ بند کرنا۔
رِتَاجٌ ج: أَرْتِجَة: پھاٹک، بڑا دروازہ جس کے اندر کھڑکی ہوتی ہے۔
رَتَعَ ـَ رَتْعاً: خوشحال زندگی بسر کرنا۔
رَتَعَ المَاشِيَةَ: مویشی کو چرانا۔
مَرْتَعٌ ج: مَرَاتِع: چراگاہ، سرسبز و شاداب چراگاہ۔
رَتَقَ ـُ رَتْقاً: کپڑے کو جوڑنا، پیوند لگانا، ٹوٹی ہوئی چیز کو جوڑنا، جوڑ سے جوڑ ملانا (ضد فَتْق)
رَتَكَ ـُ رَتْكاً: چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا، دُلکی لگانا۔
رَتَّلَ الكَلَامَ تَرْتِيلاً: بہتر ترتیب دینا، کلام کو بہتر اور عمدہ طریقہ سے ادا کرنا، خوش الحانی سے پڑھنا، ترنم سے کلام کرنا، پڑھنا۔
تَرْتِيلَة: ترنم، گنگناہٹ۔
رَتِلَ ـَ رَتَلاً: مرتب و منظم ہونا۔
رَتَمَ ـِ رَتْماً بِكَلِمَةٍ: بولنا، منہ سے بات نکالنا۔
رَتِينَة: (۱) لالٹین (۲) گیس کی لالٹین۔

ر.....ث

رَثَّ ـُ رَثَاثَةً و رُثُوثَةً: پرانا و بوسیدہ ہونا،

خستہ ہونا، شکستہ حال ہونا۔
رَثَاثَة: پراگندگی، شکستہ حالی، بوسیدگی
رَثٌّ: خستہ حال، بوسیدہ، پرانا۔
رَثَى المَيِّتَ ـِ رَثْياً ورِثَاءً و مَرْثِيَةً: مردہ کے محاسن بیان کر کے رونا۔
رَثَى له: اظہارِ غم کرنا، رحم کرنا۔
يُرْثىٰ لَهُ: قابلِ رحم۔
رَثْيٌ ورِثَاء: نوحہ، مردہ پر اظہارِ غم۔
رَثْيَة: جوڑوں کا درد۔

ر.....ج

إرْجَاء: ملتوی کرنا، موخر کرنا، ٹال مٹول، التواء۔
إرْجَاءُ الاجْتِمَاع: جلسہ ملتوی کرنا۔
إرْجَاءٌ إلىٰ أجَلٍ غَيْرِ مُسَمّىً: مدت غیر معینہ کے لیے ملتوی کرنا۔
إرْجَاءُ جَلْسَةٍ: میٹنگ ملتوی کرنا۔
رَجَّ ـُ رَجّاً ورَجَّةً: ہلانا، حرکت دینا۔
رُجَّ وَارْتَجَّ: ہلنا، سمندر کا متلاطم ہونا۔
الصَّوْتُ: آواز کا کانپنا۔
رَجٌّ وارْتِجَاج: حرکت، جنبش، کپکپی، لرزہ، اضطراب۔
ارْتِجَاجُ الأوْصَالِ (مِنَ البَرْد): سردی سے تھرتھرانا۔
مُرْتَجٌّ: متحرک، لرزاں۔
صَوْتٌ مُرْتَجّ: کپکپاتی آواز۔
رَجَحَ ـِ رُجُوحاً و رُجْحَاناً: غالب ہونا۔
رَجَحَ الشَّيْءَ بِيَدِه: تولنا، وزن کرنا۔
رَجَحَتْ كِفَّةُ المِيزَانِ لَهُ: فلاں کے حق میں ترازو کا پلڑا بھاری ہو گیا۔
رَجَّحَ و أرْجَحَ: غالب کرنا، راجح کرنا۔
رَجَّحَ علىٰ.....: فوقیت دینا۔
رُجْحَان، أرْجَحِيَّة: فضیلت، فوقیت، غلبہ۔
أرْجُوحَة ج: أرَاجِيحُ: (۱) جھولا (۲) جھولنے یا پھسلنے کا تختہ۔
أرْجُوحَةُ الطِّفْلِ: بچہ کا جھولا۔
رَاجِحٌ: غالب، محتمل
رُجْز: گندگی، عذاب، بتوں کی پرستش
رَجَز: اوزانِ شعر میں سے ایک وزن۔
أرْجُوزَة: بحرِ رجز پر قصیدہ۔
رَجَسٌ، رِجْسٌ: (۱) گندگی، نجاست (۲) برا عمل، گناہ۔
رَجِسٌ: گندا۔
رَجَعَ ـِ رُجُوعاً: لوٹنا۔
رَجَعَ إلى الأمْر: کسی معاملہ پر توجہ دینا، دوبارہ شروع کرنا، دوبارہ اختیار کرنا۔
رَجَعَ إليه فى الأمْر: کسی معاملہ میں کسی سے مشورہ لینا، رجوع کرنا۔
رَجَعَ عَنْ كذا: باز آنا، ترک کرنا۔
رَجَعَ فى كلامِه: کلام کے سابقہ حصہ کو دوبارہ زیرِ بحث لانا۔
رَجَعَ عليه: مطالبہ کرنا۔
رَجَعَهُ عَنِ الشَّىْءِ و عَنْهُ رَجْعاً، و رُجْعَاناً: لوٹانا، پھیرنا۔
الرُّجُوعُ فى القَرار: قرارداد واپس لینا۔
رَجَّعَ و أرْجَعَ: لوٹانا، واپس کرنا۔
كَرَجْعِ البَصَر: چشم زدن میں، پلک جھپکتے۔
رَاجَعَ: جانچنا، کسی مضمون وغیرہ کو اصل

سے ملا کر دیکھنا، معائنہ کرنا۔
رَاجَعَ الطَّبِیْبَ وغَیْرَہ فی أَمْرٍ: مشورہ لینا۔
رَاجَعَ الحِسَابَاتِ: حسابات کی جانچ کرنا۔
تَرَاجَعَ: لوٹنا، پیچھے ہٹنا (ضد تَقَدَّم)
التَرَاجُعُ عَنِ الرَّأی: رائے بدلنا۔
التَرَاجُعُ فی شَیْءٍ: رد کرنا۔
التَرَاجُعُ فِی القَرار: فیصلہ واپس لینا، فیصلہ سے ہٹنا۔
اسْتِرْجَاع: واپس لینا، گاڑی کو پیچھے ہٹانا، گم شدہ کو حاصل کرنا، بازیابی کا مطالبہ کرنا، (۲) واگذاری۔
اسْتِرْجَاعُ الأمْر: منسوخ کرنا۔
اسْتِرْجَاعُ العَافِیَة: صحت حاصل کرنا۔
اِرْتِجَاعِیّ: بیک ورڈ، پس ماندہ۔
رَجْعٌ، رُجُوْع: واپسی۔
رَجْعُ البَصَر: لمحہ، جھپک۔
رَجْعَة: واپسی، قدامت۔
رَجْعِیُّوْن: قدامت پسند۔
مَرْجِع ج: مَرَاجِع: جائے واپسی (۲) ماخذ، کتابِ مراجعت، حوالہ (۳) پناہ گاہ، ملجا و ماویٰ۔
مُرَاجِعٌ: جانچ کنندہ، مراجعت کنندہ۔
مُرَاجِعُ الحِسَاب: آڈیٹر حسابات
مُرَاجَعَة: جائزہ، تکرار، نظر ثانی، مشورہ، چیکنگ، چیک کرنا، جانچ
المُرَاجَعَةُ الجُزْئِیَّة: جزوی جانچ۔
مُرَاجَعَةُ الجَوَازَات: پاسپورٹ چیک کرنا۔
مُرَاجَعَةُ الحِسَابَات: حسابات کی جانچ، چیکنگ۔
مُرَاجَعَةُ دَوْرِیَّة: سیزنل جانچ۔
المُرَاجَعَةُ السَّنَوِیَّة: سالانہ جانچ۔
المُرَاجَعَةُ الفَصْلِیَّة: موسمی جانچ۔
المُرَاجَعَةُ الكَامِلَة: مکمل جانچ۔
المُرَاجَعَةُ المُسْتَمِرَّة: مسلسل جانچ
مُرَاجَعَةُ النَّفْس: اپنا جائزہ لینا، محاسبہ نفس۔
المُرَاجَعَةُ النِّهَائِیَّة: آخری جانچ، فائنل جانچ۔
رَجَفَ ـُ رَجْفاً ورُجُوْفاً، ورَجِیْفاً: ہلانا، جھنجھوڑنا، زور سے حرکت دینا۔
اِرْتَجَاف: ہلنا، لرزنا، کانپنا۔
إِرْجَاف: افواہ پھیلانا، سنسنی خیز خبریں پھیلانا۔
رَجْفَة: جھٹکا، لرزہ، کپکپی، رعشہ۔
رَجْفَةٌ تَشْنِیْجِیَّة: تشنج کا دورہ۔
رَاجِفَة: قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔
أَرَاجِیْف: افواہیں، جھوٹی خبریں۔ و: إِرْجَاف
رَجَلَ ـُ رَجَلاً: پیدل چلنا۔
تَرَجَّلَ: (۱) سواری سے اتر کر پیدل چلنا (۲) عورت کا مرد بن جانا۔
تَرْجِیْل: کنگھی کرنا۔
ارْتَجَلَ الكَلَامَ: فی البدیہ اور بے ساختہ کلام کرنا، برجستہ کلام کرنا۔
ارْتِجَالاً: بلا توقف، بلا تفکیر، بیساختہ، برجستہ۔

رَجُلُ أعْمَال: بزنس مین، کاروباری آدمی۔
رَجُلٌ ج: رِجَال: مرد، انسان۔
الرَّجُلُ الأوَّلُ: نمبرایک آدمی، شخصیت نمبر ایک۔
رَجُلُ الحِفظ: سکیورٹی مین۔
رَجُلُ دَوْلَةٍ: حکمراں۔
رَجُلُ سِیَاسَةٍ: پولیٹیشن، سیاست دان۔
رَجُلُ الشَّارِع: عام آدمی۔
رَجُلٌ عَادِیّ: معمولی آدمی، عام آدمی۔
الرَّجُل النِظَامِیّ: اصولی آدمی۔
الرَّجُلُ الخَاضِعُ للقَوانِیْن: قوانین کا پابند آدمی۔
رَجُلٌ وَدِیْعٌ: مسکین آدمی۔
رِجَالُ الاِسْتِخْبَارات: سی، آئی، ڈی۔
رِجَالُ البُوْلیس: پولیس۔
رِجَالُ التَّرْبِیَة: ماہرین تربیت۔
رِجَالُ الجَیْش: ملٹری۔
رِجَالُ الحَرَس: باڈی گارڈ۔
رِجَالُ الحَرَسِ الوَطَنِیّ: نیشنل گارڈ کے سپاہی۔
رِجَالُ الدِّیْن: مذہبی لوگ، علمائے دین۔
رِجَالُ الدِّیْنِ المُحَافِظُوْن: روایت پسند علمائے دین۔
رِجَالُ الشُّرْطَة: پولیس مین۔
رِجَالُ الصِّحَافَة: صحافتی عملہ۔
رِجَالُ العِصَابَات: گوریلا سپاہی۔
رِجَالُ القَلَم: اصحاب قلم۔
رِجَالُ المَالُ: مالدار لوگ۔
رَنَّةٌ: (معرب) شمالی ہرن۔

(رنو) رَنَا اليه ـــُ رَنْواً و رُنُوّاً: ٹکٹکی باندھنا، لگاتار دیکھنا۔

ر.....ه

رَهِبَ ـَ رَهَباً و رَهْبَةً، ورُهْباً: ڈرنا

رَهَّبَ وأَرْهَبَ: ڈرانا، خوف زدہ کرنا، رعب بٹھانا۔

تَرَهَّبَه: دھمکی دینا۔

تَرَهَّبَ: راہب بننا۔

رَهْبَة، رُهْبىٰ: ڈر، خوف۔

رَهِيبٌ: خوفناک، بھیانک، خطرناک۔

رَهْبَـنَة، رَهْبَـانِيَّة: ترک دنیا، گوشہ نشینی، رہبانیت۔

رَاهِبٌ ج: رُهْبَان: تارک الدنیا (۲) گرجا کا مذہبی رہنما۔

إِرْهَـــاب: دہشت انگیزی، دہشت پسندی (۲) ڈرانا، دہشت پھیلانا۔

إِرْهَابِيّ: دہشت پسند، دہشت انگیز۔

رَهَجٌ، رَهْجٌ: (۱) غبار (۲) غنڈہ گردی، فساد انگیزی۔

إِرْهَاج: گرد اُڑانا۔

اَرْهَجَ بَيْنَهُمْ: باہم اشتعال پھیلانا، ایک کو دوسرے کے خلاف اکسانا۔

(رهش) إِرْتِهَاشُ أَرْجُلِ الخَيْل: گھوڑے کی ٹانگوں کا چلتے وقت باہم ٹکرانا۔

رَهْط ج: اَرْهَاط و اَرْهُطٌ: جماعت

رَهَفَ ـَ رَهْفاً و اَرْهَفَ: (۱) پتلا کرنا، باریک کرنا، کمزور و دبلا کرنا۔

رَهَفَ و أَرْهَفَ السَّيْفَ أو الـذِّهْـنَ: تلوار یا ذہن کو تیز کرنا۔

اَرْهَفَ اُذُنَيْهِ: سننے کے لیے کان تیز کرنا، کان کھڑے کرنا۔

اِرْهَافُ الحِسّ: ذکاوتِ حس

رَهُفَ ـُ رَهَافَةً و رَهَفاً: دبلا ہونا، پتلا ہونا۔

رَهِيف: پتلا، دبلا، کمزور۔

رَهِيف و مُرْهَف: تیز، دھاردار۔

رَهِـقَ ـَـ رَهَقاً و اَرْهَقَ: ظلم کرنا، پریشان کرنا، تکلیف دینا، مجبور کرنا، پریشانی میں مبتلا کرنا۔

رَهِـقَ ـَـ رَهَقاً: (۱) ظلم کرنا (۲) بے وقوف ہونا، کم عقل ہونا۔

إِرْهَـــاق: پریشانی، انتہائی تھکان (۲)

پریشانی میں ڈالنا۔
رَاهَقَ الغُلامُ: قریب البلوغ ہونا، سن بلوغ کو پہنچنا (۲) جوان ہونا۔
مُرَاهَقَة: بلوغ (۲) جوانی۔
مُرَاهِقٌ: سن شباب کو پہنچنے والا۔
رَهِلَ ـَـ رَهَلاً: (۱) لٹکنا ڈھیلے بدن کا ہونا، نرم وگداز بدن کا ہونا۔
رَهِلٌ، مُتَرَهِّلٌ: ڈھیلا، نرم، گداز۔
رِهْمَة: معمولی بارش، ہلکی لگاتار بارش۔
مَرْهَمٌ ج: مَرَاهِم: پھوڑے پھنسی کی دوا۔
رَهَنَ الشَّيْءَ فُلاناً و اَرْهَن: رہن رکھنا، گروی رکھنا۔
اَرْهَنَ كذا: رہن بنانا، رہن کرنا۔
رَاهَنَ على كذا: بازی لگانا۔
ارْتَهَنَ الشَّيْءَ: بطور رہن لینا (۲) رہن رکھ لینا۔
ارْتَهَنَ بِالْاَمْرِ: کسی معاملہ کا پابند ہونا۔
رَهْنٌ، رَهِيْنَة: رہن رکھی ہوئی چیز (۲) رہن کی طرح مقید آدمی، یرغمال۔
رَهْنٌ بِإِشَارَتِه: حکم کا منتظر، پابند، تابع، اشارہ پر چلنے والا، وابستہ، مقید۔
رَهْنَ إِشَارَةِ فُلان: اشارہ کا تابع۔
رَهْنَ التَّحْقِيْق: زیر تحقیق۔
رَهْنَ كذا: کسی چیز کے رحم وکرم پر۔
رَهْنُ حِيَازَةٍ: رہن قبضہ۔
رِهَانٌ: شرط، بازی۔
رِهَانٌ خَاسِرٌ: ہاری ہوئی بازی۔
رَهَائِنُ و: رِهَان و رَهِيْنَة: یرغمال۔
رَهِيْنٌ بِأَعْمَالِه: اپنے کاموں کا پابند۔
رَهِيْن، مَرْهُوْن: گروی رکھی ہوئی چیز۔
رَاهِنٌ: (۱) رہن رکھنے والا (۲) حاضر وموجود، واقع، ثابت وقائم۔
الحَالَةُ الرَّاهِنَة: موجودہ حالت۔
مُرْتَهِن: رہن لینے والا۔

ر.....و

رَوَّبَ و اَرَابَ اللَّبَنَ: دودھ جمانا، دہی بنانا، دہی جمانا۔
رَابَ اللَّبَنُ ـُ رَوْباً: دودھ جمنا، دہی بننا، دہی بتانا۔
رَوْبٌ: چھاچھ، دہی۔
رُوْب: گون، ایک خاص لباس جو عدالت وغیرہ میں پہنا جاتا ہے۔
رَائِب، مُرَوَّب: (۱) جما ہوا، دہی بنا ہوا (۲) مکھن نکلا ہوا دودھ۔
رُوْبِيَة: (مع) روپیہ مساوی ۶۵ ملیم تقریباً۔
رُوْبُوْط: روبوٹ، انسان کے شکل کی خودکار مشین۔
رَوْثُ الحَيَوَان ج: أَرْوَاث: لید۔
رَاثَ الحَيَوانُ ـُ رَوْثاً: لید کرنا۔
رَوَّجَ الاَمْرَ و الخَبَرَ تَرْوِيْجًا: عام کرنا، پھیلانا، رواج دینا، اشاعت کرنا، فروغ دینا۔
رَوَّجَ الشَّائِعَاتِ: افواہیں پھیلانا۔
رَوَّجَ الصَّادِرَاتِ: ایکسپورٹ کو ترقی دینا، برآمد شدہ اشیاء کو پھیلانا۔
رَوَّجَ العُمْلَةَ: سکہ رائج کرنا، چلانا۔
رَاجَ الاَمْرُ و العُمْلَةُ ـُ رَوَاجاً:

رواج پانا، عام ہونا، پھیلنا۔
رَاجَ الخَبَرُ: خبر پھیلنا، مشہور ہونا۔
رَاجَتِ الإشَاعَةُ: افواہ پھیلنا۔
رَاجَتِ السِّلْعَةُ: بازار میں کسی سامان کی مانگ ہونا، مقبولیت ہونا۔
رَاجَتِ السُّوقُ: بازار کا چالو ہونا۔
رَائِجٌ، مُرَوَّجٌ: رواج یافتہ، چالو، رائج الوقت، عام، شائع۔
مُرَوِّجٌ: دلال (۲) افواہ پھیلانے والا۔
رَوَّحَ و أَرَاحَ: آرام پہنچانا، آرام دینا، فرحت بخشنا، سکون پہنچانا۔
رَوَّحَ عَنْ نَفْسِهِ: جی بہلانا، دل خوش کرنا۔
أَرَاحَ الأَعْصَابَ: ذہن کو آرام پہنچانا۔
رَاحَ ـُ رَوَاحاً: (۱) شام کے وقت آنا یا جانا (۲) جانا۔
تَرَوَّحَ بِالمِرْوَحَةِ: پنکھے کی ہوا لینا، پنکھا جھلنا۔
رَاوَحَ بَيْنَ العَمَلَيْنِ: یکے بعد دیگرے کرنا، باری باری مشغول ہونا۔
رَاوَحَ بَيْنَ الرِّجْلَيْنِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔
أَرْوَحَ و تَرَوَّحَ المَاءُ: پانی میں بدبو پیدا ہونا۔
تَرَاوَحَ العَدَدُ بين كذا و كذا: تعداد کا بین بین ہونا (اتنا یا اتنا)۔
تَرَاوَحَ العُمْرُ بَيْنَ كذا و كذا عَاماً: عمر کا چند سالوں کے بین بین ہونا۔
اِرْتَاحَ وَاسْتَرَاحَ: آرام کرنا، آرام پانا، سکون حاصل کرنا، خوش ہونا۔

رَاحٌ: شراب۔
رَاحَة: ریسٹ، آرام، سکون، راحت۔
رَاحَةٌ نَفْسِيَّة: ذہنی سکون۔
رَاحَةُ اليَد: ہتھیلی، کف دست ج: رَاحَاتٌ
رَائِحَة: روائح: بو
رَائِحَةٌ ذَكِيَّة: خوشبو۔
رَائِحَةٌ خَبِيثَة: بدبو۔
ذَكِيُّ الرَّائِحَة: خوشبودار۔
خَبِيثُ الرَّائِحَة: بدبودار۔
رُوحٌ ج: أَرْوَاح: (۱) جان (۲) ست، خلاصہ، جوہر (۳) جذبہ، حوصلہ۔
رُوحُ التَّخَاذُل: شکست خوردگی کی ذہنیت۔
رُوحٌ زَاخِرَة: بے پایاں جذبہ۔
رُوحٌ سَائِدَة: عام جذبہ۔
رُوحٌ شِرِّيرٌ: خبیث روح، آسیب۔
رُوحُ الصَّبْر: برداشت کا مادہ۔
رُوحٌ طَيِّبَة: پاکیزہ جذبہ، نیک جذبہ۔
رُوحُ القِتَال: جذبہ جہاد، لڑائی کا جذبہ۔
رُوحٌ مُرْتَفِعَة: بلند حوصلہ۔
رُوحٌ مَعْنَوِيَّة: حوصلہ، مورل MORALE
الرُّوحُ المَعْنَوِيَّةُ العَالِيَة: زبردست حوصلہ۔
رُوحٌ مُنْهَارَة: پست حوصلہ۔
رُوحُ النَّصْر: جذبہ کامرانی۔
رُوحٌ نِضَالِيَّة: جنگی جذبہ۔
رِيحٌ ج: رِيَاح و أَرْيَاحٌ: چلتی ہوئی ہوا، تیز ہوا، محسوس ہوا۔
رَيِّحٌ: انتہائی ہوادار۔
رَيْحَان: خوشبودار نبات ج: رَيَاحِين

اِرْتِیَاح: خوشی، مسرت قلب۔
الاِرْتِیَاحُ إلی القَوْل: بات دل کو لگنا۔
اَرْیَحِیٌّ: فراخ طبیعت، وسیع الاخلاق۔
اَرْیَحِیَّة: بہترین خصلت جو اعلیٰ افعال کو پسند کرتی ہے۔ ج: اَرَائِحُ
تَرْوِیْح: پنکھا جھلنا، ہوا کرنا۔
تَرْوِیْحُ الْقَلْب: دل خوش کرنا۔ تسکین بخشنا۔
اسْتِرَاحَة: آرام پانا (۲) آرام، ریسٹ (۳) ریسٹ ہاؤس، ویٹنگ روم۔
مُرِیْح: آرام دہ (ضد: مُتْعِب) (۲) نفخ پیدا کرنے والی چیز۔
مُرْتَاح: بحالت سکون و آرام، خوش۔
مُرْتَاحُ البَال: مطمئن۔
مِرْوَحَة ج: مَرَاوِح: پنکھا۔
مِرْوَحَةٌ کَهْرَبِیَّة: بجلی کا پنکھا۔
مِرْوَحَةُ الخَیْش: چھت کا پنکھا۔
مِرْوَحَة (مَنْفَس): ہوادان، کھڑکی، روشندان۔
مَرْیُوْح: آسیب زدہ۔
مُسْتَرَاحٌ: بیت الخلا، طہارت خانہ۔
رَوْدٌ: (ن) گشت لگانا، گھومنا، تلاش میں پھرنا، تلاش و جستجو کرنا۔
رَادَ البِلَادَ: کسی انکشاف و تحقیق کے لیے کسی ملک کی سیاحت کرنا۔
اِرْتِیَادُ الفَضَاء: خلائی کھوج۔
اِرْتِیَادُ قِمَمِ الجِبَال: کوہ پیمائی۔
رَاوَدَهُ مُرَاوَدَةً: پھسلانا، ورغلانا، کسی برائی پر آمادہ کرنا۔

اِرَادَة: چاہنا، ارادہ کرنا، پسند کرنا (۲) خواہش، جذبہ۔
الاِرَادَة: آمادگی۔
اِرَادَةٌ مِنْ حَدِیْد: آہنی ارادہ
رُوَیْداً: آہستہ۔
رَائِد ج: رُوَّاد: اسکاؤٹ، جستجو و تلاش کرنے والا (۲) جاسوس (۳) رہنما، قائد (۴) سیاح (۵) نامعلوم اشیاء کی کھوج لگانے والا۔
رُوَّادُ الفَضَاءِ: خلائی مسافر، خلاباز
مُرَاد: قصد، نیت۔
مِرْوَد: آنکھ کی سلائی، سرمہ کی سلائی۔
رَوَّزَ تَرْوِیْز: اندازہ کرنا، تخمینہ کرنا۔
رُوْسُو: ایک مشہور فرانسیسی رائٹر۔
رُوْسِیَا: روس۔
رُوْسِیٌّ مُتَطَرِّف: انتہا پسند اشتراکی۔
رَوَّضَ تَرْوِیْضاً و رَاضَ المُهْرَ ـُ رَوْضاً و رِیَاضاً و رِیَاضَةً: گھوڑے کو سدھانا، بلانا، چلا کر قابو میں کرنا، چلنے کی عادت ڈالنا۔
رَوَّضَ الحَیَوَانَ البَرِّیَّ: مانوس بنانا، ہلانا۔
رَاوَضَهُ مُرَاوَضَةً: کسی کو فریب دے کر کام لینا، کام پر لگانا۔
تَرَاوَضَ: بیع و شراء میں باہم جھگڑنا
تَرَیَّضَ: تفریح کرنا۔
رَائِض، مُرَوِّضُ الخَیْل: گھوڑوں کا سائس۔
رَوْضَة ج: رِیَاض: (۱) باغیچہ (۲) سرسبز زمین۔
رَوْضَةُ الأَطْفَال: چلڈرن گارڈن، بچوں کا

نرسری اسکول۔
رِیَاضَة: جسمانی ورزش، کسرت، ٹریننگ۔
اَلْعَابٌ رِیَاضِیَّة: ورزشی کھیل (۲) جسمانی کرتب۔
رِیَاضِیّ: علم ریاضی کا عالم (۲) ورزشی کھیلوں کا عادی یا شوقین۔
رَوَّعَ تَرْوِیعاً و رَاعَهُ ـُ رَوْعاً و اَرَاعَ: ڈرانا، گھبرا دینا۔
رَاعَه و ارْتَاعَه: ڈرنا، گھبرانا۔
رَوْع، رَوْعَة: ڈر، خوف۔
سَکَّنَ رَوْعَه و هَدَّأَه: گھبراہٹ دور کرنا۔
رُوْعٌ: دل، نقطۂ قلب (۲) ذہن، عقل۔
خَطَرَ بِرُوْعِه: اس کے دل میں آیا۔
اَلْقٰی فی رُوْعِه: اس کے دل میں ڈالا۔
رَوْع: حسن و جمال، شان و شوکت، آب و تاب۔
رَائِع: شاندار، خوشنما۔
رَائِعَةُ النَّهَار: دن کی روشنی۔
مُرِیْع، مُرَوِّع: خوفناک، بھیانک
رَوَاغ، رُوَیْغَة: مکر و حیلہ، چال۔
رَوَّاغ، مُرَاوِغ: مکار، چالاک۔
رَاغَ ـُ رَوْغاً و رَوَغَاناً، وَرَوَاغاً: دھوکہ اور چال سے الگ ہونا، بچ نکلنا، نشانہ سے ہٹنا۔
رَاوَغَه مُرَاوَغَةً: دھوکہ دینا۔
رَاوَغَهُ فِی الکَلَام: چکنی چپڑی باتیں کرنا۔
مُرَاوِغ: دھوکہ باز، چالاک۔
رَوَّقَ تَرْوِیْقاً: صاف کرنا۔
رَوَّقَ اللَّیْلُ: رات کا تاریکی پھیلانا۔
رَوَّقَ البَیْتَ: گھر کے سامنے برآمدہ بنانا، سائبان ڈالنا۔
رَوَّقَ الدَّوَاءَ وغَیْرَه: بھپکے کے ذریعہ پانی ٹپکانا، عرق کشید کرنا، مقطر کرنا۔
رَاقَ ـُ رَوْقاً: صاف ہونا۔
رَاقَه ـُ: پسند آنا، بھانا، بھلا لگنا، اتفاقاً حسب خواہش ہو جانا۔
اِرَاقَة: بہانا۔
تَرَوَّقَ: ناشتہ کرنا۔
رَوْق، رُوَاق ج: اَرْوِقَة: برآمدہ، سائبان، پردہ جو دروازہ پر بطور سائبان ڈالا جائے، ہال، گیلری، شیڈ۔
رَائِق: صاف، خوشنما۔
رَاوُوْق، مُرَوِّق: فلٹر، صاف کرنے کا آلہ۔
تَرْوِیْقَة: ناشتہ۔
رُوْل: (مع) فہرست مقدمات۔
رَوْم، مَرَام: مقصد، مطلب، قصد۔
رَامَ ـُ رَوْماً: قصد کرنا، چاہنا۔
رُوْم: (مع) رم، گنے کی شراب۔
رُوْمَاتِزْم: (مع) جوڑوں کی بیماری۔
رَوْنَق: بہار، خوشنمائی۔
رَانَ ـُ رَوْناً: سخت ہونا۔
رَوِیَ ـِ رِوَایَةً: روایت کرنا، کہانی کہنا، بات نقل کرنا، قصہ بیان کرنا۔
رَوَی عنه: نقل کرنا۔
رَوِیَ ـِ رَیّاً و اَرْوٰی: سیراب کرنا۔
رَوِیَ ـِ رِیّ و ارْتَوٰی: سیراب ہونا، پیاس بجھنا۔

اَرْوَی الزَّرْعَ وغَیْرَہ: آب پاشی کرنا، آب رسانی کرنا۔
اَرْوَی الْغَلِیْلَ: پیاس بجھانا۔
تَرَوِّی: غور کرنا، سوچنا۔
رُوَاء: خوشنمائی، چہرہ کی رونق، آب و تاب (۲) آبِ شیریں۔
رِوَایة: (۱) خبر (۲) افواہ (۳) کہانی، اسٹوری (۴) حدیث (۵) بیان (۶) ناول ج: رِوَایات۔
___ بُولِیْسِیَّة: جاسوسی ناول۔
___ خَیَالِیَّة: رومانی کہانی۔
___ تَمْثِیْلِیَّة: فلمی کہانی، ڈرامائی کہانی۔
___ هَزْلِیَّة: مزاحیہ ناول۔
___ مُحْزِنَة (مَأْسَاة): داستانِ غم ٹریجڈی۔
رَوِیَّة: سوچ، غور (۲) ذہن (۳) قوت فکر
رَیّ: آبپاشی، سیرابی۔
رَیَّان، مُرْتَوٍ: سیراب (۲) تروتازہ
رِیَّة (رِئَة): پھیپڑا۔
تَرَوٍّ: تفکر۔
بِتَرَوٍّ: سوچ کر، غور فکر سے۔

ر.....ی

رَیْبٌ، رَیْبَة، اِرْتِیَاب: شک۔
رَابَه ـِ رَیْباً وَرَیْبَةً و أَرَابَ: شک میں ڈالنا۔
اِرْتِیَاب: شک میں پڑنا۔
تَرَیَّبَ و اِسْتَرَابَ: کسی کی طرف سے شک میں ہونا اور ڈرنا۔
مُرْتَابٌ: شکی، شک کرنے والا۔
مُرْتَابٌ فی العَقِیْدَة: بددین۔
مُرِیْب: مشکوک، قابل شک، شک میں ڈالنے والا۔
رَیْثَما: اتنی دیر کہ، اس قدر کہ۔
رَاثَ ـِ رَیْثاً و تَرَیَّثَ: ٹھہرنا، توقف کرنا، دیر کرنا۔
رَیَّشَ الطَّائِرُ وَرَاشَ ـِ رَیْشاً: پرندہ کے پر نکل آنا۔
رَاشَ ـِ رَیْشاً وتَرَیَّشَ: مال جمع کرنا۔
رَاشَ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا۔
رِیْشٌ ج: اَرْیَاش: پر۔
رِیْشَةُ الکِتَابَة: قلم۔
رِیْشَةُ المُصَوِّر: نقاش کا برش۔
رِیْشِیّ: پروں کا۔
رَیَّعَ المَالَ: مال سے فائدہ اٹھانا، دولت کو بڑھانا۔
رَاعَ ـِ رَیْعاً و رُیُوْعاً وَرَیَعَاناً: نشوونما پانا۔
رَیْعٌ: پیداوار غلہ (۲) نفع۔
رَیْعٌ و رَیْعَان: ہر چیز کا اول و افضل حصہ۔
اَرْضٌ مَرِیْعَة: زرخیز زمین۔
رِیْف ج: اَرْیَاف: دیہات، کھلی جگہ، زراعتی زمین۔
رِیْفِیّ: دیہاتی، زراعتی۔
رِیْق: لعاب ج: اَرْیَاق و رِیَاق
بَلَعَ رِیْقَه: سانس لینا، آرام کرنا۔
(ریل) رَالَ ـِ رَیْلاً و رَیَّلَ: رال بہنا۔
رِیَال: ایک سکہ برابر ۲۰۰ ملیم تقریباً، ڈالر۔
رَیَّمَ و رَامَ ـِ رَیْماً بِالْمَکَان: قیام کرنا۔

رَیْمٌ: رِیْمٌ: سفید ہرن (۲) قبر (۳) چھوٹا پہاڑ۔
رَیَّمَ عَلَی: دھمکی دینا (۱)
رِیْمَة: دیگچی کا ابال۔
رَانَ ـِ رَیْناً و رُیُوْناً: غالب آنا۔
رَانَتْ فَتْرَةٌ مِنَ الصَّمْت: سکوت طاری ہوگیا۔
(رُمِی) اَرْمَی الرَّایَةَ: پرچم اٹھانا، جھنڈا گاڑنا۔
رَایَة ج: رَایَات: پرچم، جھنڈا۔
رَایَةُ شَادن: پتنگ۔

ز

ز.....أ

زِئْبَقٌ: پارہ (فرّار)۔
زَأْبَقَ الشئَ: پارہ کی قلعی کرنا۔
زِئْبَقِیّ: پارہ کا، پارہ نما، سیمابی، تیز طرار۔
زَأَرَ ـِ زَئِرَ ـَ زأْرً وزَئِیرًا: چنگھاڑنا، گرجنا، گرج کر بولنا، شیر کا چیخنا۔
زَئِیر: شیر کی چنگھاڑ، آواز، گرج۔

ز.....ب

زَبَّبَ العِنَبَ: انگور کو خشک کرنا۔
تَزَبَّبَ العِنَبُ: انگور کا خشک ہونا۔
زَبِیبٌ: منقی، خشک انگور۔
زَبِیبٌ بَنَاتِیّ: کشمش۔
زَبَدَ اللَّبَنَ ـِ زَبْداً: بلونا، مکھن نکالنا۔
زَبَّدَ اللَّبَنُ: دودھ پر مکھن آنا۔
أَزْبَدَ: (۱) جھاگ آنا (۲) غصہ آنا، پیچ و تاب کھانا۔
زُبْدَةٌ: مکھن، کریم، بٹر ج: زُبَدٌ
زُبْدَةُ الشئ: خلاصہ، جوہر، اصل جوہر، بہترین حصہ۔
زُبْدَةُ المَوْضُوع: خلاصۂ مضمون۔
زَبَدٌ: جھاگ (۲) میل، گندگی ج: أَزْبَادٌ
زِبْدِیَّة (سُلْطَانِیة): پیالہ ج: زَبَادِیّ
زَبَاد: ایک قسم کی خوشبو۔
لَبَنٌ زَبَادِیّ: چھاچھ، کھٹا دودھ۔
الزَّبَادِیّ: دہی۔
زِبْرِج: زُبُور: کتاب۔
زَبُورٌ: ج: زُبُرٌ: کتاب، کتاب داؤد علیہ السلام
زُبَرٌ و: زُبْرَة: لوہے کا بڑا ٹکڑا۔
زِبْرَا: (معرب) زبرا، گورخر۔
زِبْرِج: زینت، زیور۔
زَبَرْجَد: ایک قیمتی پتھر۔
زَبَطَ البَطُّ ـُ زَبْطاً و زَبِیطاً: مرغابی کا بولنا۔
زَبَطٌ: کیچڑ
زَوْبَعَة: طوفانِ ہوا، مصیبت، سمندری طوفان، سخت آندھی ج: زَوَابِعُ
زَبَقَ ـُ زَبْقاً: بال اکھاڑنا، چونٹنا
زِبْلٌ: گوبر۔
___ الحَمَام: کبوتر کی بیٹ۔
زَبَّال: صفائی کرنے والا، غلاظت اٹھانے والا بھنگی۔
زُبَالَة: کوڑا، جھاڑن۔

صُنْدُوقُ الزُّبَالَة: کوڑے کا ڈبا، کوڑا جمع کرنے کا ظرف۔

عَرَبَةُ الزُّبَالَة: کوڑے کی گاڑی۔

مِجْرَفَةُ الزُّبَالَة: کوڑا اٹھانے کا پنجہ۔

زُنْبِیل ج: زَنَابِیل: ٹوکری، کنڈی، پتوں کا بنا ہوا تھیلا، بید کا بنا ہوا تھیلا۔

مَزْبَلَة ج: مَزَابل: کوڑا خانہ۔

(زبن) زُبَانَی، زَبَانٌ: کانٹا، ڈنک

زَبَانِیَة: وہ فرشتے جو کافروں کو گھسیٹ کر جہنم کی طرف لے جاتے ہیں۔

زُبُون ج: زَبَائِنُ: کسٹمر، آسامی، گاہک۔

زُبْیَةٌ و: زُبیٰ: عمارت کا وہ پشتہ جس پر پانی نہ پہنچ سکے۔

بَلَغُ السَّیْلُ الزُّبیَ: پانی سر سے گزرنا، معاملہ حد سے بڑھنا۔

ز.....ج

زَجَّجَ الحَاجِبَ: ابرو کو باریک کرنا، لمبا کرنا۔

___: (۲) شیشہ بنانا۔

زَجَّ ـُ زَجّاً: پھینکنا، ڈالنا۔

زَجَّهُ و به فی السِّجْن: قید کرنا۔

زُجُّ العَصَا: لاٹھی کا نچلا لوہا۔

___ الشَّرِیط: ٹیگ، فیتہ کے سرے پر لگا ہوا باریک لوہا وغیرہ جس کے ذریعہ کاغذ نتھی کیا جاتا ہے۔

زُجَاج: گلاس، آبگینہ، کانچ، شیشہ۔

زُجَاجٌ مُسَطَّح: ہموار شیشہ۔

زُجَاجَة: شیشی، بوتل (۲) شیشہ کا ٹکڑا

زُجَاجِیٌّ: شیشہ کا

أَوَانٍ زُجَاجِیَّة: شیشے کے برتن۔

زَجَرَ ـُ زَجْرًا: ڈانٹنا، دھمکانا، جھڑکنا۔

___ عن: منع کرنا، روکنا۔

ازْدِجَار، انْزِجَار: رکنا، باز آنا۔

زَجْرٌ: دھمکی، ڈانٹ، جھڑکی، ممانعت۔

زَاجِرٌ: (۱) دھمکانے والا (۲) ضمیر (۳) دھمکی ج: زَوَاجِرُ

زَجَلَ ـُـ زَجْلاً: (۱) تیر مارنا (۲) کبوتر کو دور جگہ بھیجنا۔

حَمَامُ الزَّاجل: نامہ بر کبوتر۔

زَجیٰ و أَزْجیٰ: ہانکنا، لے جانا۔

أَزْجَی التَّحِیَّة: سلامی دینا۔

___ الشُّکْرَا: شکریہ ادا کرنا۔

ز.....ح

زَحَرَ ـَـ زَحِیراً، وزُحَارًا، و زُحَارَةً: آہ بھرنا، مرض پیچش میں مبتلا ہونا۔

زُحَارٌ، زَحِیرٌ: درد و بے چینی کی آواز۔

زَحْزَحَة: ہٹانا۔

تَزَحْزَحَ عَنْ مَکَانِه: اپنی جگہ سے ہٹنا۔

زَحَفَ ـَـ زَحْفاً و زُحُوْفاً، و زَحَفَاناً: رینگنا، گھسٹنا، آہستہ چلنا (۲) زمین کو ہموار کرنا۔

___ الجَیْشُ: فوج کا دشمن کی طرف بڑھنا پیش قدمی کرنا۔

زَحَّافَة: (۱) رینگنے والا جانور (۲) زمین کو ہموار کرنیوالا آلہ۔

زَحْف: مارچ، پیش قدمی۔

زَحْفٌ علی السُّلْطَة: اقتدار کے لیے دوڑ دھوپ۔

زَحْفٌ و تَقَدُّم: پیش قدمی۔

زَحَلَ عَنْ مَکَانِہٖ ـَ زَحْلاً و زُحُوْلاً: ہٹنا۔
إزْحَال، تَزْحِیْل: دور کرنا، ہٹانا۔
زُحَلٌ: ایک سیارہ۔
زَحْلَقَة: پھسلانا، لڑھکانا، جگہ کو پھسلواں بنانا۔
تَزَحْلُق: پھسلنا، پھسلواں ہونا۔
قَبْقَابُ الزَّحْلَقَة: پہیہ دار کھڑاؤں
زُحْلُوْقَة، مَزْلَقَة: پھسلواں زینہ، وہ تختہ جس سے بچے پھسلتے ہیں۔
زَحَمَ ـِ زَحْماً و زَحْمَةً و زَاحَمَه: ہجوم کرنا، بھیڑ لگانا، تنگی پیدا کرنا۔
زَحَمَ الطَّرِیْقَ: راستہ روکنا۔
زَحْمَةُ المُرُوْر: ٹریفک جام، ٹریفک کی کثرت
زَاحَمَه مُزَاحَمَةً: مقابلہ کرنا، رکاوٹ بننا، مزاحم ہونا، ٹکر لینا، مناظرہ کرنا۔
ازْدِحَام: جگہ کا کثرت عدد سے تنگ ہونا۔ بھیڑ ہونا، ہجوم ہونا، بھر جانا۔
تَزَاحُمٌ: کھوے سے کھوا ملنا، ایک دوسرے کے لیے مزاحم ہونا۔
زَحْمَة، زِحَام، ازْدِحَام: بھیڑ۔
مُزَاحِم: مقابل، مخالف۔
مُزَاحَمَة: مقابلہ، ٹکر، مخالفت، کمپیٹیشن۔
مُزَاحَمَةٌ علی المَنَاصِب: عہدوں کی لڑائی۔
زِحَامٌ: ازدحام، ہجوم۔
بِزِی مُزْدَحِمٌ: بھرا ہوا، بھیڑ لگا ہوا۔
بِزِی: مصروف۔

ز.....خ

زَخَّ الجَمْرُ ـِ زَخًّا و زَخِیْخاً: چنگاری کا چمکنا۔
زَخِیْخ: چمک، تارہ۔
زَخَرَ البَحْرُ ـُ زُخْرًا و زُخُوْرًا، و زَخِیْرًا: دریا کا چڑھنا، موجیں مارنا۔
زَاخِرٌ: بھرا ہوا، ٹھاٹھیں مارتا ہوا۔
زَخْرَفَة: مزین کرنا، آراستہ کرنا، ملمع کرنا، ایمبرائیڈر
زُخْرُفٌ ج زَخَارِف: زینت، ڈیکوریشن، سجاوٹ، سامان زینت، باطل و بے حقیقت چیز۔
زُخْرُفِیّ: آرائشی، زیبائشی۔
مُزَخْرَف: آراستہ۔
مُزَخْرِف: ڈیکوریٹر، آراستہ کرنے والا۔
زَخَمَ ـِ زَخْماً: سختی سے ہٹانا، دھکیلنا۔
زَخِمَ اللَّحْمُ ـَ زَخَمًا و زَخَمَةً: گوشت میں بدبو ہونا۔
زَخَمَة: بدبو (۲) کوڑا۔

ز.....ر

زَرَبَ المَوَاشِیَ ـُ زَرْباً: جانوروں کو باڑے میں بند کرنا۔
زَرِبَ المَاءُ ـَ زَرَباً: پانی بہنا۔
زَرِیْبَة ج: زُرَائِبُ: جانوروں کا باڑا، شیڈ، سائبان۔
مِزْرَابٌ ج: مَزَارِیْبُ: پرنالہ۔
زَرَدَ ـُ زَرْدًا: گلا گھونٹنا۔
زَرِدَ ـَ زَرَدًا و زَرْدًا: جلدی جلدی لقمہ نگلنا۔
زَرْدُشْتِی: آتش پرست۔
الزَّرَدِیَّة: پلاس۔
زَرَّرَ و زَرَّ القَمِیْصَ ـُ زَرًّا: گھنڈی لگانا،

بٹن لگانا۔
زَرَّعَیْنَہ: آنکھ کو تنگ کرنا۔
زِرٌّ: أَزْرَارٌ: بٹن، گھنڈی (۲) قمیص کی آستین۔
زِرُّ کَھْرَبَائِیّ: بجلی کا بٹن، سوئچ۔
___ الطَّرْبُوش: ترکی ٹوپی کا پھندنا۔
___ الجَرَسِ الکَھْرَبائِی: بجلی کی گھنٹی کا بٹن۔
زَرْزَرَ العُصْفُورُ: چڑیا کا بولنا۔
زَرَعَ ـَـ زَرْعًا و زِرَاعَةً: بیج ڈالنا، بونا۔
___ الأَرْضَ: زمین میں کاشت کرنا۔
___ النَّباتَ: گھاس بونا۔
زَرْعٌ ج: زُرُوع: کھیتی، بوئی ہوئی چیز۔
زَرْعُ الخَوْف: دہشت پھیلانا۔
زِرَاعة: کاشت، کھیتی باڑی، کاشتکاری
___ البَسَاتِین: باغ لگانا۔
زِرَاعِیّ: کاشت سے متعلق، زراعتی۔
خَبِیرٌ زِرَاعِیّ: ماہر زراعت۔
زَرَّاعٌ، زَارِعٌ: (۱) کاشتکار، کسان (۲) صاحب کاشت، مالک کاشت۔
الزِّرَاعَة الکَثِیفَة: گھنی کھیتی۔
الزِّرَاعَةُ المُرَکَّزة: زبردست کھیتی۔
مَزْرَعة: فارم، کھیت۔
مَزْرَعَةٌ تَعَاوُنِیَة: امداد باہمی فارم۔
مَزْرَعَةُ دَوَاجِن: مرغیوں وغیرہ کا فارم۔
مَزْرَعَةٌ نَمُوذَجِیَّة: نمونہ کا فارم۔
مُزَارِعٌ: کسان، کاشتکار۔
زَرَفَ ـُـ زَرْفًا: کودنا۔
___ فی الکَلَام: جھوٹ ملانا۔
زَرِفَ الجُرْحُ ـَـ زَرَفًا: زخم کا ہرا ہونا۔
زَرَافَة: زرافہ، ایک جانور جو اونٹ کے مشابہ ہوتا ہے، اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں (۲) جماعت۔
زَرَافَات: (۱) جماعتیں (۲) گروہ گروہ
زَرَقَ الطَّائِرُ ـُـ زَرْقًا: بیٹ کرنا۔
زَرِقَ ـَـ زَرَقًا و زُرْقَةً: نیلگوں ہونا، آسمانی رنگ ہونا۔
زَوْرَق ج: زَوَارِق: چھوٹی کشتی، جہاز
___ بُخَارِیّ: اسٹیمر، موٹر بوٹ، اسٹیم لانچ
زَوْرَقٌ مُوطَرِیٌّ: موٹر بوٹ۔
زَوْرَقُ الإِطْفَاء: فائر بوٹ۔
زَوْرَقُ الصَّوَارِیخ: راکٹ برادر چھوٹا جہاز۔
أَزْرَق: نیلا ج: زُرْق
___ سَمَاوِیّ: آسمانی۔
القُبَّةُ الزَّرْقَاءُ: آسمان
زَرْکَشَة (مع): مزین کرنا، نقش و نگار بنانا۔
زَرْکَش: چاندی کے تاروں کا ریشمی کپڑا۔
زَرَیٰ ـَـ زَرْیًا و زِرَایَةً و تَزَرَّیٰ عَلَی: عیب لگانا۔
أَزْرَیٰ بِہ: عیب لگانا، ذلیل کرنا۔
___ بِالأَمْر: حقیر و ذلیل سمجھنا۔
اسْتِزْرَاء: عیب لگانا، حقیر سمجھنا۔
زَرِیّ: عیب دار، حقیر، قابل نفرت (۲) معمولی، تھوڑا۔
ازْدِرَاء: حقارت، ذلت، عیب
مُزْدَرٍ: حقارت آمیز، عیب دار۔

زَعَجَ ـَ زَعَجاً و أَزْعَجَ: گھبرانا، گھبرادینا، پریشان کرنا، ڈرانا، ہوش اڑانا۔
إِزْعَاج: گھبراہٹ، پریشانی۔
انزِعَاج: ڈرنا، سہمنا گھبراجانا۔
زَعَجٌ، انزِعَاج: گھبراہٹ، پریشانی۔
مُزْعِجٌ: پریشان کن، وحشتناک، ڈراؤنا۔
زَعِرٌ، أَزْعَرُ: کم بالوں والا۔
أَزْعَرُ: بے دم۔
زَعْزَعَة: ہلانا۔
تَزَعْزُعٌ: ہلنا۔
زَعْزَعٌ ج: زَعَازِعُ: سخت ہوا، تیز ہوا
زَعَفَ ـَ زَعْفاً: فوراً مار ڈالنا۔
زَعَقَ ـَ زَعْقًا: چیخنا، چلانا۔
زَعْقٌ، زَعِيق: چیخ، آواز۔
مَاءٌ زُعَاق: تلخ وکڑواپانی۔
زَعِلَ ـَ زَعَلاً: تنگ دل ہونا، مکدر ہونا
تَزْعِيل: (دا) مکدر بنانا، بے کیف کرنا۔
إِزْعَال: پریشان کرنا، تنگ دل کرنا۔
زَعِل، زَعْلاَن: تنگ دل، پریشان۔
زَعَمَ ـُ زَعْمًا و زِعْمًا، و زُعْمًا و مَزْعَمًا: دعویٰ کرنا، بے حقیقت دعویٰ کرنا۔
زَعُمَ ـُ زَعَامَةً: لیڈر بننا، سردار بننا۔
زَعْمٌ: دعوی
زَعَامَة: لیڈری، لیڈرشپ، سرداری، قیادت
زَعِيمٌ ج: زُعَمَاء: لیڈر، صدر، سردار، پیشوا، راہنما۔
ـــ عِصَابَةٍ: کسی گروہ کا سرغنہ، سردار، گروپ لیڈر۔
الزَّعِيمُ الرُّوحِيّ: مذہبی پیشوا۔
الزُّعَمَاءُ الرُّوحِيُّون: مذہبی پیشوا۔
الزُّعَمَاءُ المُحَافِظُون: روایت پسند رہنما۔
تَزَعُّمُ الأَحْزَاب: پارٹیوں کا لیڈر بننا۔
تَزَعُّمُ فِكْرَة: کسی خیال کا مدعی ہونا۔
مَزْعُوم: نام نہاد۔
مَزَاعِمُ: دعوے۔

ز.....غ

زَغَبٌ: چھوٹے بال، چھوٹے پر۔
زَغْزَغَة: پوشیدہ کرنا، چھپانا۔
زَغَلَ ـَ زَغْلاً: ڈالنا، پانی ڈالنا۔
زُغْلُولَ ج زَغَالِيلُ: بچہ۔

ز.....ف

زَفَّتَ تَزْفِيتاً: تارکول ملنا، لگانا، ڈالنا
زِفْتٌ: تارکول۔
زَفَرَ ـُ زُفْرًا و زَفِيرًا: لمبی سانس لینا (۲) لمبی لمبی آہیں بھرنا (۳) آگ بھڑکنے کے وقت آواز نکلنا۔
زَفَّرَ تَزْفِيرًا: چکناہٹ ملنا۔
زَفِرٌ: میلا، بودار۔
زَفْرَة ج: زَفَرَات: لمبی سانس، آہ
زَفِير: سانس کی آواز۔
زَفْسُ: (مع) زیس، کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔
زَفَّ الطَّائِرُ ـِ زَفًّا و زَفِيفًا: پرندہ کا پر پھیلانا۔
زَفَّ العَرُوسَ إِلى زَوجِهَا ـُ زِفَافاً و زَفَّةً: دولہن کو رخصت کرنا، شوہر کے

گھر بھیجنا۔
زَفَّ البُشریٰ: خوشخبری دینا۔
زَفَّة: جلوس۔
زِفَاف: رخصت، شادی۔
مِزَفَّة: پالکی، دولہن کی گاڑی۔

ز.....ق

زَقْزَقَ الطَّائِرُ فَرْخَه: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا۔
___ الطِّفْلَ: بچہ کو پاؤں پر بٹھا کر نچانا۔
زَقِفَ ـُ زَقْفًا: اچکنا۔
زَقَّ الطَّائِرُ ـُ زَقًّا: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
زِقُّ المَاءِ: مشکیزہ ج: زِقَاق و أَزْقَاق زُقَاق ج: أَزِقَّة: تنگ راستہ، گلی
زَقَمَ ـُ زَقْمًا: نگلنا۔
زَقَّمَ الكِتَابَ: کتاب کا حاشیہ کاٹنا۔

ز.....ک

زَكَبَ ـُ زَكْبًا: برتن کو بھرنا۔
زَكِيبَة: (دا) بوری، بڑا تھیلا۔
زَكَمَ ـُ زَكْمًا: زکام کا سبب بننا، زکام میں مبتلا کرنا۔
زُكِمَ ـــ زُكَامًا و زُكْمَة: زکام میں مبتلا ہونا۔
زَكِنَ ـَ الأَمرَ زَكَنًا: تاڑنا، سمجھنا۔
زَكَانَة: اصابت رائے، سمجھ بوجھ۔
(زکو) زَكَا ـُ زُكُوًّا و زَكِيَ ـَ زَكًى و زَكَاء: (۱) نیک وصالح ہونا (۲) کھیتی کا بڑھنا، خوش عیش ہونا، نشوونما پانا۔
زَكِيَ ـَ بِه: لائق ہونا۔
زَكَّى تَزْكِيَةً: پاک کرنا، نیک کرنا۔
___ المَالَ: مال کی زکوٰۃ دینا۔
تَزْكِيَة: تصدیقنامہ، کیریکٹر سارٹیفکٹ
زَكَاة: (۱) پاکیزگی (۲) مال کی مقررہ مقدار جو صاحب نصاب مسلمان پر اپنے مال میں سے ادا کرنی ضروری ہے۔
زَكِيّ: نیک وصالح۔

ز.....ل

زَلَابِيَة: (مع) جلیبی، گلگلے وغیرہ۔
زَلَجَ البَابَ ـُ زَلْجًا: دروازہ کو چٹخنی سے بند کرنا۔
زَلِجَ ـَـ زَلَجًا: پھسلنا، لڑھکنا، (۲) پھسلتے ہوئے چلنا۔
زَلِجٌ، زَلِيجٌ: پھسلواں۔
مِزْلَاج ج: مَزَالِيج: چٹخنی۔
مِزْلَجٌ ج: مَزَالِج: پہیوں دار کھڑاؤں جس پر پاؤں رکھ کر پھسلتے ہوئے چلتے ہیں۔
مَزْلَجَة: پھسلنے کی جگہ۔
زَلَحَ ـَ زَلْحًا: چکھنا۔
زَلَحَتْ رَأْسُهُ: (۱) سر کے بال اڑ جانا۔
أَزْلَحُ: گنجے سر کا۔
زَلْزَلَة: ہلانا، جھٹکے دینا، بھونچال لانا (۲) زلزلہ۔
تَزَلْزُل: ہلنا، جھٹکا لگنا، بھونچال آنا
مِقْيَاسُ الزَّلَازِل: زلزلہ پیما۔
زَلَطَ ـِ زَلْطًا: تیز چلنا۔
___ (دا): نکلنا۔
زَلَّطَ الأَرْضَ تَزْلِيطًا: زمین میں کنکریاں ڈالنا، کنکریٹ بچھانا، (۲) برہنہ کرنا۔
تَزَلَّطَ: (۱) برہنا ہونا۔

زَلَطٌ و: زَلَطَة: کنکری، کنکریٹ۔
وَابُورُ الزَّلَط: سڑک کوٹنے کا انجن
زَلَعَة: (ا) بڑا مرتبان۔
زَلَفَ ـُـ زُلْفًا و زَلِيفًا و تَزَلَّفَ إِلَيه: آگے آنا، قریب آنا، تقرب حاصل کرنا۔
ـــــ و زَلَّفَ تَزْلِيفًا: آگے کرنا، قریب کرنا۔
زَلَفٌ، زُلْفٰى، تَزَلُّف: قرب، تقرب،
مُتَزَلِّف: طفیلی۔
زَلِقَ ـَـ زَلَقًا: پیر پھسلنا۔
زَلَّقَ تَزْلِيقًا: پھسلانا، دور کرنا، چکنا کرنا۔ پھسلواں بنانا۔
زَلِقٌ: پھسلواں، چکنا۔
زُلَّيق: آڑو۔
مَزْلَقَان: لیول کراسنگ، ریلوے کراسنگ
زَلْقَة: ایک لغزش۔
زَلَاقَة، مَزْلَقَة: پھسلواں جگہ۔
انْزِلَاق: پھسلنا، نہ جمنا، نہ ٹھہرنا۔
مَزْلَقَة: پھسلنے کا تختہ۔
زَلَّ ـِـ زَلًّا و زَلَلًا: (۱) غلطی پر ہونا (۲) پیر پھسل کر گرنا، لغزش کرنا، ٹھوکر کھانا
إِزْلَال: لغزش کرانا، ٹھوکر کا سبب بننا۔
زَلَّة: غلطی، لغزش، ٹھوکر۔
زُلَال: صاف شیریں پانی۔
زُلَالُ البَيْض: انڈوں کی سفیدی
زَلَمَة: ہیئت، قد۔

ز.....م

زَمُتَ ـُـ زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ: باوقار ہونا، پر شوکت ہونا، سنجیدہ ہونا۔
زَمْجَرَة: دڑوکنا، چنگھاڑنا، شور مچانا۔
زَمْجَرَةُ المِدْفَعِيَة: توپ خانہ کا گونجنا، توپخانہ کی گرج۔
زَمَرَ ـُـ زَمْرًا و زَمِيرًا و زَمَّرَ: بانسری بجانا
زُمْرَة ج: زُمَرٌ: جماعت، گروپ۔
زُمْرَة المُنْتَخِبِيْن: ووٹروں کا حلقہ، حلقہ انتخاب۔
زَمَّارٌ، زَامِرٌ: بانسری بجانے والا۔
زَمَّارَة، مِزْمَار: بانسری، بین۔
مَزَامِيْر: و: مِزْمَار: بانسری، بین (۲) مخصوص گیت (۳) و: مَزْمُور: حضرت داؤد علیہ السلام کی دعائیں وغیرہ۔
زُمُرُّد: ایک قیمتی پتھر۔
زَمْزَمَة: گونج، گرج۔
زَمْزَمِيَّة: پانی کی بوتل، صراحی (۲) تھرماس ج: زَمْزَمِيَّات
زَمْزَمَةُ الصَّارُوخ: راکٹ کی خوفناک آواز۔
زَمَّعَ و أَزْمَعَ على: عزم کرنا، پختہ ارادہ کرنا
مُزْمِع: عازم، قریب الوقوع۔
زَمَلَ ـُـ زَمْلًا و زَامَلَة: ساتھی ہونا، رفیق کار ہونا۔
زُمْلَة: ساتھی، جماعت، ایسوسی ایشن۔
زَمِيل ج: زُمَلَاء: ساتھی۔
زَمِيلٌ فِي صِنَاعَةٍ أَو مَنْصِبٍ: ہم پیشہ، ہم عہدہ۔
زَمِيلٌ فِي عَمَلٍ: رفیق کار، شریک کار، پارٹنر
زِمَالَة: رفاقت، رفاقت کار۔
إِزْمِيل: رانپی، چھینی۔
زَمَّ ـُـ زَمًّا: باندھنا، مضبوط کرنا۔
زِمَامٌ ج: أَزِمَّة: (۱) لگام (۲) ٹائی (۳) باگ

ڈور

لازِمَا لَهُ: بے مہار، بے لگام، آزاد

زَمِنَ ـــ زَمَناً و زُمْنَة وزَمَانَةً: (۱) دائمی مریض ہونا (۲) معذور واپاہج ہونا۔

إزْمَـان: کسی چیز کا دیر تک برقرار رہنا، زیادہ وقت گزرنا (کسی چیز پر) بیماری کا جڑ پکڑنا، دائمی ہونا۔

زَمِنٌ: اپاہج، دائم المرض۔

زَمَن: صائم، زمانہ، وقت ج: أَزْمَـانٌ و أَزْمُنٌ

الزَّمَنُ فی صَالِحِ المُتَفَائِل: زمانہ امیدوار کے مفاد میں ہے۔

زَمَنٌ قِیَاسِیّ: متعین وقت۔

زَمَنِیّ: وقتی، دنیوی، عالمی۔

الخَیْرَاتُ الزَّمَنِیَّةُ: دنیوی اقتدار۔

القُنْبُلَةُ الزَّمَنِیَّة: ٹائم بم۔

زَمَانَة: اپاہج پن، دائمی بیماری۔

مُزْمِن: کہنہ، جڑ پکڑا ہوا، (مرض) پرانا، دائمی۔

زَمْهَرِیْر: شدید سردی۔

ز.....ن

زَنَأَ بَوْلَه ـــ زَنْئًا: پیشاب روکنا۔

زَنَّأَ عَلَیه تَزْنِئَةً: تنگی کرنا۔

زَنْأَةُ البَوْل: پیشاب کا بند، بندش۔

زَنْبَرَ عَلَیْه: تکبر کرنا۔

زُنْبُرُ ج: زُنْبُرکَات: اسپرنگ، پیچ دار کمانی۔

زُنْبُرکِیّ: اسپرنگ دار

زُنْبُور: بھڑ ج: زَنَابِیر

زُنْبَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔

زَنْبِیل: کنڈی، ٹوکری ج: زَنَابِیل

زِنْـج ج: زُنُـوجٌ و: زِنْجِیّ: کالا آدمی، نیگرو قوم۔

زَنْجَبِیل: سونٹھ، ادرک۔

زَنِخَ الزَّیْتُ ـــ زَنَخًا: تیل کا خراب ہونا۔

زَنْدٌ ج: زِنَادٌ: چقماق۔

ـــ البُنْدُقِیَة: بندوق کا گھوڑا۔

زَنْـدَقَة: کفر اختیار کرنا، کافرانہ روش اختیار کرنا۔

تَزَنْدُق: ملحد ہونا، کافر ہونا۔

زِنْدِیق ج: زَنَادِقَة: کافر، ملحد۔

زِنْزَانَة: جیل کی کوٹھری ج: زِنْزَانات

زَنَقَ ـــ زَنْقًا: بخل کرنا، تنگی کرنا، اخراجات میں کمی کرنا۔

زِنَاق: طوق۔

زِنْک: (توتیا، خارصین) جست، تانبے اور جرمن سلور کا مرکب جو بلاکوں کے چھاپنے اور بجلی کی بیڑی وغیرہ میں کام آتا ہے۔

زَنِمٌ، أَزْنَمُ: کن کٹا۔

زَنِیم، مُزَنَّم: کمینہ، اجنبی۔

زَنَّ ـــ زَنًّا: (دا) ٹن ٹن بولنا، گونجنا۔

زَنّ: آواز، گونج۔

زَنُوبِیَا: (دا) سگار۔

زَنَى ـــ زَنْیًا و زِنًى: بدکاری کرنا، زنا کرنا۔

ز.....ھ

زَهِدَ ـــ فیه و عنه زُهْدًا وزَهَادَةً: کنارہ کش ہونا، بے پرواہ ہونا، چھوڑنا۔

ـــ فی الدُّنْیا: تارک الدنیا ہونا۔

زُهْـدٌ: (۱) مذہبیت (۲) بے رغبتی (۳) دنیا سے بے رغبتی، عبادت گزاری۔

زَهِيد: معمولی، حقیر، تھوڑا۔
زَهِد ج: زُهَّاد: خدارسیدہ، انتہائی عبادت گزار، تارک الدنیا۔
___ فی شئ: کنارہ کش، بے تعلق۔
الزَّاهِدُ فی المَنْصِب: عہدہ سے کنارہ کش، ناطلب گار عہدہ۔
زَهَرَ ـُ زُهُوْرًا و زَهْرًا: چمکنا۔
اِزْدِهَار: فروغ پانا، روشن ہونا، چمکنا، سرسبز و تازہ ہونا، عروج پر پہنچانا، زور پکڑنا (۲) ترقی، بہار، درخشانی، فروغ۔
اِزْهَار و تَزْهِيْر: روشن کرنا۔
زَهْرَة: کلی، پھول
زَهْرَةُ الدُّنْيَا: دنیوی آرائش۔
زَهْرَةُ الكِبْرِيْت: پھول جھڑی۔
زَهْرٌ ج: أَزْهَار: پھول۔
زُهْرَة: ایک سیارہ کا نام۔
زَهْرِيَّة ج: زَهْرِيَات: گلدان پھول رکھنے کا برتن۔
زَاهِر: روشن، چمکدار
زَاهِر و مُزْهِر: پھولدار
أَزْهَرَ الشَّجَرُ إِزْهَارًا: درخت پر پھول آنا۔
مِزْهَر: عود، آلہ طرب ج: مَزَاهِر
مَزْهَرِيَّة: گلدان۔
أَزْهَر: روشن، چمکدار
الأَزْهَرَان: شمس وقمر
زَهَقَتْ نَفْسُه ـُ زُهُوقًا: (۱) روح نکلنا (۲) ہلاک ہونا۔
زَهَقَ الشَّئُ ـُ زُهُوقًا: (۱) ناپید ہونا (۲) کمزور وست پڑ جانا۔
زَهِقَ منه: (دا) تنگ آنا۔
إِزْهَاق: باطل کو نیست ونابود کرنا، ناپید کرنا، ہلاک کرنا، کمزور بنانا۔
زَاهِق، زَهُوْق: کمزور وست ہلاک وناپید ہونے والا۔
زَهَقَان: تنگ دل، پریشان (دا)
(زَهُوَّ) زَهَا ـُ زَهْوًا: (۱) روشن ہونا (۱) نشوونما پانا، بڑھنا (۳) غرور کرنا۔
زَهْوٌ: (۱) غرور (۲) گمراہی (۳) خوشنمائی، بہار، اتراہٹ۔
زُهَاء: مقدار، تقریباً، مانند۔
زَاهٍ: بھڑکدار، چمکدار، روشن۔
لَوْنٌ زَاهٍ: کھلا ہوا صاف رنگ (ضد قاتم)

ز.....و

زَوَّجَ تَزْوِيْجًا فُلَانًا اِمْرَأَةً أو بِامْرَأَةٍ: شادی کرنا، بیاہنا۔
تَزَوَّجَ فُلَانَةً أَوْ بِفُلَانَةٍ: شادی کر لینا
زَاوَجَه مُزَاوَجَةً: تعلق قائم کرنا یا کرانا
تَزَاوُج: مختلف لوگوں یا خاندانوں کا شادی کے ذریعہ باہم متعلق ہونا۔
اِزْدِوَاج فی الأَعْمَال وَبِالأَعْمَال: دوعملی۔
زَوْج: (۱) خاوند (۲) بیگم، اہلیہ، میڈم (۳) کسی چیز کا جوڑا، دو کا مجموعہ
زَوْجُ أَحْذِيَة: جوتوں کا جوڑا۔
زَوْجِيّ: جفت، عدد جفت۔
زَوْجَة: میڈم، بیگم، اہلیہ۔
زِوَاج: میرج، شادی، بیاہ۔
___ غَيْرُ شَرْعِيّ: ناجائز شادی۔

ـــ عُرفِیّ أو مَدَنِیّ: سول میرج قانونی یا باضابطہ شادی۔
حَفْلَةُ الزَّوَاج: تقریب شادی
زِوَاجِیّ: ازدواجی۔
زَاجٌ (مِلْحٌ أخْضَرُ): نیلا تھوتھا۔
مُتَزَوِّج، مُزَوَّج: شادی شدہ
مُزْدَوِج: ڈپلی کیٹ، ڈبل، دوہرا۔
مُزْدَوِجُ الجِنسِیَّة: دوہری شہریت والا۔
رزوح إزَاحَة: ہٹانا، دور کرنا۔
إزَاحَةُ السِّتَارعن شیئ: پردہ ہٹانا، نقاب کشائی، ظاہر کرنا، فاش کردینا۔
زَاحَ ـُ زَوْحاً و زَوَاحًا و انْزَاحَ: ہٹنا، دور ہونا، الگ ہونا۔
زَوَّدَهُ بکذا تزویدًا: دینا، بہم پہنچانا، سپلائی کرنا، مہیا کرنا۔
زَوَّدَهُ و أزادَه: زادِراہ دینا، اشیائے خوردنی و سامان ضرورت دینا۔
زَادٌ: (۱) توشہ سفر، زادہ راہ (۲) راشن، اشیائے خوردنی ج: أزْوَادٌ و أزْوِدَة
مِزْوَد ج: مَزَاوِدُ: توشہ دان، مسافر کا سفری تھیلا۔
تَزَوَّدبکذا: توشہ لینا، فراہم ہونا، اشیائے ضرورت لینا (۲) لیس ہونا۔
تَزَوُّدُ السَّفِینَةِ بأسْلِحَةٍ نَوَوِیَّة: جہاز کا ایٹمی ہتھیاروں سے لیس ہونا۔
تَزْوِیدُ الحُکُومَة بالأسْلِحَة: حکومت کو ہتھیار سپلائی کرنا۔
تَزْوِیدُ شیئٍ بجَسَدِه: باڈی لگانا۔
تَزْوِیدٌ بِمَقَاعِدَ: سیٹنگ، سیٹیں لگانا۔
التَّزْوِیدُ بالبِتْرُوْل: پٹرول سپلائی کرنا۔
تَزْوِیدُ بالتِرُوس: گیرفٹ کرنا۔
التَّزْوِیدُ بجرَایَة: راشن دینا۔
تَزْوِیدٌ بالکَهْرَبَاء: بجلی سپلائی کرنا۔
التَّزْوِیدُ بالمُوَظَّفِیْن: اسٹاف مہیا کرنا۔
التَّزْوِیدُ بالمِیَاه: آب رسانی۔
مُزَوَّدٌ بالأسْلِحَة الثَّقِیْلَة: بھاری اسلحہ سے لیس۔
زَوَّرَ تَزْوِیرًا: کھوٹ ملانا، جعلی بنانا، کلام میں جھوٹ کی آمیزش کرنا، جعل سازی کرنا، پر فریب بنانا، بے بنیاد بنانا (۲) جعل سازی، غلط بیانی، فریب کاری۔
زَوِرَ بالطَّعَامِ ـَ زَوَرًا: اچھو ہونا، گلے میں لقمہ اٹکنا۔
زَارَه ـُ زِیَارةً و زَوْرًا و مَزَارًا: ملاقات کرنا۔ (۲) مہمان بن کر آنا، (۳) کسی ملک کے دورہ پر آنا یا جانا (۴) کسی مقام کی برکت حاصل کرنے کیلئے آنا یا جانا، تَزَاوُر باہم ملاقات کرنا۔
زُوْر: (۱) جھوٹ (۲) جھوٹا (۳) بہتان (۴) کھوٹا، جعلی، گھڑا ہوا۔
زَوْرَة: ایک ملاقات، ایک دورہ۔
زَائِر ج: زُوَّار: ملاقاتی، مہمان، وزیٹر، غیر ملکی مہمان جو سیر و سیاحت کیلئے آئے ہوں۔
زِیَارَة: ٹور، معائنہ، ملاقات، دورہ، کسی جگہ پر آمد ج: زِیَارَات
زِیَارَةٌ خاطِفَة: مختصر دورہ۔
زِیَارَةُ الدَّوْلة بدَعْوَةٍ رَسْمِیَّة: سرکاری دعوت پر کسی ملک کا دورہ کرنا۔

زِیَارَةٌ رَسْمِیَّة: سرکاری دورہ۔
زِیَارَةٌ رَسْمِیَّة لِلدُّوَل: ممالک کا سرکاری دورہ کرنا۔
زِیَارَةٌ قَصِیرَة: مختصر دورہ۔
زِیَارَةُ المَرِیضِ المُشْرِفِ علی المَوْت: جاں بہ لب بیمار سے ملاقات۔
زِیَارَةُ المَعْرِض: نمائش دیکھنا۔
تَزْوِیرُ الانْتِخَابات: الیکشن میں جعلسازی، فریب دہی کرنا۔
تَزْوِیرُ الحِسَابَات: حسابات میں جعل سازی کرنا۔
مُزَوَّر: جعلی، باطل، گھڑا ہوا، بے حقیقت۔
مُزَوِّر: جعل ساز۔
مَزَارٌ: قابل زیارت مقام۔
زوس (معرب) زیس: کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔
(زوغ) زَاغَ ـُ: نکل بھاگنا۔
زَوْف: (ن) پرندہ کا زمین پر پروں کو ہلانا۔
زَوَّقَ تَزْوِیقاً: آراستہ کرنا، مزین کرنا۔
زُوَّیْقَة: تاش کا پتا۔
زَاوُوق: پارہ
مُزَوَّق: آراستہ، ملمع کیا ہوا، چکنی چپڑی بات۔
زَالَ ـُ زَوَالاً وزَوَلاناً: زائل ہونا، معدوم ہونا، ختم ہون، ناپید ہونا، سورج ڈھلنا۔
لازَالَ، مَازَالَ، لَمْ یَزَلْ: برابر، مسلسل۔
زَاوَلَ العَملَ مُزَاوَلَةً: کوئی کام مسلسل کرنا، پیشہ کے طور پر کرنا، پریکٹس کرنا۔
إِزَالَة: دور کرنا، زائل کرنا، ختم کرنا۔
إِزَالَةُ الآثَار: نشانات مٹانا۔
إِزَالَةُ الضَّرُورَة: (دا) پیشاب کرنا
زَوَال: خاتمہ، انعدام۔
زَائِل: ختم ہوجانے والا، زوال پذیر۔
مِزْوَل ج: مَزَاوِلُ: ٹیلیفون کا ڈائل۔
مِزْوَلة: دھوپ گھڑی۔
مُزَاوَلَة: پریکٹس، مشق۔
مُزَاوَلَةُ السُّلْطَة: اختیارات استعمال کرنا۔
مُزَاوَلَةُ النَّشَاط: سرگرمی شروع کرنا۔
زُوْلاَ: زولا، مشہور فرانسیسی ناول نگار۔
زُوْلُوجِیَا: (مع) علم الحیوان۔
زَوَّی تَزْوِیَةً و تَزَوَّی و انْزَوَی: گوشہ نشین ہونا۔
زَاوِیَة ج: زَوَایَا: (۱) گوشتہ، کونہ، کارنر (۲) گوشۂ عبادت، خانقاہ، درگاہ (۳) نقطۂ نظر۔
زَاوِیَةٌ ثَابِتَة: متعین نقطۂ نظر۔

ز.....ی

زَیَّتَ الآلَة وزَارَتَ ـِ زَیْتاً: مشین کو تیل یا گریس لگانا۔
زَیْت ج: زُیُوت: تیل، روغن زیتون
ـــ الغَاز: مٹی تیل۔
زَیْتِیّ: تیل نکالنے والا (۲) تیل جیسا
زَیَّات: تیل فروش۔
مَزْیَتَة: آئل کین، تیل ٹپکانے کی کپی۔
زَیْتُون: زیتون کا پھل۔
زَیْتُونَة: درخت زیتون۔
زَیْتُونِیّ: زیتونی رنگ کا، روغن زیتون کا
زَیْتٌ خَام: غیر صاف شدہ تیل، خام تیل
زَیْتُ الخَرُوع: کاسٹر آئل۔

زَيْتُ البِتْرُول: پٹرولیم۔
زَيتُ بِتْرُولٍ خَام: کروڈ آئل، خام تیل۔
زِيْـج: آسمانی جنتری جس سے سیاروں کا حال معلوم ہوتا ہے۔
___ البَنَّاء: معمار کا سوت
(زیح) زَاحَ ـــِـ زَيْحاً و زُيُوحاً، و زَيَحَاناً: دور ہونا، ہٹنا۔
إزَاحَة: ہٹانا، دور کرنا، منتقل کرنا۔
___ اللِّثَام عَنْ: نقاب ہٹانا، پردہ ہٹانا، پردہ اٹھانا۔
(زید) زَادَ ـِـ زِيَادَةً و زَيْدًا: زیادہ ہونا۔
زَادَ= وزَيَّدَ: زیادہ کرنا۔
زَادَعنه: تجاوز کرنا۔
زَادَإلَيه ـِـ زِيَادَةً: اضافہ کرنا۔
زَادَ النَّارَلَهَبًا: آگ پر تیل چھڑکنا۔
زَايَدَ مُزَايَدةً: قیمت بڑھانا، زیادہ سے زیادہ قیمت لگانا، بولی بولنا۔
تَزَيُّدُ السِّعْر: قیمت بڑھنا۔
تَزَايُد: اضافہ۔
تَـزَايُـد فـی البَيْع: ایک دوسرے سے بڑھ کر قیمت لگانا۔
تَزَايُدُ البَطَالة: بیکاری بڑھنا۔
تَزَايُدُ الشَّكَاوَى: شکایات میں اضافہ ہونا۔
تَـزَايُـدُ النَّشَـاطَـات: سرگرمیوں میں اضافہ ہونا۔
ازْدِيَاد: اضافہ، توسیع۔
ازْدِيَادُ الحَمْل: لوڈ پڑنا۔
ازْدِيَادُ الضَّغْطِ علي: دباؤ بڑھنا۔
زِيَادَة: (۱) زیادتی، اضافہ (ضد نقص) (۲) الاؤنس، کام کی مقررہ اجرت کے علاوہ دی جانے والی رقم (۳) فاضل و بقیہ چیز۔
___ علی کذا: اضافہ، شئی مزید۔
زِيَادَةُ الْأَسْعَار: قیمتوں میں اضافہ۔
زِيَـادَةُ الإنْتَـاج: پیداوار بڑھانا، پیداوار میں اضافہ۔
زِيَادَةُ البَطَالة: بے روزگاری میں اضافہ۔
زِيَـادَةُ التَّضَخُّمُ فی البِلاد: ملک میں افراد کا اضافہ۔
زِيَادَةُ التَّضَخُّم المَالِيّ: افراط زر میں اضافہ۔
زِيَادَةُ تَوْزِيْع الصَّحِيْفَة: اخبار کی اشاعت میں اضافہ۔
زِيَادَةُ خُطُوْرَةِ المَوْقِف: صورت حال کی نزاکت میں اضافہ۔
زِيَادةُ سُخْطِ الشَّعْب و تذَمُّرِه: عوام کی دل برداشتگی اور غصہ میں اضافہ۔
زِيَادةُ الصَّادِرات: برآمدات میں اضافہ۔
زِيَـادَةُ غَلَيَانِ الشَّعْب: عوام کے غصہ میں اضافہ ہونا۔
زِيَـادَةٌ فی الأُجُور: مزدوری میں اضافہ، تنخواہوں میں اضافہ۔
زِيَادَةٌ (فی الفَاتُورة): اوور چارج۔
زِيَادَةٌ كَبِيْرة: زبردست اضافہ۔
زِيَادَةٌ مَلْحُوْظَة: غیر معمولی اضافہ۔
الزِّيَادَةُ مِنْ حِدَّةِ التَوَتُّر: کشیدگی میں اضافہ کرنا۔
الزِّيَادَةُ مِنَ الخُطُوْرَة: سنگینی میں اضافہ کرنا۔

زِیادۃُ المَوقِف اشتِعالاً: صورت حال کا زیادہ بھڑک جانا۔
زَائِدٌ: (۱) فاضل از ضرورت، غیر لازم (۲) کثیر (۳) اضافہ شدہ۔
زَائِدٌ عَن الحَدّ: حد سے زائد۔
زَائِدَۃٌ دُوْدِیَۃ: زائد آنت، اپنڈکس۔
اِلتِهَابُ الزَائِدَةِ الدُّوْدِيَّة: اپنڈی سائیٹس، زائد آنت میں سوزش ہونا۔
مَزَاد: نیلام۔
بَاعَ بالمَزَاد: نیلام کرنا۔
طَرَحَ بالمَزَاد: نیلام میں ڈالنا۔
مُزَایِد (ضد مُنَاقِص): قیمت بڑھانے والا۔
مُزَایَدَۃ: فروختگی بذریعہ نیلام (ضد مُنَاقَصَة)
مَزِیْد: اضافہ، اضافہ شدہ۔
مُزَایَدات: مبالغ، بڑھا چڑھا کر کی جانیوالی باتیں، بے حقیقت باتیں۔
المُزَایَدَۃُ فی الخُطَب: تقریروں کا مقابلہ
مُزَایَدَۃُ مُنَافَسَۃ: مقابلہ کی بولی۔
مُزَایَدَاتٌ سِیَاسِیَّۃ: سیاسی پیچیدگیاں
مُزَایِد: نیلامی میں بولی لگانے والا۔
زِیْرُ المَاء (دَنٌّ) مٹکا۔
زَیَّطَ و زَاطَ ـِ زَیْطًا و زِیَاطًا: شور مچانا، جھگڑنا۔
زَیَّاط: شور وشغب کرنے والا۔
زَیْغ، زَیَغَان: ٹیڑھ، کجی۔
زَاغَ ـِ زَیْغًا و زُیُوغًا، و زَیَغَانًا: ٹیڑھا ہونا، جھکنا (۲) بہکنا، گمراہ ہونا۔
زَیَّغَ: ٹیڑھا کرنا (۲) کجی درست کرنا۔
أَزَاغَ عَنِ الطَّرِیْق: منحرف کرنا، گمراہ کرنا۔
زَاغٌ: ایک قسم کا کواج: زِیْغَان
زَاغٌ جِیْفِیّ: مردار خور کوا۔
زَائِغ: ٹیڑھا، کج، گمراہ۔
زَیَّفَ الدَّرَاهِمَ و زَافَ ـِ زَیْفًا: کھوٹا سکہ بنانا، کھوٹ ملانا، جعلی بنانا۔
زَافَ ـِ زُیُوفًا: کھوٹا ہونا۔
تَزْیِیف: جعل سازی، فریب کاری، غلط بیانی۔
زَیْف، زَائِف: کھوٹا، جعلی، بے حقیقت
عُمْلَةٌ زَائِفَة: کھوٹا سکہ۔
تَزْیِیفَ: جعل سازی، فریب کاری، غلط بیانی۔
تَزْیِیفُ العُمْلَة: سکہ میں کھوٹ ملانا۔
مُزَیَّف: جعلی، غیر حقیقی، بے حقیقت۔
مُزَیِّف: جعلساز۔
زِیْقُ الثَّوب: کالر۔
زِیْقُ البَنَّاء: معمار کی ڈوری یا سوت جس سے ردوں کی ہمواری دیکھی جاتی ہے۔
زِیْق: (۲) (وا) عمارت کا حصہ۔
زَیَّلَ تَزْیِیْلاً: الگ الگ کرنا، جدا کرنا۔
زَایَلَ المکانَ مُزَایَلَةً: الگ ہونا، جدا ہونا۔
زَالَ: الگ ہونا، ہٹنا۔
مَازَالَ، لَم یَزَلْ: برابر، مسلسل۔
زَیْلُفُون: (معرب) اکیزیلوفون، ایک چوبی باجا جس میں لکڑی کے پردے ہوتے ہیں اور ضرب لگانے یا رگڑنے سے بجتا ہے۔
زَیَّنَ تَزْیِینًا و زَانَ ـُ زَیْنًا: آراستہ کرنا،

زیب دینا، سجانا۔
تَزَیَّنَ بکذا: آراستہ ہونا، سجنا، (۲) سر کے بال کترنا۔
تَزْیِین: آراستگی۔
اِزْدِیَان: آراستہ ہونا۔
زَیْنٌ، زَیَانٌ: خوبصورت (۲) زیب، سامان زینت۔
زِیْنَة ج زِیْنَات: آرائش، بناؤ سنگار سامان زینت۔

خِوَانُ الزِّیْنَة: سنگار کی شیشے دار میز
غُرْفَةُ الزِّیْنَة: سنگار کا کمرہ۔
مُزَیَّن، مُزْدَانٌ: آراستہ۔
مُزَیِّن: حجام، بال بنانے والا۔
زِیٌّ: ج: أَزْیَاءٌ: فیشن، اسٹائل (۲) طرز (۳) لباس (۴) بھیس، روپ، ہیئت۔
تَزَیَّابزِیّ کذا: بھیس اختیار کرنا، ہیئت بنانا، فیشن اختیار کرنا۔

س

س.....ا

سَأَلَ ـــ سُؤَالاً و تَسْآلاً، وَمسْأَلَةً: مانگنا، طلب کرنا۔

سَأَلَهُ سُؤَالاً: سول کرنا۔

سَأَلَهُ عَنْ كذا: پوچھنا، دریافت کرنا۔

أَسْأَلَهُ سُؤْلَه: ضرورت یا طلب پوری کرنا۔

تَسَوَّلَ: بھیک مانگنا۔

تَسَاءَلَ بِانْدِهَاشٍ: حیرت سے پوچھنا۔

سُؤَال ج: أَسْئِلَة: (۱) سوال، باز پرس، انکوائری (۲) طلب (۳) بھیک۔

سُؤَالٌ مَطْرُوح: زیر بحث سوال۔

سَائِل: طالب (۲) پوچھنے والا (۳) مانگنے والا (۴) بہنے والا، سیال چیز (ضد جَامِد)

سَائِلٌ قَابِلٌ لِلاِلْتِهَاب: آگ پکڑنے والا سیّال مادہ۔

مَسْأَلَة ج: مَسَائِل: ضرورت، ب (۲) معاملہ، حل طلب معاملہ، قضیہ، مسئلہ، پرابلم۔

مَسْأَلَةٌ تَحْتَ البَحْث: زیر بحث سوال۔

المَسْأَلَةُ الطَّبِيْعِيَّة: معمولی بات۔

مَسْأَلَةٌ مُتَفَجِّرة: دھماکہ خیز مسئلہ۔

مَسْأَلَةُ مُجَامَلة: رکھ رکھاؤ کا مسئلہ۔

مَسْأَلَةٌ يُطْلَبُ حَلُّها: قابل حل مسئلہ۔

المَسَائِلُ الكُبْرَى: اہم مسائل۔

المَسَائِلُ المُتَعلِّقَةُ بِالدِّفَاع: دفاعی مسائل۔

مَسْئُول: ذمہ دار، جواب دہ۔

مَسْئُولٌ حُكُومِيّ: حکومت کا ذمہ دار۔

مَسْئُولُ التَّمْوِين: سپلائی افسر۔

مَسْئُولٌ عَنْ: انچارج۔

مَسْئُولٌ نِقَابِيّ: آرگنائزر۔

المَسْئُولُون: ذمہ داران۔

مَسْئُولِيَّة ج: مَسْئُولِيَّات: ذمہ داری۔

المَسْئُولِيَّةُ الجَمَاعِيَّة: اجتماعی ذمہ داری۔

مَسْئُولِيَّةٌ غَيْرُ مُحَدَّدَة: غیر محدود ذمہ داری۔

المَسْئُولِيَّةُ الفَرْدِيَّة: انفرادی ذمہ داری۔

مَسْئُولِيَّةٌ مُشْتَرَكَة: مشترکہ ذمہ داری۔
المَسْئُولِيَّاتُ التَّعَاقُدِيَّة: معاہدہ سے متعلق ذمہ داریاں۔
سَئِمَ ـَ کذا سَآمَةً و سَأَماً: اکتانا، دل اچٹنا، طبیعت اچاٹ ہونا۔ بور ہونا، آزردہ ہونا۔
أَسْأَمَه: اکتا دینا، طبیعت اچاٹ کر دینا۔

س ..... ب

سَبَانَخ، إِسْبَانَخ: (معرب) اسفاناج، پالک، اسی قسم کی اور سبزی۔
سَبَّبَ تَسْبِيباً: سبب بننا، وجود میں لانا۔
(هٰذَا السَّفَرُ يُسَبِّبُ لَکَ المَرَضَ)
تَسَبَّبَ به و إليه: واسطہ اور ذریعہ بننا۔
تَسَبَّبَ بالأَمْر: سبب بننا۔
تَسَبَّبَ عَنْ شَيْءٍ: سبب بننا۔
تَسَبَّبَ فی کذا: سبب بننا۔
مُسَبِّبٌ: سبب بننے والا، ذرائع پیدا کرنے والا، محرک۔
سَبَبٌ ج: أَسْبَاب: (۱) علت، وجہ (۲) اصل (۳) باعث و محرک (۴) ذریعہ، واسطہ (۵) دلیل و ثبوت (۶) رسی۔
سَبَبٌ کَافٍ: مکمل ثبوت۔
سَبَبٌ وَاهٍ: کمزور و لچر دلیل۔
سَبَّ ـُ سَبّاً: گالی دینا، برا کہنا، عیب لگانا، آڑے ہاتھوں لینا۔
سَبَّ الدِّيْنَ: توہین مذہب کرنا۔
سَابَّه و تَسَابُّوا: باہم گالی گلوچ کرنا۔
سَبٌّ، سِبَابٌ: گالی، تہمت، عیب۔
سَبَّابَة: انگشت شہادت، انگوٹھے سے متصل انگلی۔
سَبَتَ ـُ سَبْتاً: (۱) مونڈنا (۲) آرام لینا (۳) سبت منانا یعنی سنیچر کے دن مذہبی تقریب کرنا۔
أَسْبَتَ: سنیچر کے دن میں داخل ہونا۔
سَبْتٌ، يَوْمُ السَّبْت: سنیچر، شنبہ۔
سَبْتُ النُّوْر: ایک مسیحی تہوار۔
سَبْتِيّ: سبت کا عقیدہ رکھنے والا۔
سَبَتٌ: ٹوکری (دا)
سَبَتُ الجَوَّالَة: سائڈ کار، بغلی کار۔
سُبَات: نیند، اونگھ۔
مَسْبُوت: حالت اونگھ میں، حالت جمود میں، بیماری کی غنودگی کی حالت میں، خواب آلودہ، بے جان و بے سدھ۔
سِبْتِمْبر: (مع) ماہِ ستمبر۔
سَبَحَ ـَ سَبْحاً و سِبَاحَةً: تیرنا، تیز دوڑنا۔
سَبَّحَ تَسْبِيحاً: پاکی بیان کرنا، تسبیح پڑھنا۔
سُبْحَة: دانوں کی تسبیح۔
سَبْحٌ و سِبَاحَة: تیراکی۔
سَبَّاح: تیراک۔
سَابِحٌ: تیرتا ہوا۔
تَسْبِيحَة ج: تَسْبِيحَات: تسبیح کے کلمات۔
سَبَّخَ تَسْبِيخاً: گہری نیند سونا (۲) زمین میں کھاد ڈالنا۔
سَبِخٌ: گندی زمین، کیچڑ دار زمین۔
سَبِخٌ، سِبَاخٌ: (دا) کھاد۔
سَبَخٌ بَلَدِيّ: قدرتی کھاد۔

سَبَخٌ كِيمِيَاوِيّ: مصنوعی کھاد۔
سَبَرَ ـُ سَبْراً: آزمانا، جانچنا۔
سَبَرَ غَوْرَه: گہرائی معلوم کرنا، حقیقت جاننا۔
سَبُّورَة: تختہ سیاہ، بلیک بورڈ۔
مِسْبَر، مِسْبَار ج: مَسَابِيْر: گہرائی معلوم کرنے کا آلہ۔
سِبِرْتُو: اسپرٹ۔
سَبُطَ الشَّعْرُ ـُ سَبَاطَةً وسُبُوطًا و سُبُوطَةً: بالوں کا سیدھا ہونا۔
أَسْبَطَ الرَّجُلُ: خوف سے چپ ہونا
سَبْط ج: أَسْبَاط: (۱) پوتا (۲) نواسہ (۳) خاندان۔
سَبْط: سیدھے بال۔
سَبْطُ اليَدَيْنِ: سخی، فراخ دست۔
سُبَاطَة: کوڑی، کوڑی خانہ
سَبِعَ القوم ـَ سبعاً: ساتواں ہونا۔
سَبَّعَ وسَبَّعَ الشئَ: سات گنا کرنا۔
سَبُعٌ ج: سِبَاعٌ: خونخوار جانور، درندہ۔
سَبْعٌ: ساتواں۔
سَبْعَةُ أَضْعَاف: سات گنا۔
سَبْعُوْن: ستر (۷۰)
سَبْعُونِيّ: ستر سال کا۔
سَابِع: ساتواں۔
سُبَاعِيّ: سات رکنی ہفت گوشہ۔
سُبَاعِيُّ الأَحْرُف: سات حرفی۔
أُسْبُوْع ج: أَسَابِيْع: ہفتہ۔
أُسْبُوْعُ الآلام: (نصاریٰ کے نزدیک) ہفتہ مصائب۔
أُسْبُوْعِيّ: ہفتہ وار، ویکلی۔

سَبَغَ الشئُ ـُ سُبُوغاً: (۱) مکمل ہونا (۲) کپڑے کا دراز ہونا (۳) زندگی کا خوشگوار ہونا۔
أَسْبَغَ الرَّجُلُ: زرہ پوش ہونا،
سَابِغ: وسیع، دراز۔
سَابِغَة ج: سَابِغَات: زرہ
سَبَقَ إلى كذا ـِ سَبْقاً: آگے بڑھنا۔
سَبَقَ ـِ: گزرنا، مذکور ہونا۔
سَبَقَ عَلَى: غالب ہونا۔
سَبَقَ أَنْ قُلْتُ: میں پہلے کہہ چکا ہوں۔
سَبَقَ مَوعِدَه: وقت سے پہلے آنا۔
سَابَقَه مُسَابَقَةً: دوڑ میں آگے نکلنا، غالب آنا (۲) مقابلہ کرنا۔
سَابَقَ الرِّيْحَ: ہوا سے آگے بڑھنا، انتہائی تیز چلنا۔
تَسَابَقَ: باہم (دوڑ میں) مقابلہ کرنا۔
التَّسَابُقُ عَلَى.....: دوڑ، دوڑ لگانا، مقابلہ کرنا۔
أَسْبَقُ: سینئر۔
سَبْقٌ، أَسْبَقِيَّة: تقدم، سبقت، سینیارٹی۔
سَبَقٌ، سُبْقَة: دوڑ کی شرط۔
سَبَقٌ، سِبَاق: دوڑ، ریس۔
سِبَاق، مُسَابَقَة: مقابلہ، کمپیٹیشن، دوڑ۔
سِبَاقُ المَرَاكِب: کشتیوں یا جہازوں کی دوڑ۔
سِبَاقُ الخَيْل: گھوڑ دوڑ۔
سِبَاقُ التَسَلُّح: ہتھیار بندی کی دوڑ، اسلحہ بندی کی دوڑ، فوجی ساز و سامان کی دوڑ، ہتھیاروں کی دوڑ۔

سِبَاقٌ فی العَدْو: ریس، بھاگنے کا مقابلہ۔
حَلْبَةُ السِّبَاق، مَیْدانُ السِّبَاق: دوڑ کا میدان۔
سَابِقٌ: مذکور، گزشتہ، پہلا، پیش رو (ضد لاحِقٌ)
السَّابِقُ ذِکْرُہ: مذکورہ بالا۔
السَّابِقُ لِاَوَانِہ: قبل از وقت۔
سَابِقُ مَعْرِفَةٍ: پہلی شناسائی۔
سَابِقُ مَعْرِفَةٍ بکذا: سابقہ، واسطہ۔
سَوَابِقُ جِنَائِیَّة: جرائم کا ریکارڈ۔
کَشْفُ السَّوَابِق: سابقہ جرائم کی فہرست جو پولیس کے پاس رہتی ہے۔
سَابِقَة: (۱) نظیر (۲) نمونہ (۳) سابقہ جرم، پولیس ریکاڈ ج: سَوَابِقُ لَهُ سَابِقَةٌ مِنْ نَوْعِہٖ: اسی قسم کا اس کا پہلا جرم ہے۔
سَابِقاً: پہلے، اب سے پہلے، بیفور ٹائم (۲) پہلے، گزشتہ زمانہ میں۔
سَبَّاق: سب سے آگے رہنے والا، پیش پیش رہنے والا۔
مُسَبَّقاً: پیشگی، پہلے سے، پہلے ہی۔
مَسْبُوق: (۱) پیچھے رہ جانے والا (۲) وہ شخص جس کا کوئی سابقہ جرم ہو (۳) وہ شخص جس کی کوئی رکعت چھوٹ گئی ہو۔
غَیْرُ مَسْبُوق: جس کا کوئی سابقہ جرم نہ ہو، جس سے کوئی آگے نہ بڑھا ہو۔
مُسَابِق: مقابل، مزاحم۔
مُسَابَقَة: کمپٹیشن، مقابلہ۔
مُسَابَقَةُ الجَمَال: مقابلہ حسن۔
سَبَکَ ـُ سَبْکاً و سَبَّکَ: پگھلا کر سانچے میں ڈالنا، کھرا کھوٹا دیکھنا، ڈھالنا، آزمانا۔
اِنْسِبَاک: ڈھلنا، پگھلنا۔
سَبْکُ المَعَادِن: دھاتوں کی گلائی۔
سَبَّاکُ المَعَادِن: دھاتوں کی گلائی اور ڈھلائی کا کام کرنے والا (۲) پائپ جوڑنے والا۔
سَبِیْکَة ج: سَبَائِکُ: سونے چاندی یا دیگر دھاتوں کا پگھلا ہوا ڈلا، ڈھلی ہوئی تختی۔
مَسْبَک ج: مَسَابِکُ: معدنیات کی ڈھلائی کا کارخانہ، فاؤنڈری۔
مَسْبَکُ حُرُوفِ الطِّبَاعَة: ٹائپ فاؤنڈری۔
سَبَّلَ المَالَ: مال کو اللہ کی راہ میں خیرات کرنا۔
سَبَّلَ الشَّیْئَ: عام و مباح کرنا۔
اِسْبَال: پردہ ڈالنا، لٹکانا۔
اِسْبَالُ الدُّمُوْع: آنسو بہانا۔
اِسْبَالُ المَاءِ: پانی بہانا۔
اِسْبَالُ الزَّرْع: کھیتی کا خوشہ نکل آنا۔
شَعْرٌ اَسْبَلُ: سیدھے بال۔
سَبَلٌ: بارش۔
سَبَلَة، سُنْبُلَة: خوشہ گندم وغیرہ (۲) ڈاڑھی کا اگلا حصہ۔
سَبِیْل ج: سُبُل: راستہ (۲) پانی کی سبیل، عام لوگوں کے پانی پینے کی جگہ، میڈیم۔
عَلَی سَبِیْلِ التَّجْرِبَة: تجرباتی طور پر۔
سُبُلٌ مُتَشَعِّبَة: شاخ در شاخ راستے۔
اِبْنُ السَّبِیْل: مسافر، پردیسی۔
(سَبَـــو) سَبَـــا: ملک یمن کے ایک قبیلہ کے سردار کا نام۔

ذَهَبُوا أَیْدِی سَبَا: ضرب المثل بمعنی منتشر ہونا، شیرازہ بکھرنا (سبا کے بیٹے مختلف جہات میں منتشر ہوگئے تھے اس وقت سے انتشار وافتراق کی ضرب المثل بن گئی)۔

سَبٰی ـ سَبْیاً و سِبَاءً و اسْتَبٰی: قید کرنا۔

سَبَی العَقْلَ: ذہن پر قابض ہونا، اسیر بنالینا۔

سَبَی الرَّجُلَ: جلاوطن کرنا۔

سَبِیٌّ ج: اَسْبِیَاءُ: اسیر، قیدی۔

سَبْیٌ: قید، جلاوطنی۔

سَابٍ، مُسْتَبٍ: قید کرنے والا۔

سَبِیرْتُو: اسپرٹ، الکحل۔

سَبْیُونَةُ الشُّبَّاک: چٹخنی۔

س.....ت

ستَال: (STALL) (۱) میلے یا بازار میں عارضی دکان (۲) سودا بیچنے کی میز (۳) تھیٹر میں سامنے کی نشستیں۔

سِتّ، سِتَّة: چھ (۶)

سِتٌّ: (۲) خاتون۔

سِتَّةُ أَضْعَافٍ: چھ گنا۔

سِتُّون: ساٹھ (۶۰)

السِّتُّون: ساٹھواں۔

سِتُّونِیّ: ساٹھ سال کا۔

سَاتٌّ (سَادِس): چھٹا۔

سَتَرَ ـُ سَتْراً و سَتَّر: چھپانا، ڈھانکنا، حفاظت کرنا۔

سَتَرَتِ الوَجْهَ بکذا: گھونگھٹ کرنا

تَسَتُّر و اسْتِتَار: چھپنا، پوشیدہ ہونا، آڑ لینا۔

تَسَتُّر علی.....: پردہ پوشی۔

تَسَتُّر علی الجَرِیْمَة: جرم کی پردہ پوشی۔

تَسَتُّرٌ علی المُجْرِم: مجرم کو پناہ دینا۔

سِتْرٌ، سِتَارٌ: آڑ، رکاوٹ۔

سِتَار، سِتَارَة: پردہ، چلمن، چق، آڑ۔ دیوار: ج: سَتَائِرُ

سِتَارٌ حَدِیْدِیّ: آہنی دیوار۔

مَاوَرَاءَ السِّتَار: پس پردہ۔

سُتَرَهُ، سِتْرَة: کوٹ، آستین دار، صدری، جیکٹ، لباس، پردہ، آڑ۔

سُتْرَةُ الفَضَاء: خلائی لباس۔

سُتْرَةٌ هِنْدِیَّة (تُلْبَسُ تَحْتَ القَمِیْص): بنیان۔

مُسْتَتِر، مَسْتُور: پوشیدہ، راز میں، پردہ غیب میں۔

سَاتِرٌ تُرابِیّ: مٹی کی دیوار۔

ستَکُوْزَا، أَسْتَکُوزَا: جھینگا (مچھلی)۔

السَّاتَان: ساٹن، اطلس۔

سَاتِیْن، سَتِیْنِیَة، سَاتِیْنِیَة: اونی یا سوتی چمک دار کپڑا (اطلس جیسا)

س.....ج

سَجَدَ ـُ سُجُوداً: سر جھکانا (تعظیماً یا عبادۃً) سجدہ کرنا۔

سَجَدَ له: عبادت کرنا۔

سُجُوْد: عبادت، سجدہ۔

سَجَّادَة ج: سَجَاجِیْد: قالین، جانماز، کارپیٹ۔

سَجَعَ ـَ سَجْعاً: کبوتر کا بولنا (۲) کلام کو مقفّٰی بنانا، قافیہ بندی کرنا۔

سَجْعٌ ج: أَسْجَاع و سُجُوعٌ: وہ کلام

منثور جس کے جملوں کے آخری حرفوں پر حرکت اور سکون کی یکسانیت ملحوظ ہو۔

سَجْعَة: مقفّٰی کلام کا ایک حصہ۔

سِجْف، سِجَاف: پردہ، دروازہ کا پردہ۔

سَجَلَ ـُ سَجْلاً: پانی بہانا۔

سَجْلٌ ج: سُجُوْل و سِجَال: بڑا ڈول (۲) فقیر کا چنبل (۳) عطیہ۔

سَجَّلَ تَسْجِيْلاً: درج کرنا، رجسٹر میں لکھنا، بیان یا گواہی وغیرہ کو قلمبند کرنا، ریکارڈ کرنا، محفوظ کرنا، نوٹ کرنا، رجسٹر میں اندراج کرنا (۲) ریکارڈنگ، حفاظت، رجسٹری، اندراج۔

سَجَّلَ اخْتِرَاعاً: نئی ایجاد کو رجسٹرڈ کرانا۔

سَجَّلَ خِطَاباً بِالبَرِيْد: خط کی رجسٹری کرنا۔

سَجَّلَ صَوْتاً: ریکارڈ کرنا، محفوظ کرنا۔

سَجَّلَ الشَّئَ: بطور یادگار کوئی چیز محفوظ کرنا۔

سَاجَلَهُ مُسَاجَلةً: مقابلہ کرنا۔

تَسْجِيْلُ رِسَالةٍ (بالبَرِيْدِ المَضْمُوْن) رجسٹری۔

تَسْجِيْلُ الزَّمَن: ٹائم ریکارڈنگ۔

تَسْجِيْلُ الصَّوْتِ على الأُسْطُوانة أو الشَّرِيْط: آواز ٹیپ کرنا۔

تَسْجِيْلٌ صَوْتِيّ: آوازوں کی ریکارڈنگ۔

تَسْجِيْلٌ على الشَّرِيْط: ٹیپ کرنا۔

تَسْجِيْلُ عَدَدٍ أو كَمِّيَّةِ شَئٍ: تعداد یا مقدار نوٹ کرنا۔

تَسْجِيْلُ قَضِيَّةٍ: کیس درج کرنا۔

تَسْجِيْلُ المَسْكَن على فُلان: کسی کے نام مکان رجسٹری کرنا۔

تَسْجِيْلُ المَبْلَغ لِفُلانٍ في المَصْرِف: بینک میں کسی کے نام پر رقم درج ہونا۔

سِجِلٌّ: (۱) رجسٹر (۲) ریکارڈ یعنی قدیم دستاویزات ج: سِجِلَّات

سِجِلُّ الشَّرَف: رجسٹر معائنہ۔

سِجِلُّ الأَسْهُم: شیئرز رجسٹر۔

سِجِلٌّ بِأَسْمَاءِ الأَعْضَاءِ: ممبران کا رجسٹر۔

سِجِلُّ الحَالاَت: کیس بک۔

سِجِلُّ القَضَايا: کیس بک، مقدمات کی رجسٹر۔

سِجِلَّات: رکارڈس، کاغذات، قدیم تاریخی دستاویزیں۔

سِجِلَّاتُ التَّكَالِيفُ: لاگت ریکارڈس

سِجِلَّاتُ المُحَاسَبة: کاغذات حساب، محاسبی کا ریکارڈس۔

سِجَال: الحَرْبُ سِجَالٌ بَيْنَهُم: لڑائی جاری ہے۔ ان کے درمیان۔

مَكْتَبُ التَّسْجِيْل: رجسٹری آفس۔

مُسَجِّلٌ: درج رجسٹر کرنے والا، کلرک کاغذات کو محفوظ رکھنے والا۔

المُسَجِّل (اَمِيْنُ السِجِلّ): رجسٹر

مُسَجِّلُ العُقُودِ: رجسٹرار۔

مُسَجِّلُ العُقُودِ الرَّسْمِيَّة: رجسٹرار، سرکاری افسر جو معاملات کی رجسٹری کرتا ہے۔

المُسَجِّلَة: ریکارڈر۔

مُسَجِّلَةُ الشَّرِيْط: ٹیپ ریکارڈ

مُسَجِّلَةُ النَّقد: سیل رجسٹر۔کیش رجسٹر۔
مُسَجِّلَةُ الوَقت: ٹائم ریکارڈ کلاک۔
مُسَجَّل: رجسٹری شدہ، رجسٹرڈ، ریکارڈ، پیٹنٹ۔
خطابٌ مُسَجَّل: رجسٹرڈ لیٹر۔
سَجَمَ ـُ سَجماً و أَسْجَمَ: بہانا، پانی گرانا۔
سجام: بہنا، پانی گرنا (۲) ہم آہنگی، یکسانیت تناسب، جوڑ (۳) حسن ترتیب، ربط کلام۔
انسِجامُ الاضواء: آوازوں کا ہم ساز ہونا۔
انسِجامُ الأشیاء: باہم یکساں وضع ہونا۔
انسِجامُ الشئی مع کذا: جوڑ کھانا، جوڑ لگنا، ہم آہنگ ہونا (۲) فٹ ہونا۔
سَجَنَ ـُ سَجناً: قید کرنا۔
سِجنٌ ج: سُجُون: قید خانہ، جیل۔
سِجنُ الإصلاح: اصلاحی قید خانہ۔
السَّجن مدی الحیاۃ: عمر قید۔
سجنٌ مؤبّد: مؤبد۔
سجنٌ مع الأعمالِ الشّاقّة: قید بامشقت۔
سَجّان: جیلر، افسر قید خانہ۔
سَجِین ج: سُجَناء: قیدی۔
سَجَا ـُ سَجواً: رات کا سنسان ہونا (۲) میت کو ڈھانپنا۔
سَجِیَّة ج: سَجایا: طبیعت، عادت۔

س.....ح

سَحَبَ ـَ سَحباً: کھینچنا، گھسیٹنا، لینا، چھیننا، ضبط کرنا، واپس لینا، ٹپکانا، پیچھے ہٹانا، اکسانا، ودڈرا کرنا، نکالنا۔
سَحْبُ الاستِقالةِ عَنْ: استعفا واپس لینا۔
سَحْبُ الأسلِحةِ من: ہتھیار چھین لینا۔
سَحْبُ الاقتِراح: تجویز واپس لینا۔
سَحْبُ التَرشِیح: امیدوار کا نام واپس لینا۔
سَحْبُ الثِّقَةِ۔
سَحْبُ الجَوَاز: پاسپورٹ ضبط کر لینا۔
سَحْبُ الجَیْشِ من مَکان کذا: فوج کو کسی جگہ سے ہٹانا۔
سَحْبُ الرُّخصَة: پرمٹ ضبط کر لینا، لائسنس ضبط کر لینا۔
سَحْبُ السَّفِیرِ من بَلَدٍ: سفیر کو کسی ملک سے واپس بلانا۔
سَحْبُ السُّلطَةِ: اختیار چھیننا، کمیشن واپس بلانا۔
سَحْبُ الشَّکاوَی: شکایات واپس لینا۔
سَحْبُ القُوّات: فوجیں ہٹانا۔
سَحْبُ کَمبیالَةٍ: بل حاصل کرنا۔
سَحْبُ الکَمبیالَةِ من بَنکٍ إلی آخَر: ایک بینک سے دوسرے بینک کا ڈرافٹ لینا۔
سَحْبُ وَرَقَةِ یانَصِیبٌ: لاٹری نکالنا۔
سَحْبُ المَاءِ بالمِضَخَّة: پمپ سے پانی کھینچنا۔
سَحْبُ المَبلَغِ مِنَ البَنکِ: بینک سے رقم نکالنا۔
سَحْبُ المَطَالِب: مطالبات واپس لینا۔

سَحْبُ المَعُونَة: ایڈ بند کردینا، امداد بند کرنا۔
سَحْبُ مِلَفٍ مِنْ مَكَانِه: فائل اپنی جگہ سے نکالنا۔
سَحْبُ المُوافَقَة: منظوری واپس لینا۔
سَحْبُ المُوافَقَةِ على الاقْتِرَاح: تجویز کی منظوری واپس لینا۔
سَحْبُ النَّفَس: سانس لینا۔
سَحْبُ الوَدَائِع: بینکوں سے سرمایہ نکالنا۔
سَحْبُ الوَدَائِع المَصْرِفِيَّة: بینک سے امانتیں نکالنا۔
المَسْحُوبُ عَلَيْه: جس کے نام پر رقم نکالی گئی ہو۔
إنْسِحَابُ القُوَّاتِ الى الخُطُوط: لائنوں پر فوجوں کو ہٹانا۔
انْسِحَاب: کھینچنا، گھسٹنا، واپس ہونا، پیچھے ہٹنا، انخلاء۔
انْسِحَابٌ جُزْئِيّ: جزئی انخلاء۔
انْسِحَابٌ جَمِيْعِ العَنَاصِرِ الاجْنَبِيَّة: تمام غیر ملکی افراد کا انخلاء۔
انْسِحَابُ القُوَّاتِ إلى الخُطُوط: لائنوں پر فوج کا واپس ہونا۔
اِنْسِحَابُ القُوَّاتِ من.....: فوجوں کا کسی جگہ سے ہٹنا۔
انْسِحَابٌ كَامِلٌ: مکمل انخلاء
الانْسِحَابُ من.....: علیحدگی اختیار کرنا۔
الانْسِحَابُ مِنَ العَمَل: کام چھوڑنا
الانْسِحَابُ مِنَ الوَظِيفَة: عہدہ سے الگ ہونا۔
سَحَاب ج: سُحُب: بادل۔
سَحَابَة: بدلی، ایک بادل۔
سَحَابَةُ النَّهَار: تمام دن، پورا دن، سارا دن۔
مَسْحَبُ الهَوَاء: ہوا کی رو، ہوا کا جھونکا۔
السَّاحِب: بینک سے رقم نکالنے والا۔
سُحْتٌ: حرام، حرام مال، حرام کمائی۔
سَحَتَ ـَـ سَحْتاً: حرام مال کمانا۔
سَحَجَ ـَـ سَحْجاً: چھیلنا، رگڑنا، چھلائی کرنا، رندہ کرنا، کھال چھیلنا، ملنا۔
مِسْحَاجٌ: بڑا رندہ۔
مَسْحُوج: چھیلا ہوا، رندہ کیا ہوا۔
سَحَّ المَاءُ ـُـ سُحُوحاً: پانی بہنا، برسنا، رسنا، آہستہ بہنا۔
سَحَّتِ العَيْنُ: آنکھ سے آنسو جاری ہونا۔
عَيْنٌ سَحَّاحَةٌ: اشکبار آنکھ۔
سَحَرَ ـَـ سَحْراً: جادو کرنا (۲) دھوکہ دینا (۳) فریفتہ بنالینا (۴) دل موہ لینا۔
سَحَرَ الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا ملمع کرنا۔
سَحَرَ سُحُوراً: سحری کھانا۔
سَحِرَ ـَـ سَحَراً: جلدی کرنا۔
سِحْر: جادو، دھوکا۔
سَحَرٌ: تڑکا، اخیر رات، پو پھٹنے سے پہلے۔
ساحِرٌ: سحر انگیز، دلکش، جادوگر۔
سَحَّار: جادوگر، شعبدہ باز۔
سَحُوْر: سحر کا کھانا، سحری۔
سَحَقَ ـَـ سِحْقاً: (۱) کوٹنا، پیسنا، باریک کرنا (۲) ناپید کرنا، صفایا کرنا۔

سَحِقَ ـُ سُحْقاً: دور ہونا۔
سَحُقَ الثَّوبُ ـُ سَحَاقَةً سُحُوْقَةً: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
انْسِحَاق: باریک ہونا، ہلاک و برباد ہونا۔
سُحْق: دوری، ہلاکت۔
سَحِیْق: دور، بہت دور۔
أکْثَرِیَّةٌ سَاحِقَةٌ: بھاری اکثریت۔
مَسْحُوْق: کٹا ہوا، پسا ہوا، باریک، پاؤڈر ج: مَسَاحِیْقُ
مَسْحُوْقُ الأَسْنَان: دانتوں کا منجن، ٹوتھ پاؤڈر۔
سَحَلَ ـَ سَحْلاً: چھیلنا، رندہ کرنا، رندا پھیرنا۔
مِسْحَل ج: مَسَاحِلُ: رندہ۔
مِسْحَلُ الحَدَّاد: ریتی۔
سَحَنَ ـَ سَحْناً: کوٹنا۔
سَحْنَة: نشان، علامت، اثر، رنگ، ہیئت۔
مِسْحَنَة: موسل، موسلی۔
(سحو) سَحَا ـُ سَحْواً و سَحْیاً واسْتَحَی: مونڈنا، بال اتارنا، مٹی کھرچنا۔
سِحَایَة: دماغ کی جھلی۔
الالْتِهَابُ السِّحَائِیُّ: سرسام۔
مِسْحَاة: بیلچہ، کدال۔

س ..... خ

سَخَرَ ـَ سُخْرِیّاً و سَخَّرَ: بیگار لینا، بلا معاوضہ اور بے رضا کار کام لینا۔
سَخِرَ بِه و مِنه ـَ سَخَراً و سُخْرًا و سَخَرِیَّةً، و سُخْرِیَةً: مذاق کرنا، مذاق اڑانا، ٹھٹھا کرنا۔
عَدَلَ ـُـ عَدْلاً و اَعْدَلَ و عَدَّلَ: سیدھا کرنا۔
عَدَلَ: انصاف کرنا۔
عَدَلَ فُلاناً بِفُلان: برابر کرنا۔
عَدَلَ عَنْ كذا عُدُوْلاً: انحراف کرنا، ہٹنا، چھوڑنا۔
عَدَلَ عَنْ رَأْيِهِ: رائے سے رجوع کرنا۔
عَدَّلَ تَعْدِيْلاً: برابر کرنا، ہموار کرنا۔
عَدُلَ ـُـ عَدَالَةً: مُنصف مزاج ہونا، عادل و انصاف پرور ہونا۔
عَادَلَه مُعَادَلَةً: ہم وزن ہونا، برابر ہونا۔
اِعْتِدَال: سیدھا ہونا، متوسط الحال ہونا، درمیانی درجہ کا ہونا، بہتر اور خوشگوار ہونا۔
اِعْتِدَال (۲): معتدل مزاجی، اعتدال پسندی (ضد: تَطَرُّف)۔

عَدْلٌ: انصاف۔
عَدَالَة: (۱) انصاف (۲) مساوات (۳) منصف مزاجی۔
عَدْلٌ، عَادِلٌ: انصاف پرور، مُنصف ج: عُدُوْل۔
عِدْلٌ، عَدِيْل: بدلہ، مثل، قیمت (خُذْ عِدْلَه كَذَا و كَذَا) (۲) وزن۔
عِدَلٌ ج: عُدُوْل و اَعْدَال: بوری۔
العُدُوْلُ عَنِ الاِسْتِقَالَة: استعفیٰ سے انحراف۔
عَدِيْل: (۱) نسبتی بھائی (۲) ہم وزن۔
تَعْدِيْل: تبدیلی، ترمیم، اصلاح، ردّوبدل ج: تَعْدِيْلات۔
تَعْدِيْلُ اِتِّفَاق: معاہدہ میں ترمیم، معاہدہ کو تبدیل کرنا۔
تَعْدِيْلُ الاَوْضَاع: حالات سُدھارنا۔
تَعْدِيْلُ الحُدُوْد: سرحدوں میں ردوبدل کرنا۔
تَعْدِيْلٌ دُسْتُوْرِيّ: دستوری ردوبدل۔
تَعْدِيْلُ القَوَانِيْن: قوانین میں ترمیم کرنا۔
تَعْدِيْلُ مِيْزَانِ القُوَى: طاقتی توازن درست کرنا۔
التَّعْدِيْلُ الوِزَارِيّ: وزارتی ردوبدل۔
تَعْدِيْلات: اصلاحات۔
تَعْدِيْلاتٌ اِقْلِيْمِيَّة: صوبائی تبدیلیاں۔
تَعْدِيْلاتٌ طَفِيْفَة: معمولی تبدیلیاں۔
تَعْدِيْلاتٌ مُنْتَظَرة: متوقع تبدیلیاں۔
تَعْدِيْلاتٌ وِزَارِيَّة: کابینی تبدیلیاں۔
تَعَادُل، مُعَادَلَة: توازن، برابر۔

مُعَادَلَة: مساوات، سند کا دوسری سند سے تقابل، موازنہ۔
مُعَادَلَةُ الإبْرَاد: آمدنی میں مساوات۔
مُعَادَلَةُ السُّلْطَة: اقتدار کی منصفانہ تقسیم۔
مُعَدَّل: سیدھا، ہموار (۲) اوسط، ایورج، تناسب، (۳) ریٹ، رفتار (۴) ترمیم شدہ ج: مُعَدَّلات۔
مُعَدَّلُ الأُجُوْر: تنخواہوں کا معیار۔
مُعَدَّلُ الاسْتِهْلَاک فِی السَّاعَة: فی گھنٹہ خرچ کا اوسط۔
مُعَدَّلُ التَّحْوِيْل: تبدیلیٔ سکہ کا ریٹ۔
مُعَدَّلُ التَّوَالُد: اوسط پیدائش، تناسب پیدائش۔
مُعَدَّلُ الوَفَيَات: مرنے کا اوسط، مرنے کی رفتار، شرحِ اموات۔
مُعْتَدِل: معتدل مزاج (۲) درمیانہ میڈیم (۳) سیدھا (۴) مناسب (۵) خوشگوار۔
مُتَعَادِل: برابر۔
عَدِمَ الشیٔ ـَ عُدْماً و عَدَماً: مفلس ہونا، نہ پانا، کسی چیز سے تہی دست ہونا، ضائع کرنا، گم کرنا، مفقود ہونا (اَنَا عَدِمْتُ کُلَّ مَا کَسَبْتُ)۔
عُدِمَ و انْعَدَمَ: مفقود ہونا۔
اِعْدَام: مفلس بنانا، کسی چیز سے تہی دست بنانا، ضائع کرانا (اَعْدَمْتُهُ المَالَ)۔
إعْدَام (۲): نیست و نابود کرنا، ہلاک کرنا، عدم کو پہنچانا (۳) قتل کرنا، پھانسی دینا، سزائے موت دینا۔
إعْدَامٌ کَهْرَبِیّ: بجلی کے ذریعہ ہلاک کرنا۔
الحُکْمُ بِالاِعْدَام: سزائے موت کا فیصلہ۔
اَعْدَمَهُ الحَيَاةَ: اس کی زندگی کا خاتمہ کر ڈالا۔
عَدَمٌ، عُدْم، اِنْعِدَام: نہ ہوت، فُقدان۔
عَدَمُ الاتِّفَاقِ عَلَى شَیْءٍ: کسی شے پر اتفاق رائے نہ ہونا۔
عَدَمُ الخُضُوْعِ لِسُلْطَةِ المَرْکَز: مرکز کے زیرِ اقتدار نہ ہونا۔
عَدَمُ الاسْتِقْرَار: عدمِ استحکام۔
عَدَمُ اِلْتِفَات: بے توجہی، آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔
عَدَمُ الامْتِثَال لِاَحَد: حکم عدولی۔
عَدَمُ الانْحِيَاز: غیر جانبداری، ناوابستگی۔
عَدَمُ انْسِجَام: بے ربطگی۔
عَدَمُ الانْضِبَاط: ڈسپلن شکنی، بے ضابطگی۔
عَدَمُ البَتّ: پینڈنگ میں ڈالنا۔
عَدَمُ التَّفْرِقَة: عدمِ امتیاز۔
عَدَمُ تَقْدِيْرِ الجَمِيْل: احسان فراموشی۔
عَدَمُ تَمَرْکُز: لامرکزیت۔
عَدَمُ التَّنَاسُق: یکجہتی کا فقدان، بے ربطگی۔
عَدَمُ التَّنْفِيْذ: عدمِ اجراء۔
عَدَمُ التَّوْفِيْق: ناکامی۔
عَدَمُ الثِّقَة: بے اعتمادی۔
عَدَمُ الحَذَر: بے احتیاطی۔
عُدْمُ حُضُوْر: غیر حاضری۔
عَدَمُ خِبْرَة: ناتجربہ کاری۔

عَدَمُ الشَّرْعِیَّة: غیر قانونی ہونا، عدم جواز۔
عَدَمُ شَرْعِیَّةِ نِظَامِ الحُکْمِ: نظامِ حکومت کا غیر قانونی ہونا۔
عَدَمُ طَاقَةٍ: بے بسی۔
عَدَمُ العُنْف: عدمِ تشدد۔
عَدَمُ الفَصْل فی: پینڈنگ میں ڈالنا۔
عَدَمُ الفَعَّالِیَّة: بے اثری، عدمِ دلچسپی۔
عَدَمُ قُبُولٍ: نامنظوری۔
عَدَمُ کَفَاءَةٍ: ناقابلیت۔
عَدَمُ المَعْرِفَةِ بِاَحَدٍ: لاعلمی۔
عَدِیْم: کسی چیز سے خالی، تہی دست۔
عَدِیْمُ الحَیَاة: مُردہ، مقتول۔
عَدِیْمُ الخَوْف: بیباک۔
عَدِیْمُ القُوَّة: بے طاقت، کمزور۔
عَدِیْمُ النَّظِیْر: بے مثال۔
عَدِیْمُ المَال: مُفلس۔
عَدِیْمُ الضَّرَر: بے ضرر۔
عَادِم: غیر موجود (۲) بے کار، ضائع، ناقابلِ وصول (قرض وغیرہ)، گم شدہ (خط وغیرہ) ناقابلِ اصلاح۔
مَعْدُوْم: ناموجود، گم شدہ۔
مَعْدُوْمُ الحَیَاة: بے جان، مُردہ۔
عَدَنَ الحَجَرَ ــ عَدْناً: پتھر اکھاڑنا۔
عَدَّنَ تَعْدِیْناً: کان کھودنا، کان سے معدنیات نکالنا۔
عَدْن: جَنّتِ عدن۔
تَعْدِیْن: کان کنی۔
مَعْدِن: دھات (جیسے لوہا، تانبا، پیتل، سونا وغیرہ) (۲) جڑ، اصل (۳) کان جہاں دھاتیں پیدا ہوں ج: مَعَادِنُ۔
مَعْدِنٌ کَرِیْم: قیمتی دھات۔
مَعْدِنِیٌّ: معدنیاتی۔
مُعَدِّن: کانکن، زمین سے دھات وغیرہ نکالنے والا۔
عَدُوٌّ: دشمن ج: اَعْدَاء۔
عَدُوٌّ رَئِیْسِیّ: خاص دشمن، سب سے بڑا دشمن۔
عَدُوٌّ رَقْم وَاحِد: نمبر ایک دشمن۔
عُدْوَان: دشمنی، زیادتی، ظلم، جارحیت، حملہ، چڑھائی۔
عُدْوَانٌ بِغَیْرِ اسْتِفْزَازٍ: بے اشتعال حملہ۔
عُدْوَانٌ سَافِرٌ: ننگی جارحیت، مبینہ جارحیت۔
عُدْوَانٌ صَارِخٌ: علانیہ عداوت، برملا دشمنی۔
عُدْوَانِیّ: جارحانہ، دشمنانہ، جنگجویانہ۔
عَدْوَی: تعدی امراض۔
عُدًی: دشمنان۔
عَدَا ــُ عَدْواً: دوڑنا۔
عَدَا و عَدَّی عَنِ الاَمْر: چھوڑنا، کنارہ کش ہونا۔
عَدَا و اَعْدَی إِعْدَاءً: بیماری لگنا، دوسرے کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
عَادَاهُ مُعَادَاةً: دشمنی رکھنا۔
تَعَدَّی الشَّیْءَ: حد سے بڑھنا، قانون وغیرہ کی خلاف ورزی کرنا۔
تَعَدَّی عَلٰی حُقُوقِ الغَیْر: دوسروں کے حقوق میں دراندازی کرنا۔
تَعَدَّی و اعْتَدَی علی: زیادتی کرنا، ظلم کرنا۔

اَعْدَاهُ اِعْدَاءً: دشمن بنانا۔
عَدَا، مَا عَدَا: علاوہ، سوا۔
عِدَاءٌ، عَدَاوَةٌ: دشمنی، مخالفت۔
عِدَاءٌ سَافِرٌ: کھلی دشمنی۔
عِدَائِیّ: جارحانہ، دشمنانہ، مخالفانہ۔
عَدَّاء: دوڑ لگانے والا۔
عَادٍ: دوڑنے والا۔
اِعْتِدَاء: زیادتی، ظلم، دشمنی، حملہ، دست درازی، جارحیت۔
اِعْتِدَاءٌ سَافِر: کھلی جارحیت۔
اِعْتِدَاءٌ صَارِخ: کھلی جارحیت۔
اِعْتِدَاءَ ات: چیرہ دستیاں۔
مُعَاهَدَةُ عَدَمِ اِعْتِدَاءٍ: ناجنگ معاہدہ۔
مُعْتَدٍ: جارح، حملہ آور، دشمن۔
مُعَدِّیَة: نہر کو پار کرنے والی کشتی۔

ع.....ذ

عَذُبَ ـُ عُذُوبَةً: شیریں ہونا، میٹھا ہونا۔
عَذَّبَ تَعْذِیباً: میٹھا کرنا (۲) سزا دینا، تکلیف پہنچانا، عذاب دینا۔
تَعَذَّبَ: سزا پانا، تکلیف اٹھانا، عذاب میں مبتلا ہونا۔
عَذْبٌ: شیریں، میٹھا۔
عَذَاب: تکلیف، سزا۔
عُذُوبَة: شیرینی۔
عُذُوبَةُ الکَلِمَات: باتوں کی مٹھاس۔
تَعْذِیب: ایذا رسانی، تکلیف دہی۔
عَذَرَ ـِ عُذْراً: ترکِ ملامت کرنا، معذور سمجھنا، عذر قبول کرنا، معاف کرنا۔
تَعَذَّرَ: دشوار ہونا، ممتنع ہونا، ناممکن الحصول ہونا۔
اِمْتَذَرَ مِنْ و عَنْ: معذرت کرنا، مجبوری ظاہر کرنا۔
اِعْتَذَرَ إِلَیْه: عذر پیش کرنا۔
اَعْتَذِرُ إِلَیْکَ: معاف کیجئے۔
عُذْرٌ: بہانہ، وہ دلیل جس کے ذریعہ مجبوری ظاہر کی جائے ج: اَعْذَار۔
عَذْرَاءُ: کنواری، دوشیزہ ج: عَذَارَی
عَذْرَاوِیَّة: کنوارپن۔
عُذْرِیّ: غیر شادی شدہ، پاکدامن (۲) دوشیزگانہ۔
عِذَار: حیا (۲) رخسار۔
خَلَعَ عِذَارَه: اس نے شرم بالائے طاق رکھ دی۔
خَالِعُ العِذَار: بے حیا۔
مَعْذِرَة: عذر، حجت، درگزر، معافی ج: مَعَاذِرُ و مَعَاذِیرُ۔
مُتَعَذِّر: دشوار، ممنوع، ناممکن الحصول۔
عِذْق: کھجور کا خوشہ، گچھا ج: عُذُوق و أَعْذَاق۔
عَذَلَ ـُ عَذْلاً: ملامت کرنا۔
عَذُوْل: ملامت کرنے والا۔

ع.....ر

عَرُبَ ـُ عُرُوبَةً: عربی الاصل ہونا۔
عَرَّبَ تَعْرِیباً: عربی میں منتقل کرنا، عربی میں ترجمہ کرنا، تعریب کرنا۔
عَرَّبَ و اَعْرَبَ: کسی لفظ کو عربی بنانا، عربی جیسا بنانا، عربی زبان میں شامل کرنا، عربیانا۔
عَرَّبَ التَّعْلِیمَ: تعلیم کو عربیانا۔

اَعْرَبَ عَنْ: ظاہر کرنا،تعبیر کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ الاَسَف: اظہارِافسوس کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ الاِهْتِمَامِ بکذا: کسی چیز سے دلچسپی ظاہر کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ الرَّغْبَةِ فی کذا: کسی چیز کی خواہش کا اظہار کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ التَّائِیْدِ لکذا: کسی چیز کی حمایت کا اظہار کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ الاِعْجَابِ بِشَیْءٍ: اظہار پسندیدگی کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ الاَمَل: امید ظاہر کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ الإِیْمَانِ بشیْءٍ: یقین ظاہر کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ التَقْدِیْر لشیْءٍ: قدر افزائی کرنا،اظہارِ پسندیدگی کرنا۔
اَعْرَبَ عَنِ القَلَق اِزَاءَ کَذَا: اظہار افسوس کرنا،تشویش ظاہر کرنا۔
تَعَرَّبَ و اسْتَعْرَبَ: عرب بننا،عرب باشندہ بننا۔
عَرَبِی: (۱) عرب باشندہ (۲) عربی زبان۔
عَرَبِیَّة: (۱) عرب کی رہنے والی (۲) عربی زبان۔
الجَامِعَةُ العَرَبِیَّة: عرب لیگ۔
عَرَبَة: گاڑی،ویگن ج: عَرَبَات۔
عَرَبَةُ تَرَامْوَای: ٹرام کار۔
عَرَبَةُ سِکَّةِ الحَدِیْد: ریل کا ڈبہ۔
عَرَبَةُ نَقْلِ البَضَائِع: باربرداری کی گاڑی۔
عَرَبَةُ المُسْتَشْفَی: ایمبولنس۔
عَرَبَةُ نَوْمٍ: سلیپنگ کار،ریل کا ڈبہ جو مسافروں کے سونے کے لئے مخصوص ہو، سلیپر۔
عَرَبَةُ العَفْش: سامان کی گاڑی،لگیج وین۔
عَرَبَةٌ لِلجَرِّ: ٹرالی۔
عَرَبَةُ مِدْفَعٍ: توپ گاڑی۔
عَرَبَةٌ مُغَطَّاة: بند گاڑی۔
عَرَبَةُ اَکْلٍ: ڈائننگ کار۔
عَرَبَةُ الاَمْتِعَةِ: لگیج بوگی۔
عَرَبَةُ البَرِیْد: میل (ڈاک) کا ڈبہ۔
عَرَبَةُ بِضَاعَةٍ: سامان کا ویگن۔
عَرَبَةُ التَّرُولِیْ: ٹرالی بس،ٹرام گاڑی۔
عَرَبَةٌ جَوِّیَّة: فضائی گاڑی۔
عَرَبَةُ الحُمَّال: قلی کا ٹھیلا،پورٹر ٹرک۔
عَرَبَةٌ صَغِیْرَة: ٹرالی۔
عَرَبَةُ صِهْرِیْج: ٹینک کار۔
عَرَبَةُ الطَّعَام: ڈنر ویگن۔
عَرَبَةُ یَد: ہاتھ کی گاڑی۔
عَرَبَةُ نَقْلٍ (بِسِکَّةِ الحدِیْد): ریلوے ویگن۔
عَرَبَةُ الاَطْفَال: بچوں کی گاڑی۔
عَرَبَةُ اُجْرَةٍ: کرایہ کی گاڑی۔
عَرَبَاتُ النَّوْم: سلیپرس،سونے کی بوگیاں۔
عُرُوْبَةٌ: عربیت۔
عَرَبَجِیّ: گاڑی بان۔
تَعْرِیْب: عربی زبان میں ترجمہ۔
مُعَرَّب: عربی بنایا ہوا،مترجم۔
مُعَرِّبٌ: مترجم (۲) ظاہر کرنے والا۔
عَرْبَدَة: (۱) بداخلاق ہونا (۲) فساد پھیلانا،

خرمستیاں کرنا، شرارت کرنا۔
عِرْبِیْد، مُعَرْبِد: فسادی، غنڈہ۔
عَرْبَسَة: رکاوٹیں کھڑی کرنا۔
عَرَجَ ـُـ عُرُوْجاً: چڑھنا، بلند ہونا۔
عَرِجَ ـَـ عَرَجاً: لنگڑا ہونا۔
عَرَّجَ تَعْرِیْجاً: ٹھہرنا، رُکنا، مُڑنا۔
عَرَّجَ عَلَی یَمِیْنِہٖ: دائیں طرف مُڑنا۔
عَرَّجَ الخَطَّ: ٹیڑھا کرنا۔
اِعْرَاج: لنگڑا بنانا۔
اِنْعِرَاج: لنگڑا ہونا، ٹیڑھا ہونا، مڑنا۔
تَعَرُّج: ٹیڑھا ہونا، مُڑنا، مائل ہونا۔
تَعَارُج: لنگڑا بننا۔
عَرَجٌ، عَرَجَان: لنگڑاپن۔
اَعْرَجُ: لنگڑا ج: عُرْجٌ۔
مِعْرَج، مِعْرَاج: سیڑھی (سُلَّمٌ نَقَّالٌ) ج: مَعَارِجُ و مَعَارِیْجُ مُتَعَرِّج: ٹیڑھا، جھکا ہوا۔
عَرَرٌ و مَعَرَّة: عیب، گناہ۔
عَرَرٌ، عُرَّة: خارش (اونٹ کی خارش)۔
عَرَّ ـُـ عَرّاً: عیب لگانا۔
عُرْسٌ: رخصتی، زفاف، ولیمہ کا کھانا، شادی ج: أعْرَاس۔
وَلِیْمَةُ العُرْسِ: دعوتِ ولیمہ۔
عِرْسٌ: دولہا، دولہن ج: اَعْرَاس (عِرْسُ الرَّجُلِ، عِرْسُ المَرْأَة)
عَرُوْس: (۱) دولہن (۲) دولہا ج: عَرَائِسُ
عَرُوْسَة: گڑیا (۲) دولہن۔
عَرِیْس: دولہا۔
عِرِّیْس، عِرِّیْسَة: شیر کا مسکن، کچھار، درندوں کے رہنے کی جگہ۔
اَعْرَسَ اِعْرَاساً: ولیمہ کرنا۔
عَرَشَ ـِـ عَرْشاً و عَرَّشَ بِالمَکَان: قیام کرنا۔
___ البَیْتَ: تعمیر کرنا، چھت ڈالنا۔
___ الکَرْمَ: انگور کی بیل ٹٹی پر چڑھانا۔
عَرَّشَ الکَرْمُ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا۔
عَرْشٌ: تختِ شاہی (۲) چھت ج: عُرُوْش۔
عَرْشُ المَمْلَکَة: تختِ سلطنت۔
عَرْشٌ و عَرِیْش: خیمہ یا شامیانہ، سائبان۔
عَرْشٌ و تَعْرِیْشَة: ٹٹی، لکڑی یا لوہے کی جالی جس پر انگور کی بیل ڈالی جاتی ہے۔
عَرِیْش: جانوروں کا باڑا ج: عُرُش۔
مُعَرَّش، مَعْرُوْش: ٹٹی یا جالی پر چڑھی ہوئی بیل وغیرہ۔
عَرْصَةُ الدَّار: (۱) صحنِ خانہ (۲) کھلی ہوئی جگہ ج: عِرَاص و عَرَصَات۔
عَرَضَ ـِـ عَرْضاً: (۱) ظاہر کرنا (۲) پھیلانا (۳) درخواست کرنا (۴) پیش کرنا۔
عَرَضَ الشَّیْءَ عَلَیْہِ: دکھانا، پیش کرنا۔
عَرَضَ رَأْیاً: تجویز پیش کرنا۔
عَرَضَ الجُنْدَ: فوج کی نمائش کرنا، فوج کو سڑکوں سے گزارنا۔
عَرَضَ لَہٗ کَذَا: پیش آنا، سامنے آنا۔
عَرَضَ لَہٗ فِکْرٌ: خیال آنا، ذہن میں آنا، ذہن میں تدبیر آنا۔
عَرُضَ ـُـ عَرَاضَةً: چوڑا ہونا۔
عُرِضَ: دیوانہ ہونا۔
عَرَّضَ تَعْرِیْضاً: چوڑا بنانا۔

عَرَّضَهُ لکذا: سامنے لاکھڑا کرنا، کسی خطرہ میں مبتلا کرنا، نشانہ بنانا، زد میں لانا۔
عَرَّضَ السَّلامَ لِلخَطَر: امن کو خطرہ میں ڈالنا۔
عَرَّضَ البَلَدَ للمُؤامَرَة: ملک کو سازش میں پھنسانا۔
عَرَّضَ النَّفْسَ لِلمَوْت: موت کے منہ میں ڈالنا۔
عَرَّضَ بہ و لَہُ: کسی کے متعلق بات کہنا مگر الفاظ غیر صریح استعمال کرنا، اشاروں کنایوں میں بات کرنا۔
عَارَضَهُ مُعَارَضَةً: مخالفت کرنا، آڑے آنا، مقابلہ کرنا، خلاف کرنا، آڑے ہاتھوں لینا۔
عَارَضَ الشیٔ بِالشیٔ: ایک چیز کا دوسری سے مقابلہ کرنا۔
اَعْرَضَ عَنْهُ: منہ پھیرنا، بے رُخی اختیار کرنا، نظر انداز کرنا، چھوڑنا، منحرف ہونا، پسِ پشت ڈالنا۔
اِعْتَرَضَ لَهُ: پیش آنا، سامنے آنا (۲) رکاوٹ بننا، آڑے آنا۔
اِعْتَرَضَ علی: نکتہ چینی کرنا۔
تَعَرَّضَ لکذا: خطرہ میں پڑنا، کسی چیز کی زد میں آنا، شکار ہونا، دوچار ہونا۔
تَعَرَّضَ الامْرَولَهُ: پیچھا کرنا، لگے رہنا۔
تَعَرَّضَ لِلأَمْر: مداخلت کرنا۔
تَعَرَّضَ السَّلامُ لِلْخَطَر: امن کا خطرہ میں پڑنا۔
تَعَرَّضَ لِاَلْوَانٍ مِنَ التَّعْذِیْب: طرح طرح کی تکلیفوں میں مبتلا ہونا۔
تَعَرَّضَتِ البَضَائِعُ لِلتَّلَف: سامان کو نقصان پہنچنا۔
تَعَرَّضَ البَلَدُ لِلاَخْطَار: ملک کو خطرات درپیش ہونا۔
تَعَارَضَ مَعَ: مڈبھیڑ ہونا، تصادم ہونا، منافی ہونا۔
تَعَارَضَ الشیٔ مَعَ المَصَالِح: مفادات کے خلاف ہونا، مفادات سے ٹکرانا۔
اِسْتَعْرَضَ: جائزہ لینا، نظر ثانی کرنا، گزرے ہوئے واقعات پر تبصرہ کرنا (۲) سامان دکھانے کی فرماش کرنا (۳) فوج کا معائنہ کرنا۔
عَرْض: پیش کش، آفر (۲) پھیلاؤ (۳) چوڑائی (۴) نمائش، پریڈ (۵) سپلائی (۶) سامان ج: اَعْرَاض و عُرُوْض۔
عَرْضٌ مُوْجَز: مختصر نمائش، مختصر جائزہ۔
عَرْضُ حَالٍ: عرضداشت، درخواست۔
عَرْضُ سِعْرٍ: آفر کرنا۔
عَرْضُ الفِیْلْم: فلم دکھانا۔
عَرْضُ القَرَارِ عَلَی المُؤْتَمَر: کانفرنس میں تجویز پیش کرنا۔
عَرْضُ القَضِیَّةِ عَلَی المَحْکَمَة: عدالت میں کیس پیش کرنا۔
العَرْضُ و الطَّلَب: سپلائی اور ڈیمانڈ، مانگ اور فراہمی۔
العَرْضُ الکُلِّیّ: مکمل سپلائی، مکمل پیش کش۔
عُرْضٌ: جانب، گوشہ۔
عِرْضٌ: آبرو ج: اَعْرَاض۔

بَیْعُ العِرْضِ: عصمت فروشی، زنا۔
عَرَضٌ: (۱) صفت، خاصہ (۲) غیر دوامی چیز (خلافِ جوہر) (۳) اتفاق، چانس۔
عَرَضِیّ: (۱) غیر جوہری (۲) عارضی، ٹمپریری، ہنگامی، اتفاقی۔
عُرْضَة: عرض، نشانہ، ہدف۔
عُرْضَةٌ له: کسی چیز کا شکار، نشانہ پر، خطرہ میں، سامنے۔
عُرْضَةٌ لِلْخَطَإِ: خطاپذیر، غلطی کا نشانہ۔
عَرُوْض: میزانِ شعر، شعر کو وزن کرنے کے اصول وقواعد۔
عُرُوْضٌ فَنِّيَّة: فنّی مظاہرے، فنّی نمائش۔
عَرِيْض: چوڑا۔
عَرِيْضَة: درخواست، عرضداشت، پٹیشن، عرضی ج: عَرَائِضُ۔
عَرِيْضَةُ الدَّعْوَى: عرضی دعویٰ۔
عَرِيْضَةُ الاِسْتِئْنَاف: درخواست اپیل۔
مُقَدِّمُ العَرِيْضَة: درخواست گزار۔
عَارِض: رکاوٹ، مانع، واقعہ ج: عَوَارِضُ۔
عَارِض: پیش آمدہ، درپیش، غیر دائمی (۲) جنون۔
عَارِضَةٌ خَشَبِيَّة أو مَعْدِنِيَّة: گارڈر ج: عَوَارِضُ۔
إِعْرَاض: بے اعتنائی، روگردانی۔
اِعْتِرَاض، مُعَارَضَة: رکاوٹ، مقابلہ، احتجاج، مخالفت۔
اِعْتِرَاضُ المَشَاكِل: مشکلات پیش آنا۔
تَعَارُض: تصادم، اختلاف، ٹکراؤ، اپوزیشن۔
تَعَارُضُ المَصَالِح: مفادات کا ٹکراؤ۔
التَّعَارُضُ مَعَ شَيْءٍ: مُنافی ہونا۔
إِسْتِعْرَاضٌ: جائزہ۔
اِسْتِعْرَاضٌ سَرِيْعٌ: سرسری جائزہ۔
اِسْتِعْرَاضُ المَوْقِفِ: صورتِ حال کا جائزہ۔
مَعْرِض: نمائش، شو، شوروم، نمائش گاہ، نمائش ہال ج: مَعَارِضُ۔
مَعْرِضُ رِسَالَةِ الجَامِعَة: یونیورسٹی مشن نمائش۔
مَعْرِضٌ زِرَاعِيٌّ: زرعی نمائش۔
المَعْرِضُ العَالَمِيّ: عالمی نمائش۔
المَعْرِضُ الدُّوَلِيّ: بین الاقوامی نمائش۔
فی مَعْرِضِ كذا: ذیل میں، اس کے دوران، اس کے ذیل میں۔
مَعْرُوْض: برائے فروخت۔
مَعْرُوْضَات: سامانِ فروخت، اشیائے نمائش۔
غُرْفَةُ المَعْرُوْضَات: شوروم۔
مُعَارِض: مخالف، مقابل۔
مُعَارِضٌ له: برعکس، بے جوڑ۔
مُعَارِضُوْنَ و مُؤَيِّدُوْنَ: مخالف و موافق۔
مُعْتَرِض: پیش آمدہ، آڑے آنے والا، نکتہ چیں، احتجاج کنندہ۔
عِبَارَةٌ مُعْتَرِضَة: درمیانِ کلام کی وضاحتی عبارت۔
مُعَارَضَة: مخالفت، اعتراض (۲)

رکاوٹ (۳) اپوزیشن۔
مُعَارَضَةٌ عَلَنِيَّة: کھلم کھلا مخالفت۔
مُعَارَضَةُ كِفَاحٍ: جدوجہد میں رکاوٹ ڈالنا۔
مُعَارَضَةُ الْمُحَامِي: وکیل کا اعتراض۔
الْمُعَارَضَةُ الْبَنَّاءَة: تعمیری اختلاف۔
الْمُعَارَضَةُ الشَّعْبِيَّة: عوامی مزاحمت۔
حِزْبُ مُعَارَضَةٍ: حزبِ اختلاف، اپوزیشن پارٹی۔
عَرَفَ ـِ عِرْفَاناً و مَعْرِفَةً: جاننا، پہچاننا۔
عَرَفَ الْأَمْرَ: واقف ہونا۔
عَرَفَ الْمَرْأَةَ: صحبت کرنا۔
عَرَّفَ تَعْرِيفاً: بتانا، باخبر کرنا (۲) وضاحت کرنا (۳) کاہن کا پیش گوئی کرنا۔
عَرَّفَ الرَّجُلَ بِالرَّجُل: تعارف کرانا۔
اِعْتَرَفَ بِالْأَمْر: اقرار کرنا۔
اِعْتَرَفَ بِشَيْءٍ: تسلیم کرنا، ماننا۔
اِعْتَرَفَ بِالدَّوْلَة: حکومت کو تسلیم کرنا۔
اِعْتَرَفَ بِالشَّهَادَة: ڈگری منظور کرنا۔
اِعْتِرَافٌ بِالْجَمِيل: احسان شناسی۔
اِعْتَرَفَ إِلَى الْكَاهِن: کاہن سے کسی معاملہ کی حقیقت دریافت کرنا۔
تَعَرَّفَ الشَّيْءَ: جاننا، پتہ چلنا۔
عُرْف: رواج، سسٹم۔
الْعُرْفُ التِّجَارِيّ: کمرشیل سسٹم، تجارتی طریقۂ کار، کاروباری اصطلاح۔
الْعُرْفُ الدِّبْلُومَاسِيّ: سفارتی قاعدہ، سفارتی دستور۔
عُرْفاً: رواجاً، عام طور پر۔
عُرْفِيّ: مروجہ۔
الْعَارِفُ بِالشَّيْءِ: آشنا۔
عَارِفُ الْجَمِيل: احسان شناس۔
الْعَارِفُون: واقف کاران۔
الْعَرِيف: مانیٹر ج: عُرَفَاءُ۔
عَرِيفُ الْحَفْل: صدرِ مجلس، یا مجلس کا اناؤنسر۔
اِعْتِرَافٌ خَطِيرٌ: زبردست اعتراف۔
اِعْتِرَافٌ دِبْلُومَاسِيّ: سفارتی اقرار۔
تَعْرِيف: انٹروڈکشن (تعارف)، اصطلاح ج: تَعْرِيفَات۔
التَّعَرُّفُ على .....: شناخت، تعارف۔
التَّعَرُّفُ عَلَى الْآرَاءِ و الْأَفْكَار: افکار و خیالات سے واقفیت۔
التَّعَرُّفُ عَلَى الْبَضَائِع: سامان کی شناخت۔
التَّعَرُّفُ على الذَّات: خودشناسی۔
تَعَرُّفٌ عَلَى مَعَالِمِ الْبِلَاد: ملک کی خصوصیات سے واقفیت۔
تَعَارُفُ الشَّخْصَيْن: آشنائی ہونا۔
مَعْرِفَةٌ ج: مَعَارِف: آشنا، آشنائی۔
مَعْرِفَة: آشنائی، نالج۔
مَعْرِفَةُ الْجَمِيل: احسان شناسی۔
مُعْتَرِفٌ بِالْإِحْسَان: احسان مند۔
مُعْتَرَفٌ بِه: تسلیم شدہ۔
عَرَقَ الْعَظْمَ ـُ عَرْقاً و عَرَّقَ: ہڈی سے گوشت اُتارنا۔
عَرِقَ ـَ عَرَقاً: جسم سے پسینہ نکلنا۔
عَرَّقَهُ تَعْرِيقاً: پسینہ دلانا۔
عَرَّقَ بِالرُّخَام تَعْرِيقاً: ماربل لگانا۔

عَرَّقَ و اَعْرَقَ ـُ تَعَرُّق: جڑ پکڑنا، درخت کی جڑیں زمین میں پھیلنا۔
اَعْرَقَ الجِسْمُ: پسینہ آنا۔
تَعَرَّقَ العَظْمَ: ہڈی چچوڑنا۔
تَعَرَّقَ بِالرُّخام: ماربلنگ۔
عَرَق: پسینہ۔
عِرْق: رگ ج: عُرُوق۔
عَرِیْق: جڑ گرفتہ، راسخ، ڈوبا ہوا، جس کی جڑ مضبوط ہو، پرانا۔
عَرِیْقُ النَّسَب: عالی نسب۔
مُعَرَّق: ماربل دار۔
عَرْقَلَ الأَمْرَ: رکاوٹ ڈالنا، روڑے اٹکانا، دشواری پیدا کرنا (۲) ناکام بنانا۔
عَرْقَلَةُ الحَرَکَة: آمدورفت میں رکاوٹ ڈالنا۔
عَرْقَلَةُ المَسَاعِیْ: کوششوں میں رخنہ ڈالنا۔
عَرْقَلَةُ مَسِیْرَةٍ: راہ میں رکاوٹ ڈالنا۔
تَعَرْقَلَ الأَمْرُ: رکاوٹ پڑنا، تعویق میں پڑنا، دشوار ہونا۔
عَرْقَلَة: رکاوٹ، اڑنگا ج: عَرَاقِیْلُ۔
عَرَاقِیْلُ: رکاوٹیں، دشواریاں۔
عَرَکَ ـُ عَرْکاً: مَلنا، رگڑنا، مانجھنا۔
عَرَکَهُ الدَّهْرُ: زمانہ نے اس کو تجربہ کار بنادیا۔
عَرِکَ ـَ عَرَکاً: لڑائی میں سخت جاں ہونا۔
عَارَکَهُ مُعَارَکَةً: جنگ کرنا، لڑنا، مزاحمت کرنا۔
تَعَارَکَ و اعْتَرَکَ القَوْمُ: برسرِ پیکار ہونا، باہم لڑنا۔
عَرْکٌ: جانچ، آزمائش۔
عِرَاکٌ، مُعَارَکَة: لڑائی، رساکشی۔
عَرِیْکَة: عادت، طبیعت ج: عَرَائِکُ۔
لَیِّنُ العَرِیْکَة: نرم خُو، نرم مزاج۔
مَعْرَک، مَعْرَکَة، مُعْتَرَکٌ: میدانِ جنگ، اکھاڑا۔
مَعْرَکَة: لڑائی، جھگڑا، فساد، ایکشن ج: مَعَارِکُ۔
مَعْرَکَةُ الدَّبَّابَات: ٹینکوں کی جنگ۔
مَعْرَکَةٌ شَرِسَة: بھیانک لڑائی، زبردست جنگ۔
مَعْرَکَةٌ عَنِیْفَة: گھمسان کی جنگ۔
مَعْرَکَةٌ اِنْتِخَابِیَّةٌ عَنِیْفَة: زبردست انتخابی مہم۔
مَعْرَکَةٌ بِالرَّصَاصِ: گولیوں کی جھڑپ۔
مَعْرَکَةٌ تِلْفِزْیُوْنِیَّة: ٹیلیویژن پر دکھائی دینے والا معرکہ، ٹیلیویژن پر دکھائی دینے والا جھگڑا۔
مَعْرَکَةٌ حَاسِمَة: فیصلہ کن لڑائی۔
المَعْرَکَةُ حَامِیَةٌ بَیْنَ فُلَانٍ و فُلَانٍ: گرما گرمی جاری ہے۔
مَعَارِکُ: جھڑپیں۔
مَعَارِکُ طَاحِنَة: گھمسان کی لڑائیاں۔
مَعَارِکُ طَائِفِیَّة: فرقہ وارانہ فسادات۔
عَرِیْنٌ، عَرِیْنَةٌ: شیر کا مسکن، جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ ج: عُرُن و عَرَائِنُ۔
عُرْوَة: (۱) کاج (۲) حلقہ، کڑا (۳) رسّی کا پھندا (۴) برتن کا قبضہ (۵) قابلِ اعتماد ج:

عُرّی۔

عَرَاهُ ـُ عَرْواً و اعْتَرَاهُ: پیش آنا، سامنے آنا (۲) لاحق ہونا (۳) طاری ہونا۔

عَرَتْهُ دَهْشَةٌ: اس پر خوف طاری ہوگیا۔

عَرِیَ ـَ عُرْیاً و تَعَرّی من: برہنہ ہونا، کسی صفت سے عاری ہونا۔

عُرْیٌ، عُرْیَةٌ: برہنگی، عُریانیت۔

عَرَّاهُ تَعْرِیَةً: لباس اُتارنا، برہنہ کرنا، نقاب اُتارنا۔

عَرَّاهُ مِنْ: نہتا کرنا، مجرد کرنا، الگ کرنا۔

عَرّی المُؤامَرَةَ: سازش کا پردہ فاش کرنا۔

عَرّی الجُنَاةَ عَنِ القَانُونِ: مجرموں کو قانون سے آزاد کرنا۔

عُرْیَانٌ، عَارٍ: برہنہ، بے لباس۔

عُرْیَانٌ کَمَا وَلَدَتْهُ اُمُّهُ: مادرزاد ننگا۔

عَارٍ: برہنہ (۲) خالی (۳) نہتا۔

عَارِی الاَقْدَام: برہنہ پا۔

عَارِی الرَّأس: برہنہ سر۔

عَارِیَة: اُدھار، عارضی طور پر لی ہوئی چیز، لون، قرض۔

عَارِیَة و مُسْتَعَارٌ: مصنوعی، عارضی۔

شَعْرٌ مُسْتَعَار: مصنوعی بال، وِگ۔

عَرَاءٌ: کھلی جگہ، خلا۔

مُعَرًّی: (۱) برہنہ (۲) بے غلاف (۳) کھلا ہوا (۴) خالی از حاشیہ یا ترجمہ۔

مَعَارِی الجِسْم: جسم کے کھلے ہوئے حصے۔

ع.....ز

عَزَبَ ـُ عُزُوْبَةً: غیر شادی شدہ ہونا، کنوارا رہنا۔

عَزَبَ ـُ عُزُوْباً و اَعْزَبَ: دور ہونا، اوجھل ہونا۔

عَزَبٌ، أَعْزَبُ، عَازِبٌ: غیر شادی شدہ، کنوارا ج: عُزَّاب و عُزُبٌ۔

عُزُوْبَة، عُزْبَة: تجرّد، کنوارپن۔

عِزْبَة: کھیت، فارم (دا)۔

عَزَرَ ـِ عَزْراً و عَزَّرَ: ملامت کرنا۔

عَزَّزَ تَعْزِیْزاً: (۱) مدد کرنا (۲) مضبوط بنانا، طاقت بہم پہنچانا، بڑھانا، ترقی دینا، مستحکم کرنا (۳) کمک پہنچانا (۴) رتبہ بلند کرنا (۵) کنفرم کرنا۔

عَزَّزَ الاسْتِقْلَالَ: خودمختاری میں استحکام پیدا کرنا۔

عَزَّزَ التَّعَاوُنَ: تعاون بڑھانا۔

عَزَّزَ السَّلَامَ: امن کو مستحکم کرنا۔

عَزَّزَ السَّیْطَرَةَ: قبضہ مستحکم کرنا، کنٹرول واقتدار مضبوط کرنا۔

عَزَّزَ العَلَاقَاتِ: تعلقات مضبوط کرنا۔

عَزَّزَ القُوَّاتِ: فوجوں کو کمک پہنچانا۔

عَزَّزَ مَسِیْرَةَ النِّضَالِ التَّحَرُّرِیّ: جہادِ آزادی کی تحریک مستحکم کرنا۔

عَزَّزَ و اَعَزَّهُ: محبت کرنا، پسند کرنا، اہمیت دینا (۲) محبوب و پسندیدہ ہونا۔

اَعَزُّ: محبوب تر۔

اَعَزُّ الطَّالِع: بلند اقبال۔

عَزَّ ـِ عِزّاً: طاقتور ہونا (۲) کمیاب ہونا۔

عَزَّ عَلَیْهِ: محبوب ہونا (۲) شاق ہونا۔

یَعِزُّ عَلَیَّ أَنْ أُعَاقِبَهُ: اسے سزا دینا

میرے لئے شاق ہے۔
اعْتَزَّ و تَعَزَّزَ بـ: عزت حاصل کرنا۔
اِعْتَزَّ و تَعَزَّزَ: مضبوط ہونا، تقویت حاصل کرنا۔
اِعْتَزَّ و تَعَزَّزَ: سربلند ہونا، فخر کرنا، ناز کرنا۔
اِعْتَزَّ بِالصَّدَاقَةِ: دوستی کو سراہنا۔
تَعَزَّزَ: طاقتور ہونا۔
اِسْتَعَزَّ عَلَيْهِ: غالب ہونا۔
عِزٌّ: عزت، اعزاز (۲) سختی۔
صَاحِبُ العِزَّة: عالی جناب (بلند درجہ لوگوں کا لقب)۔
عَزِيْز: (۱) مضبوط و طاقتور (۲) محبوب و پیارا (۳) کمیاب (۴) مُعزّز۔
عَزِيْزُ الجَانِب: طاقتور (۲) بارسوخ و باقتدار آدمی۔
عَزِيْزُ المَنَال: ناممکن الحصول، ناقابلِ گرفت۔
عَزِيْزُ النَّفْس: عالی ظرف، بلند حیثیت، خوددار۔
تَعْزِيْزٌ عَسْكَرِيّ: فوجی کمک۔
مُعْتَزّ: سربلند، نازاں۔
عَزَفَ ـِـ عَزْفاً: گانا۔
عَزَفَ السَّلَامَ الوَطَنِيَّ: قومی ترانے کی دُھن بجانا۔
عَزَفَ ـِـ الشَّيْءَ: کنارہ کش ہونا۔
عَزَفَ عَلَى آلَةِ الطَّرَب: آلۂ موسیقی بجانا۔
عَزَفَتْ نَفْسُه عَنْ كذا: اُکتانا، دل گھبرانا۔
عَزِيْف: بھیانک آواز، ناگوار آواز۔
عَزِيْفُ الرَّعْد: گرج کی آواز۔
عَزِيْفُ الرِّيْح: ہوا کی آواز۔
عَازِف: گانے بجانے والا، سارنگیا، گانے بجانے کا ماہر، موسیقار، سازندہ۔
مِعْزَف و مِعْزَفَة: باجا، ساز، آلۂ موسیقی
ج: مَعَازِفُ۔
عَزَقَ الاَرْضَ ـِـ عَزْقاً: زمین پھاڑنا، کھودنا، زمین کھود کر پانی نکالنا۔
عَزَقَة: نٹ، واشر۔
مِعْزَقَة: کدال، بیلچہ ج: مَعَازِقُ۔
عَزَلَ ـِـ عَزْلاً و عَزَّلَ الشَّيْءَ عَنْ غَيْرِه: علیحدہ کرنا۔
عَزَلَ: گوشہ نشین بنانا، الگ تھلگ کرنا (۲) جدا کرنا۔
عَزَلَ عَنْ مَنْصِب: برطرف کرنا، ملازمت سے برخاست کرنا، معزول کرنا، منصب سے ہٹانا۔
عَزَلَ البَلَدَ عَنْ: ملک کو کاٹنا۔
عَزَلَهُ عَنِ المُجْتَمَع: معاشرے سے کاٹنا، الگ کرنا۔
عَزَلَ القُوَّةَ: فوج کو نہتا کرنا۔
عَزَلَهُ عَنِ العَرْش: تخت سے اُتارنا۔
عَزَّلَه: (۱) رہائش تبدیل کرنا۔
اِعْتَزَلَ الشَّيْءَ و عَنْه: کنارہ کش ہونا، علیحدہ ہونا، برطرف ہونا۔
اِعْتَزَلَ الحَيَاةَ العَامَّة: عام زندگی سے کنارہ کش ہونا۔
عَزْل: معزولی، علیحدگی، برطرفی۔
عُزْلَة، اِعْتِزَال: گوشہ نشینی، کنارہ کشی۔

عُزلَةٌ دِ بلُومَا سِیَّة: سفارتی علیحدگی۔
عَازِل: فاصل، جُدا کرنے والا۔
اَعْزَلُ: نہتا، بے ہتھیار ج: عُزْل و عُزَّل۔
اِنعِزَال: علیحدگی، یکسوئی، گوشہ نشینی، الگ تھلگ ہو جانا، سمٹ جانا۔
اِنعِزَالِیُّون: علیحدگی پسند لوگ۔
اِنعِزَالِیَّة: علیحدگی پسندی، علیحدگی پسندانہ رجحان۔
مِعْزَال: نہتا، خالی ہاتھ۔
مَعْزِل: علیحدگی کی جگہ، خلوت خانہ، علیحدہ جگہ، ایک طرف۔
بِمَعْزِلٍ عَنْ کذا: جُدا، دور، علیحدہ، بے تعلق۔
مَعْزُوْل: الگ تھلگ۔
عَزَمَ علی ـِ عَزْماً: پختہ ارادہ کرنا، تہیّہ کرنا۔
عَزْم، عَزِیْمَة: پختہ ارادہ۔
عَزْمٌ أَکِیْدٌ: آہنی ارادہ، پختہ ارادہ۔
عَزْمٌ مُصَمَّمٌ: پختہ ارادہ۔
عَزِیْمَة: قوی ارادہ، حوصلہ ج: عَزَائِمُ (۲) تعویذ۔
عُزُوْمَة: ولیمہ، دعوتِ ولیمہ (دا)۔
عَزَالَهُ و إلَیْه ـُ عَزْواً: منسوب ہونا۔
عَزَا الشَّیْءَ الی فُلان: منسوب کرنا، نسبت کرنا (۲) الزام لگانا۔
اِعْتَزَی إلَیْه و لَهُ: منسوب ہونا۔
عَزَا ـُ عَزَاءً: صبر کرنا، تسلّی پانا۔
عَزَاءٌ: صبر، تسلّی، غم خواری، دلاسا۔
عِزْوَة: نسبت، انتساب (۲) رشتہ دار۔
عَزَی إلیه ـِ عَزْیاً: منسوب کرنا۔
عَزِیَ و تَعَزَّی عنه: تسلّی پانا، غم بھول جانا، ڈھارس بندھنا۔
عَزَّی المُصَابَ تَعْزِیَةً: مصیبت زدہ کو تسلّی دینا، تعزیت کرنا۔
تَعْزِیَة: تعزیت ج: تَعَازِیْ۔
خِطَابُ تَعْزِیَةٍ: تعزیت نامہ۔

ع.....س

یَعْسُوْب: مکھیوں کی رانی، شہد کی مکھی (نر)۔
عَسْجَد: سونا (۲) جواہر۔
عَسُرَ ـُ عُسْراً: تنگ دست ہونا۔
عَسِرَ ـِ عُسْراً و عَسَراً: دشوار ہونا۔
عَسَرَ الغَرِیْمَ ـُ عُسْراً: قرض دار سے باوجود اس کی عُسرت کے قرض مانگنا، تنگ کرنا، پریشان کرنا۔
عَسَّرَ الأَمْرَ تَعْسِیْراً: دشوار بنانا۔
عَسَّرَ عَلَیْه: تنگی پیدا کرنا۔
اَعْسَرَ الرَّجُلُ: تنگ دست ہونا، مفلس ہونا۔
تَعَسَّرَ و تَعَاسَرَ و اسْتَعْسَرَ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْسَرَ الأَمْرَ: دشوار سمجھنا۔
عَسِرٌ، عَسِیْر: دشوار، مشکل۔
عُسْرٌ و عُسْرَةٌ: تنگ دستی، مالی پریشانی۔
مُعْسِر: تنگ دست، مفلس۔
عَسَسٌ: چوکیدار، رات کو پہرہ دینے والا و: عَاسٌّ، عَسَّاس۔
عَسَّ ـُ عَسّاً: رات کو پہرہ دینا، سراغ رسانی کرنا۔

عَسَفَ ـِ عَسْفاً: ظلم کرنا، تشدد کرنا۔
عَسَفَ فِی الأَمْرِ: بے تدبیری سے کام لینا۔
عَسَّفَ و اَعْسَفَ: سخت کام میں مبتلا کرنا، سخت کام لینا۔
تَعَسَّفَ و اعْتَسَفَ الأَمْرَ: بے سوچے کام کرنا۔
تَعَسَّفَ عَنِ الطَّرِیْق: راہ سے ہٹنا۔
عَسْفٌ: ظلم، تشدد۔
عَسَّاف، عَسُوْف: ظالم، متشدد۔
تَعَسُّفِیٌّ: ظالمانہ، تشدد آمیز۔
عَسْکَرَ القَوْمُ: لوگوں کا جمع ہونا۔
عَسْکَرَ الجُنْدُ أو الجَیْشُ: فوج کا خیمہ زن ہونا، کیمپ لگانا، قیام کرنا، پڑاؤ ڈالنا، ٹینٹ لگانا۔
عَسْکَر: فوج، لشکر ج: عَسَاکِرُ۔
عَسْکَرِیّ: فوجی، ملٹری سپاہی۔
حَاکِمٌ عَسْکَرِیّ: ملٹری گورنر۔
حُکْمٌ عَسْکَرِیّ: مارشل لاء۔
مَجْلِسٌ عَسْکَرِیّ: کورٹ مارشل۔
مُعَسْکَر: کیمپ، بلاک، بارک، فوجی کیمپ ج: مُعَسْکَرَات۔
المُعَسْکَرُ الاشْتِرَاکِیّ: کمیونسٹ بلاک، کمیونسٹ کیمپ۔
مُعَسْکَرُ اعْتِقَالٍ: نظر بندی کیمپ۔
مُعَسْکَرٌ رَأْسُمَالِیٌّ: سرمایہ دارانہ بلاک۔
مُعَسْکَرُ الشَّرْق: مشرقی بلاک۔
مُعَسْکَرٌ شُیُوْعِیّ: کمیونسٹ بلاک۔
مُعَسْکَرُ الغَرْب: مغربی بلاک۔
مُعَسْکَرُ العَمَلِ الإِلْزَامِیّ: لیبر کیمپ۔
عَسَلَ الطَّعَامَ ـُ عَسْلاً و عَسَّلَه: شہد ملانا، میٹھا کرنا۔
عَسَلٌ: شہد۔
شَهْرُ العَسَل: ماہِ عروسی۔
عَسَلِیٌّ: شہد کا، شہد جیسا۔
عَسَّال: شہد فروش۔
عَسَّالَة، مَعْسَلَة: شہد کی مکھی کا چھتا، مکھی پالنے کا بکس۔
مَعْسُوْل: شیریں، میٹھا، شہد بھرا۔
کَلَامٌ مَعْسُوْل: میٹھی باتیں۔
لِسَانٌ مَعْسُوْل: شیریں زبان۔
عُسْلُج، عُسْلُوْج: نرم شاخ۔
عَسَی: امید ہے، شاید۔

ع ..... ش

عَشُبَ المَکَانُ ـُ عَشَابَةً و عَشِبَ عَشَباً و عَشَّبَ: کسی جگہ گھاس اگنا۔
عُشْبٌ: ترگھاس ج: اَعْشَاب۔
عُشْبٌ و عُشْبَة: کوئی خاص گھاس۔
عُشْبِیّ: نباتی۔
عَشِبٌ، مُعْشِبٌ: بہت گھاس والا۔
عَشَّاب: جڑی بوٹیوں کا ماہر، نباتات کا ماہر، نباتات کا تاجر (۲) گھاس فروش۔
عَاشِب: گھاس خور جانور ج: عَوَاشِبُ۔
عَشَرَ المَالَ ـُ عَشْراً و عُشُوْراً: مال کا دسواں حصہ وصول کرنا۔
عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً: مل جُل کر رہنا، کسی کے ساتھ زندگی گزارنا، ہم صحبت ہونا، اختلاط رکھنا۔

اَعْشَرَ الْقَوْمُ: لوگوں کا دس ہونا۔
اَعْشَرَ الْعَدَدَ: دس بنانا، دس کر دینا۔
عُشْر: دسواں حصہ ج: اَعْشَار۔
عُشْرِیّ: اعشاری۔
عَشْر و عَشَرة: دس (۱۰)۔
عَشَرَةُ أَضْعَافٍ: دس گنا۔
عِشْرُوْن: بیس (۲۰)۔
العِشْرُوْنَ: بیسواں۔
عِشْرَة، مُعَاشَرَة: صحبت، اختلاط، آپس داری۔
عِشْرِیّ: اجتماعیت پسند، اختلاط پسند، ملنسار۔
عَشَّار: عُشر وصول کرنے والا۔
عُشَرَاء: حاملہ چوپایہ۔
عَشِیْر: ساتھی، دوست، رشتہ دار ج: عُشَرَاء۔
عَشِیْرَة: قبیلہ ج: عَشَائِرُ و عَشِیْرَات۔
عاشِر: دسواں۔
مَعْشَر: جماعت ج: مَعَاشِر۔
مِعْشَار: دسواں حصہ۔
عَشَّشَ و اعْتَشَّ الطَّائِرُ: گھونسلا بنانا، آشیانہ بنانا۔
عُشٌّ: گھونسلا، آشیانہ ج: اَعْشَاش و عُشُوْش و عِشَشَة و عِشَاش۔
عِشَّةٌ: جھونپڑی۔
عَشِقَ الشیٔ ـَ عِشْقاً: عاشق ہونا، فریفتہ ہونا۔
تَعَشَّقَهُ: معاشقہ کرنا۔
عِشْقٌ: شدتِ محبت، فریفتگی، والہانہ چاہت۔
عَشِیْق، مَعْشُوْق: محبوب۔
عَشِیْقَة: محبوبہ۔
عَشَمٌ: حرص، لالچ (۲) امید۔
عَشَّمَهُ: امید دلانا۔
تَعَشَّمَ: امید کرنا۔
عَشَّی تَعْشِیَةً: رات کا کھانا کھلانا۔
عَشِیَ ـَ عَشاً: رتوندہ ہونا، رات کو نظر نہ آنا، شب کور ہونا (۲) ضعفِ بصر میں مبتلا ہونا۔
عَشِیَ و تَعَشَّی: رات کا کھانا کھانا۔
عَشَاءٌ: رات کا کھانا، ڈِنر۔
عَشَاءٌ رَسْمِیٌّ تَکْرِیْماً لِفُلَانٍ: کسی کے اعزاز میں سرکاری ڈِنر پارٹی۔
عَشَاءٌ فَاخِر: شاندار ڈِنر۔
عَشَاءٌ و عَشَاوَة: شب کوری، ضعفِ بصر۔
عِشَاء، عَشِیَّة: رات کا اول حصہ۔
عَشِیَّةُ اَمْسِ: گزشتہ شام، کل شام۔
عَشْوَاء، عَشْوَة: تاریکی۔
عَشْوَائِیّ: اندھا دھند۔
اَعْشَی: شب کور، کمزور نگاہ ج: عُشْوٌ۔

ع ..... ص

عَصَبَ ـِ عَصْباً: لپیٹنا، موڑنا۔
عَصَبَ و عَصَّبَ: پٹی باندھنا (متعدی)۔
تَعَصَّبَ: پٹی باندھ لینا (لازم)۔
تَعَصَّبَ لَهُ و مَعَهُ: طرفدار ہونا، طرفداری کرنا۔
تَعَصَّبَ علیه: کسی کے خلاف تعصب برتنا۔
تَعَصَّبَ فِی مَذْهَبِهِ: مسلک اور عقیدے میں متشدد ہونا۔
تَعَصَّبَ و اعْتَصَبَ الْقَوْمُ: جماعت بن جانا۔
تَعَصَّبَ و اعْتَصَبَ الْعُمَّالُ: لیبر کا

اسٹرائک کرنا۔
عَصَبٌ: (۱) پٹھا (۲) دھاگا ج: أعْصَابٌ۔
عَصَبُ الحَیَاةِ الاقْتِصَادِیَّة: اقتصادی زندگی کی شہہ رگ۔
الاَعْصَابُ المُتَوَتِّرَة: شکستہ اعصاب، تنے ہوئے اعصاب۔
الاَعْصَابُ المُرْهَقَة: تھکے ہوئے اعصاب۔
عَصَبِیّ: اعصابی، منفعل المزاج، زود رنج۔
عُصْبَة، عِصَابَة: جماعت، لیگ، ٹولی، گروہ ج: عُصَبٌ و عِصَابَات۔
عُصْبَة، عِصَابَة، عِصَاب: پٹی، بینڈ تج۔
عُصْبَةُ الاُمَم: انجمنِ اقوام۔
عُصْبَةٌ إسْلَامِیَّة: مسلم لیگ۔
عِصَابَةُ الإجْرَام: جرائم پیشہ ٹولی، گروہ۔
عِصَابَةٌ حَاكِمَة: برسرِ اقتدار ٹولی۔
حَرْبُ العِصَابات: گوریلا جنگ۔
یَوْمٌ عَصِیْبٌ: انتہائی گرم دن۔
وَقْتٌ عَصِیْب: پُرآشوب زمانہ، ہنگاموں کا دور۔
عَصَبِیَّة، تَعَصُّب: گروہ بندی، مذہبی طرفداری، دینی غیرت وحمیّت۔
عَصَبِیَّة: (۲) قرابت، رشتہ داری۔
عَصَبِیَّةٌ عُنْصُرِیَّة: نسلی تعصب۔
اَلْعَصَبِیَّة: غصہ، اشتعال، منفعل المزاجی۔
مُعَصَّبٌ، مَعْصُوْب: پٹی بندھا ہوا۔
مُتَعَصِّب: غیرت مند، باحمیت (۲) جماعتی طرفداری کرنے والا۔
مُتَعَصِّبٌ لِمَذْهَب: مسلک میں متشدد (۲) کٹر مذہبی۔
عَصَدَ ـِ عَصْداً: موڑنا، لپیٹنا۔
عَصِیْدَة: دلیا، حریرہ۔
عَصَرَ ـِ عَصْراً: نچوڑنا، عرق نکالنا، زخم دبا کر اس کا مواد نکالنا۔
عَصَرَ الغَسِیْلَ: کپڑے کو نچوڑنا۔
عَصَرَ الحُبُوْبَ: تیل نکالنا۔
عَاصَرَ فُلاناً مُعَاصَرَةً: ہم عصر ہونا۔
تَعَصَّرَ، اِنْعَصَر: نچڑنا۔
تَعَصَّرَ: (۲) عصری ہونا، ماڈرن ہونا، ماڈرن بننا۔
عَصَّرَ الشَیْءَ تَعْصِیْراً: ماڈرن بنانا، موجودہ دور کے مطابق بنانا۔
عَصْرٌ: سہ پہر۔
عَصْرٌ و عُصْر: زمانہ، دور، وقت، ڈیٹ ج: عُصُوْر۔
عَصْرُ الذَرَّة: ایٹمی دور۔
العُصُوْرُ المُظْلِمَة: تاریک ادوار۔
عَصْرِیّ: جدید، نیا، ماڈرن، موجودہ، نئے دور کا، آج کل کا، اپ ٹو ڈیٹ۔
عُصَارَة، عَصِیْر، عَصِیْرَة: رس، عرق، جوس (۲) نچوڑ، خلاصہ۔
عَصِیْرُ الوَرْد: آبِ گل۔
عَصَّارَة، مِعْصَرَة: نچوڑنے یا تیل نکالنے کا آلہ، کپڑا نچوڑنے کی مشین، جوس نکالنے کی مشین، لیمو نچوڑنے کی مشین۔
عَصَّارَةٌ و مِعْصَرَةُ الزُّیُوْت: آئل مل۔
عَصَّارَةُ و مِعْصَرَةُ البُرْتَقَال و اللَّیْمُون و اَمْثَالِهِمَا: پھلوں سے عرق نکالنے کا

آلہ۔
عَصَّارَةٌ و مِعْصَرَةٌ قَصَبِ السُّكَّر: کولھو۔
اِعْصَارٌ: جھونکا، بگولا، طوفان ج: اَعَاصِيْرُ۔
مُعَاصَرَة: ہم عصری۔
مُعَاصِر: ہم عصر، موجودہ، دورِ حاضر کا۔
عُصَصٌ: دُم کی جڑ۔
عَصَّ ـَ عَصّاً: سخت ہونا۔
عُصْعُص: دُم کی ہڈی ج: عَصَاعِصُ۔
عَصْعَصَة: سخت ہونا۔
عَصَفَتِ الرِّيْحُ ـِ عَصْفاً: ہوا کا تیز چلنا، طوفان آنا، آندھی چلنا۔
عَصَفَ بِهِ الغَضَبُ: آگ بگولا ہونا۔
عَصَفَتِ المِحْنَةُ بِكَذَا: آزمائش کا طوفان آنا۔
عَصْفَة: ہوا کا ایک جھونکا۔
عُصَافَة: تنکا۔
عَاصِف: طوفانی، طوفان خیز۔
عَاصِفَة: آندھی، طوفان ج: عَوَاصِفُ۔
عَاصِفَةٌ رَعْدِيَّة: طوفانِ بادوباراں، طوفانِ برق وباد۔
عَاصِفَةٌ شَعْبِيَّة: عوامی طوفان۔
عَاصِفَةٌ هَوْجَاءُ: سخت آندھی۔
عُصْفُوْر: چڑیا ج: عَصَافِيْرُ۔
عَصَمَ ـِ عَصْماً: روکنا، باز رکھنا، بچانا، حفاظت کرنا۔
عَصَمَ و اَعْصَمَ: باندھنا۔
اِعْتَصَمَ و اسْتَعْصَمَ به: پناہ لینا، دامن تھامنا، ساتھ لگ جانا۔
اِعْتَصَمَ و اسْتَعْصَمَ بِالصَّبْر: صبر سے کام لینا۔
اِعْتَصَمَ و اسْتَعْصَمَ بِالصَّمْت: سکوت اختیار کرنا۔
عَصْمٌ، عِصْمَة: حفاظت، بچاؤ۔
عِصْمَة: پاکدامنی، معصومیت، بے گناہی۔
صَاحِبَةُ العِصْمَة: معزز خاتون کے لئے بطورِ لقب استعمال ہوتا ہے (۲) بے گناہ، بے خطا (۳) پاکدامن۔
اِمْرَأَةٌ فِي عِصْمَةِ رَجُلٍ: شادی شدہ۔
فِيْ عِصْمَةِ فُلَان: (۱) فلاں کے نکاح میں (۲) فلاں کی حفاظت میں۔
عُصْمَة: گلے کی مالا، ہار ج: عُصَم۔
عِصَام: رسی، ڈوری، تسمہ، پیٹی ج: اَعْصِمَة۔
عَاصِمَة: پایۂ تخت، دارالحکومت، راجدھانی، ج: عواصم۔
مِعْصَمٌ: کلائی ج: مَعَاصِمُ۔
سَاعَةُ المِعْصَم: ہاتھ کی گھڑی۔
مَعْصُوْم: بے گناہ، محفوظ۔
عَصَا ـُ عَصْواً: لاٹھی مارنا۔
عَصَا: لاٹھی، ڈنڈا، چھڑی ج: عِصِيٌّ۔
العَصَا السِّحْرِيَّة: جادو کی چھڑی۔
شَقَّ عَصَا الطَّاعَة: مخالفت کرنا، اپنی جماعت سے نکل کر اس کی مخالفت کرنا۔
اَلْقَى عَصَا التَّرْحَال: قیام کرنا۔
اِنْشَقَّتْ عَصَاهُمْ: پھوٹ پڑنا۔
عَصٰى ـِ عِصْيَاناً و مَعْصِيَةً: نافرمانی کرنا۔
عَصٰى و عَاصَى و اسْتَعْصَى عليه: بغاوت کرنا، سرکشی کرنا، کسی کے خلاف سر اٹھانا۔
اِسْتَعْصَى و تَعَصَّى الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْصَى المَرَضُ: بیماری کا خطرناک

ہونا، لاعلاج ہونا۔
عِصْیَان ، مَعْصِیَة: نافرمانی، سرکشی، خطا کاری، گنہگاری، حکم عدولی۔
العِصْیَانُ المَدَنِیّ: سِوِل نافرمانی۔
عِصْیَانٌ مُسَلَّحٌ: مسلح بغاوت۔
عَاصٍ: گنہگار، نافرمان، سرکش ج: عُصَاة۔
مُتَعَصٍّ ، مُسْتَعْصٍ: دشوار، لاعلاج۔

ع ..... ض

عَضَدَ ـُ عَضْداً و عَاضَدَه: مدد کرنا، طاقت بہم پہنچانا، پُشت پناہی کرنا۔
تَعَاضَدُوْا: باہم مدد کرنا۔
تَعَاضُد و تَکَاتُف: اتحاد۔
عَضُدٌ ، تَعْضِیْد: پشت پناہی، معاونت، مدد۔
تَعْضِیْدُ التَّعَایُش: بقائے باہم کو مضبوط بنانا۔
عَضُدٌ ، مُعَضِّد: مددگار، پُشت پناہ۔
عَضُد: بازو، بانہہ، کہنی سے مونڈھے تک کا حصہ ج: اَعْضَاد ، اَعْضُد۔
عَضَّضَ تَعْضِیْضاً: زور سے کاٹنا (دانتوں سے کاٹنا)۔
عَضَّضَ عَلَی اللِّجَام: لگام کو دانتوں سے چبانا۔
عَضَّ ـِ عَضّاً: دانتوں سے کاٹنا، دانت مارنا، مُنہ مارنا۔
عَضَّ الشَّیْءَ: پکڑنا، تھامنا۔
عَضَّةٌ: ایک دفعہ کا کاٹنا۔
عَضَّاض ، عَضُوْض: کٹکھنا۔
مَعْضُوْض: دانت لگایا ہوا، کاٹ کھایا ہوا۔

عَضِلَ ـَ عَضَلاً: موٹی پنڈلیوں والا ہونا۔
اَعْضَلَ الاَمْرُ اِعْضَالاً: دشوار ہونا۔
أَعْضَلَ و عَضَّلَ و تَعَضَّلَ الدَّاءُ الأَطِبَّاءَ: بیماری کا اطبا کو عاجز بنا دینا۔
عَضِلٌ: موٹی پنڈلیوں والا۔
عَضَلَة: پٹھا ج: عَضَلات و عَضَل۔
عَضَلِیّ: پٹھوں سے متعلق (۲) مضبوط۔
عُضَالٌ: لاعلاج بیماری۔
مُعْضِلٌ: دشوار، پریشان کُن۔
مُعْضِلَة: مشکل، دشواری، پرابلم۔
عُضْوٌ: ممبر، رُکن (۲) جسم کا ایک جوڑ ج: اَعْضَاءٌ۔
عُضْوٌ عَامِل: فعال ممبر۔
عُضْوٌ فَخْرِیّ: اعزازی ممبر، آنریری ممبر۔
عُضْوٌ فی الاُمَمِ المُتَّحِدَة: اقوامِ متحدہ کا ممبر۔
عُضْوٌ فی لِقَابَة: کارپوریٹر۔
عُضْوُ مَجْلِس: ممبر کونسل، کونسلر۔
عُضْوُ مَجْلِسِ الاِدَارَةِ المُنْتَدَبُ: مینیجنگ ڈائریکٹر۔
العُضْوُ المُحْتَرَم: آنریبل ممبر۔
عُضْوُ مَجْلِسِ النُّوَّاب: ممبر پارلیمنٹ۔
عُضْوٌ مُرَاقِب: مشاہد ممبر۔
اَعْضَاء و عُضْو: ممبران، ارکان۔
اَعْضَاءُ لَجْنَةِ الاِسْتِقْبَال: ارکان استقبالیہ۔
اَعْضَاءٌ مُنْتَسِبُون: شریک ممبران۔
اَعْضَاءٌ مُنْضَمُّونَ لِلْجَمْعِیَّة: اسمبلی میں شامل ممبران، اسمبلی کے ممبران۔
اَعْضَاءُ لَجْنَةِ التَّحْلِیْف: ممبرانِ

جیوری۔
اَعْضَاءُ الوِزَارَة: منسٹری، وزارت کے ارکان۔
اَعْضَاءُ الوَفْد: ارکانِ وفد۔
عُضْوِیَّة: ممبری، رُکنیّت۔
عُضْوِیَّةُ شَرَفٍ: اعزازی ممبر۔
عُضْوِیَّةُ فَخْرِیَّة: اعزازی ممبری۔
عُضْوِیَّةٌ فَعَّالَة: مؤثر ممبری۔
العُضْوِیَّةُ فی الاُمَمِ المُتَّحِدَه: اقوامِ متحدہ کی ممبری۔

ع.....ط

عَطاء (در: عطو)۔
عَطِبَ ـَـ عَطَباً و اعْتَطَبَ: ہلاک ہونا، ضائع ہونا، خراب ہونا، بگڑنا، بے کار ہونا۔
عَطَبَ ـِـ عَطْباً و اَعْطَبَهُ: ہلاک کرنا، ضائع کرنا، خراب کرنا، بگاڑنا۔
عَطَبٌ: ہلاکت، بگاڑ، خرابی۔
عَطَبٌ ظَاهِرٌ: ظاہری بگاڑ۔
سَرِیْعُ العَطَب: جلد خراب ہونے والا۔
اَعْطَابٌ بَشَرِیَّة: جانی نقصانات۔
عَطَّرَ تَعْطِیراً: خوشبودار بنانا، مہکانا۔
عَطِرَ ـَـ عَطَراً و تَعَطَّرَ: خوشبودار ہونا، معطّر ہونا (۳) خوشبو لگانا۔
تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: لڑکی کا شادی نہ کرنا۔
عِطْرٌ: خوشبو (۲) روح، خلاصہ، ست ج: عُطُوْر۔
عِطْرٌ رَائِجٌ: چالو عطر۔
عِطْرٌ جَذَّاب: پسندیدہ عطر۔
عِطْرٌ بِرَائِحَةٍ ذَكِيَّة: بہترین خوشبو والا عطر۔
العِطْرُ ذُو المُسْتَوَى الرَّفِيْع: اعلیٰ معیار کا عطر۔
عَطِرٌ، عِطْرِیّ: خوشبودار۔
عَطَّار: عطر فروش، پرفیومر (۲) دوا فروش، جڑی بوٹی بیچنے والا۔
عِطَارَة: عطریات، خوشبوئیں، جڑی بوٹیاں (۲) عطر سازی، عطر فروشی، عطاری۔
مُعَطِّر: خوشبودار۔
عَطَسَ ـِـ عَطْساً و عُطَاساً: چھینکنا، چھینک آنا۔
عَطْسٌ و عُطَاسٌ: چھینک۔
عَاطُوْس: ناس، ہلاس۔
عَطِشَ ـَـ عَطَشاً: پیاسا ہونا، پیاس لگنا۔
عَطِشَ إِلَيْه: مشتاق ہونا۔
عَطَّشَ تَعْطِيْشاً: پیاسا بنانا۔
عَطَشٌ: پیاس۔
عَطِشٌ، عَطْشَانٌ، عَاطِش: (۱) پیاسا (۲) مشتاق۔
عَطَفَ إِلَيْه ـِـ عَطْفاً و عُطُوفاً: مائل ہونا۔
عَطَفَ كَلِمَةً عَلَى اُخْرَى: ایک کلمہ کا دوسرے پر عطف کرنا۔
عَطَفَ عَنْه: ہٹنا، اعراض کرنا۔
عَطَفَ الشَّيْءَ: جھکانا۔
عَطَفَ و عَطَّفَ: موڑنا۔
عَطَفَ و تَعَطَّفَ على: شفقت کرنا، ہمدردی کرنا۔
اِعْتَطَفَ و تَعَطَّفَ: کوٹ پہننا۔
اِسْتَعْطَفَه: رحم کی درخواست کرنا،

رضامند کرنا۔
عَـطْفٌ: جُھکاؤ، میلان (۲) مڑاؤ (۳) رحم، شفقت، مہربانی، ہمدردی۔
عَطْفَة، مُنْعَطَف: گلی، موڑ مُنْعَطِفَات۔
عِطَاف: کوٹ ج: عُطُف و اَعْطِفَة۔
عَاطِف: ملانے والا۔
عَاطِف، عَطُوْف: مہربان، مُشفق۔
عَاطِفَة: جذبہ ج: عَوَاطِفُ۔
عَاطِفَةٌ ثَأْرِيَّة: انتقامی جذبہ۔
عَاطِفَةٌ صَادِقَة: بجا جذبہ، سچا جذبہ۔
عَاطِفِيّ: جذباتی۔
عَاطِفِيّة: جذباتیت۔
عَوَاطِفِيٌّ: جذباتی۔
اِنْعِطَاف: موڑ ج: اِنْعِطَافَات۔
تَـعَـاطُفٌ مَـعَ اَحَـدٍ: ہمدردی، اظہار ہمدردی۔
مِعْطَف: کوٹ ج: مَعَاطِفُ۔
مِـعْـطَفٌ وَاقٍ مِنَ المَطَر: واٹر پروف کوٹ۔
مُتَعَاطِفٌ مَعَ: ہمدرد۔
عَـطِـلَ ـَـ عَـطَلاً و عُطُلاً من کذا: خالی ہونا۔
عَـطَّلَ تَعْطِيلاً: (۱) زیور اُتارنا (۲) بیکار کرنا، بے کار بنا دینا، معطل کرنا، کام بند کرنا، کام میں رکاوٹ ڈالنا، روکنا، مانع ہونا۔
عَطَّلَ الشيءَ: بیکار بنا کر ڈالنا۔
عَطَّلَ المَجْلِسَ: میٹنگ ملتوی کرنا۔
عَطَّلَ الآلَةَ: مشین کو بے کار کر دینا۔
عَـطَّـلَ الـجَـرِيْـدَةَ أو الصَّحِيْفَةَ: اخبار بند کرنا۔
عَطَّلَ الطَّابَعَ البَرِيْدِيَّ: ڈاک ٹکٹ کینسل کرنا۔
عَطَّلَ القُدُرَاتِ: صلاحیتوں کو بیکار کرنا۔
تَعَطَّلَ: بے کار ہو جانا، بے مشغلہ ہونا، کام بند ہونا، رکاوٹ پڑنا۔
تَـعَـطَّـلَـتِ المَدْرَسَةُ: اسکول کی چھٹی ہونا۔
تَعَطَّلَتِ الجَرِيْدَةُ: اخبار بند ہونا۔
تَـعَطَّلَتْ مَا كِيْنَةُ الطَّائِرَةِ: ہوائی جہاز کی مشین کا فیل ہو جانا۔
تَـعَـطَّـلَـتِ الـمَصَالِحُ: مفادات کا ختم ہونا۔
عُطُلٌ مِنْ كذا: خالی۔
التَّعْوِيْضُ عَنِ العُطْلِ و الضَّرَر: حرجانہ، معاوضۂ نقصان۔
عُـطْلَة: (۱) چھٹی، تعطیل (۲) خالی وقت (۳) بے کاری۔
العَطَالَة: بے روزگاری، بے کاری۔
عَاطِلٌ: (۱) بے کار، بے مشغلہ (۲) خالی۔
تَـعْـطِـيْـل: التواء، رکاوٹ، تعویق، بے کاری۔
مُعَطِّلات: رکاوٹیں۔
مُـعَـطَّـل: مفلوج، بے کار، بے روزگار، آف (OFF)، بے مشغلہ، معرضِ التواء میں۔
المُتَعَطِّلُون: بے روزگار۔
مِـعْـطَـال، عَوَاطِلِيّ: نکما، بے کار، بے کار رہنے کا عادی، آوارہ گرد، لوفر۔
(عطو) عَطَا ـُ عَطْواً: لینا۔

اَعْطَاهُ الشیٔ اِعْطَاءً: دینا۔
اَعْطٰی مِثَالاً: مثال پیش کرنا۔
اِعْطَاءُ إِشَارَةٍ: سگنل دینا۔
اِعْطَاءُ اِنْطِبَاعٍ خَاطِئٍ عن کذا: غلط تاثر دینا۔
اِعْطَاءُ أَهَمِّيَّةٍ قُصْوَى لِشَیْءٍ: زبردست اہمیت دینا۔
اِعْطَاءُ التَّعْلِيْمَاتِ له بکذا: کسی کو ہدایات دینا۔
اِعْطَاءُ التَّفَاصِيْلِ عَنِ المَوْضُوع: معاملہ کی تفصیلات بتانا۔
اِعْطَاءُ السُّلْطَة: اختیار دینا۔
اِعْطَاءُ الشَّیْءِ مُؤَشِّراً علی کذا: پتہ دینا۔
اِعْطَاءُ الصُّوْرَةِ عَنْ شَیْءٍ: تصور دینا، خاکہ بتانا۔
اِعْطَاءُ الصُّوْرَةِ السَّوْدَاءِ عَنْ شَیْءٍ: کسی شے کی خراب تصویر کھینچنا، بھونڈی شکل میں پیش کرنا۔
اِعْطَاءُ الفُرْصَة: موقع دینا۔
اِعْطَاءُ الکَلِمَةِ لاَحَدٍ: کسی کو بولنے کا موقع دینا۔
اِعْطَاءُ الشَّیْءِ أَوَّلِيَّةً أُوْلٰی: فوقیت دینا، اولیت دینا۔
اِعْطَاءُ المَعْلُوْمَاتِ عن کذا: معلومات فراہم کرنا۔
اِعْطَاءُ المُوَافَقَةِ عَلٰی کَذَا: منظوری دینا۔
تَعَاطٰی: (۱) لینا (۲) استعمال کرنا۔
تَعَاطَی الاَمْرَ: انجام دینا۔
تَعَاطَی الصِّنَاعَةَ: پریکٹس کرنا۔
تَعَطَّی و اسْتَعْطٰی: بھیک مانگنا۔
عَطَاء، عَطِيَّة: (۱) عطیہ (۲) پیش کش ج: عَطَاءات و عَطَايَا۔
عَطَاء: (۲) ٹینڈر ج: عَطَاءات۔
عَطَاء: (۳) کارکردگی۔
عَطَاءٌ خَيْرِيّ: خیراتی عطیہ۔
عَطَاءٌ مُلْصَقٌ عَلَيْهِ الطَّوَابِع: ٹکٹ لگا ہوا ٹینڈر۔
مُقَدِّمُ العَطَاء: ٹینڈر دینے والا۔
صُنْدُوْقُ العَطَايَا: چندہ بکس۔
اِسْتِعْطَاء: بھیک۔
مُعْطٍ: دینے والا۔
مُسْتَعْطٍ: بھکاری۔
مُعْطَيَات: نتائج، دین، حقائق، معلومات۔

ع.....ظ

عَظُمَ ـُـ عِظَماً و عَظَامَةً: بڑا ہونا، شاندار ہونا۔
عَظَّمَ تَعْظِيْماً: بڑا بنانا، بڑا سمجھنا، بڑا درجہ دینا، بڑھانا، اعزاز کرنا، تعظیم واحترام کرنا۔
تَعَظَّمَ، تَعَاظَمَ، اِسْتَعْظَمَ: بڑا ہونا، بڑا بننا۔
تَعَاظُمُ الاَمْر: معاملہ سنگین ہونا، اہم ہونا۔
تَعَاظُمُ التَّكَالِيْف: اخراجات بڑھنا۔
تَعَاظُمُ مُقَاوَمَةِ القُوَى الوَطَنِيَّة: ملکی طاقتوں کی مزاحمت بڑھنا۔
تَعَاظُمُ النُّفُوْذ: اثر ورسوخ بڑھنا۔
اِسْتَعْظَمَ الاَمْرَ: بڑا سمجھنا، اہم سمجھنا۔

عَظْمٌ: ہڈی ج: عِظام۔
عَظْمِیّ: ہڈی کا۔
هَیْکَلٌ عَظْمِیٌّ: ہڈیوں کا ڈھانچہ۔
عِظَم ، عُظْم: بڑائی، اہمیت۔
عَظَمَة: بڑائی، شان۔
العَظَمَةُ الکَاذِبَة: بناوٹی شان۔
صَاحِبُ العَظَمَة: ہز مجسٹی، بادشاہ کا لقب۔
عَظْمَة: ہڈی کا ٹکڑا۔
عُظَامَة ، اِعْظَامَة: مصنوعی سرین۔
عَظِیْم: بڑا، زبردست، پُرشوکت، اہم، عظیم الشان۔
عَظِیْمُ النَّفْسِ و الاَخْلَاق: عالی ظرف و بلند اخلاق۔
عَظِیْمَة: مصیبت، مشکل کام، آفت ج: عَظَائِمُ۔
مُعْظَمٌ: اکثر، بیشتر، زیادہ تر (۲) غایت۔
مُعَظَّم: قابلِ تعظیم۔
مُتَعَظِّم: متکبر، بڑا۔

ع.....ف

عَفِرَ ـَ عَفَراً: خاک آلود ہونا۔
عَفَّرَهُ فِی التُّرَاب تَعْفِیْراً: مٹی میں ملانا، خاک آلود کرنا، مٹی ملنا۔
عَفَرٌ ، عُفَارٌ: مٹی، خاک، غبار۔
عَفَّارَةُ المَسَاحِیْق: پاؤڈر ڈسٹر۔
اَعْفَرُ: گندمی رنگ، بھورے رنگ کا۔
عِفْرِیْت: شیطان، جن، بھوت، آسیب (۲) مکار، چالاک ترین ج: عَفَارِیْت۔
عَلَیْه عِفْرِیْتٌ: آسیب زدہ۔
عِفْرِیْتَةُ رَفْع: لفٹنگ جیک، موٹر وغیرہ کے پہیے صاف کرنے یا ٹائر چڑھانے کے لئے گاڑی کو اوپر اٹھانے کا آلہ۔
عَفْرَتَة: شیطنت، چالاکی، مکاری۔
تَعَفْرُت: شیطان بننا۔
عَفَشَ ـِ عَفْشاً: جمع کرنا۔
عَفْشٌ ، عُفَاشَة: بے فیض چیز۔
عَفْشُ المُسَافِرْ: مسافر کا سامان۔
عَفْشُ المَنْزِل: فرنیچر، گھر کا سامان۔
العَفْشُ الزَّائِدُ عَلَی المُصَرَّحِ به: اجازت شدہ سے زیادہ سامان۔
العَفْشُ المَسْمُوحُ به علی تَذْکِرَةِ السَّفَر: ایک ٹکٹ سے جس سامان کے لے جانے کی اجازت ہو۔
العَفْشُ المَسْمُوحُ به مَجَّاناً علی التَّذْکِرَة: ایک ٹکٹ پر مفت لے جایا جانے والا سامان۔
عَفْشُ یَدٍ: ہاتھ کا سامان۔
عَفَصَه ـِ عَفْصاً: اکھاڑنا، موڑنا۔
عَفَصَ القَارُورَةَ: بوتل وغیرہ پر غلاف چڑھانا۔
عِفَاصُ الزُّجَاجَة: بوتل کا غلاف۔
عُفُوْصَة: تلخی۔
عَفَّ ـِ عَفّاً و عِفَّةً و عَفَافاً: ناجائز اور حرام چیز سے بچنا (۲) پاکدامن ہونا۔
عِفَّة ، عَفَاف: پاکدامنی، براءت۔
عَفٌّ ، عَفِیْفٌ: پاکدامن، پاک، بری ج: عَفُّوْن و اَعِفَّة۔
عَفِنَ ـِ عَفَناً و عُفُوْنَةً و عَفَّنَ و تَعَفَّنَ: سڑنا، فاسد ہونا، پھپھوندی لگنا، غلّہ یا کھانا

خراب ہونا۔
عَفَنٌ ، عُفُونَة: خرابی، پھپھوندی، بُو، تعفن۔
عَفِنٌ ، مُعَفَّن ، مُتَعَفِّن: خراب، فاسد، پھپھوندی لگا ہوا۔
عَفَا ـُ عَفواً: مٹانا۔
عَفَا عَنْه: معاف کرنا، درگزر کرنا۔
عَفُوٌّ: کرم، معافی، مہربانی۔
عَفُوٌّ عَنِ الجَرَائِم السِّيَاسِيَّة: سیاسی جرائم کی معافی۔
عَفُوٌّ عَنِ المُجْرِمِيْنَ: مجرمین کی معافی۔
عَفواً: معاف کیجئے (۲) خود بخود۔
عَفَاء: مٹی۔
عَافَاهُ و أَعْفَاهُ: صحت عطا کرنا، شفا دینا، برائی دور کرنا، خیریت سے رکھنا۔
أَعْفَى الشَّعْرَ: بال چھوڑنا، بڑھانا۔
أَعْفَى مِنْ: سبکدوش کرنا۔
تَعَافَى من: شفایاب ہونا۔
اِسْتَعْفَاهُ: معافی طلب کرنا۔
اِسْتَعْفَى مِنْ وَظِيْفَتِه: استعفا دینا، سبکدوشی چاہنا۔
عَفِيٌّ: طاقتور (دا)۔
عَافٍ ، مُعْتَفٍ: مٹا ہوا۔
عَافِيَة: صحتِ کاملہ (۲) طاقت (دا)۔
إِعْفَاءٌ مِنْ: مستثنیٰ کرنا، سبکدوش کرنا (۲) سبکدوشی، برطرفی، استثناء۔
إِعْفَاءٌ مِنَ القَضَاءِ المَدَنِيّ: قانونی داد رسی سے استثناء۔
الإِعْفَاءُ مِنَ الضَّرِيْبَة: ٹیکس معاف کرنا۔
الإِعْفَاءُ مِنَ العُضْوِيَّة: ممبری ختم کرنا۔
الإِعْفَاءُ مِنَ الرُّسُوْم: ڈیوٹی چھوڑ دینا، محصول معاف کرنا۔
الإِعْفَاءُ مِنَ الغَرَامَةِ المَالِيَّة: جرمانہ ختم کرنا۔
الإِعْفَاءُ مِنَ المَسْئُولِيَّة: ذمہ داری سے سبکدوش کرنا۔
مُعْفًى مِنَ الرُّسُوْم: محصول معاف، ڈیوٹی سے مستثنیٰ۔
مُعْفًى مِنَ الضَّرِيْبَة: ٹیکس معاف، ٹیک سے مستثنیٰ، ٹیکس فری۔

ع.....ق

عَقَبَهُ ـُ عَقْباً و اَعْقَبَه: پیچھے ہونا، بعد میں آنا، پیچھے آنا۔
أَعْقَبَ الأَمْرُ: کسی کام کا انجام بہتر ہونا۔
أَعْقَبَ الشَّئُ كذا: نتیجہ نکلنا، نتیجہ دینا۔
عَقَّبَ عَلَيْه تَعْقِيْباً: گرفت کرنا، کسی کے نقائص واغلاط بیان کرنا۔
عَقَّبَ عَلَى الحَدِيْث: تبصرہ کرنا، رائے زنی کرنا، نکتہ چینی کرنا۔
عَقَّبَ عَلَى الجَرِيْدَة: اخبار پر تبصرہ کرنا۔
عَاقَبَه مُعَاقَبَةً: سزا دینا۔
عَاقَبُوا اَمْراً: باری باری کرنا۔
تَعَقَّبَ لَهُ: تلاش وجستجو کرنا، پیچھا کرنا، تعاقب کرنا، درپے ہونا۔
تَعَاقُب: پے درپے ہونا، لگاتار ہونا۔
تَعَاقُبُ الانْتِعَاشِ و الانْكِمَاش: اُتار چڑھاؤ ہونا۔

عَقُبٌ: تابع (۲) لاحق (۳) ماتحت۔
عَـقُـبٌ ، عَـقِـب: ایڑی (۲) بچہ، پوتا ج: أعْقَاب۔
رَجَعَ عَلَى عَقِبِهِ: الٹے پاؤں ہٹا، فوراً واپس ہوا۔
رَأساً عَلَى عَقِبٍ: اوندھا، الٹا۔
عُقْب ، عُقْبَى، عَاقِبَة: انجام، نتیجہ۔
عُقْبُ السِّيْجَارَة: سگریٹ کا بجھا ہوا ٹکڑا۔
عُقْبُ قَلَمِ الرَّصَاص: پنسل کا ٹکڑا۔
عَـقَبَة: گھاٹی، پہاڑی راستہ (۲) رکاوٹ، دشواری ج: عَقَبَات و عِقَاب۔
عَقَبَةٌ رَئِيْسِيَّة: بڑی رکاوٹ۔
عُقَابٌ: ایک پرندہ ج: عُقْبَان۔
عِقَاب ، عُقُوْبَة ج: عُقُوْبَات: سزا، پنالٹی۔
عِقَابٌ رَادِع: عبرتناک سزا۔
عُـقُـوْبَةُ الاِعْـدَام: پھانسی کی سزا، سزائے موت۔
عُقُوْبَةٌ بَدَنِيَّة: جسمانی سزا۔
عُقُوبَاتٌ جِنَائِيَّة: فوجداری سزائیں۔
عُقُوْبَاتٌ مَالِيَّة: مالی سزائیں۔
قَانُونُ العُقُوبَات: قانونِ تعزیرات۔
عَقِيْبٌ: اگلا، بعد میں آنے والا۔
فِي اَعْقَابِ شَيْءٍ: نتیجہ میں، آخر میں۔
فِـي اَعْـقَـابِ الهَـزِيْمَة: شکست کے بعد۔
هُـوَ فِـي اَعْـقَـابِـهِ: وہ اس کے اخیر میں ہے۔
عَوَاقِبُ: نتائج و: عَاقِبَة۔
عَوَاقِبُ الحَرْب: جنگی نتائج۔
عَوَاقِبُ وَ خِيْمَة: خراب نتائج۔
تَعَقُّب: تلاش، پیچھا، تعاقب، جستجو۔
بِالتَّعَاقُب: مسلسل، برابر، لگاتار۔
مُـعَـاقِب: (۱) سزا دینے والا (۲) نمبر پر کام کرنے والا (۳) بعد میں آنے والا۔
مُتَعَاقِب: مسلسل۔
مُتَعَاقِباً: آگے پیچھے۔
المُعَقِّبُونَ: تبصرہ نگاران۔
عَقَدَ ـِ عَقْداً: گرہ لگانا۔
عَـقَدَ البَيْعَ و العَهْدَ: بیع کا معاملہ کرنا، معاہدہ کرنا۔
عَـقَـدَ الـصَّفْقَةَ مَعَ اَحَدٍ: تجارتی معاملہ کرنا، سودا کرنا۔
عَقَدَ النِّيَّةَ و العَزْمَ عَلَى: پختہ ارادہ کرنا۔
عَقَدَ عَلَى المَرْأة: شادی کرنا۔
عَقَدَ فَصْلاً: (کتاب میں) فصل قائم کرنا۔
عَقَدَ البِنَاءَ: عمارت میں ڈاٹ لگانا۔
عَقَدَ لِسَانَه: زبان بند کرنا۔
عَقَدَ بِهِ الاَمَلَ: آس لگانا، امید وابستہ کرنا۔
عَقَدَ النَّدْوَةَ: سیمینار کرنا۔
عَـقَدَ النَّدَوَاتِ مَعَ: کسی کے ساتھ مشورے کرنا۔
عَقَدَ جَلْسَةً: میٹنگ کرنا۔
عَقَدَ اِجْتِمَاعاً: اجلاس کرنا۔
عَقَدَ الاِجْتِمَاعَ مَعَ اَحَدٍ: ملاقات کرنا۔
عَقَدَ اِجْتِمَاعاً بَيْنَ فُلَانٍ و فُلَانٍ: دو شخصوں کی ملاقات کرانا۔
عَقَدَ الاِجْتِمَاعَ فِي مَكَانٍ: میٹنگ کرنا۔
عَـقَدَ اِتِّفَاقاً اَوْ اِتِّفَاقِيَّةً: معاہدہ کرنا، کنٹریکٹ

کرنا۔
عَقَدَ تَأمِیناً عَلَی الحَیَاةِ: زندگی کا بیمہ کرانا۔
عَقَدَ المُبَاحَثَاتِ: انٹرویو لینا، بات چیت کرنا۔
عَقَدَ المُفَاوَضَاتِ: بات چیت کرنا۔
عَقَدَ مُؤتَمراً صَحَفِیاً: پریس کانفرنس بُلانا۔
عَقَدَ و عَقَّدَ الخَیطَ: گرہ لگانا۔
عَقَّدَ تَعقِیداً: اُلجھانا، پیچیدہ بنانا۔
عَقَّدَ الکَلامَ: مغلق بنانا، ناقابل فہم بنانا۔
عَقَّدَ الطَّبِیخَ: سالن وغیرہ کا پانی خشک کرنا۔
تَعَقَّدَ و انعَقَدَ الشَّرَابُ و اللَّبَنُ: خشک ہونا، گاڑھا ہونا (۲) بندھ جانا، ٹھہر جانا (۳) قائم ہونا۔
اِنعَقَدَ الاِجتِمَاعُ: اجلاس ہونا۔
اِنعَقَدَ المُؤتَمَرُ: کانفرنس ہونا۔
تَعَاقَدَ مَعَهُ: معاہدہ کرنا۔
تَعَاقَدَ عَلَی الصَّفقَةِ: سودا کرنا۔
اِعتَقَدَهُ: تصدیق کرنا، ماننا، سچا جاننا۔
اَعتَقِدُ کَذَا: میرا ایسا خیال ہے، مجھے یقین ہے۔
عَقدٌ: بندش، گرہ (۲) معاہدہ، ایگریمنٹ (۳) رسید و دستاویز (۴) حلقہ ج: عُقُود۔
___ مِنَ السِّنِینَ: دہائی، دس سال۔
___ مِنْ بِنَاءٍ: ڈاٹ۔
___ نِصفُ دَائِرِیّ: نصف دائرہ نما ڈاٹ۔
___ مُستَقِیمٌ: سیدھی ڈاٹ۔
___ مَخمُوسٌ: پنج گوشہ ڈاٹ۔
___ إِیجَارٍ: کرایہ داری کا معاہدہ۔
___ البَیعِ: معاہدۂ بیع۔
___ تَأمِینٍ: انشورنس کا معاہدہ۔
___ تَملِیکٍ: معاہدۂ تملیک۔
عَقدُ التَّنازُلِ: دست برداری کا معاہدہ۔
عَقدٌ رَسمِیٌّ: سرکاری معاہدہ۔
عَقدُ رَهنٍ: رہن کا معاملہ، معاملۂ رہن۔
عَقدُ شِرکَةٍ: شرکت کا معاہدہ۔
عَقدُ الصَّفقَةِ: تجارتی معاملہ۔
عَقدُ صَفقَةِ اَسلِحَةٍ: ہتھیاروں کا سودا۔
عَقدُ صُلحٍ: معاہدۂ صلح۔
عَقدٌ عُرفِیّ: پرائیویٹ معاہدہ۔
عَقدُ عَمَلٍ: کام کا معاہدہ، لیبر معاہدہ۔
عَقدُ قِسمَةٍ: تقسیم کا معاملہ، معاملۂ تقسیم۔
عَقدٌ مُوَقَّتٌ: عارضی معاہدہ۔
عُقُودُ المُقَاوَلَاتِ: ٹھیکوں کے معاہدے۔
عِقدٌ: ہار ج: عُقُود۔
عِقدٌ مِنَ الخَرَزِ: موتیوں کا ہار۔
عُقدَةٌ: گرہ، پیچیدگی (۲) ناقابلِ حل مسئلہ ج: عُقَد۔
عُقدَةُ الرِّوَایَةِ: ناول کا پلاٹ۔
عَقَّادٌ: تسبیح بنانے والا۔
عَقِیدٌ، مُعَاقِدٌ: معاہدہ کرنے والا۔
عَقِیدٌ: (۲) ایک فوجی عہدہ دار، لیفٹیننٹ کرنل۔
عَقِیدَةٌ: پختہ خیال، مذہب، کسی بات کا یقین، مذہبی خیال، اعتقاد، نظریہ ج: عَقَائِدُ۔
عَقِیدَةٌ عَسکَرِیَّةٌ: فوجی نظریہ۔
عَقِیدَةٌ وَاعِیَةٌ: بابصیرت عقیدہ۔
عَقَائِدِیٌّ: نظریاتی، نظریاتی علم تصورات یا اس

سے متعلق۔
اِعْتِقَاد: تصدیق، ایمان، یقین، رائے، خیال۔
اِعْتِقَادٌ سَائِدٌ: عام خیال۔
تَعَاقُد ج: تَعَاقُدَات: معاہدہ۔
تَعَاقُدِیّ: معاہدہ سے متعلق، معاہدانہ، مبنی برمعاہدہ۔
مُعَقَّد: پیچیدہ، الجھا ہوا، گرہ دار۔
مَعْقُوْد: بندھا ہوا۔
مَعْقُوْدُ اللِّسَان: خاموش، گونگا۔
مُعْتَقَد ج: مُعْتَقَدَات: اعتقاد۔
مُعْتَقِد: ارادت مند، مُرید۔
مُعْتَقِداً: اس خیال سے کہ۔
مُتَعَاقِدٌ: معاہد۔
اَلْمُتَعَاقِدُوْن: معاہدہ کنندگان، باہم معاہدہ کرنے والے۔
عَقَرَ ـِ عَقْراً: زخم لگانا، اونٹ کے ہاتھ پیر کاٹنا۔
عَقُرَتِ الْأُنْثیٰ ـُ عُقْراً و عَقَارَةً: بانجھ ہونا۔
عَاقَرَ الشیٔ مُعَاقَرَةً: ساتھ لگنا، لازم ہونا۔
اَعْقَرَهٗ اِعْقَاراً: حیران کرنا۔
عُقْر، عَقَارَة: بانجھ پن۔
عُقْر: (۱) گھر کا صحن، انگنائی (۲) محلّہ (۳) عورت کا مہر ج: اَعْقَار۔
عُقُر، عَاقِرٌ: بانجھ، بے نتیجہ۔
عَقَارٌ: جاگیر، غیر منقولہ جائیداد، زمین ج: عَقَارَات۔
عَقَارِیّ: زمین کا، جاگیر سے متعلق۔
مِلْکٌ عَقَارِیّ: زمین داری، جائیداد مشتملہ براراضی۔
عَقَّارٌ ج: عَقَاقِیْر: جڑی بوٹی، دوا۔
عَقَّارٌ مُضَادٌّ لِلْجَرَاثِیْم: پنسلین، جراثیم کش دوا۔
عَقَّارٌ وِقَائِیٌّ: حفاظتی جڑی بوٹی، دوا۔
عَقُوْرٌ: ہڑکایا، کٹکھنا ج: عُقُر۔
عَقِیْرَة: آواز۔
رَفَعَ عَقِیْرَتَه: شور مچانا، آواز نکالنا۔
عَقْرَب: بچھو ج: عَقَارِب۔
عَقْرَبُ السَّاعَة: گھڑی کی سوئی، گھنٹے بتانے والی سوئی۔
عَقْرَبُ الدَّقَائِق: منٹ بتانے والی سوئی۔
عَقْرَبُ الثَّوَانِیْ: سیکنڈ بتانے والی سوئی۔
عَقَارِب: شدائد، سختیاں۔
مُعَقْرَب: ٹیڑھا۔
عَقَصَ الشَّعْرَ ـِ عَقْصاً: بال گوندھنا، چوٹی بنانا، بالوں کو سر کے اوپر جمع کر کے باندھنا۔
عَقِیْصَة: چوٹی ج: عَقَائِص۔
عَقَفَ ـِ عَقْفاً: موڑنا۔
اَعْقَفُ، مَعْقُوْف: مڑا ہوا۔
قَوْسَان مَعْقُوْفَان: بریکٹ [ ]۔
عَقَّ الْوَلَدُ الْوَالِدَ ـُ عَقّاً و عُقُوْقاً: نافرمانی کرنا، بے تعلق ہونا۔
عَقٌّ، عَاقٌّ: بے تعلق، نافرمان۔
عَقِیْق: (۱) سرخ ہیرا (۲) وادی۔
عَقَلَ ـِ عَقْلاً: باندھنا (۲) چوپائے کے پیروں میں رسّی ڈالنا (۳) سمجھنا۔

عَقَّلَ تَعْقِیلاً: عقلمند بنانا۔
تَعَقَّلَ الشیٔ: سمجھنے کی کوشش کرنا، ہوش سے کام لینا۔
اُعْتُقِلَ بِتُهْمَةِ كذا: کسی الزام میں گرفتار ہونا۔
اِعْتَقَلَ الرَّجُلَ: نظر بند کرنا، حراست میں لینا، حوالات میں رکھنا، اریسٹ کرنا۔
اُعْتُقِلَ لِسَانُه: زبان بند ہونا۔
اِسْتَعْقَلَهُ: دانشمند سمجھنا۔
عَقْلَنَة: معقول بنانا۔
عَقْلٌ: قوت ادراک، ادراک، سمجھ، قوت تمیزی، حافظہ (۲) بندش، گرہ (۳) تاوانِ خون ج: عُقُوْل۔
مُخْتَلُّ العَقْل: دیوانہ۔
مِنْ عَقْلِهِ: اپنی رائے سے، بلامشورہ۔
العَقْلُ الْاَلِکْتَرُوْنِیُّ: مشینی دماغ، کمپیوٹر۔
عَقْلِیّ: ذہنی۔
العَقْلِیّة: ذہنیت۔
عَقْلَانِیّة: دانشمندی۔
عُقْلَة: بانس کی گرہ ج: عُقَل۔
عُقْلَةُ التَّرَیُّض: رسّی کا ورزشی پھندا۔
عَاقِل: عقلمند، ہوشیار، سمجھدار، دانشمند، ادراک کرنے والا (۲) دانشمندانہ (نِدَاءٌ عَاقِلٌ: دانش مندانہ نعرہ)۔
العَاقِلُ الحَازِم: محتاط دانش مند۔
عِقَالُ الدَّابَّة: چوپائے کے پیروں کی رسّی، بند ج: عُقُل۔
عَقُوْل: بے حد سمجھ دار، بڑا دانش مند۔
عَقِیْلَة: لیڈی، خاتون (۲) بیوی، بیگم، شریف و معزز عورت ج: عَقَائِلُ۔
اِعْتِقَال: نظر بندی، گرفتاری۔
اِعْتِقَالُ اللِّسَان: زباں بندی۔
اِعْتِقَالَاتٌ جَمَاعِیَّة: اجتماعی گرفتاریاں۔
اِعْتِقَالَاتٌ وَاسِعَة: بڑے پیمانے پر گرفتاریاں۔
مَعْقِل ج: مَعَاقِلُ: قلعہ، مرکز، پناہ گاہ۔
مُعْتَقَل: نظر بندی کی جگہ، عارضی جیل، جیل خانہ ج: مُعْتَقَلَات۔
مُعْتَقَلُون: نظر بند لوگ و: مُعْتَقَل۔
عَقُمَ ـُ عَقْماً و عُقُماً: عورت کا بانجھ ہونا۔
عَقَمَ اللّٰهُ المَرْأَةَ ـِ و اَعْقَمَ و عَقَّمَ: بانجھ بنانا۔
عَقَّمَ تَعْقِیماً: بانجھ بنانا، نسبندی کرنا، ناقابلِ اولاد بنانا (۲) بے نتیجہ بنانا، بے اثر بنانا بے کار بنانا (۳) پاک کرنا (۴) بیماری کے جراثیم کو ہلاک کرنا۔
عُقْم، عَقَم: بانجھ پن (۲) عدمِ افادیت۔
عَقِیْم: بانجھ، ناقابل تولّد (۲) بے نتیجہ، بے فائدہ۔
تَعْقِیم: نسبندی۔

ع.....ک

عَكِرَ ـَ عَكَراً: گدلا ہونا، مکدّر ہونا۔
عَكَّرَ تَعْكِیراً: گدلا کرنا، مکدّر کرنا۔
عَكَّرَ صَفْوَهُ: کرکرا کردینا، مزہ خراب کردینا۔
عَكَّرَ الجَوَّ: فضا مکدّر کرنا۔
عَكَّرَ العَلَاقَاتِ مَعَ فُلَانٍ: تعلقات خراب کرنا۔

عَکَرٌ: گدلا پن۔
عَکِرٌ: گدلا، غیر صاف شدہ۔
عَکَزَ ـُ عَکْزاً: نیزہ مارنا۔
عَکَزَ بہ: راستہ پانا۔
عَکَزَ و تَعَکَّزَ عَلَی: سہارا لینا، ٹیک لگانا، بار رکھنا۔
عُکّاز، عُکّازَة: چھڑی، لاٹھی، ڈنڈا ج: عَکاکِیزُ۔
عَکَسَ الشیٔ ـِ عَکْساً: ترجمانی کرنا، عکاسی کرنا، عکس ڈالنا (۲) الٹا کرنا۔
عَکَسَ القَرارُ کذا: ترجمانی کرنا۔
عَکَسَ مُشْکِلَةً: مسئلہ کھڑا کرنا، سامنے لانا۔
عَاکَسَهُ مُعَاکَسَةً: مخالفت کرنا، ستانا، پریشان کرنا۔
تَعَاکَسَ و انْعَکَسَ: پلٹنا، الٹنا، الٹا ہونا، عکس پڑنا۔
بَدَلُ اغْتِرَاب: سفر کا الاؤنس، پردیس میں رہنے کا الاؤنس۔
مَغْرِب: جانب غربی (۲) سورج چھپنے کا وقت اور جگہ۔
بِلَادُ المَغْرِب: مراکش۔
مَغْرِبِیّ: مراکشی ج: مَغَارِبَة۔
مُتَغَرِّب: پردیسی، مسافر۔
مُسْتَغْرَب: غیر مانوس۔
غَرْبَلَة: چھاننا۔
غَرْبَال: چھلنی ج: غَرَابِیْلُ۔
مُغَرْبَل: چھنا ہوا۔
غَرِدَ ـــ غَرَداً و غَرَّدَ و اَغْرَدَ: پرندوں کا گانا چہچہانا۔
غَرَدٌ، تَغْرِیْد: گانا، چہچہاہٹ۔
غِرِّیْد ، مُغَرِّد: گانے والا، مُغَنّی، گویا۔
غَرَّرَ بہ تَغْرِیْراً: خطرہ کے سامنے لا کھڑا کرنا، خطرات کا نشانہ بنانا۔
غَرَّهُ ـــ غَرّاً و غِرَّةً و غُرُوْراً: دھوکہ دینا (۲) غلط بات کہنا (۳) غلط امید دلانا۔
اَغَرَّهُ و اسْتَغَرَّهُ: بے خبری میں آنا۔
اِغْتَرَّ و اسْتَغَرَّ: دھوکہ کھانا۔
اِغْتَرَّ بِنَفْسِہ: خود فریبی میں مبتلا ہونا، دھوکہ میں پڑنا۔
غِرٌّ: ناتجربہ کار، سادہ لوح، بھولا ج: أغْرَار۔
غِرَّة: غفلت، بے خبری۔
عَلَی غِرَّةٍ: بے خبری میں۔
غُرَّةُ الشیٔ: کسی چیز کا اول حصہ۔
غُرَّةٌ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی (۲) چمک (۳) سفیدی ج: غُرَر۔
غُرَّةُ الشَّهْر: یکم، مہینہ کی پہلی تاریخ۔
غَرّ ، غِرَار: تلوار کی دھار۔
غِرَار (۲): ماڈل، نمونہ، طرز۔
علی غِرَارٍ: عجلت میں۔
علی غِرَارِ کذا: مثل، مانند، نمونہ پر۔
علی غِرَارٍ وَاحِدٍ: ایک ہی طرز پر۔
غَرَارَة: سادگی، بھولاپن، ناتجربہ کاری۔
غِرَارَة: بوری، بڑا تھیلا ج: غَرَائِرُ۔
غُرُوْر: دھوکہ، تکبر، بڑائی۔
الغُرُوْرُ بالقُوَّة: طاقت کا گھمنڈ۔
مَغْرُوْر: فریب خوردہ، متکبر۔
مَغْرُوْرٌ بنَفْسِہ: خود فریبی میں مبتلا۔

اَغَرُّ: روشن (۲) شاندار ج: غُرٌّ۔
غَرَزَ ـِ غَرْزاً و غَرَّزَ و اَغْرَزَ: کانٹاوغیرہ چبھانا (۲) گاڑنا۔
غَرِیْزَة: طبیعت ج: غَرَائِزُ۔
غَرِیْزِیّ: طبعی، قدرتی، فطری۔
غَرَسَ ـِ غَرْساً و اَغْرَسَ: درخت لگانا، پودا لگانا (۲) بونا۔
غَرَسَ العَقِیْدَةَ فِی: اعتقاد قائم کرنا۔
غَرْسٌ: پودا ج: اَغْرَاس۔
غِرْسٌ: (۱) بیج (۲) جو چیز بوئی جائے۔
غِرَاس: درخت لگانے کا وقت۔
غَرِیْسَة: نرسری پودا، پودا جو ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے ج: غَرَائِسُ۔
غَرَضٌ: مقصد (۲) مراد، منشا (۳) فائدہ (۴) ضرورت ج: اَغْرَاض۔
اَغْرَضَ الغَرَضَ: مقصد کو پالینا۔
تَغَرَّضَ: ٹوٹ جانا، مڑنا (۲) شاخ وغیرہ کا ٹوٹ کر لٹک جانا، الگ نہ ہونا۔
غَرَضٌ ظَاهِر: نمایاں نشانہ۔
غَرِیْض: تازہ (تازہ گوشت)۔
اَغْرَاضٌ سِلْمِیَّة: پرامن مقاصد۔
لِأَغْرَاضِ الدِّفَاع: دفاعی مقاصد کے لئے۔
مُغْرِض: خودغرض، غرض مند ج: مُغْرِضُوْن۔
غَرْغَرَة و تَغَرْغُر: غرارہ کرنا، پانی حلق میں ڈال کر گھمانا (۲) آگ پر پانی کا غرغر ہونا۔
غَرْغَرَة (۲): وہ چیز جس سے غرارہ کیا جائے۔

غَرَفَ ـِ غَرْفاً و اغْتَرَفَ الشَّیْءَ: (۱) چلو سے پانی لینا (۲) ڈونگے یا چمچہ سے کوئی چیز نکالنا۔
غِرْفَة: سینڈل (ایک قسم کا جوتا) ج: غِرَف۔
غُرْفَة: روم، کمرہ، چیمبر (۲) بالاخانہ (۳) دیوان ج: غُرَف و غُرُفَات۔
غُرْفَةُ الاِسْعَاف: ایمبولنس روم۔
غُرْفَةُ الاِسْتِقْبَال: ملاقاتی کمرہ۔
غُرْفَةُ اغْتِسَالٍ: واش روم، غسل خانہ۔
غُرْفَةُ الاُمُوْرِ المُسْتَعْجَلة: مجلسِ ہنگامی امور۔
غُرْفَةٌ تِجَارِیّة: ایوانِ تجارت، تجارتی کمرہ، چیمبر آف کامرس، ایوانِ تُجّار۔
غُرْفَةُ تَغْیِیر المَلَابس: کلاک روم، کپڑے بدلنے کا کمرہ۔
غُرْفَةُ الرَّاحَة: ریسٹ روم، آرام کا کمرہ۔
غُرْفَةُ الطَّعَام أَوِ الأَكْل: ڈائننگ روم، کھانے کا کمرہ۔
غُرْفَةُ العَرْض: شوروم۔
غُرْفَةُ العَمَلِیَّات: آپریشن روم، وہ جگہ جہاں سے جنگی احکامات جاری کئے جائیں۔
غُرْفَةُ القِیَادَة: ہدایات کا کمرہ۔
غُرْفَةُ المُرَاقَبَة (فی المَطَار): کنٹرول روم۔
غُرْفَةُ المُصَوِّر: اسٹوڈیو۔
مِغْرَفَة: بڑا چمچہ، ڈوئی ج: مَغَارِفُ۔
غَرِقَ ـَ غَرَقاً: ڈوبنا۔
غَرِقَ فِی كَذَا: منہمک ہونا۔
غَرَّقَ و اَغْرَقَ: ڈبونا، غرق کرنا (۲) خوب

بھگونا۔

غَرَّقَ و اَغْرَقَ المَکَانَ: کسی جگہ خوب پانی بھرنا۔

غَرَّقَ و اَغْرَقَ السُّوْقَ بالبِضَاعَة: بازار کو سامان سے بھرنا۔

اَغْرَقَ: مبالغہ سے کام لینا۔

اِغْتَرَقَ النَّفَسَ: ہانپنا، اندر کو سانس لینا۔

اِسْتَغْرَقَ الشیٔ: (۱) کُل لینا (۲) احاطہ کر لینا، گھیرنا (۳) بالکل مشغول بنانا۔

اِسْتَغْرَقَ العَمَلُ وَقْتاً کَذَا: کام کا وقت کو گھیرنا، کام میں وقت لگنا۔

اِسْتَغْرَقَ فی النَّوْم: بے خبر سونا، نیند میں غوطہ لگانا، محوِ خواب ہونا۔

اِغْرَوْرَقَتِ العَیْنُ: آنکھ میں آنسو بھر آنا۔

غَرِیْق، غَارِق، غَرْقَان: ڈوبنے والا، ڈوبتا ہوا، غرق شدہ۔

غَرِیْقٌ فی کذا: منہمک، مصروف، مستغرق۔

غَارِق: غوطہ زن۔

اَلْغَارِقُ فِی التَّفْکِیْر: سوچ میں ڈوبا ہوا۔

غَارُوْقَة، غَرُوْقَة: (دا) صرف ہونے والا مال۔

اِغْرَاق: مبالغہ، مبالغہ آمیزی۔

مُسْتَغْرِقٌ کَامِلَ سَاعَاتِ الدَّوَامِ المُعْتَادَة: فُل ٹائم کام کرنے والا۔

غَرِمَ ـَ غَرَامَةً: نقصان اُٹھانا (۲) جرمانہ ادا کرنا، تاوان دینا۔

غَرَّمَ و اَغْرَمَ: جرمانہ کرنا، جرمانہ عائد کرنا، سرچارج کرنا۔

اُغْرِمَ بِه: دلدادہ ہونا۔

تَغَرَّمَ: جرمانہ ادا کرنا (تَغَرَّمَ بِخَمْسَةِ جُنَیْهَاتٍ) پانچ گنی جُرمانہ ادا کیا۔

غُرْمٌ: نقصان، تاوان۔

غَرَام: عشق، فریفتگی، محبت۔

غَرَامِیّ: عشقیہ۔

عَلَاقَةٌ غَرَامِیَّة: عشقیہ تعلق۔

غَرَامَة ج: غَرَامَات: جرمانہ۔

غَرَامَةُ تَاخِیْرٍ: ڈیمرتج، سامان کی وصولیابی میں تاخیر کا جرمانہ۔

غَرَامَةٌ مَالِیَّة: جرمانہ، پنالٹی۔

غَرِیْم: قرض خواہ (۲) قرض دار ج: غُرَمَاء۔

غَرِیْم (۲): مقابل، مخالف۔

مَغْرَم: خسارہ، نقصان ج: مَغَارِمُ۔

مُغْرَمٌ به: عاشق، فریفتہ۔

غَرِیْن و غِرْیَن: وہ مٹی، ریت وغیرہ جو سیلاب کے ذریعہ سے آ کر جمع ہو جاتی ہے یا جو دریا کی تہہ میں جم جاتی ہے۔

غُرْنُوْق، غِرْنِیْق: ایک آبی پرندہ (۲) خوبصورت نوجوان ج: غَرَانِیْقُ۔

غَرَا ـُ غَرْواً: تعجب کرنا۔

غَرَا و غَرَّی: سریش سے جوڑنا۔

غُرِّیَ و اُغْرِیَ بکذا: فریفتہ ہو جانا، کسی چیز کی غیر دانش مندانہ خواہش کرنا۔

أَغْرَاهُ بکذا: رغبت دلانا، اُبھارنا، لالچ دینا۔

أَغْرَاهُ ضِدَّ: اُکسانا، اشتعال دلانا۔

أَغْرَى العَدَاوَةَ بَیْنَهُمْ: دشمنی کی آگ بھڑکانا۔

غِرَاءٌ ، غَرَا: سریش، وہ چیز جس سے کوئی چیز جوڑی جائے۔
غَرْوَی: چپکنے والی چیز، لیس دار۔
لَا غَرْوَ مِنْ: کوئی تعجب نہیں۔
إِغْرَاء: اشتعال انگیزی، برانگیختگی، تشویش۔
مِغْرَاة، غَرَّایَة: (دا) گوندانی۔
مُغْرٍ: محرّک، اشتعال انگیز، مشوّق، اشتیاق انگیز۔

ع .....ز

غَزُرَ ـُ غَزَارَةً: کثیر ہونا، بہت ہونا۔
غَزِیْر: بے پایاں، کثیر، بہت۔
مَطَرٌ غَزِیْر: موسلا دھار بارش۔
غَزَارَة: کثرت، فراوانی۔
غَزَلَ ـِ غَزْلاً و اغْتَزَلَ: روئی یا اون کاتنا، بٹ دینا۔
غَزِلَ ـَ غَزَلاً و تَغَزَّلَ بِالشیٔ: فریفتہ ہونا۔
تَغَزَّلَ بِالمَرْأَة: عشق لڑانا۔
غَازَلَه مُغَازَلَةً: ورغلانا، پھسلانا، عاشقانہ باتیں کرنا۔
غَزْلٌ: (۱) کتائی (۲) سوت۔
غَزْلُ القُطْن: سوتی دھاگہ۔
غَزَلٌ: معاشقۂ زنان، عشق بازی۔
غَزَلِیّ: عشقیہ، عاشقانہ۔
غَزَال: ہرن ج: غِزْلان۔
غَزَالَة: ہرنی (۲) آفتاب۔
غَزَّالٌ: سوت کاتنے والا۔
مِغْزَل: (۱) تکلا (۲) چرخا (۳) سوت کاتنے کی مشین ج: مَغَازِلُ۔
مَغْزُوْل: کتا ہوا، بٹا ہوا۔
مُغَازَلَة: عشق بازی۔
مُغَازِل: عشق باز، عاشق مزاج۔
غَزَا ـُ غَزْواً: حملہ کرنا، یورش کرنا (۲) دشمن سے جہاد کے لئے جانا (۳) قصد کرنا (۴) چھا جانا۔
غَزَتِ المُنْتَجَاتُ الأَجْنَبِیَّةُ السُّوْق: غیر ملکی سامان بازار پر چھا گئے۔
غَزْوٌ: جنگ، حملہ۔
غَزْوٌ عَقَائِدِیّ: مذہبی جنگ۔
غَزْوُ الفَضَاء: خلائی جنگ۔
غَزْوٌ کَبِیْر: بڑا حملہ، زبردست حملہ۔
غَزْوَة: یورش، حملہ، جہاد ج: غَزَوَات۔
غَازٍ: (۱) مجاہد (۲) حملہ آور ج: غُزَاة و غُزَّی۔
غَازِیَة: رقّاصہ، ایکٹریس، آرٹسٹ ج: غَوَازٍ۔
مَغْزَی: (۱) مقصدِ کلام، خلاصۂ کلام، ماحصل (۲) معنویت، نتیجہ (۳) جنگ (۴) جنگ کی جگہ ج: مَغَازٍ۔

ع .....س

غَسَق: ابتدائی رات کی تاریکی۔
غَسَلَ ـِ غَسْلاً: دھونا۔
غَسَّلَ تَغْسِیْلاً: خوب دھونا۔
غَسَّلَ المَیِّتَ: مُردہ کو غسل دینا۔
اِغْتَسَلَ: غسل کرنا۔
غَسْل، غَسِیْل: دھلائی، واشنگ۔
طِشْتُ الغَسْل: سلفچی۔
الغَاسِل: واشر۔
غَسِیْل: دھلا ہوا۔

غَسِیل: دھلائی کے کپڑے یا دُھلے ہوئے۔
مِشْبَکُ الغَسِیل: کلاتھ پن۔
مَکِنَةُ الغَسِیل: واشنگ مشین۔
غُسْل ، غَسُوْل: دھونے کا پاؤڈر (۲) صابن۔
غَسُوْل: دھونے کی چیز (۲) زخم کی پیپ وغیرہ دھونے کی دوا۔
غَسَّال: دھوبی، کپڑا دھونے والا، واشر مین۔
غَسَّالَة: واشنگ مشین، واشر، کپڑے دھونے کی مشین (۲) لانڈری (۳) دھوبن۔
الغَسَّالَةُ الآلِیّة: خودکار واشنگ مشین۔
غَسَّالَةٌ کَهْرَبَائِیّة: واشنگ الیکٹرک مشین۔
غُسَالَة: وہ پانی جو دھو کر بچ گیا ہو۔
غَاسُوْل: صابن۔
مَغْسِل: دھونے کا ٹب یا حوض جو دیوار سے ملحق ہوتا ہے (۲) سلفچی (۳) لانڈری ج: مَغَاسِلُ۔
مَغْسَلَة: واش اسٹینڈ، دُھلائی کے سامان کی میز۔
مِغْسَلَة: واشر (۲) واشنگ مشین۔
مُغْتَسَل: غسل خانہ۔

غ.....ش

غَشَّشَ و غَشَّ ـُ غَشّاً: دھوکہ دینا۔
غَشَّ الشیٔ: (۱) جعلی بنانا (۲) کھوٹ ملانا، کھوٹا اور غیر خالص بنانا، ملاوٹ کرنا۔
غَشَّهُ: کسی کے ساتھ چال چلنا۔
اِغْتَشَّ ، اِنْغَشَّ: کھوٹ شامل ہونا، کھوٹا ہونا، فریب شامل ہونا۔
اِغْتَشَّ و اِسْتَغَشَّ: کسی کو خائن و دھوکہ باز خیال کرنا۔
غَشّ: دھوکہ (۲) خیانت (۳) غداری، دھوکہ دہی، جعل سازی (۴) کھوٹ، ملاوٹ۔
غَشَّاش: دھوکہ باز، جعل ساز، ملاوٹ کرنے والا۔
مَغْشُوْش: (۱) فریب خوردہ (۲) کھوٹا (۳) جعلی (۴) دھوکے کا۔
غَشَمَ ـُ غَشْماً: ظلم کرنا (۲) بے سوچے کام کرنا۔
اِسْتَغْشَمَ: بے وقوف سمجھنا۔
غَشُوْم، غَاشِم: ظالم، غاصب۔
غَشِیْم: ناتجربہ کار، اناڑی۔
غَشِیْم: (دا) خام شے (حَدِیْدٌ غَشِیْم) خام لوہا۔
غَشْوَة، غِشَاوة: پردہ (۲) ڈھکن۔
غَشَا ـُ غَشْواً: (۱) کسی جگہ یا کسی کے پاس آنا (۲) ڈھانکنا۔
غَشِیَ المَکَانَ ـَ غَشْیاً و غِشْیَاناً: (۱) آنا (۲) لاحق ہونا (۳) نازل ہونا (۴) ڈھانپنا، گھیر لینا۔
غَشِیَهُ النُّعَاسُ: اونگھ آنا، نیند غالب ہونا۔
غَشِیَهُ المَوْتُ: موت کا گھیر لینا۔
غَشِیَهُ المَوْجُ: موج کا گھیر لینا، موج میں پھنس جانا۔
غَشِیَهُ بِالسَّوْط: کوڑے برسانا۔
غَشِیَ المرأَةَ: ہم بستری کرنا۔
غَشِیَ و اَغْشَی اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔
اَغْشَی علی بَصَرِه: نگاہ پر پردہ ڈالنا۔
غُشِیَ علیه غَشْیَاناً و غَشْیَةً: بے ہوش

ہونا۔

غَشَّاهُ تَغْشِيَةً: (۱) ڈھانکنا، پردہ پوشی کرنا (۲) احاطہ کرنا، گور کرنا (۳) پالش وغیرہ کرنا۔

غِشَاءٌ: (۱) غلاف (۲) جھلی (۳) جلد (۴) کیپسول ج: اَغْشِيَة۔

غُشْيٌ، غَشْيَة، غَشَيَان: غشی، بے ہوشی۔

غَاشِيَة: (۱) دل کا پردہ (۲) حاضر باش (۳) خدام مجلس (۴) مصیبت ج: غَوَاشٍ۔

مَغْشِيٌّ عليه: بے ہوش۔

ع ..... ص

غَصَبَ ـِ غَصْباً: مجبور کرنا۔

غَصَبَ و اغْتَصَبَ: جبراً کوئی چیز لینا، لوٹنا (۲) اغوا کرنا (۳) زنا بالجبر کرنا (۴) حق چھیننا۔

غَصْبٌ: جبر و زبردستی۔

مَغْصُوْب: مجبور۔

غَصَّ الرَّجُلُ بالطَّعَام و الشَّرَاب ـَ غَصَصاً: اچھو لگنا، کھانا یا پانی حلق میں اٹکنا۔

غَصَّ و اغْتَصَّ المَكَانُ: بھرنا، کھچا کھچ بھرنا، پُر ہونا۔

اَغَصَّ: اچھو لگوانا۔

غُصَّة: رنج و غم (۲) اچھو، حلق میں اٹکا ہوا کھانا، لقمہ ج: غُصَص۔

غَاصّ، غَصِيص: بھرا ہوا۔

غَصَّنَ ـُ غَصْناً: درخت پر شاخیں نکل آنا۔

غُصْنٌ: شاخ، ٹہنی ج: اَغْصَان و غُصُوْن۔

ع ..... ص

غَضِبَ ـَ غَضَباً و تَغَضَّبَ عَلَيْه: ناراض ہونا، غصہ ہونا۔

اَغْضَبَهُ و غَاضَبَه: ناراض کرنا۔

غَضَبٌ: ناراضگی، غصہ۔

غَضُوْب: جلد ناراض ہونے والا، سریع الغضب۔

غَضَرَ عنه ـِ غَضْراً: اعراض کرنا۔

غَضَرَ عَلَيْه: مہربانی و شفقت کرنا (۲) ناراض ہونا، دھمکی دینا۔

غَضِرَ ـَ غَضَراً و غَضُرَ ـُ غَضَارَةً: سرسبز و شاداب ہونا (۲) آسودہ ہونا۔

غَضِرٌ غَضِيْر: شاداب، آسودہ۔

غَضَارَة: سرسبزی، شادابی۔

غَضَّ طَرْفَه ـُ غَضّاً: نگاہ نیچی کرنا۔

غَضَّ الطَّرْفَ و النَّظَرَ عَنْ: نگاہ پھیرنا۔

غَضَّ صَوْتَهُ و مِنْ صَوْتِه: آواز پست کرنا۔

غَضَّ مِنْ فُلَان: حیثیت کم کرنا۔

غَضَّ النَّبَاتُ ـِ غَضَاضَةً: تروتازہ ہونا۔

غَضٌّ، غَضِيْض: تروتازہ، شگفتہ۔

بِغَضِّ النَّظَرِ عَنْ: فلاں چیز سے قطع نظر۔

غُضَّة، غَضَاضَة: ذلت (۲) خامی، عیب۔

غَضَاضَة، غُضُوْضَة: تازگی۔

غَضَّنَ: موڑنا، شکن ڈالنا۔

غَاضَنَ المَرْأَةَ: آنکھ لڑانا، آنکھوں سے اشارہ سے اظہارِ محبت کرنا۔

تَغَضَّنَ: مڑنا، شکن پڑنا۔

غَضْنٌ: شکن (۲) تھکان ج: غُضُوْن۔

فی غُضُوْن كذا: اس دوران۔

مُغَضَّن، مُتَغَضِّن: مڑا ہوا، شکن دار۔

اَغْضَی عَیْنَه إغْضَاءً: آنکھ بند کرنا۔
اَغْضَی طَرْفَهُ عَنْ: نگاہ پھیرنا۔
اَغْضَی عَنِ الأَمْر: کنارہ کش ہونا، کسی کام سے آنکھ بند کرنا، چشم پوشی کرنا۔
اَغْضَی علی الأَمْر: برداشت کرنا، خاموش رہنا۔
اَغْضَی اللَّیْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
إغْضَاء: چشم پوشی (۲) بے توجہی۔

غ.....ط

غُطْرَة: سر کو باندھنے کا بڑا عربی رومال۔
غَطْرَسَ، تَغَطْرَسَ: تکبر کرنا۔
تَغَطْرَسَ: اکڑ کر چلنا، مٹک کر چلنا۔
غَطْرَسَة: غرور، تکبر، تبختر۔
غِطْرِیْس: متکبر، مغرور، خود پسند ج: غَطَارِیْس۔
غَطَسَ ـِ غَطْساً: غوطہ لگانا (۲) ڈوبنا (۳) غوطہ کھانا۔
غَطَسَ، غَطَّسَ: ڈبونا، غوطہ دینا۔
غَطْسَة: ڈبکی، غوطہ۔
غَطَّاسٌ: غوطہ خور، ڈبکی لگانے والا۔
مِغْطَسٌ: نہانے کا ٹب۔
غَطَشَ اللَّیْلُ ـِ غَطْشاً و اَغْطَشَ: رات کا تاریک ہونا۔
تَغَطَّشَتْ عَیْنُه: نگاہ کمزور ہونا۔
غَطَّ النَّائِمُ ـُ غَطِیْطاً: خراٹے لینا۔
غَطَّهُ فِی المَاءِ ـُ غَطّاً و أَغَطَّ: پانی میں غوطہ دینا۔
اِنْغَطَّ فی المَاء: ڈوبنا، پانی میں غوطہ کھانا۔
غَطِیْط: خراٹے۔
غَطَّی تَغْطِیَةً: ڈھانکنا، چھپانا (۲) پردہ پوشی کرنا، ستر پوشی کرنا (۳) احاطہ کرنا، کور کرنا۔
___ الأَخْبَارَ: خبریں جمع کرنا، کور کرنا۔
___ الزِّیَارَةَ: دورہ کی تفصیلات منضبط کرنا۔
___ المَظْهَرَ: صورت کو چھپانا۔
___ المَوْقِفَ: صورتِ حال پر پردہ ڈالنا۔
___ النَّفَقَاتِ: اخراجات کو پورا کرنا۔
___ النَّقْصَ: کمی کو پورا کرنا۔
غِطَاءٌ: ڈھکن (۲) غلاف، پردہ (۳) سرپوش، کور ج: اَغْطِیَة۔
غِطَاءُ السَّرِیْر: پلنگ پوش۔
غِطَاءُ المَائِدَة: میز پوش۔
غِطَاءٌ جَوِّیَ: فضائی چھتری۔
غِطَاءُ المِدْخَنَة: چمنی کیپ۔

غ.....ف

غَفَرَ ـِ غَفْراً و اغْتَفَرَ لَهُ الذَّنْبَ: گناہ معاف کرنا۔
یُغْفَرُ، یُغْتَفَرُ: قابلِ معافی۔
لا یُغْفَرُ: ناقابلِ معافی۔
غَفَّرَ تَغْفِیْراً: ڈھانکنا۔
غَفَّرَ عَلَی: پہرہ دینا۔
اِسْتَغْفَرَ الذَّنْبَ: گناہ کی معافی چاہنا۔
غُفْرَة، غِفَارَة: ڈھکن۔
غُفْرَان، غَفِیْر، مَغْفِرَة: درگزر، معافی، بخشش۔
غَفِیْر: (دا) پہرہ دار، چوکیدار۔
جَمٌّ غَفِیْر: زبردست مجمع۔
غَفَّارَة: علماءِ یہود کا لباس۔

غَافِر: معاف کرنے والا، بخشندہ۔
غَفَلَ ـُ غُفُولاً عَنْ: بھولنا، غافل ہونا۔
غَفَّلَ: غافل بنانا۔
غَافَلَه، تَغَفَّلَهُ، اِسْتَغْفَلَهُ: غفلت سے فائدہ اٹھانا، غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔
غَافَلَه: اچانک آنا، بے خبری میں آنا۔
اَغْفَلَ: چھوڑنا، نظر انداز کرنا۔
تَغَافَلَ: غافل بن جانا۔
تَغَافَلَ عَنْ: لاپرواہی برتنا، بے توجہی برتنا۔
غُفْلٌ: بے نشان، بے علامت (۲) سادہ، بغیر لکھا (۳) بے نسب (۴) خام، کام میں نہ لایا ہوا ج: أَغْفَال۔
غُفْلٌ مِنَ التَّارِيْخ: بلا تاریخ۔
غَفَلٌ، غَفْلَة: بے خبری۔
عَلَى غَفْلَةٍ: بے خبری میں، اچانک۔
غَفْلان، غَافِل: لاپرواہ، بے توجہ۔
الغَفْلِيَّة: مجہول الاسم ہونا، بے نام ونشان ہونا۔
اِغْفَال: لاپرواہی، بے توجہی۔
مُغَفَّل: بے وقوف، ناتجربہ کار، جلد دھوکے میں آنے والا۔
غَفْوَة: ہلکی نیند، ایک نیند۔
غَفَا ـُ غَفْواً، غَفِيَ ـَ غَفًى و غَفْيَةً: ہلکی نیند سونا، تھوڑی تھوڑی نیند سونا، اونگھنا۔

غ.....ل

غَلَبَ ـِ الرَّجُلَ و عَلَيْه غَلَبَةً: غالب ہونا، غلبہ پانا (۲) فتح یاب ہونا (۳) قابو پانا (۴) اقتدار حاصل کرنا۔
غَلَّبَ و تَغَلَّبَ على: قبضہ جمانا۔
غُلِبَ على اَمْرِه: دھوکہ کھانا۔
غَالَبَهُ مُغَالَبَةً: ایک دوسرے کو زیر کرنے کی کوشش کرنا، نیچا دکھانا۔
غَلْبٌ، غَلَبَة: کامیابی، غلبہ، فتح۔
غَالِبٌ: برسرِ اقتدار (۲) قابو یافتہ، کامیاب
غَالِباً، فِي الغَالِب، فِي الأَغْلَب: اکثر، آئے دن، عموماً۔
اَغْلَبُ: زیادہ تر، اکثر، بیشتر۔
اَغْلَبِيَّة: اکثریت، مجارٹی۔
اَغْلَبِيَّةُ الاَصْوَاتِ فِي جَانِبِه: ووٹوں کی اکثریت اس کے حق میں ہے۔
اَغْلَبِيَّةٌ سَاحِقَة: زبردست اکثریت۔
اَغْلَبِيَّةٌ ضَعِيْفَة و ضَئِيْلَة: معمولی اکثریت۔
اَغْلَبِيَّةٌ مُطْلَقَة: کامل اکثریت۔
اَغْلَبِيَّةٌ نِسْبِيَّة: تناسبی اکثریت، اضافی اکثریت۔
مَغْلُوْب: شکست خوردہ۔
مَغْلُوبٌ عَلَى أَمْرِه: بے عقل، کمزور، ذلیل ورسوا۔
مُغَالَبَة: باہمی رسہ کشی۔
غَلَسٌ: آخر رات کی تاریکی ج: اَغْلَاس۔
غَلِطَ ـَ غَلَطاً فِي الأَمْر: غلطی کرنا۔
غَلَّطَ، اِسْتَغْلَطَ: غلط قرار دینا (۲) جعلی بنانا۔
غَلَّطَ، غَالَطَ: مغالطہ دینا، غلطی میں مبتلا کرنا۔
غَالَطَ: (دا) دھوکہ دینا۔
غَلَطٌ: غلطی، خطا ج: اَغْلَاط (۲) غلط۔
غَلْطَة: ایک غلطی ج: غَلَطَات۔
غَلْطَةٌ كِتَابِيَّة: لکھائی کی غلطی۔
غَلْطَةٌ مَطْبَعِيَّة: چھپائی کی غلطی، پریس کی

غلطی، طباعتی غلطی۔
غَلْطَةٌ قَاتِلَة: زبردست غلطی۔
غَالِط ، غَلْطَان: غلطی کرنے والا۔
اُغْلُوطَة ، مَغْلَطَة: مغالطہ آمیز کلام ج: أَغَالِيطُ و مَغَالِطُ۔
المُغَالِط: مغاطہ انگیز۔
المُغَالَطَة: فریب، دھوکہ دہی۔
مُغَالَطَةٌ سِيَاسِيَّة: سیاسی فریب۔
مَغْلُوطٌ فِيه: جس میں غلطی کی گئی ہو۔
غَلُظَ ـُـ غِلَظاً و غِلْظَةً: (۱) موٹا ہونا (۲) گاڑھا ہونا (۳) سخت ہونا۔
غَلَّظَ: موٹا بنانا (۲) گاڑھا بنانا، سخت بنانا۔
غَلَّظَ اليَمِينَ: قسم کو سخت کرنا۔
اَغْلَظَ لَهُ القَوْلَ أَوْ فِي القَوْل: سخت بات کہنا، سخت کلامی کرنا۔
المُتَغَلْغِلَظ: (۱) موٹا ہونا (۲) موٹا سمجھنا یا پانا۔
غِلَظٌ ، غِلْظَة ، غِلَاظَة: موٹا پن (۲) گاڑھا پن (ضد: خُشُونَة)۔
غَلِيظٌ: موٹا (۲) گاڑھا (۳) سخت ج: غِلَاظٌ۔
غَلِيظُ القَوْل: سخت کلام۔
غَلِيظُ القَلْب: سخت دل۔
غَلِيظُ الرَّقَبَة: (۱) موٹی گردن والا (۲) سرکش۔
غَلْغَلَة ، تَغَلْغُل: داخل ہونا، جاں گزیں ہونا، پیوست ہونا۔
التَّغَلْغُلُ دَاخِلَ المِنْطَقَة: علاقہ میں اثر ورسوخ پیدا کرنا۔
التَّغَلْغُلُ فِي البِلَاد: ملک میں اثر و رسوخ پیدا کرنا۔
غَلَّفَ و غَلَفَ ـُـ غَلْفاً: (۱) غلاف چڑھانا، کور چڑھانا (۲) ڈھانکنا (۳) بند کرنا، لفافہ میں رکھنا۔
غِلَاف: (۱) کور (۲) غلاف (۳) لفافہ ج: اَغْلِفَة۔
غِلَافُ الكِتَاب: کتاب کا سرِ ورق۔
غِلَافُ اللِّحَاف: ابرہ، لحاف کے اوپر کا کپڑا۔
مُغَلَّفٌ: لفافہ میں بند (۲) لفافہ۔
غَلِقَ ـَـ غَلَقاً: تنگ دل ہونا، زچ ہونا (۲) بند ہونا۔
غَلَقَ ـِـ غَلْقاً: بند کرنا۔
غَلَقَ السَّبِيلَ: راہ مسدود کرنا۔
أَغْلَقَ و غَلَّقَ: بند کرنا، لاک کرنا۔
أَغْلَقَ الأَعْيُنَ عَنِ الأَخْطَاء: غلطیوں کو نظر انداز کرنا۔
أَغْلَقَ شَيْئاً عَلَى فُلَان: کسی پر کسی چیز کے دروازے بند کرنا۔
أَغْلَقَ الإِذَاعَاتِ: نشریات بند کرنا۔
أَغْلَقَ المَطَارَ: ہوائی اڈہ بند کرنا۔
أُغْلِقَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: کسی بات کا مبہم اور پیچیدہ ہونا۔
اِنْغَلَقَ: بند ہونا۔
اِسْتَغْلَقَ الأَمْرُ: مغلق اور مبہم ہونا، دشوار و نا قابلِ فہم ہونا۔
اِسْتَغْلَقَ عَلَيْهِ الكَلَامُ: نا قابلِ فہم ہونا۔
غَلَقٌ ، مِغْلَاق: تالا، لاک۔
عَلِقٌ: نا قابلِ فہم، مشکل الفہم۔
مُغْلِق: لاکر۔

مُغَلَّق: بند (۲) او-ڈی اکاؤنٹ۔
غَلَّلَ و غَلَّ یَدَیْہ ـُـ غَلًّا: ہاتھ باندھنا (۲) ہتھکڑی لگانا۔
غَلَّلَ: داخل ہونا (۲) داخل کرنا۔
غُلَّ – غُلَّةً: سخت پیاس لگنا۔
غَلَّت و اَغَلَّتِ الاَرْضُ: زمین میں غلہ پیدا ہونا۔
اِسْتَغَلَّ الاَرْضَ: زمین سے غلہ حاصل کرنا۔
اِسْتَغَلَّ المَالَ: مال سے نفع حاصل کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الشیٔ: فائدہ اٹھانا (۲) ناجائز فائدہ اٹھانا، غلط استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ القُوَّةَ: طاقت کا استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الأَغْلَبِیَّةَ: اکثریت حاصل کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الفُرْصَةَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔
اِسْفُغَلَّ الرَّجُلَ: استحصال کرنا، خاص مقصد کے لئے استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ النُّفُوْذَ: اثر ورسوخ کا غلط استعمال کرنا۔
اِسْتَغَلَّ الوَضْعَ: صورتِ حال سے فائدہ اٹھانا۔
غُلٌّ: قید (۲) بیڑی (۳) ہتھکڑی ج: اَغْلَال۔
غُلٌّ و غُلَّةٌ و غَلِیْل: سخت پیاس۔
غِلٌّ، غَلِیْل: کینہ، حسد۔
غَلَّ ـِـ غِلًّا: کینہ ور ہونا۔
اَرْوَی غَلِیْلَهُ: پیاس بجھانا۔
شَفَی غَلِیْلَهُ: حسد کی آگ بجھانا۔
غَلَّة: آمدنی، پیداوار (۲) اناج ج: غِلَال و غَلَّات۔
غَلَالَة: باریک چھلکا (۲) نیچے پہننے کا ایک کپڑا، عورت کا ایک کرتا ج: غَلَائِلُ۔
اِسْتِغْلَال: نفع اندوزی، استحصال، ناجائز استعمال۔
مُغِلّ: کینہ ور، حاسد (۲) بارآور، نفع بخش، نتیجہ خیز۔
مَغْلُول: سخت پیاسا (۲) حاسد، کینہ ور۔
مَغْلُول، مُغَلَّل: مُقَیَّد، بندھا ہوا۔
مُسْتَغَلّ: آمدنی، فائدہ ج: مُسْتَغَلَّات۔
مُسْتَغِلّ: سرمایہ کار، فائدہ اٹھانے والا۔
غَلِمَ ـَـ غَلَماً و اغْتَلَمَ: شہوت پرست ہونا۔
غُلْمَة: شہوت۔
غُلَام: لڑکا، بوائے (۲) جوان (۳) خادم ج: غِلْمَان۔
غُلَامُ السَّفِیْنَة: کیبن بوائے۔
غُلُوْمَة: نوجوانی، بلوغ (۲) جنسی شہوت۔
غُلُوّ، غُلُوَاء: مبالغہ، حد سے تجاوز۔
غُلْوَة: ایک تیر کی زد کا فاصلہ۔
غَلَا السِّعْرُ ـُـ غَلَاءً: بھاؤ بڑھنا، گرانی ہونا (۲) حد سے متجاوز ہونا۔
اَغْلَی و غَلَّی السِّعْرَ: بھاؤ بڑھانا، قیمت بڑھانا۔
غَالَی مُغَالَاةً: مبالغہ کرنا۔
اِسْتَغْلَی الشیٔ: گراں محسوس کرنا۔
غَلَاء: گرانی۔
غَلَاءُ المَعِیْشَة: زندگی کی گرانباری۔
غَالٍ، غَلِیّ: قیمتی، گراں (۲) گرانقدر۔
اَغْلَی: زیادہ قیمتی، بیش قیمت۔

غَلَی ـِ غَلْیاً و غَلَیَاناً: جوش مارنا، کھولنا، گرم ہونا، اُبلنا۔
غَلَّی و أَغْلَی: ابالنا، جوش دینا۔
غَلَّی و أَغْلَی السِّعْرَ: بھاؤ بڑھانا، قیمت بڑھانا۔
غَلْیٌ ، غَلَیَان: جوش، اُبال۔
الغَلَیَانُ الشَّعْبِیّ: عوامی جوش۔
غَلَیَانُ المُعَارَضَة: مخالفت کا جوش۔
غَلَّایَة: پانی گرم کرنے کی ٹنکی، سماور۔
مُغْلَی الأَعْشَاب: جوشاندہ، چائے۔
غِلِیْسرِیْن: (مع) گلیسرین۔
غَلْیُونُ التَّدْخِیْن: تمباکو پائپ (۲) حقہ۔

ع .....م

غَمَدَ السَّیْفَ ـُ غَمْداً و أَغْمَدَ: میان میں رکھنا۔
غَمَدَ ، غَمَّدَ ، تَغَمَّدَ: چھپانا۔
غِمْدٌ: میان ج: غُمُود و أَغْمَاد۔
غَمَرَ المَاءُ المَکَانَ ـُ غَمْراً: پانی کا ہر جگہ پھیلنا، احاطہ کرنا، گھیرنا، ڈھانپنا۔
غَمَرَهُ بِفَضْلِه: مہربانیاں کرنا، احسانات کی بارش کرنا۔
غَمُرَ ـُ غَمَارَةً: پانی کا کثرت سے ہونا۔
غَامَرَ مُغَامَرةً: جان کی بازی لگانا۔
غَامَرَ بِنَفْسِه: خطرہ مول لینا، جان پر کھیلنا۔
غَمْرٌ: (۱) کثرت (۲) بڑا دریا ج: غِمَار و غُمُور۔
غُمْر: گودبھر (۲) ناتجربہ کار، بھولا ج: أَغْمَار۔
غَمْرة: سختی، شدت۔
غَمَرَاتُ المَوْت: موت کی تکلیف۔
غَامِرٌ: کثیر (۲) غیر آباد (ضد عَامِرٌ)۔
مَغْمُور: گمنام (ضد مَشْهُوْر)۔
مَغْمُورٌ بِالمَاء: پانی سے ڈھکا ہوا، زیرِ آب۔
مَغْمُورٌ بِالدَّیْن: قرض میں دبا ہوا۔
مُغَامِر: جاں باز، خطرہ مول لینے والا، خطروں سے کھیلنے والا۔
مُغَامَرَة: جاں بازی (۲) خطرناک فعل، خطرناک اقدام، خطرے کا کام۔
مُغَامَرَةٌ ذَاتُ مَعْنًی: بامقصد جاں بازی۔
مُغَامَرَات: جاں بازیاں۔
مُغَامَرَاتٌ عَسْکَرِیَّة: فوجی کارنامے۔
غَمَزَ ـِ غَمْزاً: ٹٹولنا (۲) آنکھ سے اشارہ کرنا۔
غَمَزَ بِهٖ و عَلَیْه: طعنہ دینا، تنقید کرنا، تعریض کرنا۔
غَمَزَ فِیْ مَشْیِه: لنگڑا کر چلنا۔
تَغَامَز: ایک دوسرے کو آنکھوں سے اشارہ کرنا۔
غَمْزٌ: اشارۂ چشم۔
غَمْزَة: ایک اشارہ۔
مَغْمَز: عیب ج: مَغَامِزُ۔
غَمَسَ ـِ غَمْساً: پانی میں غوطہ دینا۔
اِنْغَمَسَ و اغْتَمَسَ فی کذا: ڈوبنا، مستغرق ہونا۔
غَمُوْس: مشکل کام، سخت کام ج: غُمُس۔
یَمِیْنٌ غَمُوْس: جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائی جائے۔
غَمُضَ الکَلَامُ ـُ غُمُوضاً: دقیق ہونا جس

کے معنی جلد نہ سمجھ میں آئیں۔

غَمَّضَ وَأَغْمَضَ عَيْنَهٗ: آنکھ بند کرنا۔

غَمَّضَ الكَلَامَ: دقیق ومبہم بنانا۔

أَغْمَضَ عَنْ كذا: چشم پوشی کرنا۔

أَغْمَضَ على: برداشت کرنا، تحمل سے کام لینا۔

اِنْغَمَضَ ، اِغْتَمَضَ طَرْفُه: آنکھ بند ہونا۔

غُمْض ، غِمَاض: نیند۔

غَمْضُ عَيْنٍ: آنکھ کی جھپک۔

فِي غَمْضَةِ عَيْنٍ: پلک جھپکنے میں۔

غُمُوض ، غُمُوضَة: ابہام، خفا، غیر یقینی صورتِ حال۔

غَامِض: دقیق، مبہم، خفی المراد، ناقابلِ فہم۔

غَامِض ، مُغَمَّض: بند۔

سِرٌّ غَامِض: سربستہ راز۔

غَامِضَة: پوشیدہ بات ج: غَوَامِضُ۔

غُمَّيْضَة ، غُمَيْضاء (اِسْتُغْمَايَة): آنکھ مچولی۔

غَمَطَ النِّعْمَةَ ـــِ غَمْطاً: ناشکری کرنا، ناقدری کرنا (۲) حقیر سمجھنا۔

غَمْغَمَ الكَلَامَ: مبہم بات کرنا، بڑبڑانا، منہ سے الفاظ اس طرح نکالنا کہ اس سے کچھ معنی نہ سمجھے جائیں۔

غَمُقَ ـــُ غَمَقاً: تر اور نم ہونا، جگہ کا تر اور نم ہونا۔

غَمَّقَ: گہرا کرنا۔

غُمْق: گہرائی (دا)۔

غَمِيق: گہرا (دا)۔

غَامِق: سیاہی مائل، سانولا، کالا۔

غَمَّمَ عَيْنَيْه: (دا) آنکھوں کو ڈھانکنا۔

غَمَّ ـُ غَمّاً: (۱) ڈھانکنا (۲) رنج دینا۔

غَمَّ و اَغَمَّ: رنجیدہ بنانا۔

أَغَمَّتِ السَّمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔

غُمَّ عَلَيْهِ الأَمْرُ: مخفی رہنا۔

اِغْتَمَّ ، اِنْغَمَّ: مغموم ہونا، رنجیدہ ہونا۔

غَمٌّ: رنج، ملال ج: غُمُوم۔

غَمٌّ ، غَامٌّ ، مُغِمٌّ: انتہائی گرم۔

غَامّ ، مُغِمّ: (۱) رنج دہ، غم ناک (۲) انتہائی ابر آلود۔

غَمَام: بادل و: غَمَامَة۔

حَبُّ الغَمَام: اولا۔

غُمَامَة: آنکھوں کا پردہ۔

غُمَامَةُ الخَيْل: گھوڑوں کی آنکھوں کا پردہ۔

مَغْمُوم ، مُغْتَمّ: رنجیدہ۔

غُمْنَة: پاؤڈر جو منھ کو ملا جائے۔

غُمِيَ غَمًى و اُغْمِيَ عليه: غشی طاری ہونا، بے ہوش ہونا۔

غَمَى البَيْتَ ـِ غَمْياً: مکان کی چھت ڈالنا۔

غَمَّى: آنکھوں کو ڈھانکنا۔

غَمْيٌ ، إِغْمَاء: بے ہوشی۔

غَمْيَان: بے ہوش۔

لُعْبَةُ الاِسْتُغْمَايَة: آنکھ مچولی کا کھیل۔

غ ..... ن

غَنِجَ ـَ غَنَجاً و تَغَنَّجَ: ناز نخرے کرنا، ادائیں دکھانا۔

غُنْج و غُنَاج: ناز نخرے۔

غَنِجَة ، غَنُوجَة ، غَنَّاجَة: ناز نخرے والی۔

غَنْجو: (مع) ریل کے ڈبّوں کو درمیان سے جوڑنے والی زنجیر۔
غَنِمَ الشیٔ ـَـ غُنْماً: پانا، حاصل کرنا۔
غَنَّمَ و اَغْنَمَ: عطا کرنا، دینا۔
اِغْتَنَمَ الفُرْصَةَ: موقع سے فائدہ اٹھانا۔
غُنْمٌ، غَنِیْمَة، مَغْنَم: مالِ غنیمت، مالِ مفت (۲) فائدہ، حاصل۔
غَنَائِمُ الحَرْب: جنگی مالِ غنیمت۔
غَنَمٌ: بکری ج: اَغْنَام۔
غَنَّام: بکریاں چرانے والا۔
غَنِیَ ـَـ غِنًی و غَنَاءً: مالدار ہونا۔
غَنِیَ بِالمَکَان: مقیم ہونا۔
غَنِیَ و اسْتَغْنَی عَنْ: بے نیاز ہونا۔
اِسْتَغْنَی و اغْتَنَی الرَّجُلُ: مالدار ہونا۔
غَنَّی تَغْنِیَةً و تَغَنَّی: گانا۔
غَنَّی بِه أو بِمَدْحِه: کسی کے گن گانا (۲) تعریف کرنا، مدح سرائی کرنا۔
أَغْنَاهُ: مالدار بنانا (۲) کافی ہونا۔
أَغْنَاهُ عَنْ: بے نیاز کرنا، کفایت کرنا۔
غِنًی، غَنَاء: تموّل، فراخ دستی۔
غِنًی غُنْیَة: مالِ کفایت، مالِ استطاعت۔
مَالِیْ عَنْهُ غِنًی: میں اس سے بے نیاز نہیں ہوسکتا۔
لا غِنَی عَنْهُ، لا یُسْتَغْنَی عَنْه: ضروری، جس کے سوا چارۂ کار نہ ہو۔
غَنِیّ: مالدار ج: اَغْنِیَاء۔
غَنِیّ، مُسْتَغْنٍ عَنْه: بے نیاز۔
غَنِیٌّ عَنِ البَیَان: محتاجِ بیان نہیں۔
غِنَاءٌ: گانا۔
غِنَاءٌ بالمَبِیْعَات: پھیری والوں کی آواز۔
غَانِیَة: حسین عورت ج: غَوَانٍ۔
اُغْنِیَّة: گانا ج: اَغَانِیّ۔
مُغَنٍّ: گانے والا، گویّا۔

ع .....ه

غَهِبَ عَنْهُ ـَـ غَهَباً: غافل ہونا، بھولنا۔
غَیْهَب: تاریکی ج: غَیَاهِبُ۔

ع .....و

غَوْث، غِیَاث، إغَاثَة: امداد، مدد، رِیلیف۔
غَوْث، اِسْتِغَاثَة: فریاد، مدد کی درخواست۔
الغَوْث: مدد مدد!
غَاثَ ـُـ غَوْثاً: مدد کرنا، امداد دینا۔
اِسْتَغَاثَ الرَّجُلَ و به: مدد چاہنا، اپیل کرنا۔
غَوَّرَ تَغْوِیْراً و غَارَ ـُـ غَوْراً فِی الشَّیْ: (۱) گہرائی میں پہنچنا (۲) ڈوبنا (۳) پانی کا زمین میں اُترنا۔
اَغَارَ عَلَی اِغَارَةً: یورش کرنا، حملہ کرنا۔
غَارٌ: گڑھا ج: اَغْوَار و غِیْرَان۔
غَارَة: حملہ ج: غَارَات۔
غَارَةٌ جَوِّیَّة: فضائی حملہ۔
غَارَاتٌ اِرْهَابِیَّة: دہشت پسندانہ حملے۔
غَارَاتٌ مَحْمُوْمَة: زبردست حملے۔
شَنَّ الغَارَةَ علی: ہلّہ بولنا، یلغار کرنا، یورش کرنا، حملہ کرنا۔
غَوْرٌ: گہرائی (۲) تلی۔
سَبَرَ غَوْرَه: حقیقت جاننا، جانچنا۔
غَائِر: گہرا۔
غَائِرُ العَیْنَیْن: دھنسی ہوئی آنکھوں والا۔

مَغَارٌ ، مَغَارَة: غار، پہاڑ کی کھوہ۔
مِغْوَار: (۱) دلیر (۲) جنگ جو (۳) تیز رو ج: مَغَاوِیرُ۔
غَوَّزَ الشیٔ تَغْوِیزاً: گیس چھوڑنا (۲) گیس میں تبدیل کرنا۔
غَاز: گیس ج: غَازَات۔
غَاز، جَاز: (۱) پٹرول (۲) مٹی کا تیل۔
غَازٌ ضَحَّاک: ہلکی نیند لانے والی گیس۔
غَازٌ سَامٌّ: زہریلی گیس۔
غَازٌ اَبْیَضُ: پٹرولیم۔
غَازٌ خَانِق: مہلک گیس۔
غَازٌ طَبِیْعِیّ: قدرتی گیس۔
غَازٌ لِلتَّدْفِئَة: ہیٹر آئل۔
غَازٌ لِلوَقُوْد: جلانے والی گیس۔
غَازٌ مُخَدِّر: نشہ آور گیس۔
نُورُ الغَاز: گیس کی روشنی۔
قِنَاعُ الغَازَاتِ السَّامَّة: گیس بچاؤ ٹوپ، گیس بچاؤ نقاب، گیس ماسک۔
مِقْیَاسُ ضَغْطِ الغَازَات: مینومیٹر۔
غَازِیّ: گیس کا، گیس جیسا۔
غَوَّصَ تَغْوِیْصاً: غوطہ دینا، ڈبونا۔
غَاصَ فِی المَاءِ ـُـ غَوْصاً: غوطہ لگانا۔
غَوْص: غوطہ، ڈبکی۔
غَوَّاص: غوطہ زن۔
غَوَّاصَة: غوطہ مار کشتی، غوطہ خور جہاز، آبدوز کشتی ج: غَوَّاصَات۔
مَغَاص: غوطہ گاہ۔
مَغَاصُ اللُّؤْلُؤ: موتی نکالنے کی جگہ۔
غَوَّطَ تَغْوِیْطاً: گہرا کرنا۔
تَغَوَّطَ: قضاء حاجت کرنا۔
غَائِط: پاخانہ (۲) قضائے حاجت۔
غُوْط: گہرائی۔
غَوِیْط: گہرا۔
غَوْغَاء، غَاغَة: نچلے درجہ کے لوگ۔
غَوْغَاء، غَوْغَة: (دا) شور و ہنگامہ۔
غُوْل: جن، بھوت (۲) مصیبت (۳) بھیانک چیز ج: أَغْوَال و غِیْلَان۔
غُوْلَة بھوتنی، چڑیل۔
غَائِلَة: مکار، چالباز (۲) مصیبت ج: غَوَائِلُ۔
غِیْلَة: دھوکہ۔
غَالَهُ ـُـ غَوْلاً و اغْتَالَهُ اغْتِیَالاً: دھوکے سے قتل کرنا، بے خبری میں مار ڈالنا۔
اِغْتِیَال: قاتلانہ حملہ، ناگہانی قتل، اچانک حملہ۔
اِغْتِیَالٌ سِیَاسِیّ: سیاسی قتل۔
غَوَی ـِـ غَیّاً و غَوِیَ ـَـ غَوَایَةً: گمراہ ہونا (۲) مجرم ہونا (۳) ہلاک ہونا۔
غَوَّی، اَغْوَی، اِسْتَغْوَی: گمراہ کرنا۔
غَیّ، اِغْوَاء: گمراہی، بے راہ روی۔
غَاوٍ: گمراہ، دھوکہ باز۔

غ.....ی

غَابَ ـِـ غَیْبُوبَةً: غائب ہونا، چھپنا۔
غَابَ و تَغَیَّبَ عَنْ: غیر حاضری کرنا، غیر حاضر رہنا۔

غَابَ عَنِ الصَّوَاب: ہوش اُڑنا۔
غَابَ الشیُٔ فی الشیٔ: گم ہوجانا۔
غَابَہ ــِ غِیْبَۃً: پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔
غَابَ عَنِ البَال: ذہن سے نکلنا، بھولنا۔
غَابَ عَنْ صَوَابِہ: بے ہوش ہونا۔
غَیْب: پوشیدہ۔
غَیْباً و مَشْھَداً: خلوت وجلوت میں، سامنے اور پیچھے۔
غِیَاب: غیر حاضری (۲) غروب۔
غِیَابِیّاً: غائبانہ۔
حُکْمٌ غِیَابِیّ: فیصلۂ عدم موجودگی ملزم۔
حُوْکِمَ غِیَابِیّاً: اس پر اس کی عدم موجودگی میں مقدمہ چلایا گیا۔
غَیْبُوبَۃ: عدم موجودگی (۲) غفلت۔
غَابَۃ: بانس کا جنگل، گھنا جنگل ج: غَابَات۔
غَائِبٌ بالإجازَۃ: رخصت پر۔
مُغِیْب، مُغِیْبَۃ: بیوی جو شوہر سے الگ ہو۔
عَقَّارٌ مُغَیِّب: بے ہوش کرنے والی دوا۔
مُغْتَاب: چغل خور، پیٹھ پیچھے برائی کرنے والا۔
غَیْث: بارش۔
غَیَّرَ: بدلنا، تبدیل کرنا۔
ــــ علی الجُرْح: زخم کی پٹی بدلنا۔
ــــ مَلَابِسَہُ: لباس تبدیل کرنا۔
ــــ العُمْلَۃَ الأجْنَبِیَّۃَ: غیر ملکی کرنسی بدلنا۔
ــــ المَسَارَ: رُخ پھیرنا، بدلنا۔
ــــ مَسَارَ الطَّائِرَۃ: ہوائی جہاز کا رخ بدلنا۔
ــــ و أغَارَ: تغیر پذیر بنانا۔
غَارَ مِنْہ ــَ غَیْرَۃً: کسی سے غیرت آنا۔
غَارَ عَلَیْہ: کسی پر غیرت آنا (غَارَ فُلانٌ مِنْ فُلانٍ عَلَی امْرَأتِہ)۔
غَایَرَ مُغَایَرَۃً: مخالفت کرنا (۲) مبادلہ کرنا۔
تَغَیَّر: بدلنا، بدل جانا۔
تَغَایَرَتِ الأشْیَاءُ: باہم متغایر ہونا، مختلف ہونا۔
غَیْر: سوا (۲) علاوہ (۳) خلاف، ضد (۴) دوسرا (۵) اجنبی (۶) نہیں۔
غَیْرَ أنَّ: لیکن، مگر یہ کہ، اس کے باوجود، تاہم، پھر بھی۔
غَیْرُ اعْتِیَادِیّ: اسپیشل، غیر معمولی۔
غَیْرُ تَامِّ الصُّنْع: نامکمل، ناپختہ۔
غَیْرُ ثَابِتٍ: لوز، ناپائیدار۔
غَیْرُ جَدِیْدٍ: سیکنڈ ہینڈ۔
غَیْرُ خَاضِعٍ لِلرُّسُوْم: ڈیوٹی فری، جس پر محصول نہ لگتا ہو۔
غَیْرُ خَاضِعٍ لِلْمُکُوس: ڈیوٹی فری، جس پر محصول نہ لگتا ہو۔
غَیْرُ سَائِغ: نامرغوب، ناقابلِ ہضم۔
غَیْرُ صَالِح: ناقابل، نااہل، ان فٹ۔
غَیْرُ طَبِیْعِیّ: غیر معمولی۔
غَیْرُ عَادِل: غیر منصفانہ۔
غَیْرُ عَمَلِیّ: ناقابلِ عمل۔
غَیْرُ عَادِیّ: غیر معمولی۔
غَیْرُ عَصْرِیّ: آوٹ آف ڈیٹ۔
غَیْرُ قَابِلٍ لِلاسْتِعْمَال: ناقابلِ استعمال۔

غَیْرُ قَابِلٍ للاسْتِهْلاک: ناقابلِ صرف۔
غَیْرُ کَافٍ: ناکافی۔
غَیْرُ کُفُوٍ: اَن فٹ، بے جوڑ۔
غَیْرُ لَائِقٍ: نامناسب۔
غَیْرُ مُبَاشِرٍ: ان ڈائریکٹ۔
غَیْرُ مَأْلُوفٍ: نامانوس، ناپسندیدہ۔
غَیْرُ مَبْتُوْتٍ فیه: پینڈنگ میں پڑا ہوا۔
غَیْرُ مُتَوَازِنٍ: غیر متوازن۔
غَیْرُ مُثَقَّفٍ: بے پڑھا لکھا، غیر تعلیم یافتہ، غیر مہذب۔
غَیْرُ مُجْزٍ: ناکافی۔
غَیْرُ مَدْفُوْعٍ: غیر اداشدہ۔
غَیْرُ مُرْتَاحٍ: غیر مطمئن۔
غَیْرُ مُرَخَّص: بے لائسنس۔
غَیْرُ مُسْتَدِیْم: ٹمپریری، عارضی۔
غَیْرُ مُسْتَرِیْحٍ: غیر مطمئن۔
غَیْرُ مُسَدَّدٍ: غیر اداشدہ۔
غَیْرُ مَشْرُوْعٍ: غیر قانونی، ناجائز۔
غَیْرُ مَشْهِیٍّ: نامرغوب۔
غَیْرُ مُصَرَّح به: غیر تصریح شدہ، بے لائسنس۔
غَیْرُ مُصَرَّحٍ بِصَرْفِه: منجمد، جس کے خرچ کی اجازت نہ ہو۔
غَیْرُ مَضْمُوْنٍ: غیر یقینی۔
غَیْرُ مُطَابِقٍ: نامساعد۔
غَیْرُ مُعَبَّأ: کھلا ہوا۔
غَیْرُ مَعْلُوْمِ التَّارِیْخ: بلا تاریخ، جس پر تاریخ نہ ہو۔
غَیْرُ مَفْصُوْلٍ فیه: پینڈنگ میں، جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو۔
غَیْرُ مَقْرُوْءٍ: پڑھا نہ جانے والا، غیر واضح۔
غَیْرُ مُلَائِم: نامساعد۔
غَیْرُ مُمْکِنِ بَیْعُه: ناقابلِ فروخت۔
غَیْرُ مُنْتَظَرٍ: غیر متوقع۔
غَیْرُ مَنْظُور: بے سوچا سمجھا۔
غَیْرُ الْمُنَفَّذِ مِنَ الطَّلَب: بیک آرڈر، غیر تعمیل شدہ فرمائش۔
غَیْرُ مَوْثُوقٍ به: ناقابلِ اعتماد۔
غَیْرُ مُؤَهَّلٍ: اَن فٹ، نااہل۔
لَا غَیْرُ: فقط۔
مِنْ غَیْرِ: بغیر، بلا۔
عَلَی غَیْرِ الْعَادَة: خلافِ معمول۔
غَیْرَة: حمیت، نخوت، جوش۔
غِیَار: تبادلہ۔
قِطَعُ الْغِیَار: فالتو پرزے۔
غَیُوْر و غَیْرَان: غیرت مند، صاحبِ نخوت
ج: غُیُر و غَیَارَی۔
تَغَیُّرٌ جَوْهَرِیّ: بنیادی تبدیلی۔
تَغَیُّرٌ فی خَوَاصِّ الْغِذَاء: غذا کی خاصیت میں فرق آنا۔
تَغَیُّرٌ یُذْکَرُ: قابلِ ذکر تبدیلی۔
تَغْیِیْر: تبدیلی ج: تَغْیِیْرَات۔
تَغْیِیْرٌ فی الظُّرُوْف: حالات میں تبدیلی۔
تَغْیِیْرٌ فی غَیْرِ وَقْتِه: بے وقت تبدیلی۔
تَغْیِیْرَات: تبدیلیاں۔
التَّغْیِیْرَاتُ الْجِذْرِیَّة: بنیادی تبدیلیاں۔
مُغِیْر: حملہ آور۔

مُغَیِّر (نَاقِلُ التُّرُوْس، مُبَدِّلُ السُّرْعَة): گیر شفٹ، موٹر میں رفتار بدلنے والا آلہ۔
مُغَیِّرُ التُّرُوْس: گیر لیور۔
غَیْض: نامکمل بچہ (سِقْط)۔
غَیْضَة: جھاڑی ج: غِیَاض۔
غَاضَ الْمَاءُ ـــ غَیْضاً: پانی خشک ہونا، کم ہونا، زمین میں جذب ہونا۔
غَیْط: کھیت، باغ، میدان ج: غِیْطَان۔
غَیْطَانِیّ: کھیت والا، باغ والا۔
غَاطَ ـــ غَیْطاً فی: داخل ہونا۔
غَیَّظَ تَغْییظاً و غَاظَه ـــ غَیْظاً و أَغَاظَ و غَایَظَ: غصہ دلانا، ناراض کرنا۔
تَغَیَّظَ، اِغْتَاظَ: غصہ آنا، ناراض ہونا۔
مَغِیْظ، مُغْتَاظ: ناراض، برہم۔
غِیْلَة: دھوکہ (دیکھیے غَوْل)۔
غَال: تالا ج: غَالَات (در غَوْل)۔

اِغْتِیَال: اچانک حملہ (در غول)۔
غَیَّمَتِ السَّمَاءُ و غَامَتْ و أَغْیَمَتْ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔
غَیْم: بادل ج: غُیُوْم۔
غَیْمَة: بدلی، ایک بادل۔
غَائِم: ابر آلود۔
غَیَّا الرَّایَةَ: جھنڈا گاڑنا، پرچم لگانا۔
غَیَّا و اَغْیَا و تَغَیَّی الغَایَةَ: مقررہ حد پر پہنچنا۔
غَایَة: (۱) پرچم (۲) حد (۳) کنارہ (۴) مقصد (۵) مُنتہائے کار ج: غَایَات۔
غَایَةُ التَّاجر: سین بورڈ۔
غَایَةٌ شَرِیْفَة: اعلیٰ مقصد۔
لِغَایَةِ کذا: اس حد تک۔
لِغَایَةِ مَا: یہاں تک، تا آنکہ، جب تک۔
لِغَایَةِ مَبْلَغٍ کذا: اس رقم کے اندر اندر۔
لِلْغَایَة: بے حد، بہت، انتہائی۔

ف

ف: پھر (۲) پس (۳) اس وجہ سے (۴) چنانچہ (۵) اس کے بعد۔

یَوْماً فَیَوْماً: دن بدن۔

سَنَةً فَسَنَةً: سال بہ سال۔

ف.....ا

فُؤَاد: دل ج: اَفْئِدَة۔

مِنْ صَمِیْمِ الفُؤَاد: تہِ دل سے۔

فَأْرُ البَیْت: چوہا ج: فِئْرَان۔

فَأْرُ الغَیْط: جنگلی چوہا۔

فَأْس: کلہاڑی (۲) کدال (۳) پھاوڑا ج: فُؤُوْس۔

فَأْل: نیک شگون (ضد شُؤْم) ج: فُؤُوْل۔

تَفَاءَلَ بِه: نیک شگون لینا، اچھا گمان کرنا، پُر امید ہونا، اچھی توقع قائم کرنا۔

تَفَاؤُل: نیک توقع، نیک فال، خوش فہمی، رجائیت۔

مُتَفَائِل: پُر اُمید، اچھی توقع رکھنے والا، خوش فہم، رجائیت پسند۔

فِئَة: گروپ، کیٹا گری، جماعت، گروہ، کلاس، زُمرہ، قسم ج: فِئَات۔

فِئَةُ الکُتَّاب: کلرکوں کا درجہ، جماعت، کلریکل کلاس۔

فِئَةُ النَّقْد: نوٹوں کی قسم جیسے پانچ یا دس وغیرہ (خَمْسَةُ نُقُودٍ من فِئَةِ عِشْرِیْنَ)۔

فِئَةُ النَّاس: لوگوں کا طبقہ، قسم۔

الفِئَاتُ الکَبِیْرَة: بڑے ٹکڑے (سکہ کے)۔

فَازِلِیْن: (مَرْهَمٌ یُصْنَعُ من النِّفْط): ویسلین۔

فَانُوس: (درفنس)۔

فَاوَضَ: (در فَوْض)۔

فَایِظ: نفع، سود (دا)۔

فَایِظْجِیّ: (دا) نفع خور، سود خور۔

ف.....ب

فِبْرَایِر: ماہِ فروری۔

فَبْرِیْقَة: کارخانہ (مع)۔

ف.....ت

فَتِیَّ عَنْ ـَـ فَتَأً: رُکنا، باز آنا۔

مَا فَتِیَّ (مَازَالَ): برابر، مسلسل۔

فَتَّ ـُـ فَتّاً و فَتَّتَ: توڑنا، چورنا، روٹی چورنا، ٹکڑے کرنا۔

فَتَّ فی سَاعِدِه: بازو کو توڑنا، کمزور کرنا۔

فَتَّ وَرَقَ اللَّعِب: تاش کے پتے ملانا، پھینٹنا،

توڑنا۔
تَفَتَّتَ ، اِنْفَتَّ: چورا ہونا، ٹکڑے ہونا۔
فَتَّة ، فَتِيتَة: شوربے میں بھیگی ہوئی روٹی۔
فُتَات ، فَتِيتَة: چورا۔
فَتَحَ ـَ فَتْحاً: کھولنا۔
___ الاِحْتِمَالَاتِ: امکانات پیدا کرنا۔
___ الإرْسَالِيَّاتِ: ڈاک کھولنا۔
___ إعْتِمَادًا: (بینک میں) کھاتہ کھولنا۔
___ اعْتِماداً مَالِيّاً: فنڈ کھولنا، فنڈ قائم کرنا۔
___ بَابَ التَّرَقِّيَ أمَامَ أحَدٍ: ترقی کا دوازہ کھولنا۔
___ بَابَ الحِوَارِ مَعَ: کسی کے ساتھ بات چیت کا آغاز کرنا۔
فَتَحَ البَخْتَ: قسمت بتانا، تقدیر کا لکھا بتانا۔
___ البَصَائِرَ: آنکھیں کھولنا۔
___ الثَّغَرَاتِ: شگاف ڈالنا، رخنے پیدا کرنا۔
___ الحِسَابَ: حساب کھولنا، اکاؤنٹ کھولنا۔
___ خَطَّ السِّكَّةَ الحَدِيْدِيَّة: ریلوے لائن کو چالو کرنا۔
___ مَظَارِيْفَ العَطَاءَات: ٹینڈر کے لفافے کھولنا۔
___ المِلَفَّ: فائل پر کارروائی شروع کرنا۔
___ المَوْضُوْعَ: موضوع پیدا کرنا۔
___ النُّورَ الكَهْرَبِيَّ: بجلی کا سوئچ کھولنا۔
___ عليه: بتانا، بھولے ہوئے کو بتانا، انکشاف کرنا۔
___ اللّٰهُ عَلَيْه: خدا اس کی مدد کرے۔
___ و افْتَتَحَ: آغاز کرنا، افتتاح کرنا۔
___ و افْتَتَحَ البِلَادَ: فتح کرنا۔
___ و افْتَتَحَ المَكَانَ: کسی جگہ کا افتتاح کرنا (۲) سنگِ بنیاد رکھنا۔
___ و افْتَتَحَ المَكْتَبَ الجَدِيْدَ: نیا دفتر کھولنا۔
فَتَّحَ الزَّهْرُ: پھول کھلنا۔
فَاتَحَ: آغاز کرنا، گفتگو میں پہل کرنا۔
تَفَتَّحَ ، اِنْفَتَحَ: کھلنا، وسیع ہونا (۲) کھلنا، شگفتہ ہونا۔
تَفَتَّحَتِ المَدَارِكُ: ذہن کھلنا، وسیع ہونا۔
اِسْتَفْتَحَ: آغاز کرنا، افتتاح کرنا (۲) کھلوانا۔
فُتْحَة: کشادگی (۲) سوراخ ج: فُتَح۔
فَتَّاحَةُ عُلَب: ڈبے کھولنے کی چابی۔
فَتَّاحَةُ قَوَازِيز: بوتلیں اور شیشیاں کھولنے کا پیچ، چابی۔
فَاتِح: پہل کرنے والا، آغاز کنندہ۔
فَاتِحُ البَخْت: قسمت بتانے والا۔
فَاتِحَة: آغاز، ابتداء۔
فَاتِحَةُ الكِتَاب: مقدمہ۔
اِفْتِتَاحٌ رَسْمِيّ: باضابطہ افتتاح۔
اِفْتِتَاحِيّ: افتتاحی، ابتدائی۔
اِفْتِتَاحِيَّة: ایڈیٹوریل۔
اِفْتِتَاحِيَّةٌ (فِي صَحِيْفَة): لیڈنگ آرٹیکل۔
مِفْتَاح ج: مَفَاتِيْح: چابی (۲) ریلوے لائن کا کانٹا بدلنے کا آلہ (سوئچ)۔
مِفْتَاحُ مَسَافَاتِ الاَسْطُر: (ٹائپ رائٹر میں) لائن اسپیس۔

مِفْتَاحُ انْطِلَاقِ العَرَبَة: کیرج لیور۔
مِفْتَاحُ بَدْءِ حَرَكَةِ الأُتُمْبِيل: اسٹارٹر۔
مِفْتَاحُ التَّرْجِيع (فی الآلَةِ الكَاتِبَة): بیک اسپیکر۔
مِفْتَاحُ حَلِّ الأُسْطُوَانَةِ الدَّاخِلِيَّة: پیپر ریلز (ٹائپ رائٹر میں)۔
مِفْتَاحُ حَلِّ الهَامِش: (ٹائپ رائٹر میں) مارجن ریلیز۔
مِفْتَاحُ الشَّفْرَة: خفیہ تحریر کی کنجی، ٹیلیگراف کی کنجی۔
مِفْتَاحُ صَمُوْلَة: چابی جس سے کابلا کھولا جائے۔
المِفْتَاحُ الكَهْرَبَائِيّ: سوئچ۔
مِفْتَاحَجِيّ: ریلوے کانٹا بدلنے والا۔
فَتَرَ ـُ فُتُوراً و تَفَتَّر: ڈھیلا پڑنا (۲) سست پڑنا، تیزی کے بعد ہلکا ہونا (۳) پانی ٹھنڈا ہونا یعنی حرارت ختم ہونا (۴) جسم کا ڈھیلا اور کمزور ہونا۔
فَتَرَ عَنِ العَمَل: کوتاہی کرنا (۲) کام میں سستی کرنا۔
فَتَّرَ و اَفْتَرَ: (۱) سست بنانا (۲) گرم پانی کو ٹھنڈا کرنا۔
اِفْتَرَّ عَنْ: ظاہر ہونا، منکشف ہونا۔
فَتْرَةٌ: (۱) وقفہ، عرصہ، پیریڈ (۲) درمیانی وقت، ہاف ٹائم (۳) صلح (۴) سستی۔
فَتْرَةُ ازْدِهَارِ عُنْفُوَان: جوانی کی بہار کا زمانہ۔
فَتْرَةُ الانْتِقَال: عبوری دور۔
فَتْرَةُ التَّعْتِيم (تُفْرَضُ خِلَالَ غَارَةٍ جَوِّيَّة): بلیک آؤٹ۔
فَتْرَةُ الخُطَّة: منصوبہ کا وقفہ، مدت۔
فَتْرَةٌ دَقِيْقَة: نازک دور۔
فَتْرَةُ الضَّرِيْبَة: وقفۂ انکم ٹیکس۔
فَتْرَةٌ فَاصِلَة: انٹرول۔
فَتْرَةُ المُعَانَاةِ و الآلام: مصائب و آلام کا دور۔
فَتَراتٌ مُتَقَارِبَة: قریب قریب وقفے۔
فی فَتَرَاتٍ مُتَقَطِّعَة: مختلف اوقات میں۔
فُتُور: (۱) سستی، اضمحلال (۲) نیم گرمی۔
فُتُورُ الجِسْم: کمزوری۔
فُتُورُ الوُدِّ أو العَلَاقَات: دوستی یا تعلقات کمزور پڑنا۔
فُتُورُ الهِمَّة: کم ہمتی، پست حوصلگی۔
فَاتِر: (۱) نیم گرم (۲) کم حوصلہ، کم ہمت۔
فَاتِرُ العَزِيْمَة: پست ہمت، کم حوصلہ۔
فَاتُورَة، فَاتُور: (۱) کسی مطلوبہ چیز کا بل، بیجک (۲) نمونہ ج: فَوَاتِيْرُ۔
فَاتُورَةٌ اَصْلِيَّة: اوریجنل بیجک۔
فَاتُورَةٌ قُنْصُلِيَّة: کونسلر فارم۔
فَاتُورَةُ المَصَارِيْف: پرچۂ اخراجات، اخراجات کا بل۔
فَاتُورَةٌ مُصَدَّقٌ عَلَيْهَا: تصدیق شدہ بیجک۔
فَوَاتِيْرُ مُسْتَحِقَّةُ الدَّفْع: واجب الادا بل۔
مُتَفَتِّر: (مُسْتَمِرّ کی ضد) غیر مسلسل، وقتاً فوقتاً ہونے والا، وقفہ دار۔
فَتَّشَ: تحقیق کرنا (۲) معاینہ کرنا، جانچ پڑتال کرنا (۳) مکان وغیرہ کی تلاشی لینا۔

فَتَّشَ عَنْ: تحقیق کرنا، پوچھ تاچھ کرنا۔
فَتَّشَ السِّرَّ: رازافشا کرنا۔
فَتَّاش: تحقیق کنندہ، جانچ کنندہ۔
تَفْتِیْش: تحقیق، تلاش وجستجو، پوچھ تاچھ، جانچ پڑتال، معاینہ، ریسرچ۔
تَفْتِیْشُ الحِسَاب: حساب کی جانچ۔
مُفَتِّش: کنٹرولر، انسپکٹر۔
مُفَتِّشٌ اَوَّلُ: چیف انسپکٹر۔
مُفَتِّشُ التَّذَاکِر: ٹکٹ کنٹرولر، ٹکٹ چیکر۔
مُفَتِّشٌ ثَانٍ: سب انسپکٹر۔
مُفَتِّشُ الضَّرَائِب: ٹیکس انسپکٹر۔
المُفَتِّشُ العَامّ: انسپکٹر جنرل۔
فُتُغْرَافِیَا: (مع) عکسی تصویر (۲) کیمرہ۔
صُوْرَةٌ فُتُغْرَافِیَّة: عکسی تصویر۔
فَتَقَ ـُـ فَتْقاً و فَتَّقَ الثَّوْبَ: کپڑے کے ٹانکے نکالنا، ادھیڑنا (۲) چاک کرنا (۳) چیرنا (۴) بیچ میں سے دوکرنا۔
الحَاجَةُ تَفْتِقُ الحِیْلَةَ: ضرورت تدبیر پیدا کرتی ہے۔
تَفَتَّقَ، انْفَتَقَ: پھٹنا، شق ہونا۔
فَتْقٌ: دراڑ، شگاف ج: فُتُوق۔
فَتِیْق، مَفْتُوق: پھٹا ہوا، چرا ہوا۔
فَتَکَ بِہ ـِـ فَتْکاً: حملہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) گرفت میں لینا۔
فَتَّاک: مُہلک، قاتل۔
فَتَلَ ـِـ فَتْلاً: رسّی وغیرہ کو بٹ دینا، اون وغیرہ کو بٹ دینا، دھاگہ بنانا۔
تَفَتَّلَ، انْفَتَلَ: بٹ چڑھنا۔
فَتْلَة: ایک بٹ۔
فَتَّال: بٹ دینے والا۔
فَتِیْل، فَتِیْلَة: لمپ وغیرہ کی بتی، پٹاخوں کی بتی ج: فَتَائِلُ۔
فَتِیْلُ الجُرُوْح: زخموں پر چڑھائی جانے والی بتی۔
فَتِیْلُ المُفَرْقَعَة: فیوز، پٹاخے کی بتی۔
فَتِیْل، مَفْتُول: بٹا ہوا۔
فَتَائِلُ الانْفِجَار: دھماکہ کی بتیاں، آتشیں فتیلے۔
فَتَائِلُ الانْفِجَارِ المَزْرُوْعَة: پھیلے ہوئے آتشیں فتیلے۔
مَفْتُولُ العَضَل: مضبوط، طاقتور۔
فَتْمَنَة: وٹامن دینا۔
فَتَنَ ـِـ فَتْناً و فَتَّنَ و اَفْتَنَ: گمراہ کرنا (۲) فریفتہ بنانا (۳) آزمائش میں ڈالنا (۴) دیوانہ بنانا (۵) مسحور کرنا۔
فَتَنَهُ عَنْ دِیْنِہ: دین سے ہٹانا۔
فُتِنَ و افْتَتَنَ بِہ: فریفتہ ہونا۔
فِتْنَة: (۱) آزمائش (۲) مصیبت (۳) گمراہی (۴) کفر (۵) ہنگامہ (۶) رسوائی (۷) پریشانی، گھبراہٹ ج: فِتَن۔
فِتْنَةٌ طَائِفِیَّة: فرقہ وارانہ فساد۔
فَتَّان، فَاتِن: فتنہ انگیز، سحر انگیز۔
فَتِیْن، مَفْتُون: دیوانہ، عاشق، گرفتارِ الفت۔
فُتُوَّة: سخاوت، کرم (۲) جوانی، جوانمردی۔
فَتْوَی: قانونی رائے، فقہی رائے، شرعی حکم ج: فَتَاوَی۔
أَفْتَی فِی مَسْئَلَةٍ: شرعی حکم بیان کرنا، قانونی رائے ظاہر کرنا۔

اِسْتِفْتَاء: فتویٰ لینا، شرعی حکم معلوم کرنا (۲) عام لوگوں کی رائے معلوم کرنا (۳) قانونی رائے طلبی، استصواب رائے، رائے شماری، ووٹنگ۔

فَتِیَ ـَ فُتُوّاً و فَتَاءً: جوان ہونا (۲) طاقت ور ہونا۔

فَتًی: نوجوان (۲) لڑکا ج: فِتْیَان و فِتْیَة۔

فَتَاة: لڑکی، گرل، جوان عورت ج: فَتَیَات۔

اِسْتِفْتَاءُ الشَّعْب: ریفرینڈم، عوامی رائے شماری۔

اِسْتِفْتَاءُ النَّاخِبِیْن: رائے شماری، ریفرینڈم۔

اِسْتِفْتَاءٌ عَامٌّ و شَامِلٌ: عام رائے شماری۔

المُسْتَفْتَی عَلَیْه: وہ مسئلہ جس پر رائے شماری کی گئی ہو۔

ف.....ج

فَجَاهُ ـَ فَجْأَةً و فَاجَأَهُ مُفَاجَأَةً: اچانک آنا۔

فُوجِئَ بِشَیْءٍ: دوچار ہونا، یکا یک معلوم ہونا۔

فَجْأَة، فُجَاءَةً: اچانک۔

فُجَائِیّ، فَاجِئٌ، مُفَاجِئٌ: ہنگامی، اچانک پیش آنے والا، غیر متوقع، اتفاقی۔

مُفَاجَأَة: ہنگامی صورتِ حال، نئی بات، ناگہانی واقعہ یا صورتِ حال۔

فَجٌّ، فُجَاجٌ: دو پہاڑوں کا درمیانی راستہ۔

فِجٌّ: ناپختہ، کچا۔

فَجَرَ ـُ فَجْراً و فَجَّرَ تَفْجِیْراً: پانی جاری کرنا، نہر وغیرہ نکالنا (۲) پھاڑنا، دھماکہ کرنا، دھماکہ خیز بنانا۔

فَجَرَ ـُ فُجُوراً و أَفْجَرَ: بدکار ہونا، گنہگار ہونا (۲) زنا کرنا۔

فَجَّرَ الثَّوْرَةَ: انقلاب برپا کرنا۔

فَجَّرَ الفَضَائِحَ: رسوا کن امور کا انکشاف کرنا۔

فَجَّرَ قَنَابِلَ دُخَانٍ: دھوئیں کے گولے چھوڑنا۔

فَجَّرَ المَوْقِفَ: صورتِ حال کو دھماکہ خیز بنانا، صورتِ حال بگاڑنا۔

فَجَّرَ الوَضْعَ الأَمْنِیَّ: امن کی صورتحال کو خراب کرنا۔

اِنْفَجَرَ و تَفَجَّرَ المَاءُ: پانی جاری ہونا، نہر وغیرہ جاری ہونا (۲) دھماکہ ہونا، بھرسٹ ہونا، پھٹنا۔

اِنْفَجَرَ الخِلَافُ فَجْأَةً: اچانک اختلاف پیدا ہو جانا۔

اِنْفَجَرَتِ الاِشْتِبَاکَاتُ: فسادات پھوٹ پڑنا۔

اِنْفَجَرَتِ القَنَابِلُ فِی مَکَانٍ: کسی جگہ بموں کا دھماکہ ہونا۔

اِنْفَجَرَتِ المَعْرَکَة: لڑائی چھڑنا۔

اِنْفَجَرُتْ یَنَابِیْعُ الشَّیْءِ من کذا: کسی شے کے سوت اُبلنا۔

اِنْفَجَرَ غَضَباً: غصہ سے بھڑکنا۔

اِنْفَجَرَ النِّزَاعُ: جھگڑا اٹھ کھڑا ہونا۔

اِنْفَجَرَ النَّاسُ عَلَی: ٹوٹ پڑنا، دھاوا بولنا۔

فَجْرٌ: طلوع، آغاز، صبح، اُجالا۔

فُجُوْر: بدکاری، زنا۔
اِنْغَمَسَ فی الفُجُوْر: گناہ میں مبتلا ہونا۔
فَاجِرَة: زانیہ، فاحشہ۔
اِنْفِجَار: دھماکہ ج: اِنْفِجَارَات۔
اِنْفِجَارٌ ذَرِّیّ: ایٹمی دھماکہ۔
تَفْجِیْرٌ ذَرِّیّ: ایٹمی دھماکہ۔
اِنْفِجَارِیّ، مُتَفَجِّر: دھماکہ خیز۔
المُتَفَجِّرَات: دھماک خیز اشیاء، آتشگیر مادے۔
فَجَعَ ـَـ فَجْعاً: دل دُکھانا، تکلیف دینا۔
فُجِعَ فی کَذا أوْ بِکَذا: اسے فلاں چیز سے تکلیف پہنچی۔
تَفَجَّعَ: دردمند ہونا، دکھی ہونا۔
فَجُوْع، فَاجِع: دردناک، اندوہناک، دل دوز، بے دردانہ۔
فَاجِعَة: مصیبت، تکلیف دہ حادثہ ج: فَوَاجِعُ۔
فَجِیْعَة ج: فَجَائِعُ: مصیبت، اندوہناک حادثہ۔
اَفْجَعُ: انتہائی بے دردانہ۔
فُجُلّ: مُولی و: فُجْلَة۔
فَجْوَة: کشادگی، دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ یا کشادہ جگہ، کھلی جگہ، خلاء، گیپ، کھائی، گڑھا، خلیج ج: فَجَوَات۔
فَجَا ـُـ فَجْواً: کھولنا، کشادہ کرنا۔

ف.....ح

فَحَّ الثُّعْبَانُ ـُـ فَحّاً: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحِیْحُ الأَفْعَی: سانپ کی پھنکار۔
فَحَتَ: (دا) کھودنا۔
فَحُشَ ـُـ فَحَاشَةً: بُرا ہونا (۲) بداخلاق و قابلِ مذمت ہونا (۳) حد سے بڑھا ہوا ہونا (۴) عورت کا بدکار ہونا۔
اَفْحَشَ و فَاحَشَ فِی الکَلَام: بدکلامی کرنا۔
فُحْشٌ: قباحت، برائی۔
فُحْشُ القَوْل: بُری اور گندی بات، سخت بات۔
فَحْشَاء، فَاحِشَة: (۱) بدکاری، گناہ (۲) زنا (۳) انتہائی مذموم حرکت ج: فَوَاحِشُ۔
اِرْتَکَبَ الفَحْشَاءَ: گناہ کرنا، جرم کرنا۔
فَاحِشَة: زانیہ۔
فَاحِش: سخت، زبردست، ناقابل تسلیم، مذموم، بد، بُرا۔
فَحَصَ ـَـ فَحْصاً: جانچنا، ٹسٹ کرنا (۲) معاینہ کرنا (۳) حسابات کی جانچ کرنا (۴) پیشاب وغیرہ کا ٹسٹ کرنا۔
فَحَصَهُ بِدِقَّةٍ: مکمل طور پر جانچ کرنا۔
فَحَصَ بالمِسْمَاع: اسٹیتھسکوپ سے دیکھنا۔
فَحَصَ البَوْلَ: پیشاب ٹیسٹ کرانا، کرنا۔
فَحَصَ و تَفَحَّصَ: تحقیق کرنا، جانچ پڑتال کرنا۔
فَحْص: جانچ، معاینہ، تحقیق و تفتیش، ریسرچ، چیکنگ، سروے، ایگزامنیشن، ٹیسٹنگ، چیک اَپ ج: فُحُوْص و فُحُوْصَات۔
فَحْصُ الحِسَابَات: حسابات کی جانچ۔
فَحْصُ الحَقَائِب: بکسوں کی جانچ۔
فَحْصُ الدَّفَاتِر: رجسٹروں کی جانچ۔

فَحْصُ الدَّم: بلڈ ٹیسٹ، خون کا ٹیسٹ۔
فَحْصٌ جِسْمَانِيٌّ عَامٌّ: چیک اَپ۔
فَحْصٌ شَامِل: مکمل سروے۔
فَحْصٌ طِبِّي: طبی تحقیق، طبی معاینہ، جانچ۔
فَحْصٌ عَامٌّ: جنرل سروے۔
فَاحِصٌ: جانچنے والا، معاینہ کرنے والا، ٹسٹ کنندہ، ایگزامینر (۲) انسپکٹر (۳) تجسس آمیز۔
فَاحِصُ حِسَابَات: حسابات چیک کرنے والا، آڈیٹر حسابات۔
فَحْل: سانڈ ج: فُحُوْل۔
فَحْلٌ و أُنْثٰى: نر و مادہ۔
شَاعِرٌ فَحْلٌ: زبردست شاعر، قادر الکلام شاعر۔
فَحْلَة: مردوں کی سی خصلت رکھنے والی عورت۔
فُحُولُ العُلَمَاء: زبردست علماء، بلند پایہ علماء۔
اِسْتَفْحَلَ الأَمْرُ: (۱) سنگین ہونا، قوی ہونا (۲) بڑا اور اہم ہونا۔
اِسْتَفْحَلَ الخِلَافُ: اختلاف بڑھنا۔
اِسْتَفْحَلَ النِّزَاعُ: جھگڑا بڑھ جانا۔
فَحَمَ ـَـ فَحْماً و فُحُوْماً: لاجواب ہونا، ساکت وخاموش ہونا۔
فَحَمَ، فُحِمَ، أُفْحِمَ بالبُكَاء: روتے روتے خاموش ہو جانا۔
فَحُمَ ـُـ فَحَامَةً: سیاہ ہونا، کالا ہونا۔
أَفْحَمَ الخَصْمَ: مخاطب کو دلیل سے خاموش کرنا، لاجواب کر دینا۔
فَحَّمَ تَفْحِيْماً: کالا کرنا (۲) کوئلہ بنانا۔

فَحْمٌ نَبَاتِيٌّ: کوکلر و: فَحْمَة۔
فَحْمٌ عُضْوِيٌّ: کاربن۔
فَحْمٌ حَجَرِيٌّ أو مَعْدِنِيٌّ: پتھر کا کوئلہ، معدنی کوئلہ۔
قَلَمُ فَحْم: کالی پنسل۔
فَحْمَة: کوئلہ کا ٹکڑا ج: فِحَام و فُحُوم۔
فَحْمِيٌّ: کوئلہ کا (۲) کالا۔
جَمْرَةٌ فَحْمِيَّة: بھیڑ تپ، بھیڑوں یا مویشیوں کا طحالی بُخار۔
فَحِيْم، فَاحِم: سیاہ فام، بالکل کالا۔
فَحَّام: کوئلہ فروش۔
مُفْحِم: مُسکت، لاجواب کنندہ۔
جَوَابٌ مُفْحِم: مُسکت جواب۔
فَحْوَى، فَحْوَاء: مصداق (۲) مطلب، مقصد، خلاصہ (۳) معنی۔

ف.....خ

فَخٌّ: پھندا (۲) جال (۳) ذریعۂ شکار (۴) چال ج: فُخُوْخ و فِخَاخ۔
وَقَعَ فِي فَخٍّ: جال میں پھنسنا۔
فَخَتَ ـَـ فَخْتاً: سوراخ کرنا۔
فَاخِتَة: فاختہ، ایک پرندہ ج: فَوَاخِتُ۔
فَخِذ: ران ج: أَفْخَاذ۔
فَخَرَ ـَـ فَخْراً و افْتَخَرَ: فخر کرنا، ناز کرنا، فوقیت جتانا۔
اِفْتَخَرَ و تَفَاخَرَ بِكَذَا: فخر کرنا، نازاں ہونا۔
فَخِرَ ـَـ فَخَراً و تَفَخَّرَ: بڑائی کرنا۔
فَاخَرَهُ مُفَاخَرَةً: کسی پر فوقیت لے جانا، کسی کے مقابلے میں فخر کرنا۔
اِسْتَفْخَرَهُ: قابلِ فخر سمجھنا، شاندار سمجھنا۔

فَخر ، فُخرة، فَخار: اعزاز، سربلندی۔
فَخرِیّ: اعزازی۔
عُضوٌ فَخرِیّ: اعزازی ممبر۔
فَخُور ، فَخِیر: نازاں، فخر کنندہ۔
فَخّار: پکی ہوئی مٹی، ٹھیکرا۔
أوَانٍ فَخّارِیَّة: مٹی کے برتن۔
فَخّارِیّ ، فَخرَانِیّ (دا)، فَاخُورِیّ: مٹی کے برتن بنانے والا، کمہار۔
اِفتِخَار: سُرخ روئی، سربلندی۔
فَاخِر ، مُفتَخَر: قابلِ فخر، قابلِ عزت (۲) شاندار، بھڑکدار، پرشکوت، ڈیلکس، فینسی، نفیس۔
وَلِیمَةٌ فَاخِرَة: پُرتکلف دعوت۔
فَاخُورَة: مٹی کے برتن بنانے کا کارخانہ (دا)۔
مَفخَرَة: کارنامہ، قابلِ فخر کام ج: مَفَاخِرُ۔
مُفتَخِر: نازاں۔
فَخَّمَ تَفخِیماً: تعظیم کرنا، بڑا رُتبہ دینا۔
فَخُمَ ـُـ فَخَامَةً: عظیم الشان ہونا (۲) زبردست ہونا، بھاری بھرکم ہونا۔
فَخِم: شاندار، ڈیلکس (۲) زبردست (۳) عظیم، بڑا۔
فَخَامَة: عظمت، شان وشوکت (۲) لقب جو مضاف ہوکر استعمال ہوتا ہے: عالیجناب، عزت مآب۔
مُفَخَّم: زبردست، بڑا، شاندار۔

ف ..... د

فَدَحَ ـَـ فَدْحاً: گرانبار بنانا۔
فَادِحٌ: گرانبار، بوجھل، دشوار۔
فَادِحَة: مصیبت ج: فَوَادِح۔
خَسَارَةٌ فَادِحَة: زبردست نقصان۔
مَطَالِبُ فَادِحَة: بھاری مطالبات۔
فَدَاحَة: گرانباری۔
فَدَخَ ـَـ فَدْخاً: توڑنا۔
فَدَّنَ: موٹا بنانا۔
فَدَّانُ بَقَرٍ: بیلوں کا جوڑا جو ہل وغیرہ میں ایک ساتھ جُتا ہوا ہو۔
فَدَّانُ أرْضٍ: ایک ایکڑ زمین (تقریباً ۴ ہزار مربع میٹر)۔
فَادِن: معمار کا سائل جس سے چُنائی کی یکسانیت کو دیکھا جاتا ہے ج: فَوَادِن۔
فَدَى ـِـ فِدَاءً: فدیہ دینا، مال دے کر جان چھڑانا۔
فَدَاهُ بِحَیَاتِه ـِـ فِدَاءً: جان نثار کرنا۔
تَفَادَى من کذا: بچنا، گریز کرنا۔
فِدًى ، فِدْیَة ، فِدَاء: مالِ فدیہ۔
فِدَاء: جان نثاری، قربانی۔
فِدَائِیّ: رضا کار (جنگی رضا کار)، جانباز سپاہی، گوریلا ج: فِدَائِیُّون۔
فِدَائِیَّة: جانبازی، قربانی۔
فَادٍ: بخت دہندہ، جان چھڑانے والا۔

ف ..... ذ

فَذٌّ: اکیلا، تنہا، یکتا، بے مثال ج: أفْذَاذ و فُذُوذ۔
فَذْلَكَة: خلاصہ، لُبِّ لباب۔

ف ..... ر

فَرْث: گوبر جو اوجھ میں بھرا ہو ج: فُرُوث۔
فَرَجَ ـِـ فَرْجاً و فَرَّجَ بَیْنَ الشَّیْئَیْن: فصل کرنا، کشادگی پیدا کرنا (۲) کھولنا۔

فَرَجَ عَنْهُ: راحت پہنچانا، سکون عطا کرنا، تکلیف زائل کرنا، مصیبت دور کرنا، رہا کرنا۔

فَرَّجَ: (دا) تماشہ دکھانا۔

اَفْرَجَ عَنِ المَکَان: چھوڑنا۔

اَفْرَجَ عنه: رہا کرنا، آزاد کرنا۔

تَفَرَّجَ، انْفَرَجَ: (ا) کُھلنا (۲) غم زائل ہونا (۳) تکلیف دور ہونا۔

تَفَرَّجَ عَلَی: تماشہ دیکھنا (۲) مشاہدہ کرنا۔

اِنْفَرَجَ: کشادہ اور وسیع ہونا۔

فُرُج: بات محفوظ نہ رکھنے والا، بھانڈا پھوڑ۔

فَرْجٌ: کشادگی، فراخی، وسعت۔

فَرْجُ الاُنْثَی: عورت کی شرمگاہ ج: فُرُوج۔

فَرْجٌ، فُرْجَة: سوراخ، چھید، گیپ، وسعت، درمیانی فاصلہ۔

فُرْجَة: (دا) تماشا، ہنسی کی بات۔

فَرَارُجِیّ: (دا) مرغیاں پالنے والا۔

فَرُّوج، فَرُّوْجَة: (دا) مرغی کا بچہ ج: فَرَارِیْجُ۔

تِفْرِجَة: سوراخ، جھروکا، روشن دان (۲) خلا ج: تَفَارِیْجُ۔

مُتَفَرَّج: تماشبین۔

مُنْفَرِج: کشادہ۔

فِرْجَار: پرکار (مع)۔

خَطٌّ فِرْجَارِیّ: گول خط، گول لکیر۔

فِرْجَاطَة: (مع) جنگی جہاز (بحری)۔

فِرْجَوْن: جانوروں کے بدن پر پھیرنے کا برش (۲) برش۔

فَرِحَ ـَ فَرَحاً: خوش ہونا۔

فَرَّحَ تَفْرِیْحاً: خوش کرنا۔

فَرِحٌ، فَرْحَان: خوش، شاداں۔

فَرَحٌ: خوشی (۲) شادی ج: أَفْرَاح۔

رَقَصَ فَرَحاً: خوشی سے ناچنا۔

فَرْحَةٌ غَامِرَة: زبردست خوشی۔

مُفْرِحٌ: خوش کن، مسرّت بخش۔

فَرَّخَ و أَفْرَخَ النَّبَاتُ: گھاس اُگنا۔

فَرَّخَ الطَّائِرُ: پرندہ کا بچہ نکالنا۔

فَرَّخَ البَیْضُ: انڈے کا بچہ سے الگ ہونا۔

فَرْخٌ: پرندہ کا بچہ ج: أَفْرَاخ و فُرُوخ۔

فَرْخُ وَرَق: کاغذ کا ایک شیٹ۔

فَرْخَة: مرغی ج: فِرَاخ۔

فِرَاخ: (دا) مرغیاں (۲) پالتو پرندے۔

فَرُدَ ـُ فَرُوْداً: اکیلا اور یکتا ہونا۔

فَرَدَ ـُ فُرُوْداً عَنْ: الگ ہونا، علیحدہ ہونا۔

فَرَدَ: پھیلانا، کھولنا (ضد مَدَّ و طَوَی)۔

أَفْرَدَ الشیٔ: علیحدہ کرنا، الگ کرنا۔

أَفْرَدَ بَاباً لکذا: کتاب کا حصہ خاص کرنا۔

تَفَرَّدَ و انْفَرَدَ بِالعَمَل: کسی کام کو تنہا کرنا، کسی کام میں مفرد ہونا۔

تَفَرَّدَ: یکتا و بے مثل ہونا۔

اِنْفَرَدَ بِالسُّلْطَة: تنہا اقتدار کا مالک ہونا، تنہا اقتدار حاصل کرنا۔

اِسْتَفْرَدَهُ: تنہا پانا، منفرد پانا (۲) کسی کام کو تنہا کرنا۔

فَرْدٌ: ایک (۲) طاق (۳) مُفرد (۴) شخص ج: اَفْرَاد۔

فَرْدٌ ، فَرْدة: جوڑے کا ایک فرد۔
فَرْدٌ ، فَرِيْد: بے نظیر، یکتا۔
فَرْدٌ: (دا) پستول۔
فَرْدٌ بِسَاقِيَةٍ: ریوالور۔
فَرْدٌ بِمُشْطٍ: آٹومیٹک پستول۔
فَرْداً فَرْداً: ایک ایک، تنہا تنہا۔
عَدَدٌ فَرْدٌ أَوْ فَرْدِيّ: طاق عدد۔
فُرَاداً ، فُرَادَى: ایک ایک۔
فَرِيْد: یکتا، تنہا، بے مثل۔
فَرِيْدَة: یکتا موتی، قیمتی موتی ج: فَرَائِدُ۔
فَرِيْدَةُ وَرَقٍ: (۲۴ فَرْخاً) کاغذ کا ایک دستہ۔
اِنْفِرَاد: تنہائی۔
عَلَى انْفِرَادٍ: تنہا۔
مُفْرَد: ایک، سنگل (ضد جَمع)۔
بِمُفْرَدِهِ: تنہا، بلا مددگار۔
مُفْرَدَات: آئیٹم، تفصیلات، الفاظ، کلمات۔
مُفْرَدَاتُ المِيْزَانِيَّة: بجٹ آئٹم۔
مُنْفَرِد: اکیلا، علیحدہ، تنہا۔
فِرْدَوْس: جنّت، باغ ج: فَرَادِيْس۔
فَرَّ ـِ فَرّاً و فِرَاراً: بھاگنا، فرار ہونا۔
فَرَّ إِلَى جَانِبِ العَدُوّ: دشمن سے ملنا۔
اَفَرَّ: بھگانا، فرار کرنا۔
اَفَرَّ الوَلَدُ: بچے کے دودھ کے دانت گر کر نئے دانت نکلنا۔
اِفْتَرَّ: مسکرانا۔
اِفْتَرَّ الثَّغْرُ: دانت کھلنا۔
اِفْتَرَّ البَرْقُ: بجلی چمکنا۔
لَاذَ بِالفِرَار: راہِ فرار اختیار کی۔

فَرَّار: پارہ (زِئبق)۔
فَرَّار ، فَارّ: بھاگنے والا۔
مَفَرّ: راہِ فرار۔
لَا مَفَرَّ مِنْهُ: چھٹکارا نہیں۔
فَرَزَ ـِ فَرْزاً و اَفْرَزَ: جدا کرنا (۲) چھٹائی کرنا (۳) پرکھنا۔
فَرْزٌ: علاحدگی (۲) ڈاک وغیرہ کی چھٹائی، شرٹنگ۔
فَرْزُ الخِطَابَات: خطوط کی چھٹائی، شرٹنگ۔
فَرْزُ و فِرْزَانُ الشِّطْرَنْج: شطرنج کی رانی۔
فَرْزَة: سخت زمین کا شگاف۔
فَرَّازُ الحَلِيْب: کریم نکالنے کی مشین۔
إِفْرِيْز: کارنس ج: أَفَارِيز۔
مَفْرَزَة: (جَمَاعَةٌ مِنَ الجُنْد يُنَاطُ بِها أَدَاءُ مُهِمَّةٍ مَّا) پارٹی ج: مَفَارِز۔
مَفْرُوْز: علیحدہ کیا ہوا، چھانٹا ہوا۔
فَرَسَ ـِ فَرْساً و افْتَرَسَ: (۱) شکار کرنا (۲) پھاڑ کھانا (۳) مار ڈالنا۔
فَرَسَ ـِ فِرَاسَةً: بھانپنا، تاڑنا، سمجھنا۔
فَرَسَهُ و تَفَرَّسَ فِيْه: غور سے دیکھنا، پہچاننے کی کوشش کرنا۔
فَرُسَ ـُ فُرُوْسَةً و فُرُوْسِيَّةً: شہسوار ہونا، گھوڑوں کا ماہر ہونا۔
فَرَس: (۱) گھوڑا (۲) گھوڑی ج: أَفْرَاس۔
فَرَسُ الرِّهَان: ریس کا گھوڑا، دوڑ میں شرط لگایا ہوا گھوڑا۔
فُرْس: ملک فارس کے رہنے والے و: فَارِسِيّ۔
بِلَادُ الفُرْس: ملک ایران۔
فَارِسٌ: گھوڑا سوار، شہسوار، مردِ میدان ج:

فُرْسَان۔
فَرَاسَة ، فُرُوسَة ، فُرُوسِيَّة: گھوڑا سواری، شہسواری۔
فِرَاسَة: سمجھ، دانائی، ہوشیاری۔
فَرِيْسَة: شکار، وہ جانور جسے درندے کھاتے ہیں ج: فَرَائِسُ۔
مُفْتَرِسٌ: خونخوار، درندہ۔
فَرْسَخ: ۳ ۱/۴ میل انگریزی ج: فَرَاسِخ۔
فَرَشَ ـُـ فَرْشاً و فِرَاشاً و افْتَرَشَ: بچھانا۔
فَرَشَ: (دا) جھوٹ بولنا۔
فَرَشَ الْمَنْزِلَ: مکان میں فرنیچر لگانا، سامان سے آراستہ کرنا، فرش بچھانا۔
فَرَشَ و فَرَّشَ الأَرْضَ: زمین پر پلاسٹر کرنا (۲) فرش لگانا۔
فَرَّشَ الثِّيَابَ: (دا) کپڑوں پر بُرش پھیرنا۔
فَرْش: بچھانے کا کپڑا، بستر۔
فَرْشُ الْبَيْت: فرنیچر، گھر کا سامان۔
فَرْش: (دا) بنیاد۔
فَرْشُ الْبَائِعِ الْمُتَجَوِّل: پھیری والے کا خوانچہ۔
فَرْشَة ، فِرَاش: گدا، بیڈ ج: فُرُش و أَفْرِشَة۔
فَرْشَةُ قَشّ: (طَرَّاحَة) پھونس بھرا ہوا گدا۔
طَرِيْحُ الفِرَاش: صاحبِ فراش، بیمار۔
فُرْشَة ، فُرْشَاة: برش ج: فَرَاشٍ۔
فُرْشَةُ الثِّيَاب: کپڑے صاف کرنے کا برش۔
فُرْشَةُ الأَسْنَان: دانتوں کا برش۔
فُرْشَةُ الْبُوْدَرَة: پاؤڈر برش۔
فُرْشَةُ الْحِلَاقَة: حجامت کا برش۔
فُرْشَةُ الْبُوْيَة: پالش برش، روغن برش۔
فُرْشَةُ رِيْش: باریک برش (پروں کا)۔
فَرَّاش: خادم، چپراسی، فرنیچر لگانے والا۔
فَرَاشَة: تتلی ج: فَرَاشٌ و فَرَاشَات۔
مِفْرَشُ السَّرِيْر: پلنگ پوش۔
مِفْرَشُ السُّفْرَة: دسترخوان، میز پوش۔
مَفْرُوْش: پھیلا ہوا (۲) بچھا ہوا (۳) فرنیچر اور سامان سے آراستہ (۴) پختہ بنا ہوا۔
مَفْرُوْشَات: گھریلو سامان، فرنیچر۔
فُرْشِيْنَة: بالوں کا کلپ۔
فَرَصَ ـُـ فَرْصاً: کاٹنا، پھاڑنا۔
اِفْتَرَصَ الفُرْصَةَ: موقع پانا۔
فُرْصَة: موقع (۲) وقت (۳) چانس (۴) تعطیل ج: فُرَص۔
فُرْصَةٌ مُتَاحَة: فراہم شدہ موقع۔
فُرْصَةٌ مُتَكَافِئَة: حاصل شدہ موقع، فراہم شدہ موقع۔
فُرْصَةٌ مُوَاتِيَة: مناسب موقع۔
فُرْصَةٌ نَادِرَة: نادر موقع۔
الفُرْصَةُ لِلدِّرَاسَة: غور کرنے کا موقع۔
إِعْطَاءُ الفُرْصَة: موقع دینا۔
اِنْتِهَازُ الفُرْصَة: موقع سے فائدہ اُٹھانا۔
تَضْيِيْعُ الفُرْصَة: موقع کھونا۔
فَرِيْصَة: مونڈھے اور پہلو کے درمیان کا گوشت جو خوف و گھبراہٹ کے وقت حرکت کرنے لگتا ہے۔

اِرْتَعَدَتْ فَرَائِصُهُ: وہ لرزا، گھبرایا۔

فَرَضَ ـِ فَرْضاً: ضروری قرار دینا (۲) فرض کرنا (۳) مقرر کرنا (۴) حصہ مقرر کرنا (۵) فرض کر لینا یعنی تصور کر لینا (۶) سر مڑھنا، کسی کی بلا منشا کوئی کام سپرد کرنا۔

___ الأَحْكَامَ العُرْفِيَّةَ عَلَى البِلَادِ: مارشل لا نافذ کرنا۔

___ الإِرَادَةَ على: مرضی تھوپنا، کسی پر اپنی رائے مُسلّط کرنا۔

___ الحِرَاسَةَ على شئ: نگرانی قائم کرنا، پہرہ بٹھانا۔

___ الحِصَارَ عَلَى المَوَانِئ: بندرگاہوں پر پابندی لگانا۔

___ الحَظْرَ على: پابندی عائد کرنا۔

___ خَظْرَ التَّجَوُّل: کرفیو لگانا۔

___ الرَّقَابَةَ على: سنسر قائم کرنا، نگرانی عائد کرنا۔

فَرَضَ الضَّرَائِبَ على: ٹیکس لگانا۔

___ الطَّابَعَ الأَمْرِيكِيَّ: امریکی طرز لاگو کرنا۔

___ العُقُوبَاتِ على المُعْتَدِي: حملہ آور کو سزا دینا۔

___ القَرَارَ عَلَى الدَّوْلَة: ملک پر فیصلہ کو تھوپنا۔

___ القُيُودَ عَلَى الجَرِيدَة: اخبار پر پابندیاں لگانا۔

___ المُقَاطَعَةَ: بائیکاٹ کرنا۔

___ النِّظَامَ الإِقْطَاعِيَّ: جاگیرداری نظام قائم کرنا۔

___ النِّظَامَ عَلَى: ڈسپلن قائم کرنا۔

___ الهَيْبَةَ عَلَى: رعب قائم کرنا، دھاک بٹھانا۔

___ وافْتَرَضَ الأَحْكَامَ: فیصلے کرنا، قوانین بنانا۔

فَرْضٌ و فَرِيضَة: فرض اور ضروری قرار دیا ہوا کام، فریضہ ج: فُرُوض و فَرَائِض۔

فَرْضٌ مَدْرَسِيّ: ہوم ورک، اسکول کا کام جو گھر میں کیا جائے۔

فَرْضٌ مَنْزِلِيّ: گھریلو کام، ہوم ورک۔

عَلَى فَرْضِ أَنْ .....: بالفرض۔

فَرْضِيّ: اندازہ کی ہوئی چیز، فرض کیا ہوا۔

اِفْتِرَاضَات: مفروضات۔

مَفْرُوض: مقدر (۲) واجب (۳) مقرر۔

فَرَطَ ـُ فَرْطاً و فُرُوطاً: آگے بڑھنا، سبقت کرنا۔

فَرَطَ مِنْهُ كذا: سرزد ہونا، جلدی میں زبان سے بات نکلنا (۲) فعل سرزد ہونا۔

فَرَطَ مِنْهُ الشئُ: ضائع ہونا، ہاتھ سے نکلنا۔

فَرَطَ فُلَانٌ وَلَداً: کسی کی چھوٹی اولاد مر جانا۔

فَرَّطَ: ضائع کرنا۔

فَرَّطَ فِي: غلط استعمال کرنا (۲) کوتاہی کرنا (۳) ترک کرنا (دا)۔

فَرَّطَ و اَفْرَطَ: حد سے بڑھنا۔

اِنْفَرَطَ: ڈھیلا ہونا۔

اِنْفَرَطَ عَقْدُ الاجْتِمَاع: جلسہ ختم ہونا۔

فَرْط: شدّت، حد سے تجاوز۔

فَرْطُ الإِحْسَاس: شدّتِ احساس۔
فَرْطٌ: (ذا) فائدہ مال، نفع۔
مُفْرِطٌ: حد سے بڑھنے والا۔
مُفَرِّط: فضول خرچ۔
فَرْطَحَة: پھیلانا (۲) چوڑا کرنا۔
فَرَّعَ المَسَائِلَ مِنَ الأَصْل: کسی اصل سے جُزئی مسائل نکالنا۔
فَرَّعَ الشَّجَرُ: درخت کی شاخیں نکلنا۔
تَفَرَّعَ: پھیلنا، شاخیں نکلنا۔
فَرْع: شاخ، ضد أَصْل (۲) برانچ، سیکشن (۳) حصّہ، جزء ج: فُرُوع۔
فَرْعٌ مَحَلِّيٌّ مِنْ مُنَظَّمَةٍ: کسی تنظیم کی لوکل شاخ۔
فَرْعِيّ: (۱) شاخ کا، شاخ سے متعلق (۲) جُزئی۔
فَرَعَ ـَـ فَرْعاً: بلندی پر چڑھنا۔
فَارِع: لمبا۔
مُتَفَرِّعَات: جزئیات۔
فَرْعَنَة: چالباز و مکار ہونا، مغرور ہونا۔
تَفَرْعَنَ: مغرور و چالباز ہونا۔
تَفَرْعَنَ النَّبَاتُ: گھاس کا لمبا اور مضبوط ہونا۔
فَرَغَ ـُـ فَرَاغاً: خالی ہونا، فارغ ہونا (۲) ختم ہونا۔
فَرَغَ الصَّبْرُ: صبر کی طاقت نہ رہنا۔
فَرَغَ مِنْ جَدْوَلِ الأَعْمَال: ایجنڈے سے فارغ ہونا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ: خالی کرنا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ الشَّحْنَةَ: جہاز وغیرہ سے سامان اُتارنا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ حُمُولَةَ الطَّائِرَة: ہوائی جہاز سے سامان اتارنا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ البِضَاعَةَ إلى البَرّ: خشکی پر سامان اُتارنا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ المَاءَ: پانی انڈیلنا، نکالنا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ فی قَالَب: سانچہ میں ڈھالنا۔
فَرَّغَ و أَفْرَغَ و اسْتَفْرَغَ: ختم کرنا۔
اِسْتَفْرَغَ: قے کرنا۔
اِسْتَفْرَغَ مَجْهُودَه: طاقت صرف کرنا۔
تَفَرَّغَ مِنَ العَمَل: کام سے سبکدوش ہونا۔
تَفَرَّغَ لِلْأَمْر: کسی کام کے لئے وقت نکالنا، تیار ہونا (۲) کسی کام کے لئے وقف ہونا۔
فَرَاغ: خالی جگہ، خلا ج: فَرَاغَات۔
فَرَاغٌ مِنَ العَمَل: بے کاری۔
وَقْتُ الفَرَاغ: فرصت کا وقت۔
فَارِغ: خالی (۲) بے مغز، بے فائدہ۔
اِمْرَأَةٌ فَارِغَة: غیر شادی شدہ عورت۔
مَفْرُوغٌ مِنْهُ: ختم شدہ۔
فَرَقَ ـُـ فَرْقاً بَيْنَ: جدائی کرنا، فرق کرنا، دو چیزوں میں امتیاز کرنا (۲) چیرنا۔
فَرِقَ ـَـ فَرَقاً: گھبرانا، ڈرنا۔
فَرَّقَ: (۱) جدا کرنا (۲) منتشر کرنا (۳) برباد کرنا (۴) تیرہ تین کرنا (۵) ڈرانا۔
فَرَّقَ بَيْنَهُمْ: پھوٹ ڈالنا۔
فَرَّقَ التَظَاهُرَةَ: مظاہرہ کو منتشر کرنا۔
فَرَّقَ المُظَاهِرِيْنَ: مظاہرین کو منتشر کرنا۔

فَارَقَهُ مُفَارَقَةً: جُدا ہونا، الگ ہونا۔
فَارَقَتِ الرُّوْحُ الجَسَدَ: جسم سے روح کا نکلنا، پرواز کرنا۔
فَارَقَ النَّوْمُ عَيْنَه: آنکھ نہ لگنا، نیند اچٹ جانا۔
تَفَرَّقَ: منتشر ہونا (۲) ہلاک و برباد ہونا۔
اِنْفَرَقَ عَنْهُمْ: الگ ہونا۔
فَرْق ج: فُرُوْق: امتیاز (۲) خصوصیت (۳) بیلنس، باقی (حساب کی اصطلاح)۔
فَرْقُ عُمْلَة: ایکسچینج۔
فَرْقٌ فی شَعْرِ الرَّأْس: بالوں کی مانگ۔
فَرَق: ڈر، گھبراہٹ۔
فِرْقٌ: (۱) ڈار، بکریوں وغیرہ کا گلّہ (۲) حصہ (۳) سیکشن۔
فِرْقَة: جماعت، گروہ، پارٹی، گروپ، فرقہ، دستہ، ٹیم ج: فِرَق۔
فِرْقَةٌ تَمْثِيْلِيَّة: ایکٹنگ کرنے والی پارٹی۔
فِرْقَةٌ عَسْكَرِيَّة: فوج کا ایک ڈویژن، فوجی ٹیم۔
فِرْقَةُ عُمَّالٍ: مزدور گروپ۔
فِرْقَةٌ مُوْسِيْقِيَّة: موسیقار گروپ، میوزک بینڈ۔
فِرْقَةٌ مِنَ الفِدَائِيِّين: کمانڈوز۔
فِرَقِيّ: ڈویژنل۔
فُرْقَة، فِرَاق، اِفْتِرَاق: جدائی، علیحدگی، پھوٹ۔
فِرَاق: روانگی۔
فُرْقَان: بُرہان، دلیل (۲) قرآنِ کریم۔
فَرِيْق: جماعت، پارٹی۔
فَرِيْقٌ أَوَّل: فرسٹ پارٹی۔
فَرِيْقٌ فِي الأَلْعَابِ الرِّيَاضِيَّة: کھیل کی ٹیم۔
فَرِيْقٌ فی دَعْوًى: پارٹی، مقدمہ کا فریق۔
فَرِيْقٌ فی عَقْدٍ: پارٹی، معاہدہ کا فریق۔
فَرِيْقٌ فی نِزَاعٍ: پارٹی، جھگڑے کا فریق۔
فَرِيْقٌ مُهَاجِمٌ: حملہ آور گروپ۔
فَرِيْق (۲): ایک فوجی عہدہ، لیفٹیننٹ جنرل۔
فَارِق: خطِ فاصل، وجہِ امتیاز، حد، فرق ج: فَوَارِق۔
تَفْرُقَة: امتیاز، پھوٹ۔
التَّفْرِقَةُ العُنْصُرِيَّة: نسلی امتیاز۔
تَفَارِيْق: ریزگاری، خوردہ۔
بِالتَّفْرِيْق: (۱) تفصیل کے ساتھ (۲) ٹکڑے ٹکڑے کر کے (۳) خوردہ، ریٹیل میں (بالجُمْلَة کی ضد)۔
مَفْرَق: نقطۂ انفصال (۲) مرکزِ اختلاف۔
مَفْرِقُ الطُّرُق: وہ جگہ جہاں کئی راستے ملتے ہوں۔
اَرْبَعَةُ مَفَارِق: چوراہا (دا)۔
فَرْقَعَةٌ: انگلیاں چٹخانا (۲) دھماکہ۔
تَفَرْقُع: انگلیوں کا چٹخانا۔ دھماکہ ہونا۔ پٹاخہ وغیرہ پھٹنا۔
مُفَرْقِعَات: دھماکہ خیز چیزیں، پٹاخے وغیرہ۔
فَرَكَ ـُ فَرْكاً: مَلنا، رگڑنا، کھرچنا۔
فَرَكَ عَيْنَه بِيَدِهِ: آنکھیں ملنا۔
تَفَرَّكَ و انْفَرَكَ: مطاوع فَرَكَ
فَرَاك: (مع) فراک، فراک کوٹ،

ایک خاص قسم کا لباس۔
فَرِیک ، مَفرُوک: رگڑا ہوا، مَلا ہوا۔
الفَرلَنغ: (مع) فرلانگ (۲۲۰ گز)۔
فَرَمَ اللَّحمَ ـُ فَرماً: گوشت کا قیمہ کرنا۔
فَرمَة: گوشت کا چھوٹا ٹکڑا ج: فَرمات۔
فُرمَةُ المِطبَعَة: (مع) پریس کا فرمہ۔
فَرَّامَةٌ و مِفرَمَةُ اللَّحم: قیمہ کرنے والی مشین۔
مَفرُوم: قیمہ، کٹا ہوا۔
لَحمٌ مَفرُوم: قیمہ، کٹا ہوا گوشت۔
فَرمَان: (مع) حکم عالی، فرمان ج: فَرامِین۔
فَرمُبُواز: (مع) تُوتِ فرنگی۔
فَرمَلَة: (ضَابِطَةٌ و كَمَّاحَةُ العَرَبة): بریک ج: فَرامِل۔
فَرمَلَةٌ تَالِفَة: فیل بریک۔
فَرمَلجِيُّ القِطَار: بریک مین، ریل گاڑی کو بریک لگانے والا۔
فُرنٌ: تنور، بھٹی، اسٹوو (۲) نان بائی کی دوکان (۳) بسکٹ بنانے کا کارخانہ، بیکری ج: أفرَان۔
الفُرنُ الذَّرِّيّ: ایٹمی بھٹی۔
فَرَّان: نان بائی، بسکٹ وغیرہ بنانے والا، بیکری۔
فَرنَجَ و تَفَرنَجَ: انگریز جیسا بننا۔
إفرَنج ، إفرَنجة: انگریز لوگ۔
إفرَنجِيّ: انگریز، فرنگی، یورپین۔
فَرَنسا: (مع) فرانس۔
فَرَنسِيّ: (مع) فرانس کا رہنے والا، فرانسیسی۔
فَرَنک: فرانسیسی سکہ ج: فَرَنکات۔
فَرْوٌ ، فَرْوَة: پوستین، سنجاب (۲) جانور کی بال دار کھال ج: فِرَاء۔
فَرَى ـِ فَرْياً و افتَرَى عَلَيهِ الكَذِبَ: الزام لگانا، کسی کے متعلق بے بنیاد بات کہنا۔
فَرَى عليه: چغلی لگانا (۲) شکایت کرنا۔
فَرَى و فَرَّى و أفرَى: کاٹنا، چاک کرنا۔
فِرْيَة ، اِفتِرَاء: الزام، بہتان (۲) چغلی (۳) شکایت۔
مُفتَرٍ: افترا پرداز، الزام تراش۔

ف ..... ز

فَزَرَ ـُ فَزْراً: پھاڑنا، چیرنا۔
فَزَرَ فُزُوراً و تَفَزَّرَ و انفَزَرَ: شق ہونا۔
فَزَارَة: چیتے کی مادہ۔
فَزَّ ـِ فَزّاً و فَزَازَةً: مضطرب ہونا، تڑپنا، بے چین ہونا (۲) جست لگانا، کودنا۔
فَزَّ وَأفَزَّ: پریشان کرنا، دور کرنا۔
فَزَّ و اسْتَفَزَّ: ڈرانا، سہمانا۔
اِستَفَزَّهُ: بھڑکانا، مشتعل کرنا۔
الاِستِفزَاز: جارحیت، تخویف، اشتعال انگیزی۔
فَزَّة: جست، چھلانگ۔
فَزِعَ ـَ فَزَعاً: ڈرنا، گھبرا جانا، سہمنا۔
فَزِعَ إلَيه: پناہ لینا، سہارا لینا۔
فَزَّعَ و أفزَعَ: ڈرانا۔
فَزَع: ڈر، گھبراہٹ۔
فَزِع ، فَزْعَانٌ ، مُفزَع: ڈرا ہوا۔
فَزَّاعَة: ڈراؤنی اور بھیانک چیز۔
مُفزِع: بھیانک، خوفناک۔

ف ..... س

فُستان: فراک، ایک زنانہ لباس ج: فَساتِیْنُ۔
فُستُق: پستہ۔
فُستُقِیُّ اللَّوْن: پستئی رنگ۔
فَسَّحَ: کشادہ کرنا، وسیع کرنا۔
فَسَحَ لَهُ ـَ فَسْحاً و فُسُوْحاً: جگہ دینا۔
فَسُحَ المَکانُ ـُ فَساحَةً: جگہ کا کشادہ ہونا۔
تَفَسَّحَ و انْفَسَحَ: کشادہ ہونا، وسیع ہونا۔
تَفَسَّحَ: (دا) قضاء حاجت کرنا (۲) پاک ہونا۔
فَسْحٌ: (جَوازُ السَّفَر) پاسپورٹ۔
فُسْحَة: گنجائش، جگہ، کشادگی (۲) تفریح (۳) تعطیل ج: فُسَحٌ۔
فُسْحَةٌ بَیْنَ ساعَاتِ الدَّرْس: درمیانی وقفہ۔
فُسْحَةٌ فی عَرَبَةٍ: جگہ، گنجائش (گاڑی میں)۔
فَسْحَة: (دا) گھر کا صحن۔
فَسِیْحٌ: کشادہ۔
فَسَخَ ـَ فَسْخاً و فَسَّخ: معاملہ ختم کرنا (۲) توڑنا (۳) بے اثر بنانا (۴) پھاڑنا (۵) مچھلی کو نمک لگانا۔
فَسَخَ العَقْدَ أو المُعاهَدَةَ: معاہدہ ختم کرنا، منسوخ کرنا۔
تَفَسَّخَ: پھٹنا، ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِنْفَسَخَ: معاملہ ختم ہونا (۲) ٹوٹنا۔
اِنْفَسَخَتِ الخِطْبَةُ: منگنی ختم ہونا۔
فَسْخ: منسوخی۔
فَسِیْخ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔
فَسَدَ ـُ فَساداً و انْفَسَدَ: خراب ہونا، متعفن ہونا۔
اَفْسَدَ و فَسَّدَ: خراب کرنا، بے نتیجہ بنانا (۲) ناکام بنانا (۳) بگاڑنا۔
اَفْسَدَ بَیْنَهُمْ: اختلاف پیدا کرنا، بگاڑ پیدا کرنا۔
اَفْسَدَ تَأْثِیْرَهُ: اثر زائل کرنا۔
اَفْسَدَ الخُلُقَ: اخلاق خراب کرنا۔
اَفْسَدَ النَّوَایَا: ارادوں پر پانی پھیرنا۔
اَفْسَدَ الخُطَّةَ عَلَی أَحَدٍ: منصوبہ کو فیل کر دینا، ناکام بنا دینا۔
فَساد: خرابی، بگاڑ، گڑبڑی، ابتری، کرپشن (۲) بدبو، تعفن۔
فَسادُ الحُکْم: حکومت کا بگاڑ۔
فَسادُ دَوْلَةٍ: ملک کا بگاڑ۔
فَسَرَ البَوْلَ ـُ فَسْراً: پیشاب کا ٹسٹ کرنا۔
فَسَّرَ تَفْسِیْراً: تشریح کرنا، وضاحت کرنا (۲) ترجمہ کرنا (۳) تاویل کرنا (۴) مُراد بتانا۔
فَسَّرَ الشَّیْءَ بِکَذا: کسی بات کے کوئی معنی لینا۔
تَفْسِیْر: تشریح، وضاحت، نوٹ، مطلب۔
تَفْسِیْرٌ مُوْجَز: مختصر نوٹ۔
تَفْسِیْرُ نَتِیْجَةِ الاسْتِفْتاء: الیکشن کے نتیجہ کی وضاحت۔
اِسْتِفْسار: انکوائری، پوچھ تاچھ ج: اِسْتِفْسارات۔
فُسْطاط: ڈیرہ، خیمہ، تمبو، ٹینٹ ج: فَساطِیْطُ۔
الفُسْطاط: قدیم مصر۔
فُسَیْفِساء: پچی کاری، مختلف رنگ کے ٹکڑے جوڑ کر فرش تیار کرنا۔

فَسَقَ ـُـ فُسُوْقاً: گمراہ ہونا، راہِ حق سے انحراف کرنا۔
فَسَقَ بالمَرْأة: زنا کرنا۔
فِسْقِيَّةُ المَاء: پانی کا فوارہ ج: فَسَاقِيّ۔
فَسْوٌ: گوز۔
فَسَا ـُـ فَسْواً و فُسَاءً: بلا آواز ریح خارج کرنا۔
فِسْيُولُوجِيَة: علم وظائف الاعضاء۔

ف.....ش

فَشِزْم، فَاشِيَّة: فاشزم، فسطائیت، ایک ایٹالین سیاسی نظریہ۔
فَاشِيّ: فاشزم کو ماننے والا، فسطائی، فاشسٹ۔
فَشْكَة: کارتوس ج: فَشْكَات۔
فَشِلَ ـَـ فَشَلاً: ہمت ہارنا (۲) ناکام ہونا۔
فَشِلَتِ الجُهُودُ: کوشش ناکام رہنا۔
فَشِلَتِ الخُطَّةُ: اسکیم فیل ہونا۔
فَشِلَتِ المُحَاوَلَةُ لكذا: ارادہ ناکام ہونا۔
فَشِلَتِ المُفَاوَضَاتُ: بات چیت کا ناکام ہونا۔
فَشِلَتْ مُؤَامَرَةُ الاغْتِيَال: قتل کی سازش کا ناکام ہونا۔
فَشِلَ فی المَعْرَكَةِ: جنگ میں ناکام ہونا۔
فَشِلَ فی الامْتِحَان: امتحان میں فیل ہونا۔
أَفْشَلَ: ناکام بنانا۔
فَشَلٌ: ناکامی، نامرادی۔
فَشُلٌ و فَشِل: کم ہمت، ہمت ہارنے والا (۲) ناکام، نامراد ج: أَفْشَال۔
فَاشِل: ناکام، بے نتیجہ، بے سود۔
فَشَا ـُـ فُشُواً: ظاہر ہونا (۲) پھیلنا، شائع ہونا۔
فَشَا وتَفَشَّى: بیماری وغیرہ کا پھیلنا۔
أَفْشَى: ظاہر کرنا، منکشف کرنا، راز کھولنا، بھانڈا پھوڑنا۔
فَاشٍ، مُتَفَشٍّ: پھیلا ہوا، منتشر۔

ف.....ص

فَصُحَ ـُـ فَصَاحَةً: سلیس ہونا، فصیح ہونا۔
أَفْصَحَ الرَّجُلُ: صاف بات کہنا (۲) وضاحت کرنا (۳) فصاحت کے ساتھ بولنا (۴) مُراد بتانا۔
أَفْصَحَ عَنْ: ظاہر کرنا۔
أَفْصَحَ الأَمْرُ: ظاہر و آشکارا ہونا۔
فَصِيح: فصیح، سلیس، صاف۔
فَصَاحَة: سلاست، روانیِ کلام۔
مُفْصِح: واضح، ظاہر۔
فَصَدَ ـُـ فَصْداً: فصد کرنا، فاسد خون نکالنا (رگ کھول کر)۔
فَصَدَتْ و انْفَصَدَتْ أَنْفُهُ: ناک سے خون جاری ہونا۔
فَصْدُ و فِصَادُ الأَنْف: نکسیر۔
مِفْصَدٌ: نشتر ج: مَفَاصِدُ۔
فَصَّصَ الخَاتَمَ: انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔
فَصَّصَ: مٹر وغیرہ کا چھلکا اتارنا۔
فَصٌّ: نگینہ ج: فُصُوص (۲) اصل۔
فَصَلَ ـِـ فَصْلاً: جدا کرنا، الگ کرنا (۲) کاٹنا (۳) دور کرنا۔
فَصَلَ الوَلَدَ: دودھ چھڑانا۔
فَصَلَ اسْمَ التِّلْمِيذ: نام خارج کرنا۔
فَصَلَ الخِيَاطَةَ: سلائی اُدھیڑنا۔

فَصَلَ القُوَّاتِ: فوجوں کو علیحدہ کرنا۔
فَصَلَ العِبَارَةَ إلى فِقْرَاتٍ: پیراگراف بنانا۔
فَصَلَهُ عَنِ المَدْرَسَةِ: اخراج کرنا۔
فَصَلَهُ عَنِ الوَظِيْفَةِ: برطرف کرنا، معطل کرنا، سسپنڈ کرنا۔
فَصَّلَ تَفْصِيْلاً: تفصیل بیان کرنا (۲) حصے بخرے کرنا (۳) تقسیم کرنا (۴) کپڑا کترنا۔
اِنْفَصَلَ: الگ ہونا، جدا ہونا (۲) کٹنا، جماعت وغیرہ سے نکلنا (۳) دراڑ پیدا ہونا۔
اِنْفَصَلَتِ الخِيَاطَةُ: سلائی اُدھڑنا۔
فَصْل: (۱) تفریق، تقسیم، اخراج، برطرفی (۲) حصہ، ٹکڑا (۳) قسم (۴) سیکشن، شعبہ (۵) کلاس، درس گاہ، روم (۶) موسم، سیزن ج: فُصُول۔
فَصْلٌ مِنْ كِتَابٍ: کتاب کا جُز، کتاب کا ایک حصہ، چیپٹر۔
فَصْلٌ مِنْ رِوَايَةٍ تَمْثِيْلِيَّةٍ: ڈرامائی کہانی کا ایک باب، ایک منظر۔
فَصْلٌ بِدُوْنِ إِخْطَارٍ سَابِقٍ: بلانوٹس اخراج۔
فَصْلٌ فِي الخُصُوْمَاتِ: فیصلۂ مقدمات۔
فَصْلٌ إِضَافِيّ: خصوصی کلاس۔
فَصْلٌ مَدْرَسِيّ: اسکول ٹرم۔
يَوْمَ الفَصْلِ: قیامت کا دن۔
فَصِيْل: دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔
فَصِيْلَة: کنبہ، گھرانہ، نسل، کیٹاگری (۲) قسم، نوع، قبیل۔
فَاصِلٌ: آڑ، رکاوٹ، پارٹیشن کی دیوار (۲) فیصلہ کن، قطعی۔
فَاصِلَة (شَوْلَة): کاما [،]۔
اِنْفِصَال: علاحدگی۔
اِنْفِصَالِيَّة: علاحدگی پسندی۔
تَفْصِيْل: ڈیٹیل، تفصیل۔
تَفْصِيْلاً و تَفْصِيْلِيّاً: تفصیل سے، مُفصّل طور پر۔
تَفَاصِيْل: تفصیلات (۲) مُفردات۔
التَّفَاصِيْلُ المُرْتَبِطَةُ بِكَذا: متعلقہ تفصیلات۔
مَفْصِل: جوڑ، دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ ج: مَفَاصِل۔
مَفْصِلِيّ: جوڑوں کا، جوڑوں والا۔
مُفَصَّل: کٹنگ شدہ کپڑا (۲) تفصیلی۔
مِفْصَلَة، مُفَصَّلَة: قبضہ جس پر کواڑ گھومتے ہیں۔
مَفْصُوْل: جُدا، علیحدہ کیا ہوا۔
فَصَمَ ـِ فَصْماً: کاٹنا، الگ کرنا۔
اِنْفِصَام: جُدا ہونا، منقطع ہونا۔

ف ..... ض

فَضَحَ ـَ فَضْحاً: (۱) رسوا کرنا (۲) بدنام کرنا (۳) عیب لگانا (۴) انکشاف کرنا۔
فَضَحَ الدَّسَائِسَ و المُؤَامَرَاتِ: سازشوں اور دسیسہ کاریوں کو بے نقاب کرنا۔
فَضَحَ المُعَمَّى: مُعمّہ حل کرنا۔
اِفْتَضَحَ الأَمْرُ: انکشاف ہونا، راز کھلنا، بھانڈا پھوٹنا، پول کھلنا۔
اِفْتَضَحَ الرَّجُلُ و انْفَضَحَ: رسوا ہونا، جگ ہنسائی ہونا، بُرائیاں کھلنا۔

فَضِیح ، مَفْضُوح: رُسوا، بدنام۔
فَضِیحَة: رسوائی، بدنامی ج: فَضَائِح۔
فَاضِح: رسوا کن، شرمناک۔
فَضَّضَ: چاندی کا ملمع کرنا۔
فَضَّ ـُـ فَضّاً: (۱) سوراخ کرنا (۲) کھولنا (۳) منتشر کرنا، تحلیل کرنا، برخاست کرنا (۴) مہر (سیل) توڑنا۔
فَضَّ الاجْتِمَاعَ: جلسہ برخاست کرنا، ختم کرنا۔
فَضَّ الاشْتِبَاکَ بَیْنَ الْمُتَحَارِبَیْن: تصادم کو روکنا۔
فَضَّ الجَلْسَةَ: جلسہ برخاست کرنا۔
فَضَّ الخَتْمَ: مہر توڑنا، سیل توڑنا۔
فَضَّ الدُّمُوْعَ: آنسو بہانا۔
فَضَّ النِّزَاعَ: جھگڑا چکانا، اختلاف ختم کرانا۔
فَضَّ و افْتَضَّ البَکَارَةَ: بکارت زائل کرنا۔
اِنْفَضَّ: کھلنا (۲) زائل ہونا، ٹوٹنا۔
اِنْفَضَّ و تَفَضَّضَ: منتشر ہونا۔
اِنْفَضَّ الْمُؤْتَمَرُ: کانفرنس ختم ہونا۔
لَافُضَّ فُوکَ: تمہارا منھ سلامت رہے۔
فِضَّة: چاندی، سلور۔
فِضِّیٌّ: چاندی کا، سلور کا۔
فِضِّیَّات: چاندی کے برتن۔
مُفَضَّض: چاندی کا ملمع کیا ہوا۔
فَضْفَضَة: کپڑے کو ڈھیلا اور کشادہ کرنا۔
فَضْفَاض: ڈھیلا، کشادہ۔
فَضِلَ ـَـ و فَضَلَ ـُـ فَضْلاً: باقی بچنا۔
فَضَلَهُ و عَلَیْهِ ـُـ فَضْلاً: فوقیت لے جانا۔
فَضَّلَ تَفْضِیْلاً: ترجیح دینا، پسند کرنا (۲) باکمال بنانا۔
تَفَضَّلَ علی: مہربانی کرنا، کرم فرمانا۔
تَفَضَّلْ: مہربانی فرمایئے (تشریف لایئے)۔
تَفَضَّلُوْا بِزِیَارَةِ مَعْرُوْضَات: سامان کو ملاحظہ فرمایئے (جمع مذکر)۔
تَفَضَّلِی: آیئے (واحد مونث)۔
تَفَضَّلِین: آیئے (جمع مونث)۔
فَضْلٌ: احسان، کرم (۲) اعزاز (۳) فضیلت (۴) کمال (۵) استحقاق (۶) مہربانی (۷) اچھا رول، کریڈٹ ج: اَفْضَال۔
الفَضْلُ (فِی أمْرٍ کَذَا) عَائِدٌ علی فُلَانٍ: فلاں کام کا سہرا فلاں کے سر ہے۔
بِفَضْلِهِ: اس کے طفیل سے، اس کے سبب سے۔
بِفَضْلِکُمْ: آپ کے طفیل سے، سبب سے۔
مِنْ فَضْلِکَ: براہِ کرم، ازراہِ کرم، مہربانی فرما کر۔
مِنْ فَضْلِ فُلَان: فلاں کے طفیل، فلاں کی بدولت۔
فَضْلاً عَنْ کَذَا: چہ جائے کہ، علاوہ اس کے۔
فَضْلَة، فُضَالَة: بقیہ، باقی ماندہ (۲) زائد، بچی ہوئی چیز (۳) پس خوردہ۔
فَضِیْلَة: (۱) بلند اخلاق (ضد رَذِیْلَة) (۲) امتیازی وصف، خوبی (۳) ترجیح (۴) فوقیت (۵) برتری ج: فَضَائِل (۶) ایک اعزازی لقب جو علماء و مشائخ کے

ناموں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے (فَضِیْلَةُ فُلَان، صَاحِبُ الفَضِیْلَة) (۷) گریجویشن، فاضل کی ڈگری۔

فَاضِلٌ: (۱) باقی (۲) صاحبِ کمال۔

اَفْضَلُ: بہتر، ممتاز۔

اَفْضَلُ فُرْصَةٍ: بہترین موقع۔

اَفْضَلِیَّة: امتیاز، ترجیح۔

المُفَاضَلَةُ فی الاَسْعَار: نرخوں میں کمی بیشی۔

مِفْضَل و مِفْضَال: بڑا مہربان۔

مُفَضَّل: مراعات یافتہ، پسندیدہ۔

فَضَا ـُـ فُضُوّاً: خالی ہونا۔

اَفْضَی إلَی: پہنچانا (۲) راہنمائی کرنا۔

اَفْضَی بِالتَّصْرِیْح: بیان دینا۔

أَفْضَی بِسِرِّہ: راز فاش کرنا۔

تَفَضَّی: خالی ہونا۔

فَضَاء: کھلی جگہ، خلا۔

فَاضٍ: خالی (۲) بے کار (۳) زائد از ضرورت۔

ف.....ط

فَطْحَل: زبردست عالم ج: فَطَاحِلُ۔

فَطَرَ ـُـ فَطْراً: پیدا کرنا (۲) شق کرنا۔

فَطَرَ و اَفْطَرَ: روزہ افطار کرنا (۲) صبح کا ناشتہ کرنا۔

فُطِرَ عَلَی: کسی چیز کا فطری ہونا، عادی ہونا۔

فَطَّرَ صَائِماً: روزہ دار کو روزہ افطار کرنا۔

أَفْطَرَ علی شیٍٔ: کسی چیز سے افطار کرنا (۲) ناشتہ کرنا۔

اِنْفَطَرَ و تَفَطَّرَ: پھٹنا، پارہ پارہ ہونا۔

فِطْرَة: نیچر، فطرت (۲) فطری حالت۔

فِطْرَةٌ سَلِیْمَة: عقلِ سلیم، کامن سینس۔

فُطُور: افطاری (۲) ناشتہ۔

فُطُورِیّ: (دا) افطاری۔

فَطِیْر: (۱) خمیری روٹی (۲) ناپختہ روٹی (۳) پیسٹری۔

فَطِیْرَة: پیسٹری، کیک، پوری، کچوری، پراٹھا ج: فَطَائِرُ۔

فَطِیْرَةٌ مَحْشُوَّةٌ بِلَحْمٍ: لقمی، سموسے وغیرہ جن میں گوشت بھرا ہوا ہو۔

فَطَائِرِیّ: کیک پیسٹری بنانے والا۔

فَاطِرٌ: پیدا کرنے والا (۲) نا روزہ دار۔

فَاطِرٌ، مُفْطِر: روزہ توڑنے والا۔

فَطِسَ ـَـ فَطَساً: چپٹی ناک کا ہونا۔

فَطَسَ ـِـ فَطْساً و فُطُوْساً: مرنا۔

فَطَّسَ: مارنا (۲) گلا گھونٹنا۔

اَفْطَسُ: چپٹی ناک والا ج: فُطْسٌ۔

فَطَمَ الرَّضِیْعَ ـِـ فَطْماً: بچہ کا دودھ چھڑانا۔

فِطَام: دودھ چھڑانے کا زمانہ (۲) دودھ چھڑانا۔

فَطِیْم، مَفْطُوْم: دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔

فَطِنَ لِلْاَمْرِ و إلَیْہ ـَـ فَطْناً: سمجھنا (۲) حقیقت جاننا، تہہ کو پہنچنا۔

فَطَّنَہ تَفْطِیْناً: سمجھانا، یاد دلانا۔

فَطِنٌ، فَطِیْن: ذکی، ہوشیار ج: فُطُن۔

فَطْنَة: سمجھ، ہوشیاری۔

ف.....ظ

فَظٌّ: سخت، بداخلاق، سخت کلام ج: اَفْظَاظ۔

فَظَاظَة: سختی، بداخلاقی، درشت کلامی۔

فَظُعَ ـُـ فَظَاعَةً: بُرا اور مکروہ ہونا، انتہائی قبیح ہونا۔

فَظِعَ ـَ فَظَعاً: گھبراجانا،خوف کھانا۔
اِستَفظَعَ: بُرا سمجھنا۔
فَظَع: ڈر،خوف،گھبراہٹ۔
فَظِعٌ ، فَظِیع ، مُفظِع: کریہہ،بُرا،بھونڈا۔
فَظَاعَة: بھونڈاپن،قباحت۔
فَظِیعَة: بھیانک پن،ہولناکی۔
فَظَائِعُ الحَرب: جنگ کی ہولناکیاں۔

ف.....ع

فَعَلَ ـَ فَعلاً: کرنا۔
فَعَلَ به: بنانا۔
فَعَّلَ الشِّعرَ: شعر کا وزن کرنا۔
اِنفَعَلَ: کام ہونا (۲) متاثر ہونا (۳) مشتعل ہونا،ناراض ہونا۔
اِفتَعَلَ: گھڑنا (۲) جعلی بنانا۔
تَفَاعَلَ الشَّیئَان: ایک دوسرے پر اثر انداز ہونا،باہم تعامل کرنا۔
تَفَاعَلَ مَعَهُ: ہم آہنگ ہونا،گھل مل جانا (۲) متاثر ہونا،اثر لینا۔
فِعلٌ: عمل،کارروائی (۲) تاثیر ج: أفعَال۔
فِعلاً: عملی طور پر،عملاً،فی الواقع۔
بالفِعل: عملاً،فی الواقع،درحقیقت (۲) ابھی۔
فِعلِیّ: عملی،واقعی،موجود۔
فِعلِیَّة: ڈیوٹی۔
فَعلَة: ایک فعل،خاص فعل۔
فَعَلَة: (دا) مزدور،کارکنان و: فَاعِل۔
فَعَّال: مؤثر،تیز،مستعد،کامیاب۔
فَعَّالِیَّةُ الاِتِّفَاقِیَّة: معاہدہ کی صلاحیت،معاہدہ کا اثر۔
فَاعِلِیَّة: تاثیر (۲) صلاحیتِ کار،قوت،کارکردگی (۳) چستی،مستعدی۔
اِنفِعَال: تأثر،اشتعال،ناراضگی،زود رنجی،حساسیت (۲) متاثر ہونا۔
اِنفِعَالٌ عَاطِفِیّ: جذباتی تاثر۔
تَفَاعُل: باہمی تعاون (۲) باہمی اثر اندازی، جوابی عمل، تاثیر و تاثر، ری ایکشن۔
المُفَاعِلُ الذَّرِّیّ: ایٹمی ری ایکٹر۔
مَفعُول: تاثیر،اثر (۲) معمول۔
سَارِی المَفعُول: اثر انگیز۔
مُفتَعَل: جعلی،من گھڑت۔
مُنفَعِل: متاثر،مشتعل،ناراض۔
فَعَمَ ـَ فَعَماً و أَفعَمَ: لبالب بھرنا۔
مُفعَمٌ: لبالب بھرا ہوا،چھلکتا ہوا۔
مُفعَمٌ بکذا: فلاں چیز سے پُر،لبریز۔
أَفعَی: سانپ،بڑا سانپ ج: أَفَاعٍ۔
أُفعُوَان: نر سانپ۔
أُفعُوَانِیّ: سانپ کی طرح لپٹا ہوا۔

ف.....غ

فَغَرَ فَمَهُ ـَ فَغراً: منہ کھولنا۔
فُغرَةُ الوَادِی: وادی کا دہانہ ج: فُغَر۔
فَاغِرٌ فَاهُ: منہ کھولے ہوئے۔

ف.....ق

فَقَأَ الدُّمَّلَ ـَ فَقأً: پھوڑے پھنسی وغیرہ کو چیرنا،شگاف کرنا۔
فَقَأَ العَینَ: آنکھ پھوڑنا۔
فَقَدَ ـِ فَقداً: ضائع کرنا،گم کرنا۔
فَقَدَ الشیءَ: اس کے پاس سے وہ چیز غائب ہو

گئی۔
فَقَدَ الاَعْصَابَ: بے قابو ہونا، قابو سے باہر ہونا، ہوش اڑنا۔
فَقَدَ الاِتِّزَانَ: بیلنس کھونا، توازن کھو بیٹھنا۔
فَقَدَ الاَمَلَ کُلِّیَّةً: بالکل ناامید ہو جانا۔
فَقَدَ الآدَمِیَّةَ: آدمیت سے دور ہونا۔
فَقَدَ الثِّقَةَ: اعتماد کھونا۔
فَقَدَ الثِّقَةَ فی القِیَادَةِ: قیادت سے اعتماد اُٹھ جانا۔
فَقَدَ السَّیْطَرَةَ علی النَّفْس: بے قابو ہونا۔
فَقَدَ الهَیْبَةَ: وقار کھو بیٹھنا۔
فَقَدَ الوَعْیَ: ہوش میں نہ رہنا، بے برداشت ہونا، جوش میں آنا۔
أَفْقَدَهُ الشیٔ: ضائع کرانا، گم کرانا، ہاتھ سے نکال دینا، موقع نکلوا دینا۔
تَفَقَّدَ و افْتَقَدَ: تلاش کرنا، جائزہ لینا، معاینہ کرنا۔
تَفَقَّدَ و افْتَقَدَ: عیادت کرنا۔
تَفَقَّدَ الأَحْوَالَ: حالات کا جائزہ لینا۔
اِسْتَفْقَدَهُ: کمی محسوس کرنا، گم پانا۔
فَقْدٌ، فُقْدَان: محرومی، کمی۔
فَقِیْد، مَفْقُوْد: ضائع، گم شدہ۔
الْفَقِیْد: مرحوم، متوفی۔
فَقِیْدُ المِثَال: بے نظیر، بے مثال۔
فَاقِد: گم کردہ۔
فَاقِدُ الإحْسَاس: بے حس، جس پر جذبات کا اثر نہ ہو، سرد مہر۔
فَاقِدُ الشُّعُوْر: بے حس، جس پر جذبات کا اثر نہ ہو، سرد مہر۔
فَاقِدُ الکِیَان: بے جان، بے حیثیت۔
فَقَّرَ الکَلَامَ أو العِبَارَة: پیراگراف بنانا۔
فَقَرَ ـُـ فَقْراً: سوراخ کرنا، کھودنا۔
فَقُرَ ـُـ فَقْراً و افْتَقَرَ: محتاج ہونا، نادار ہونا، مفلس ہونا۔
اِفْتَقَرَ إلَی: ضرورت مند ہونا۔
فَقْرٌ: غربت، افلاس، تہی دستی۔
فِقْرَة: جملہ، پیراگراف ج: فِقَرَات و فِقَر۔
فِقْرَة، فَقْرَة، فَقَارَة: ریڑھ کی ہڈی۔
فَقِیْر: غریب و مفلس (۲) محتاج ج: فُقَرَاء۔
فَقَسَ الطَّائِرُ بَیْضَهُ ـِـ فَقْساً: پرندہ کا انڈا توڑنا۔
فَقَسَ: توڑنا، چیرنا۔
فَقَسَ الحِیْلَةَ: سازش فاش کر دینا، چال کھول دینا۔
فَقَشَ ـُـ فَقْشاً: توڑنا۔
فَقَطُ: بس، صرف۔
فَقَعَ اللَّوْنُ ـُـ فَقْعاً: رنگ زرد ہونا، بالکل زرد ہونا (۲) شدتِ گرمی سے مرنا (۳) شدتِ غم سے مرنا (۴) توڑنا، شق کرنا۔
فَقَّعَ تَفْقِیْعاً: چٹخانا، تڑقانا۔
فُقَّاعَة: پانی کا بلبلہ ج: فَقَاقِیْع۔
فَاقِع: زرد، بھڑکدار، کھلا ہوا رنگ۔
فَقُمَ ـُـ فَقْماً و فَقَامَةً: سنگین ہونا، بڑھنا، بڑا ہونا۔
تَفَاقُم: سنگین ہونا، بڑھنا، تشدد، زیادتی، اضافہ۔
تَفَاقُمُ الاَزْمَة: بحران میں اضافہ ہونا۔
تَفَاقُمُ اَزْمَةِ السَّکَن: رہائشی بحران کا

سنگین ہونا۔
تَفاقُمُ الاَزْمَةِ الغِذائِيَّة: غذائی بحران میں اضافہ۔
تَفاقُمُ الصِّراعِ عَلَى السُّلْطَة: اقتدار کی کشمکش بڑھنا۔
تُفاقُمُ حِدَّةِ مَوْقِفٍ: صورتحال کی ابتری میں اضافہ۔
تَفاقُمُ الصُّعُوباتِ و الآلامَ: مصائب وآلام میں اضافہ ہونا۔
تَفاقُمُ الضَّغْط: دباؤ بڑھنا۔
تَفاقُمُ المَخاطِر: خدشات بڑھنا۔
تَفاقُمُ المُشْكِلات: مشکلات میں اضافہ ہونا۔
تَفاقُمُ المَوْقِف: صورتِ حال کا سنگین ہونا۔
فَقِهَ ـَ فِقْهاً و تَفَقَّهَ: سمجھنا۔
فَقَّهَ و أَفْقَهَ: سمجھانا (۲) سکھانا۔
فِقْهٌ: علم (۲) سمجھ (۳) احکامِ شرعیہ کا علم۔
فِقْهُ اللُّغَة: لسانیات، علم اللسان۔

ف.....ک

فَكَرَ ـِ فِكْراً و فَكَّرَ و تَفَكَّرَ و افْتَكَرَ فِي الأَمْر: سوچنا، غور کرنا۔
فَكَّرَ فِي شَيْءٍ بِدِقَّةٍ: کسی چیز پر پوری طرح غور کرنا۔
فَكَّرَ فِي المَوْضُوع: مسئلہ پر غور وفکر کرنا۔
فَكَّرَ مِنْ زَاوِيَةٍ كَذا: کسی نقطۂ نظر سے سوچنا۔
فَكَّرَهُ بِالأَمْر: یاد دلانا۔
افْتَكَرَ: یاد آنا۔
فِكْرٌ، فِكْرَة: خیال، آئیڈیا (۲) رائے، تجویز (۳) نظریہ (۴) غم (۵) ذہنی تشویش۔
فِكْرَةٌ بَسِيطَة: معمولی خیال۔
الفِكْرَةُ الثّابِتَة: فکسڈ آئیڈیا، مستقل نظریہ۔
فِكْرَةٌ حَكِيمَة: دانشمندانہ خیال۔
فِكْرِيّ: نظریاتی، فکری، آئیڈیل۔
فِكْرِيّاً: نظریاتی طور پر۔
الفِكْرِيّات: آئیڈیالوجی، علمِ تفکیر۔
اَفْكار: خیالات، نظریات و: فِكْرٌ۔
اَفْكارٌ بَلِيدَة: گندے خیالات۔
اَفْكارٌ زَائِفَة: غلط تصورات۔
اَفْكارٌ مُعادِيَة: مخالفانہ خیالات۔
اَفْكارٌ وَسَطٌ: معتدل خیالات۔
تَفَكُّر: غور، تدبر۔
مُفَكِّرَة: یادداشت، نوٹ (۲) میمورنڈم، ایجنڈا۔
مُفَكِّرَةُ جَيْب: نوٹ بک۔
مُفَكِّرَةٌ يَوْمِيَّةٌ: روزنامچہ، ڈائری۔
المُفَكِّرُونَ: دانشوران۔
فَكَّ ـُ فَكّاً: (۱) کھولنا (۲) ڈھیلا کرنا، پُرزے الگ کرنا (۳) بٹن وغیرہ کھولنا۔
فَكَّ الأَسِيرَ: قیدی کو رہا کرنا۔
فَكَّ الارْتِباطَ: علیحدگی کرنا۔
فَكَّ الحِصارَ: ناکہ بندی ختم کرنا، توڑنا، محاصرہ ختم کرنا۔
فَكَّ الحُزْنَ: غم دور کرنا۔
فَكَّ الخَتْمَ: مہر توڑنا، سیل توڑنا۔
فَكَّ الرَّهْنَ: رہن چھڑانا۔
فَكَّ الرَّهْنَ عَنِ العَقار: زمین کا رہن

چھڑانا۔
فَکَّ الشیٔ المَحزُومَ: پیکٹ کھولنا۔
فَکَّ الضَائِقَةَ: تنگی دور کرنا۔
فَکَّ المَفصِلَ أو العَظمَ: جوڑیا ہڈی علیحدہ کرنا۔
فَکَّ المِسمَارَ اللَّولَبِیَّ: پیچ دار کیل کھولنا۔
فَکَّ اللُّغزَ أو المَسئَلَةَ: معمہ یا مسئلہ حل کرنا۔
فَکَّ النُّقُودَ: رقم کی ریزگاری بنانا۔
فَکَّ یَدَهُ: ہاتھ کھولنا۔
فَکَّکَ تَفکِیکاً: کمزور وڈھیلا کرنا۔
فَکَّکَ الصُّفُوفَ: صفوں میں انتشار پیدا کرنا۔
فَکَّکَ العُرَی: شیرازہ بکھیرنا۔
اِنفَکَّ الشیٔ: کھلنا، ڈھیلا ہونا، الگ ہونا۔
تَفَکَّکَ: ڈھیلا ہونا، جوڑ کھلنا۔
تَفَکَّکَ عَنِ المُجتَمَعِ: معاشرے سے الگ ہونا۔
فَکٌّ: جبڑا ج: فُکُوک۔
فَکَّةُ النُّقُودِ: چینج، ریزگاری۔
تَفَکُّک: ڈھیلا پن، انتشار، کمزوری، خلفشار، رخنہ، دراڑ، پھوٹ۔
التَّفَکُّکُ الدَّاخِلِیّ: اندرونی خلفشار، داخلی انتشار۔
مِفَکّ: پیچ کش، پیچ کھولنے کی چابی۔
مَفکُوک: کھلا ہوا۔
فَکِهَ ـَـ فَکَهاً و فَکَاهَةً: خوش طبع ہونا، مزیدار ہونا۔
فَاکَهَهُ مُفَاکَهَةً: مذاق کرنا۔
فَکِهٌ، فَاکِهٌ: (۱) مسخرا (۲) خوش طبع (۳) مزیدار (۴) پُرلطف، دلچسپ۔
فُکَاهَة: مسخراپن، خوش طبعی، دلچسپی، لطیفہ۔
فُکَاهِیّ: دلچسپ، مزاحیہ، لطیفہ کی قسم کا۔
فَاکِهَة: میوہ، پھل ج: فَوَاکِهُ۔
فَاکِهَةٌ جَافَّة: خشک میوہ۔
فَاکِهَةُ الشِّتَاء: آگ۔
فَاکِهَانِیّ: میوہ فروش۔

ف.....ل

فَلَتَ ـُـ فَلتاً و أَفلَتَ: رہا کرنا۔
فَلَتَ و أَفلَتَ و انفَلَتَ: رہا ہونا، چھٹکارا پانا، قبضہ سے نکلنا، بچ نکلنا۔
أَفلَتَ الزِّمَامُ: لگام چھوٹ جانا۔
فَلَتٌ، إِفلَاتٌ: چھٹکارا۔
فَلتَة: لغزش ج: فَلَتَات۔
فَلتَةً: بے سوچے۔
فَلَجَ ـُـ فَلجاً و فَلَّجَ: پھاڑنا۔
فُلِجَ و انفَلَجَ: فالج زدہ ہونا۔
مَفلُوج: فالج زدہ، معطل۔
فَلَحَ ـَـ فَلحاً: زمین جوتنا، بونا۔
فَلَحَ، اَفلَحَ: کامیاب ہونا۔
فَلِحَتِ الشَّفَةُ أو الیَدُ ـَـ فَلَحاً و انفَلَحَتُ و تَفَلَّحَتُ: (سردی کی وجہ سے) ہونٹ یا ہاتھ کا پھٹنا۔
فَلحٌ، فِلَاحَة: زمین کی جتائی۔
فِلَاحَة: کاشتکاری، زراعت۔
فِلَاحَةُ البَسَاتِین: باغ کاری۔
فَلَّاح: کسان، کاشتکار (۲) دیہاتی۔

فَلاحٌ: کامیابی۔
فِلْحٌ: دیہات۔
فِلْحِیٌّ: دیہاتی (۲) کاشتکارانہ۔
فَالِح ، مُفْلِح: کامیاب۔
فِلْذَة: ٹکڑا ج: فِلَذٌ و اَفْلاذ۔
فِلْذَةُ کَبِدٍ: جگرکوشہ۔
أَفْلاذُ الأَرْض: زمین کے خزانے۔
أَفْلاذُ الأَکْبَاد: جگر پارے، اولاد۔
فُوْلاذ: فولاد، اسٹیل ج: فَوَالِیْذ۔
فَلَّسَ التَّاجِرَ: تاجر کو مفلس قرار دینا، دیوالیہ ہونے کا اعلان کرنا۔
فَلَّسَ ، و اَفْلَسَ التَّاجِرُ: مفلس ہونا، دیوالیہ ہونا، فیل ہونا۔
فِلْسٌ: ایک قدیم سکّہ مساوی ۲/۱ ملیم۔
فَلَّاس: سکہ تبدیل کرنے والا، صراف۔
تَفْلِیْسَة: دیوالیاپن، محرومی۔
فَلْسَفَ و تَفَلْسَفَ: فلسفی بننا۔
فَلْسَفَة: حکمت، فلسفہ۔
فَلْسَفَةٌ طَبِیْعِیَّة: سائنس، فزکس۔
فَیْلَسُوْف: صاحبِ حکمت، فلسفی، فلاسفر ج: فَلَاسِفَة۔
مُتَفَلْسِف: فلسفہ کا دعویدار۔
فُلْط: (مع) وولٹ، برقی قوت کی اکائی۔
الفُلْطِیَّة: (القُوَّةُ المُحَرِّکَةُ الکَهْرَبَائِیَّة) وولٹیج۔
الفُلْطَامِتر: (مِقْیَاسُ التَّحْلِیْلِ الفُلْطِیّ) وولٹامیٹر۔
فَلْطَحَة: پھیلانا۔
فَلَعَ ـَ فَلْعاً و فَلَّعَ: پھاڑنا۔
فَلْفَلَ الطَّعَامَ: مرچ ڈالنا۔
فُلْفُلٌ: مرچ۔
فُلْفُلٌ أَسْوَدُ: کالی مرچ، فلفل سیاہ۔
فُلْفُلِیٌّ: مرچوں دار، چٹپٹا۔
رُزٌّ مُفَلْفَل: مرچوں کے چاول۔
فَلَقَ ـِ فَلْقاً: پھاڑنا، پیدا کرنا۔
اِنْفَلَقَ ، تَفَلَّقَ: پھٹنا۔
اِنْفَلَقَ الصُّبْحُ: صبح نمودار ہونا۔
فَلْقٌ: دراڑ، شگاف ج: فُلُوْق۔
الفَلَق: (۱) تمام مخلوق (۲) فجر، صبح۔
فِلْقَة: کسی چیز کا ٹکڑا، آدھا حصہ۔
فَیْلَق: لشکرِ عظیم ج: فَیَالِقُ۔
شَاعِرٌ مُفْلِقٌ: باکمال شاعر۔
مَفْلُوق: منقسم۔
فُلْکٌ: کشتی۔
فَلَکٌ: آسمان ج: اَفْلاک۔
عِلْمُ الفَلَکِ: علم ہیئت، فلکیات۔
فَلَکِیٌّ: منجم، ماہر فلکیات۔
فُلُوکَة: بادبانی کشتی (۲) چھوٹی کشتی۔
فَلَّلَ و فَلَّ ـُ فَلّاً: دھار خراب کرنا، دندانے پڑنا (۳) شکست دینا۔
فَلٌّ: شکست خوردہ (۲) دندانہ جو تلوار وغیرہ کی دھار میں پڑ جائے ج: فُلُول۔
سَیْفٌ اَفَلُّ: تلوار جس میں دندانے پڑ گئے ہوں۔
فُلّ: ایک قسم کا پھول، چنبیلی کی قسم کا پھول۔
فِلَّة: فلیٹ، بنگلہ۔
فِلْمٌ و فِیْلَم: (مع) فلم، ریل، سین ج: أَفْلام۔

فِیلَمٌ سِینَمَائِیّ: فلم۔
فِیلَمٌ أَخبَارِیّ: نیوز ریل۔
اَفلَامٌ مُلَوَّنَة: رنگین فلمیں۔
فَلَنکَة: ریلوے پٹری کا سلیپر (دا)۔
فَلا ، فَلاة: بیابان ج: فَلَوَات۔
فَلٰی ـِ فَلیاً و فَلَّی: جوں صاف کرنا۔

ف.....م

فَمٌّ: مُنھ، دہانہ ج: اَفوَاہ و أَفمَام۔
فَمُ التُرعَة: نہر کا دہانہ۔
فَمُ السِّیجَارَة: سگریٹ ہولڈر۔

ف.....ن

فِنجَان: کپ، پیالی ج: فَنَاجِین۔
فِنجَانٌ و صَحنُہ: پیالی وطشتری۔
فَنَّدَ تَفنِیداً: تکذیب کرنا، غلط ٹھہرانا۔
فُندُق: ہوٹل ج: فَنَادِق۔
فَنَار: (مع) مینار (۲) لائٹ ہاؤس ج: فَنَارَات۔
فَانُوس: قندیل، لالٹین ج: فَوَانِیس۔
فَانُوسٌ زِینِیّ: آرائشی فانوس۔
فَانُوسُ السَّیَّارَة الخَلفِیُّ: موٹر کا پچھلا لمپ۔
فُنُغرَاف: (حاکٍ) گرامفون۔
اُسطُوَانَةُ الفُنُغرَاف: گرامفون ریکارڈ۔
طَبلَةُ الفُنُغرَاف: ساؤنڈ بکس۔
فَنِلَّة: (مع) ایک قسم کا کپڑا، فلانیل۔
فَنَّنَ: نوع بنوع کرنا، متنوع بنانا (۲) مخلوط بنانا۔
تَفَنَّنَ فِی الحَدِیث: تنوع پیدا کرنا۔
تَفَنَّنَ: (دا) ایجاد کرنا۔

فَنٌّ: (۱) قسم (۲) آرٹ (۳) عملی علم (۴) کرتب (۵) ڈھنگ، طریقہ (۶) معزز پیشہ ج: فُنُون۔
فَنُّ البَیع: سیل مین شپ، سیلز مینی۔
فَنُّ التَّمثِیل: ایکٹنگ، فنِ اداکاری۔
فَنُّ الخِیَاطَة: ٹیلرنگ۔
فَنُّ المُوسِیقَی: میوزک۔
فَنُّ وَضعِ تَصمِیم: ڈیزائن سازی۔
الفُنُونُ الجَمِیلَة (کالرَّسم و النَّحت والمُوسِیقَی): فائن آرٹس، فنون لطیفہ۔
فَنِّیٌّ: ٹیکنیکل، فنکارانہ، ماہرانہ۔
فَنَّانٌ و مِفَنٌّ: آرٹس، ماہر، فن کار۔
اَفَانِینُ الکَلام: اسالیب کلام، طرز ہائے گفتگو، تنوعات۔
فَنَنٌ: شاخ ج: اَفنَان۔
فَنَی ـَ و فَنِیَ ـَ فَنَاءً: برباد ہونا، ہلاک ہونا، ختم ہونا۔
اَفنَی: ہلاک کرنا، ختم کرنا، گنوانا۔
تَفَانَی فِی أَمرٍ: انتھک کوشش کرنا، مرمٹنا، جان لڑا دینا۔
فَنَاء: ہلاکت، موت، زوال۔
فِنَاء: صحن، آنگن ج: أَفنِیَة۔
الفِنَاءُ المُقَضَّب (فی مَحَطَّةٍ للسِّکَّةِ الحَدِیدِیَّة): ریلوے یارڈ۔
فَانٍ: زوال پذیر، مٹ جانے والا (۲) بوڑھا۔
لا یَفنَی: لازوال۔
التَّفَانِی: سرفروشی، جاں بازی، جاں نثاری۔

فِنِیک: (مع) فنیل، ایک قسم کی دوا جو کیڑوں وغیرہ کو مارتی ہے۔

ف.....ہ

فَهْدٌ: چیتا ج: فُهُود۔

فَهْرَسَ الكِتَابَ فَهْرَسَةً: کتاب کے مضامین کی فہرست مرتب کرنا۔

فِهْرِس و فِهْرِسْت: فہرست، لسٹ، اشاریہ، انڈکس ج: فَهَارِس۔

فِهْرِسْتُ البِطَاقَات: کارڈ انڈکس۔

فَهِمَ ـَـ فَهْماً: (۱) سمجھنا (۲) جاننا۔

فَهَّمَ و اَفْهَمَ: سمجھانا۔

تَفَهَّمَ الأَمْرَ: اچھی طرح سمجھنا۔

تَفَاهَمُوا على أَمْرٍ: باہم سمجھوتہ کرنا۔

اِسْتَفْهَمَ مِنْهُ عَنْ شَيْءٍ: دریافت کرنا۔

فَهْمٌ: سوجھ بوجھ، سمجھ۔

سُوْءُ الفَهْم: غلط فہمی۔

حُسْنُ الفَهْم: غلط فہمی۔

تَفَاهُمٌ: سمجھوتہ، اتفاقِ رائے، یکجہتی۔

تَفَاهُمٌ اَكْبَر: زیادہ سے زیادہ اتفاقِ رائے۔

التَّفَاهُمُ بَيْنَ البَلَدَيْن: دو ملکوں کے درمیان سمجھوتہ۔

تَفَاهُمٌ ثُنَائِيّ: دو فریقی سمجھوتہ۔

سُوءُ التَّفَاهُم: غلط فہمی۔

مَفْهُوم: مراد، مقصد، حیثیت۔

المُتَفَهِّم: سنجیدہ۔

ف.....و

فَاتَ ـُـ فَوْتاً و فَوَاتاً: گزرنا (۲) ضائع ہونا (۳) ختم ہونا (۴) حد سے بڑھنا (۵) چھوٹنا (۶) دست بردار ہونا (دا)۔

فَاتَهُ شَيءٌ: مس ہونا۔

فَاتَهُ اَنْ يَفْعَلَ كذا: وہ ایسا نہ کرسکا۔

فَاتَهُ القِطَارُ: اس کی ریل نکل گئی۔

فَاتَهُ أَنْ يَذْكُرَ: اسے بتانا رہ گیا۔

فَاتَتْهُ الصَّلَاةُ: اس کی نماز چھوٹ گئی۔

فَاتَتْهُ الفُرْصَةُ: اس کے ہاتھ سے موقع نکل گیا۔

فَوَّتَ و أَفَاتَ: گزارنا۔

فَوَّتَ و أَفَاتَ عليه كذا: ضائع کرنا۔

فَوَّتَ عَلَيْهِ الفُرْصَةَ: موقع ضائع کرادینا، ہاتھ سے نکلوادینا۔

تَفَاوَتَ الشَّيْئَان: دو چیزوں کے درمیان باہم فرق ہونا (۲) مختلف ہونا۔

اِفْتَاتَ: (۱) گھڑنا (۲) ظلم کرنا (۳) حد سے بڑھنا۔

تَفَاوُت: فرق، اختلاف۔

تَفَاوُتٌ فِي الأَسْعَار: نرخوں کا فرق۔

فَوَاتُ الأَوَان: موقع چھوٹ جانا، وقت نکل جانا۔

فَوَاتُ المِيْعَاد: وقت گزر جانا۔

فَائِت: گزرنے والا، زوال پذیر، عارضی (۲) گزشتہ، فوت شدہ۔

فُوتُوغرَافِيَّة: فوٹوگرافی۔

فَوْج: جماعت ج: أَفْوَاج۔

فَوْجٌ جَرَّارٌ: لشکرِ جرار۔

فَوْجُ الدَّبَّابَات: ٹینکوں کا دستہ۔

فَاحَ ـُـ فَوْحاً و فَوَحَاناً: خوشبو مہکنا،

پھیلنا۔
فَارَ ـُـ فَوْراً و فَوَرَاناً: اُبلنا، جوش میں آنا، خون کھولنا۔
مِنْ فَوْرِہ ، عَلَی الفَوْر ، فَوْراً: اسی وقت، فوری طور پر۔
فَوْراً: ابھی، ہاتھ کے ہاتھ (۲) نقد۔
فَوْرِیّ: فوری، ہنگامی۔
فَوْرَۃُ دَمٍ: خون کا جوش۔
فَوَّرَ تَفْوِیْراً: جوش دینا، اُبالنا۔
فَوَّرَ الدَّمَ: خون میں جوش پیدا کرنا۔
فَائِرٌ: اُبلتا ہوا، کھولتا ہوا۔
فَوَّار: زور سے اُبلتا ہوا، جوش مارتا ہوا۔
فَوَّارَۃ: فوارہ، چشمہ، سوتا ج: فَوَّارَات۔
فَوْرِیْقَۃ: (مع) فیکٹری۔
فَازَ ـُـ فَوْزاً: (۱) کامیاب ہونا (۲) نجات پانا (۳) فتحیاب ہونا۔
فَازَ بہ: حاصل کرنا، پانا۔
فَازَ بالکَأس: ٹرافی جیت لینا۔
فَازَ بِطَائِلٍ: فائدہ حاصل کرنا۔
فَازَ بِانْتِخَابَاتِ کذا: الیکشن جیتنا۔
فَازَ الاِقْتِرَاحُ بِالقَبُول: تجویز کا منظور ہونا۔
فَازَ الفَرِیْقُ بالبُطُولَۃ: ٹیم کا چمپئن شپ حاصل کرنا۔
فَازَ فَرِیْقٌ علی فَرِیْقٍ: ایک ٹیم کا دوسری ٹیم کے مقابلے میں کامیاب ہونا۔
فَازَ مِنَ المَکْرُوْہِ: مصیبت سے چھٹکارا پانا۔
الفَائِزُ بِالجَائِزَۃ: انعام یافتہ، پرائز حاصل کرنے والا۔
مَفَازَۃ: جنگل، بے آب وگیاہ میدان ج: مَفَازَات۔
فَوَّضَ إِلَیْہ: سپرد کرنا۔
فَوَّضَہُ: اختیار دینا، مختار بنانا۔
فَوَّضَہُ السُّلْطَۃَ: اقتدار سپرد کرنا، اختیار سپرد کرنا۔
فَاوَضَ فِی الأَمْر و تَفَاوَضَ: بات چیت کرنا۔
فَوْضَی: طوائف الملوکی، لاحکومیت، بدنظمی، لاقانونیت، افراتفری، بے اصولی، انتشار۔
فَوْضَی دُوَلِیَّۃ: بین الاقوامی لاقانونیت۔
فَوْضَوِیَّۃ: لاقانونیت، انارکزم۔
فَوْضَوِیّ: لاقانونیت پسند، انارکسٹ (۲) بدنظمی کا۔
تَفَاوُض: (سیاسی) بات چیت۔
تَفْوِیْض: اختیار، پاور (۲) وارنٹ۔
تَفْوِیْضٌ شَرْعِیّ: سرکاری اختیار، پاور۔
تَفْوِیْضٌ کِتَابِیّ (لِلبَنْک لِدَفْعِ مَبَالِغَ مُعَیَّنَۃ): بینک آرڈر۔
تَفْوِیْضٌ مُطْلَق: مکمل اختیار، اختیارِ کامل، فُل پاور۔
مُطْلَقُ التَّفْوِیْض: فُل پاور آدمی، مکمل اختیار رکھنے والا۔
مُفَاوَضَات: بات چیت، مذاکرات و: مُفَاوَضَۃ۔
مُفَاوَضَاتُ الاَسْلِحَۃ: ہتھیاروں کی بات چیت۔
مُفَاوَضَاتٌ ثُنَائِیَّۃ: دوفریقی بات چیت،

دوفریقی مذاکرات۔
مُفَاوَضَاتُ السَّلَام: امن بات چیت۔
مُفَاوَضَاتٌ سِلْمِيَّة: پُرامن بات چیت۔
المُتَفَاوِضُ المُبَاشِر: براہِ راست بات چیت کرنے والا۔
مُفَوَّض: قائم مقام، کمشنر، افسر بااختیار، مختار، ناظم الامور، نمائندہ، سفیر۔
المُفَوَّضُ السَّامِي: ہائی کمشنر۔
مُفَوَّضِيَّة: کمیشن، نمائندگی، نیابت، سفارت کا عہدہ (۲) چھوٹا سفارت خانہ۔
فُوطَةُ الأَيْدِيْ: ہاتھ صاف کرنے کا کپڑا ج: فُوَط۔
فُوطَةُ الوَجْه: تولیہ۔
فُوطَةُ صُحُوْن: پلیٹیں صاف کرنے کا کپڑا۔
فُوطَةُ المَدْرَسَة: (لِلْبَنَات) لڑکیوں کا فراک۔
فَوْعَة: خوشبو۔
فَوْق: اوپر (۲) پر (۳) زائد (۴) بہتر، اعلیٰ (۵) بڑھ کر۔
فَوْقَ الكُلّ: سب سے بڑھ کر۔
فَوْقَ العَادَة: غیر معمولی، ہنگامی۔
فَوْقَ الطَّاقَة: ناقابلِ برداشت۔
فَوْقَ التَّصَوُّر: خیال سے باہر۔
فَوْقَ التَّقْدِيْر: اندازے سے زیادہ۔
فَوْقَ المُتَوَسِّط: اوسط سے زیادہ۔
فَوَّقَ عَلَى: فوقیت دینا، ترجیح دینا۔
فَوَّقَ (۲): ہوش میں آنا (دا)۔

فَاقَ ـُـ فَوْقاً: غالب آنا (۲) بلند ہونا (۳) بڑھنا (۴) زیادہ ہونا۔
فَاقَ بِنَفْسِه: مرنا۔
فَاقَ إِلَى الأَمْر: یادکرنا، یادآنا (دا)۔
فَاقَ و تَفَوَّقَ عَلَى: برتری حاصل کرنا۔
فَاقَهُمْ عَدَداً: اُن سے عدد میں بڑھ گیا۔
أَفَاقَ و اسْتَفَاقَ مِنْ نَوْم: بیدار ہونا، چونک جانا، آنکھ کھلنا۔
أَفَاقَ مِنْ مَرَضٍ: صحت یاب ہونا۔
أَفَاقَ مِنْ إِغْمَاءٍ: ہوش میں آنا۔
فَوْق، فَوَاق: برتری، فوقیت۔
فَوْقَانِيّ: بالائی۔
فَاقَة: حاجت، ضرورت ج: فَاقَات۔
فَائِق: برتر، ممتاز، اعلیٰ۔
تَفَوُّق: برتری، بالاتری، بلندی، مہارت۔
التَّفَوُّقُ الجَوِّيّ: فضائی برتری۔
تَفَوُّقٌ عَسْكَرِيّ: فوجی بالاتری۔
مُتَفَوِّق: غالب، ماہر، آگے۔
فُوْلَاذ: (مع) فولاد، اسٹیل (در فلذ)۔
فُونُوغْرَاف و فُنُغْرَاف: فونوگراف، گرامفون۔
فُوْهٌ، فَاهٌ، فِيْهٌ: منھ ج: أَفْوَاه۔
فُوْهَة و فُوَّهَة: دہانہ، سوراخ، منھ ج: فُوْهَات و فُوَّهَات۔
فُوْهَةُ البُرْكَان: دہانۂ آتش فشاں۔
فَاهَ ـُـ فَوْهاً و تَفَوَّهَ بِكَلِمَةٍ: زبان سے نکالنا، بولنا۔
أَفْوَاه: (تَوَابِل) مسالے ج: أَفَاوِيْهُ
مُفَوَّه بَلِيغ۔

ف.....ی

فِـــیْ: میں (۲) اندر (۳) پاس (۴) برائے (۵) بسبب (۶) بنسبت (۷) مقابلہ میں (۸) بسلسلہ (۹) پر (۱۰) درمیان (۱۱) دوران (۱۲) برائے ضرب۔

فَیَّأَ الشَّجَرُ: درخت کا سایہ دینا۔

تَفَیَّأَ الشَجَرَةَ: سایہ حاصل کرنا۔

فِیتَامِیْن: وٹامن۔

فِیتَامِیْن – سی: وٹامن سی۔

فِیْتُو: ویٹو۔

فَیْتُون: (مع) فٹن، گھوڑا بگی۔

فَیَّحَ: برباد کرنا، منتشر کرنا۔

فَیْح: انتشار، کشادگی، وسعت۔

فَیْحَاء: کشادہ، وسیع۔

فَاحَ ــِـ فَیْحاً: منتشر ہونا، پھیلنا۔

فَادَتْ له فَائِدَةٌ ــِـ فَیْداً: فائدہ حاصل ہونا۔

أَفَـــادَ: فائدہ پہنچانا، نفع دینا (۲) دلالت کرنا (۳) فائدہ اٹھانا، استفادہ کرنا۔

اِسْتَفَـادَ بـه: پرافٹ حاصل کرنا، فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَفَادَ منه: اخذ کرنا۔

فَائِدَة: نفع، منافع، حاصل، نتیجہ ج: فَوَائِد

فَائِدَةُ المَال: سُود۔

الفَائِدَةُ المُرَكَّبَة: سُود در سُود۔

الفَائِدَةُ الصَّافِیَة: خالص سود۔

فَوَائِدُ مُسْتَحَقَّة: واجبُ الادا سود۔

مُسْتَـــفِیْـد: جس کو رقم دی گئی ہو (بینک وغیرہ سے)۔

مُسْتَفِیْدٌ مِنَ المَعَاش: پنشن کا فائدہ اٹھانے والا۔

فِیْشَة: ٹوکن (۲) پلگ۔

فِیْشَةُ تِلِیْفُون: ٹیلیفون پلگ۔

فِیْشَةُ الكَهْرَباء: الیکٹرک پلگ۔

فَیْض: کثرت، زیادتی، فراوانی۔

فَیْض، فَیَضَان: طوفان، بہاؤ۔

فَیَضَانُ النَّهْر: طُغیانی، سیلاب۔

فَیَّاض: کثیر، سخی۔

فَاضَ ــِـ فَیْضاً: بھرنا، چھلکنا (۲) بہتات ہونا۔

فَاضَ النَّهْرُ عَلَى مَكَانٍ: سیلاب آنا۔

فَاضَ الخَبَرُ: خبر پھیلنا۔

فَاضَ بِمَكْنُونِ صَدْرِه: دل کی بات ظاہر کی۔

فَاضَتْ كَأْسُهُ: (۱) جام چھلکنا (۲) پیمانہ لبریز ہونا۔

فَاضَتْ رُوْحُهُ أو نَفْسُهُ: روح پرواز کرنا۔

أَفَاضَ الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

أَفَاضَ المَاءَ: پانی ڈالنا، بہانا۔

أَفَاضَ الإِنَاءَ: لبالب بھرنا، چھلکانا۔

أَفَاضَ بِكَلِمَةٍ: لفظ بولنا۔

أَفَاضَ فِی الحَدِیْث: (۱) مفصل کلام کرنا (۲) مشغول رہنا۔

أَفَاضَ إلى: جانا، روانہ ہونا۔

اِسْتَفَاضَ: شائع ہونا، پھیلنا۔

فَائِض: (۱) جاری (۲) کثیر (۳) فالتو، ضرورت سے زیادہ (۴) حد سے بڑھا

ہوا۔
فَائِضٌ غِذَائِیّ: فالتو غذا۔
فَائِضُ المِیْزَانِیَّة: بجٹ کا زائد حصہ۔
فَیُظ: موت۔
فَاظَ ـِ فَیُظاً: مرنا۔
فَایِظ: (دا) سود، نفع۔
فَایِظجِیّ: (دا) سود خور۔
فِیْلٌ: ہاتھی ج: اَفْیَال۔
فَیَّال: فیل بان۔
فِیْلُولُوجِیَا: علمِ لغت، لسانیات۔
فَیْنَة: وقت۔
بَیْنَ الفَیْنَةِ والفَیْنَة: وقتاً فوقتاً۔

ق

ق.....ب

قَبَّبَ: گنبد بنانا (۲) گنبد دار بنانا۔
قُبَّة: گنبد ج: قِبَاب و قُبَب۔
القُبَّةُ الزَّرْقَاء: نیلگوں گنبد، آسمان۔
مُقَبَّب: گنبد دار۔
قَبُحَ ـُ قَبَاحَةً: بُرا اور بدشکل ہونا۔
قَبَّحَ: بُرا کرنا، بدصورت بنانا۔
قَبَّحَ عَلَيْه فِعْلَه: مذمّت کرنا۔
اِسْتَقْبَحَ: بُرا سمجھنا (۲) ناپسند کرنا۔
قَبِيْح: بُرا، بدشکل، عیب دار، بدزبان، بے وقوف۔
قَبِيْحَة: بُرائی، عیب ج: قَبَائِح۔
اَقْبَحُ سُبَّة: انتہائی بدنما داغ۔
قَبَرَ ـُ قَبْراً: دفن کرنا۔
قَبْرِيَّة: قبر کا کتبہ۔
قُبْرُس: بحرِ روم کا ایک جزیرہ۔
قَبَسَ ـِ قَبْساً و اقْتَبَسَ مِنْهُ النَّارَ: شعلہ اٹھانا (۲) آگ لینا (۳) استفادہ کرنا (۴) اخذ کرنا (۵) اقتباس کرنا، عبارت نقل کرنا۔
قِبْسٌ: اصل، جڑ۔
قَبْسٌ، مِقْبَاس: انگارہ، شعلہ، آگ۔
القَابِس: پلگ۔
اِقْتِبَاس، مُقْتَبَس: نقل کردہ عبارت، اخذ کیا ہوا ٹکڑا، اقتباس، تراشہ، ماخوذ ج: اِقْتِبَاسَات و مُقْتَبَسَات۔
عَلَامَةُ الاِقْتِبَاس: [" "]۔
قَبَضَ ـِ قَبْضاً: لینا، پکڑنا۔
___ به: گرفت میں لینا۔
___ عليه: گرفتار کرنا (۲) کیچ کرنا۔
___ على الجَرِيْدَة: اخبار ضبط کرنا۔
___ عَلَى نَاصِيَةِ الاَحْوَال: صورتِ حال پر قابو پانا۔
___ الدَّخْلَ: آمدنی لینا۔
___ المَالَ: وصول کرنا۔
___ قِيْمَةَ الشَّيْك: چیک کیش کرانا۔
___ البَطْنَ: پیٹ میں قبض پیدا کرنا۔
___ عَنْ: رکنا، باز رہنا۔
قَبَّضَ المَالَ فُلَاناً: ادائیگی کرنا، دینا۔
تَقَبَّضَ و انْقَبَضَ: سکڑنا، منقبض ہونا۔
اِنْقَبَضَ البَطْنُ: قبض ہونا۔
اِنْقَبَضَ صَدْرُه: تنگ دل ہونا۔

قَبضٌ: (۱) پکڑ، گرفتاری (۲) وصولیابی۔
قُبضَة: مٹھی، مُشت بھر، ہاتھ بھر۔
قَبضَة، مِقبَض: ہینڈل، قبضہ۔
قَبضَةٌ حَدِیدِیَّة: آہنی قبضہ۔
فی قَبضَتِه: ملکیت میں۔
فی قَبضَةِ اختِیارِه: اختیار میں۔
قَابِض: گیرندہ، وصول کنندہ (۲) قبض پیدا کرنے والی چیز۔
مُنقَبِضُ الصَّدر: تنگ دل۔
مَقبُوض: وصول شدہ۔
مَقبُوضٌ علیه: گرفتار۔
مَقبُوضَاتٌ نَقدِیَّة: نقد وصولیابیاں۔
قُبط ج: اَقبَاط: مصر کے نصاریٰ۔
قَبطَان: (مع) کپتان۔
قَبَعَ ـَـ قَبعاً: (۱) خنزیر کا بولنا (۲) آدمی کا چیخنا۔
قَبَعَ فِی مَکَانِه: دھرنا دینا، ایک جگہ جمنا۔
قَبَعَ الشیٔ: اکھاڑنا۔
قَبعُ البِنَاء: بسولی۔
قُبَّع: بگل۔
قُبَّعَة: ہیٹ، انگریزی ٹوپی۔
قَبقَابٌ: کھڑاؤں ج: قَبَاقِیبُ۔
قَبقَابُ الفَرمَلَة: بریک لگانے کا ہینڈل۔
قَبقَابُ الزَّحلَقَة: پھسلواں کھڑاؤں۔
قَبِلَ ـَـ قَبُولاً: منظور کرنا، تسلیم کرنا، اعتبار کرنا۔
قَبِلَ به قَبَالَةً: ضامن بننا۔
قَبِلَ المُرَافَعَةَ: اپیل منظور کرنا۔
قَبِلَ الدَّولَةَ عُضواً فی الأُمَمِ المُتَّحِدَة: کسی ملک کو اقوام متحدہ کا ممبر بنانا۔
لا یَقبَلُ التَّخفِیضَ: ناقابلِ تخفیف۔
قَبَّلَ: بوسہ دینا (۲) جانبِ جنوب میں چلنا۔
قَابَلَه: سامنا کرنا (۲) مقابل ہونا (۳) ملاقات کرنا۔
قَابَلَ الشیٔ بالشیٔ: ایک چیز کا دوسری سے مقابلہ کرنا، ملان کرنا۔
قَابَلَ الفِعلَ بِمِثلِه: ردعمل کرنا۔
قَابَلَ الشَّرَّ بالشَّرّ: برائی کا جواب برائی سے دینا۔
قَابَلَ الاحتِیَاجَاتِ: ضروریات سامنے آنا (۲) ضروریات سے نمٹنا۔
___ الاقتِرَاحَ بالرَّفضِ الشَّدِید: تجویز کو سختی سے مسترد کردینا۔
___ الخَطَرَ: خطرے کا سامنا کرنا۔
___ الشَّغَبَ بِحَزمٍ و شِدَّةٍ: غنڈہ گردی سے سختی کے ساتھ نمٹنا۔
___ بِحَفَاوَةٍ بَالِغَة: پُرجوش استقبال کرنا۔
___ العَمَلَ بالعَرقَلَة: کام میں رکاوٹ پیدا کرنا۔
اَقبَلَ: قریب ہونا (وقت کا)۔
اَقبَلَ إلَیه: آنا، سامنے سے آنا۔
اَقبَلَ عَلَی الأَمر: متوجہ ہونا (۲) شروع کرنا۔
اَقبَلَ المَحصُولُ: پیداوار زیادہ ہونا۔
تَقَبَّلَ: قبول کرنا (۲) لینا۔
تَقَابَلَ مَعَهُ: ملاقات کرنا، ملنا۔
اِستَقبَلَ: سامنے آنا (۲) ملاقات کرنا، استقبال کرنا۔
اِستَقبَلَ الحَالَاتِ: حالات کو انگیز کرنا۔

اِستَقبَلَه بِأَذرُعٍ مَفتُوحَة: ہاتھوں ہاتھ لینا، خوش آمدید کہنا۔
قَبل: پہلے، قبل، بیفور۔
قَبلَ المِیعَاد: قبل از وقت، بیفور ٹائم۔
قَبلاً، مِنْ قَبلُ: قبل ازیں، اس سے پہلے، پیشتر، سابق میں۔
مِنْ ذِیْ قَبلُ: پہلے سے۔
قِبَل: طاقت، ہمت (۲) طرف۔
لِیْ قِبَلَه دَیْنٌ: اس کی طرف میرا قرض ہے۔
مِنْ قِبَلِ ابْنِیْ: میرے بیٹے کی طرف سے۔
قُبلَة: بوسہ ج: قُبَل و قُبُلَات۔
قِبلَة: توجہ گاہ۔
قِبلِیّ: جانب جنوب (۲) جنوبی۔
قُبَالَة: جانب، طرف (۲) سامنے۔
قَبَالَة: ذمہ داری (۲) معاہدہ۔
قِبَالَة: دایہ گری، دایہ کا پیشہ۔
قُبُول: منظوری، ایڈمیشن (۲) تسلیم ورضا (۳) صلاحیت، توجہ۔
قُبُولٌ بِلاَ شَرطٍ: بلاشرط منظوری۔
قُبُولٌ جُزئِیّ: جزوی منظوری۔
قُبُولٌ عَامّ: عام مقبولیت۔
قَبِیل: ضامن۔
مِنْ قَبِیلِ کَذَا: اس قسم سے۔
مِنْ هٰذَا القَبِیل: اسی طرح، اسی جیسا، اسی قسم کا۔
قَابِل: (۱) منظور کنندہ (۲) آنے والا، آئندہ۔
قَابِلُ الاِلتِهَاب: آتش گیر۔
قَابِلُ الرِّشوَة: رشوت خور۔
قَابِلٌ لِلاِبدَال: تبدیلی کے قابل۔
قَابِلٌ لِلاِستِهلاک: قابلِ صرف۔
قَابِلٌ لِلاِنفِجَار: دھماکہ خیز۔
قَابِلٌ لِلتَّحوِیل: ٹرانسفر کے قابل، تبدیلی کے قابل۔
قَابِلٌ لِلتَّصدِیر: ایکسپورٹ کے قابل۔
قَابِلٌ لِلتَّعَامُل: لین دین کے قابل۔
قَابِلٌ لِلتَّلَف: ضائع ہونے کے قابل۔
قَابِلٌ لِلإِلغَاء: قابلِ منسوخی، کینسل کرنے کے قابل۔
قَابِلٌ لِاَنْ تُفرَضَ عَلَیْهِ الضَّرَائِبُ: ٹیکس لگانے کے قابل۔
قَابِلٌ لِلکَسر: قابلِ شکستگی۔
قَابِلٌ لِلمُقَاضَاة: مقدمہ کے قابل۔
قَابِلٌ لِلمُنَاقَشَة: قابلِ بحث۔
قَابِلٌ لِلنَّفَاد: ختم ہونے والا۔
قَابِلٌ لِلنُّهُوض: قابلِ ترقی۔
قَابِلَة: (مُوَلِّدَة) دایہ، مڈوائف۔
قَابِلِیَّة: استعداد (۲) توجہ (۳) خواہش۔
قَابِلِیَّةُ التَّأثُّر: اثر پذیری۔
قَابِلِیَّةٌ لِلتَّحوِیل: تبدیلی کی صلاحیت۔
إِقبَال: آمد (۲) توجہ، دلچسپی (۳) رجوع (۴) مانگ (۵) مقبولیت۔
عَلَیْه إِقبَالٌ: اس کی مقبولیت ہے، اس چیز کی مانگ ہے۔
إِقبَالاً و إِدبَاراً: آمد و رفت میں۔
اِستِقبَالٌ حَافِل: زبردست استقبال۔
غُرفَةُ الاِستِقبَال: ڈرائنگ روم،

استقبال کا کمرہ۔
مُقْبِل: آئندہ۔
مُقْبِلٌ إِلَی: سامنے سے آنے والا۔
مُقْبِلٌ عَلَی: متوجہ ہونے والا، شروع کرنے والا۔
مَقْبُول: منظور شدہ، داخل شدہ، قابلِ قبول۔
مُقَابِل: سامنے (۲) جانب (۳) بدلہ، عوض۔
مُقَابِلُ الحُضُوْر: حاضری فیس۔
مُقَابِلَ کذا، فی مُقَابِلِ ذلک: اس کے بدلہ میں۔
بِلا مُقَابِلٍ: مُفت۔
مُقَابَلَة: ملاقات (۲) مقابلہ۔
مُقَابَلَةٌ دَافِئَة: گرم جوشانہ ملاقات۔
مُقَابَلَةٌ عَاجِلَة: فوری ملاقات۔
مُقَابَلَةٌ مَعَ اَحَدٍ: انٹرویو۔
مُقَابَلَةٌ صَحَفِيَّة: اخباری انٹرویو۔
مُقَابَلَةٌ تِلْفِزْيُوْنِيَّة: ٹیلی ویژن انٹرویو۔
مُقَابَلَةٌ شَخْصِيَّةٌ عِنْدَ التَّوَظُّف: اپائنٹ منٹ انٹرویو۔
مُقْتَبَلُ الشَّبَاب: نوجوانی۔
فِی مُقْتَبَلِ العُمُر: نوعمر، نوخیز۔
مُسْتَقْبَلٌ زَاهِرٌ: روشن مستقبل، تابناک مستقبل۔
فِی المُسْتَقْبَل: آگے، آئندہ۔

ق.....ت

قَتَبٌ: کجاوہ (۲) کمر کا کوب۔ ج: اَقْتَاب۔
قَتَّاتٌ: چغل خور۔
قَتَاد: خاردار نبات۔
قَتَرَ ـُـ قَتْراً و قَتَّرَ و اَقْتَرَ علی: اہل وعیال کے خرچ میں تنگی کرنا۔
اَقْتَرَ: مفلس ہونا۔
قَتِيْر: دونو کی کیل۔
قَاتِر، مُقْتِر: بخیل، کنجوس۔
قَتَلَ ـُـ قَتْلاً: مار ڈالنا، ختم کرنا۔
قَتَلَ نَفْسَه: خودکشی کرنا۔
قَتَلَ شَخْصِيَّتَه: شخصیت فنا کرنا۔
قَاتَلَ بالبَسَالَة: بہادری سے جنگ کرنا۔
اِسْتَقْتَلَ فی: جان کی بازی لگانا، جان ہتھیلی پر رکھنا۔
قَتْلُ الذَّاتِ أو النَّفْس: خودکشی۔
قَتْلٌ و نَهْبٌ: مار دھاڑ، لوٹ مار۔
قِتَال: لڑائی، جنگ، معرکہ۔
قِتَالٌ حَتَّى المَوْت: تا موت جنگ۔
قِتَالٌ عَنِيْف: گھمسان کی جنگ۔
قِتَالٌ عَنِيْفٌ بالدَّبَّابَات: ٹینکوں کی گھمسان کی جنگ، خوفناک جنگ۔
قِتَالٌ مَجِيْد: شاندار لڑائی۔
قَاتِل: مُہلک، تباہ کن۔
اِقْتِتَال: لڑائی۔
مَقْتَل: ہلاکت، قتل (۲) جائے قتل۔
مَقْتَلُ شَخْصٍ فی حَادِثٍ کذا: فلاں حادثہ میں ایک آدمی ہلاک۔
مُقْتَتَل: میدانِ کارزار۔
مُقَاتِل: جنگجو، سپاہی۔
مُقَاتِلاتٌ قَاذِفَةُ القَنَابِل: جنگی بمبار طیارے۔

قَتَمَ ـُ الغُبَارُ: گرد اُٹھنا۔
قَتَّمَ: سیاہ کرنا۔
اِقْتِمَام: سیاہ ہونا۔
قُتْمَة، قَتَمَة، قَتَام: تاریکی (۲) سیاہی۔
قَاتِم: تاریک (۲) سیاہ۔
اَسْوَدُ قَاتِمٌ: گہرا سیاہ۔
ظَلَامٌ قَاتِم: سخت تاریکی۔

ق.....ث

قِثَّاء: کھیرا، ککڑی۔
مِقَثَّة: (طَبْطَابَة) بیٹ، بلا۔

ق.....ح

قَحَبَ ـَ قَحْباً: کھانسنا۔
قَحِطَ ـَ قَحْطاً: بارش نہ ہونا۔
قَحِطَ و قُحِطَ و اقْتَحَطَ العَامُ: خشک سالی ہونا، سال میں قحط پڑنا۔
قَحْط: فقدان (۲) خشک سالی۔
قَحَفَ و اقْتَحَفَ: برتن کا تمام پانی پینا۔
قِحْفٌ: کھوپڑی ج: اَقْحَاف۔
قَحِلَ ـَ قَحْلاً و تَقَحَّلَ: خشک ہونا۔
قَحَل، قُحُولَة: خشکی۔
قَحَمَ فِی الاَمْرِ ـُ قَحْماً: کسی چیز میں انجام پر نظر کئے بغیر کود پڑنا۔
قَحَّمَ و اَقْحَمَ فی الاَمْر: کسی کام میں ڈھکیلنا، لگانا۔
اقْتَحَمَ الاَمْرَ و الشیٔ: خطرناک جگہ میں گھسنا، خطرہ کے کام میں لگنا، کود پڑنا، جان خطرہ میں ڈالنا۔
اِقْتَحَمَ المَکَانَ: خطرہ سے بے پرواہ کود پڑنا، بے پرواہ داخل ہونا، دھاوا بولنا۔
اِقْتَحَمَ المَخَاطِرَ: خطرات مول لینا۔
قُحْمَة: مشکل کام (۲) ہلاکت۔
مِقْحَام: مصائب کا مقابلہ کرنے والا۔
قُحْوَان، اُقْحُوَان: گُلِ بابونہ۔

ق.....د

قَدَحَ فیه ـَ قَدْحاً: مذمت کرنا، عیب لگانا، بٹہ لگانا، مجروح کرنا۔
قَدَحَ فی عِرْضِه: عزت پر حملہ کرنا۔
قَدَحَ و اقْتَدَحَ النَّارَ بالزَّنْد: پتھر یا چقماق کے ذریعہ آگ نکالنا۔
قَدَحَ و اقْتَدَحَ شَرَراً: چنگاریاں پھینکنا۔
قَدْح: مذمت (۲) عیب جوئی۔
قَدَحٌ: گلاس، پیالی ج: اَقْدَاح۔
قَدَّاحَة: سگریٹ لائٹر (۲) چقماق۔
قَادِح: معترض، عیب دار بنانے والا۔
قَدَّدَ و قَدَّ ـُ قَدّاً و اقْتَدَّ: لمبائی میں کاٹنا (۲) جڑ سے اکھاڑنا (۳) بوٹیاں کرنا (۴) ٹکڑے کرنا۔
قَدّ: قامت (۲) مقدار۔
عَلَی قَدِّه: اس کے مطابق۔
قِدّ: چمڑے کا ٹکڑا۔
قِدَّه: لکڑی یا دھات کی تختی۔
قَدِیْد: ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔
قَدِرَ ـَ و قَدَرَ ـِ قُدْرَةً و اقْتَدَرَ: قادر ہونا، طاقت رکھنا۔
___ . ___ علی: کرسکنا، قادر ہونا۔
قَدَّرَ: (۱) مقدر کرنا، قسمت میں لکھنا (۳) اندازہ لگانا، حساب لگانا (۴) قیمت لگانا۔
___ الشیٔ بالشیٔ: ایک کو دوسری چیز پر قیاس

کرنا۔
___ الإِیْرَادَاتِ و المَصْرُوْفَاتِ: بجٹ تیار کرنا، آمدوخرچ کا حساب لگانا۔
___ الظُّرُوْفَ: حالات کا اندازہ لگانا۔
___ المَوْقِفَ: صورتِ حال کا اندازہ لگانا۔
قَدَّرَ المَسْحُ کذا: سروے سے پتہ چلنا۔
___: قدر کرنا، حیثیت دینا۔
___ الضَّرَائِبَ: ٹیکس لگانا، ٹیکس کی مقدار مقرر کرنا۔
___: (دا) گمان کرنا۔
___ و اَقْدَرَهُ عَلَی: قدرت دینا، قادر بنانا۔
لَا قَدَّرَ اللّٰهُ: خدانخواستہ، خدانہ کردہ۔
تَقَدَّرَ: متعین ہونا، مقدار متعین ہونا۔
قَدْرٌ: (۱) مقدار (۲) درجہ، مرتبہ، حیثیت (۳) قیمت ج: اَقْدَار۔
القَدْرُ الکَافِیْ: بقدرِ ضرورت۔
بِهٰذَا القَدْر: اتنا۔
قَدَرٌ: تقدیر، فیصلۂ خداوندی۔
قَدَرِیّ: تقدیر کو ماننے والا۔
القَدَرِیَّة: ایک فرقہ جو تقدیرِ الٰہی کا منکر ہے اور کہتا ہے کہ بندے اپنے افعال کے خود خالق ہیں، اس کے برعکس فرقہ جَبَرِیَّة ہے۔
قِدْرٌ: دیگچی، پکانے کا برتن (۲) دیگ ج: قُدُوْر۔
قِدْرُ القَلْی: کوکر۔
قُدْرَة: ت، صلاحیت، توانائی، اختیار۔
قُدْرَة حِصَانِیَّة: ہارس پاور۔
قُدْرَةٌ شِرَائِیَّة: قوتِ خرید۔
قُدْرَةٌ عَلَی التَّصَرُّف: کام کی صلاحیت۔
قُدْرَةٌ عَلَی الحَیَاة: جینے کی صلاحیت۔
القُدْرَةُ علی الدَّفْع: ادائیگی کی صلاحیت۔
القُدْرَةُ القَانُونِیَّة: قانونی پاور۔
قُدْرَةٌ عَلَی القِتَال: جنگی صلاحیت۔
قُدْرَةٌ قِتَالِیَّة: لڑنے کی صلاحیت۔
قُدْرَةٌ مَالِیَّة: پاکٹ، مالی گنجائش۔
قُدْرَةُ المَحَطَّة: اسٹیشن کی صلاحیت، پاور۔
قُدْرَةٌ هُجُوْمِیَّة: اقدامی صلاحیت، حملہ کی طاقت۔
قُدُرَاتٌ: صلاحیتیں، توانائیاں۔
قُدُرَاتٌ خَلَّاقَة: تخلیقی صلاحیتیں۔
قُدُرَاتٌ نَوَوِیَّة: ایٹمی توانائیاں۔
قَدِیْر: باصلاحیت، ماہر فن، عبور یافتہ۔
اقْتِدَار: طاقت، قدرت (۲) لیاقت۔
تَقْدِیْر: اندازہ، تخمینہ، اسٹیمیٹ (۲) اہمیت، معیار (۳) خیال، نشانہ (۴) خراجِ عقیدت، خراجِ تحسین۔
تَقْدِیْرُ الاِیْرَادَات: حسابِ آمدنی، تخمینۂ آمدنی۔
تَقْدِیْرٌ تَعَسُّفِیّ: غیر منصفانہ تخمینہ۔
التَّقْدِیْرُ الخَاطِئ: غلط اندازہ۔
تَقْدِیْرٌ صَادِق: صحیح قدردانی، صحیح اندازہ۔
تَقْدِیْرُ العَقَار: زمین کا تخمینہ۔
یَسْتَحِقُّ التَّقْدِیْر: واجب الاحترام۔
تَقْدِیْرِیّ: قیاسی، تخمینی، خیالی، فرضی۔
تَقْدِیْرًا: بطورِ فرض۔
تَقْدِیْرَات: اندازے، تخمینے، معیار۔
تَقْدِیْرَاتُ التَّخْطِیْط: پلاننگ

اسٹیمیٹ، منصوبہ بندی کے نشانے۔
تَقْدِيرَاتُ مِيزَانِيَّة: بجٹ نشانے۔
مُقَدَّر: پوشیدہ، فرض کیا ہوا، مقبول۔
مُقَدَّرٌ بكذا: اتنی قیمت کا، اتنا تخمینہ لگایا ہوا۔
مُقَدِّر: تخمینہ لگانے والا۔
مُقَدِّرُ الاَثْمان: قیمتیں لگانے والا۔
مَقْدِرة: صلاحیت، طاقت، ہمت، سکت ج: مَقْدُرات۔
المَقْدِرَةُ التَّخْطِيطِيَّة: پلاننگ کی صلاحیت۔
المَقْدِرَةُ عَلَى الشِّرَاء: ڈیمانڈ، قوتِ خرید۔
مَقْدُور: اختیار، طاقت، گنجائش۔
مِقْدَار: مقدار، سائز، درجہ، حیثیت، قیمت، اندازہ ج: مَقَادِيرُ۔
المِقْدَارُ الاَكْبَر: مجارٹی، اکثریت۔
المِقْدَارُ الكَافِي: ضروری مقدار، کورم۔
مِقْدَارٌ مِنَ السِّلَعِ المُشْتَرَاة: آرڈر کا مال۔
بِمِقْدَارٍ مَّا: کسی بھی مقدار میں، کتنا ہی۔
قَدُسَ ـُ قَدَاسَةً: پاک ہونا (۲) بابرکت ہونا (۳) لائقِ تعظیم ہونا۔
قَدَّسَ: تعظیم کرنا (۲) پاک ومقدس بنانا۔
قُدْس: پاک جگہ۔
القُدْس: بیت المقدس (شہر)۔
قُدُس: پاک (۲) پاکی۔
رُوحُ القُدُس: پاک روح، مراد حضرت جبرئیلؑ۔

قَدَاسَة: پاکی (۲) عظمت، بزرگی، احترام (۳) برکت۔
قُدَّاس: عیسائیوں کی نماز۔
قُدُّوس، قِدِّيس: پاک، طاہر۔
القُدُّوس: ذاتِ باری جو جملہ نقائص سے پاک ہے۔
قِدِّيس: عیسائیوں کا ولی، بزرگ، قابلِ احترام۔
تَقْدِيسُ الاِنْسَانِيَّة: احترامِ انسانیت۔
قَدِمَ ـَ قُدُوماً: آنا (۲) لوٹنا۔
قَدُمَ ـَ قَدَامَةً: پرانا ہونا۔
قَدَّمَ تَقْدِيماً: پرانا کرنا (۲) آگے کرنا (۳) پیش کرنا (۴) ذکر کرنا (۵) آگے بڑھانا، ترقی دینا (۶) لانا (۷) دینا (۸) پیشکش کرنا۔
___ الثَّمَنَ: پیشگی قیمت دینا۔
___ السَّاعَةَ: گھڑی تیز کرنا۔
___ الاِحْتِجَاجَ إلى: احتجاج کرنا۔
___ الاِسْتِقَالَةَ إلَى: استعفا دینا، استعفا پیش کرنا۔
___ اَغْلَى التَّضْحِيَاتِ: زبردست قربانیاں دینا۔
___ عَرْضاً: آفر کرنا، پیشکش کرنا۔
___ الكِتَابَ بِمُقَدِّمَةٍ: کتاب پر مقدمہ لکھنا۔
___ لَهُ و إلَيْهِ التَّسْهِيلَاتِ: آسانیاں بہم پہنچانا۔
الوَفْدُ البَحْثَ إلَى الاِجْتِمَاع: وفد نے جلسہ میں تحقیقی مقالہ پیش کیا۔

___ عَرِيضَةً إِلَى: پٹیشن داخل کرنا۔
قَدَّمَ فَاتُورَةً إِلَى: بل پیش کرنا۔
___ فُلاناً لِفُلانٍ: کسی کا کسی سے تعارف کرانا۔
___ لَائِحَةَ الاِتِّهَام: چارج شیٹ پیش کرنا، لگانا۔
___ المُقْتَرَحَاتِ: تجاویز پیش کرنا۔
___ المِيزَانِيَّةَ: بجٹ پیش کرنا۔
___ الوَقْتَ سَاعَةً: وقت کو ایک گھنٹہ مقدم کرنا۔
___ الهَدِيَّةَ التَّذْكَارِيَّةَ إِلَى اَحَدٍ: یادگاری ہدیہ دینا۔
___ الاسْتِقَالَةَ اِحْتِجَاجاً على كذا: بطورِ احتجاج استعفاء دینا۔
___ التَقْرِيرَ عَنِ النَّتَائِج: نتائج کی رپورٹ دینا۔
___ التَّنَازُلاتِ: رعایتیں دینا۔
___ التَّوْصِيَاتِ إِلَى: سفارشات پیش کرنا۔
___ الدَّعْمَ والعَوْنَ لِفُلانٍ: امداد وتعاون پیش کرنا۔
___ شَكْوَى: شکایت کرنا۔
___ شِيكاً لِلدَّفْع: ادائیگی کے لئے چیک دینا۔
قَدَّمَ الضَّمَانَاتِ: گارنٹی دینا۔
___ العَرْضَ: پیش کش کرنا۔
اَقْدَمَ عَلَى: اقدام کرنا (۲) ہمت کرنا (۳) شروع کرنا، کام کرنے کے لئے تیار ہونا۔
اَقْدَمَ عَلَى وَظِيفَةٍ: ملازمت کی درخواست دینا۔
تَقَدَّمَ: آگے بڑھنا (۲) ترقی کرنا (۳) جاری رہنا (۴) بہتر ہونا (۵) کامیاب ہونا (۶) اُبھرنا۔
تَقَدَّمَ عَلَيْه: کسی پر فوقیت لے جانا۔
تَقَدَّمَ بَيْنَ يَدَىْ: پیش ہونا۔
کَفَلَ الکَیْلُ المُتَّهَمَ: مجرم کی ضمانت لینا۔
کَفَلَ لَهُ حِمَایَةً مُنَاسِبَةً: ضروری حفاظت کی ذمہ دار لینا۔
کَفَلَ النَّفَقَاتِ: اخراجات برداشت کرنا۔
کَفَلَ وَ کَفَّلَ عِیَالَه: پرورش کرنا، نان نفقہ کا ذمہ دار ہونا۔
کَفَّلَه و أکْفَلَه إیَّاهُ: ضامن بنانا، ذمہ دار بنانا۔
کَافَلَه: معاہدہ کرنا۔
تَکَفَّلَ بشَیْءٍ: نمٹنا، ذمہ داری لینا۔
کَفَالَة: ضمانت، ذمہ داری، گارنٹی (۲) پرورش، اخراجات کی ذمہ داری۔
بِکَفَالَةٍ: ضمانت پر۔
أُفْرِجَ عَنْهُ بِکَفَالَةٍ: ضمانت پر رہا کیا گیا۔
کَفَالَات: ضمانتیں۔
کَفِیل: ضامن، ذمہ دار، گارنٹی دینے والا ج: کُفَلاء۔
کَفِیلٌ بکذا: مؤثر، مفید۔
تَکَافُل: باہمی ضمانت، باہمی تعاون، مشترکہ ذمہ داری۔
مَکْفُول: جس کی ضمانت دی گئی ہو، گارنٹڈ (۲) جس کی پرورش اور کفالت کی جائے۔
کَفَنَ ـُ کَفْناً و کَفَّنَ: مردہ کو دبانا (۲) کفن پہنانا۔
کَفْنٌ: پھیکا، بے نمک۔
کَفَنٌ: مُردہ کا لباس ج: أکْفَان۔
اِکْفَهَرَّ اللَّیْلُ اِکْفِهْرَاراً: رات تاریک ہونا۔
اِکْفَهَرَّ السَّحَابُ: بادل کا گہرا اور سیاہ ہونا۔
اِکْفَهَرَّ الجَوُّ: فضا ابر آلود ہونا، فضا خراب ہونا۔
اِکْفَهَرَّ الوَجْهُ: تیوری چڑھنا۔
اِکْفَهَرَّتِ السَّمَاءُ: کالی گھٹا چھانا۔
مُکْفَهِرّ: تاریک (۲) تُرش رو۔
کُفْوٌ: نظیر، مثل (۲) لائق، اہل (دیکھیے: کفأ)۔
کَفَی ـِ کِفَایَةً: کافی ہونا۔
کَفَاهُ الشَّرَّ: شر سے محفوظ رکھنا۔
کَفِیٌّ لکذا: اہل، لائق۔
کَافَاهُ مُکَافَاةً: بدلہ دینا۔

اِکْتَفَی بکذا: قناعت کرنا، اکتفا کرنا۔
کِفَایَة: بقدرِ ضرورت شے (۲) بے نیازی (۳) قناعت۔
اِکْتِفَاء: قناعت، آسودہ خاطری۔
اِکْتِفَاءٌ اِقْتِصَادِیّ: معاشی خود کفالتی، معاشی بہتری۔
الاِکْتِفَاءُ الذَّاتِیّ: خود کفالت، خود کفیل ہونا۔
مُکْتَفٍ: قانع، آسودہ خاطر۔

ک.....ل

کَلَأَ ـَ کِلَاءَ ةً: حفاظت کرنا۔
کَلَأٌ: گھاس ج: أَکْلَاء۔
کَلْءٌ، کِلَاءٌ، کِلَاءَ ة: حفاظت۔
کَلِبَ الرَّجُلُ ـَ کَلَباً و اسْتَکْلَبَ: کتے کے کاٹنے سے دیوانہ ہوا (۲) کتے کی طرح بھونکنا۔
تَکَالَبُوا عَلَی شَیْءٍ: سب لوگوں کا کسی چیز کی خواہش کرنا، حرص ہونا، ٹوٹ پڑنا۔
کَلْبٌ: کتا ج: کِلَاب۔
کَلْبَة: کتیا۔
کَلْبَتَان: (۱) زنبور، فنِ جراحی کی چمٹی۔
کَلِبٌ: لالچی۔
کُلَّابَة: دانت نکالنے کا زنبور۔
کَلَحَ ـَ کُلُوحاً و اَکْلَحَ و تَکَلَّحَ الوَجْهُ: چہرہ پر شکن پڑنا، تُرش رو ہونا۔
کَالِحٌ: ترش رو۔
کَلَّسَ و تَکَلَّسَ: چونا بنانا یا بننا۔
کَلَّسَ البَیْتَ: چونے کا پلاسٹر کرنا (۲) چونا پھیرنا۔
کِلْسٌ: (مع) چونا۔
کِلْسِیّ: چونے کا۔
کَلْسِیُوم: (مع) کیلشیم۔
کَلِفَ الوَجْهُ ـَ کَلَفاً: چہرہ پر جھائیں پڑنا۔
کَلِفَ بِالشیءِ: دلدادہ ہونا، فریفتہ ہونا، عاشق ہونا۔
کَلَّفَه بکذا: مامور کرنا، پابند بنانا (۲) مشکل کام کا حکم دینا۔
کَلَّفَهُ الأَمْرُ کذا مِنَ المَصَارِیف: لاگت آنا (هٰذَا البِنَاءُ یُکَلِّفُنَا أَلْفَ مِائَةِ رُوْبِیَة)۔
تَکَلَّفَ: تکلف کرنا، رسمیات اختیار کرنا۔
تَکَلَّفَ الأَمْرَ: کسی کام میں صعوبت اٹھانا۔
کُلْفَة: صعوبت (۲) لاگت، کاسٹ ج: کُلَف۔
کُلْفَةُ الإِنْتَاج: پیداواری لاگت۔
کُلْفَةُ البِنَاء: تعمیری لاگت۔
کَلَفٌ: فریفتگی (۲) جھائیں۔
تَکْلِیف: پابندی (۲) حکم (۳) تکلف (۴) ذمہ داری (۵) لاگت ج: تَکَالِیْفُ۔
تَکَالِیْفُ: چارجس، اخراجات، لاگت، کاسٹ۔
تَکَالِیْفُ الإِنْتَاج: پیداواری لاگت۔
تَکَالِیْفُ التَشْغِیْلِ الیَوْمِیَّة: روزمرہ کے کام کے اخراجات۔
التَّکَالِیْفُ الثَّابِتَة: مستقل اخراجات۔

التَّكَالِيفُ الصِّنَاعِيَّة: صنعتی اخراجات۔
تَكَالِيفُ العَمَل: لیبر اخراجات۔
تَكَالِيفُ غَيْرُ مُبَاشِرَة: بالواسطہ اخراجات۔
التَّكَالِيفُ المُتَغَيِّرة: تغیر پذیر اخراجات۔
التَّكَالِيفُ المُضَافَة: اضافی اخراجات۔
تَكْلِفَة: کاسٹ، لاگت، خرچ۔
التَّكْلِفَةُ الاَسَاسِيَّة: اصل لاگت۔
التَّكْلِفَةُ الفِعْلِيَّة: فوری خرچ، فوری لاگت۔
تَكْلِفَةُ الفُرْصَةِ البَدِيْلَة: عوضی کی اجرت۔
تَكْلِفَةٌ مُبَاشِرَة: اصل لاگت۔
مُكَلَّف: پابندِ حکم، ذمہ دار (۲) ٹیکس ادا کرنے والا۔
مُكَلَّفٌ بِاسْمِه أَوْ عَلَى اسْمِه: کسی جائیداد کا کسی کے نام رجسٹرڈ ہونا۔
مُكَلَّفٌ بِالضَّرَائِب: ٹیکس کی ادائیگی جس پر واجب ہو۔
مُكَلَّفَة: (دا) زراعتی زمینوں کا رجسٹر جس پر لوگوں کے نام درج ہوں۔
كَلَّلَهُ تَكْلِيلاً: تاج پہنانا۔
كَلَّلَ عَلَى: (دا) کسی کے ساتھ عقد کر دینا۔
كَلَّلَ و كَلَّ ـِـ كَلًّا: کند ہونا، بے دھار ہونا۔
كَلَّ ـِـ النَّظَرُ و الفَهْمُ: نگاہ اور فہم کا کمزور ہونا۔
كَلَّ: تھکنا، قویٰ مضمحل ہونا۔
أَكَلَّهُ إِكْلالاً: تھکانا۔
أَكَلَّ النَّظَرَ: نگاہ کو کمزور بنانا۔
تَكَلَّلَ: تاج پہننا۔
تَكَلَّلَ عَلَيْهَا: شادی کرنا۔
كُلٌّ: سب (۲) ہر ایک۔
كُلَّ أُسْبُوعَيْنِ: پندرہ روزہ۔
كُلَّ ثَلاثَةِ أَشْهُر: سہ ماہی۔
كُلَّ سَنَتَيْن: دوسالہ۔
كُلَّ شَهْرَيْن: دوماہی۔
كُلُّ شَيْءٍ صَحِيْحٌ: سب ٹھیک۔
كُلِّيَّة: (۱) عمومیت (۲) کالج ج: كُلِّيَّات۔
الكُلِّيَّةُ العَسْكَرِيَّة: ملٹری کالج۔
كُلِّيَّةُ قُوَى الاَمْنِ الدَّاخِلِي: اندرونی حفاظتی فورس کالج۔
كُلِّيَّةً، بِالكُلِّيَّة: بالکلیہ، قطعاً، پورے طور پر۔
بِكُلِّيَّتِهِ: تمام، سب کا سب۔
كَلٌّ و كَلِيْلُ البَصَر: کم نگاہ، کمزور نگاہ۔
كَلٌّ و كَلِيْلُ الفَهْم: کُند ذہن۔
كَلٌّ، كَلِيْلٌ: کُند، بے دھار۔
إِكْلِيل: تاج ج: أَكَالِيل۔
كَلَمَ ـُـ كَلْماً و كَلَّمَ: زخمی کرنا۔
كَلَّمَه و كَالَمَهُ: بات کرنا، خطاب کرنا۔
تَكَلَّمَ مَعَه: بولنا، بات چیت کرنا۔
تَكَلَّمَ عَلَى شَخْص: مذمت کرنا۔
تَكَلَّمَ فِيْ: تعریف کرنا۔
تَكَلَّمَ بِالعَصَبِيَّة: تعصب سے بات کرنا۔
كَلْمٌ: زخم ج: كُلُوم و كِلام۔

كَلِمَة: لفظ (۲) بات (۳) مضمون، پیراگراف (۴) تقریر ج: كَلِمٌ و كَلِمَات۔
كَلِمَةٌ إذَاعِيَّة: نشری تقریر۔
كَلِمَةُ الإعْجَاب: کلمۂ تحسین۔
كَلِمَةُ التَّحْرِيْر: اداریہ، ایڈیٹوریل۔
كَلِمَةُ الشُّكْر: سپاس نامہ۔
إلْقَاءُ الكَلِمَة: تقریر کرنا۔
كَلِمَةً فَكَلِمَةً (حَرْفِيًّا): لفظ بہ لفظ۔
كَلِمَاتٌ عَوِيْصَة: مشکل الفاظ۔
كَلِمَاتٌ قَاسِيَة: سخت باتیں۔
كَلَام: بات، باتیں، گفتگو، اقوال۔
كَلَامٌ رَائِع: شاندار باتیں۔
كَلَامٌ مُذْهِل: حیرت انگیز باتیں۔
كَلَامٌ فَارِغ: بے معنی باتیں، فضول باتیں۔
كَلَامٌ مُزَخْرَف: چکنی چپڑی باتیں۔
الكَلَامُ المَعْسُول: چکنی چپڑی باتیں۔
الكَلَامُ المُنَمَّق: چکنی چپڑی باتیں۔
كَلِيْم، مُتَكَلِّم: مقرر، بات کرنے والا، نیابت میں گفتگو کرنے والا۔
كَلِيْم، مَكْلُوْم: زخمی۔
مُكَالَمَة: گفتگو، بات چیت۔
مُكَالَمَةٌ تِلِيْفُونِيَّة: ٹیلیفون کال، ٹیلیفون بات چیت۔
مُكَالَمَةٌ هَاتِفِيَّة: ٹیلیفون کال۔
كَلِيَ و كُلِيَ ـَ كَلًى: دردِ گردہ میں مبتلا ہونا۔
كُلْيَة: گردہ ج: كُلًى۔
كُلْوِيّ: گردہ کا۔
كِلَا و كِلْتَا: دونوں۔
كِلِيْسِرِيْن: (مع) گلیسرین۔

ك.....م

كَمْ: کتنا؟ کس قدر میں (۲) بہت۔
كَمْ: کلومیٹر، مخفف کلومیٹر کا۔
كَمَا: جیسا۔
كَمَا هُوَ: جوں کا توں، بحالتِ موجودہ، وہ جیسا بھی ہے۔
كَمْبِيَالَة: (رقم کا) ڈرافٹ، نوٹ، بل، ہنڈی، پرامیسری نوٹ۔
كَمْبِيَالَةٌ تُدْفَعُ عِنْدَ الطَّلَب: ڈیمانڈ بل۔
كَمْبِيَالَةٌ خَالِيَةٌ مِنْ اِسْمِ المُسْتَفِيْد: بغیر نام کا ڈرافٹ۔
كَمَتَ الغَيْظَ ـُ كَمْتًا: غصہ پینا۔
كُمَيْت: سرخ وسیاہ رنگ کا۔
كُمَّثْرَى: ناسپاتی۔
كُمَّثْرَاةٌ: ایک ناسپاتی۔
كَمَحَ ـَ كَمْحًا: لگام کھینچ کر روکنا۔
كَمَّاحَةُ القِطَار: بریک (فرملة)۔
كُمَاخ: تکبر، غرور۔
كَامِخ: چٹنی ج: كَوَامِخ۔
كَمِدَ اللَّوْنُ ـَ كَمَدًا: رنگ کا سیاہی مائل ہونا۔
كَمِدَ الرَّجُلُ: مغموم ہونا۔
أكْمَدَهُ: مغموم بنانا۔
كُمْسَارِيّ: کنڈیکٹر، ٹکٹ دینے والا۔
كُمْسَارِيُّ القِطَارِ الحَدِيْدِيّ: ریلوے گارڈ۔
كَمَّشَ: دامن سمیٹنا۔
اِنْكِمَاش: سکڑنا۔

اِنْكِمَاشُ الجِلْد و تَكَمُّشُه: سلوٹیں پڑنا، سکڑنا، سمٹنا۔
الانكِمَاشُ فی الاقْتِصَاد: اقتصادیات میں کمی۔
اِنْكِمَاشُ الطَّلَب: مانگ میں کمی، ڈیمانڈ کم ہونا۔
اِنْكِمَاشُ العُمْلَة: سکہ کے چلن میں کمی۔
الانْكِمَاشُ النَقْدِیّ: سکہ کی کمی۔
كَمَّاشَة: موچی کا زنبور، کیل وغیرہ نکلنے کا اوزار۔
كَمَّاشَةُ النَّجَّار: بڑھئی کا زنبور۔
كَمَعَ ـَ كَمْعاً: کاٹنا۔
كَمُلَ ـُ كَمَالاً: پورا ہونا، مکمل ہونا۔
كَمَّلَ، أكْمَلَ: پورا کرنا، مکمل کرنا۔
كَمَّلَ المَسِيْرَةَ: مشن پورا کرنا۔
اِكْتَمَلَ و تَكَمَّلَ: مکمل ہونا۔
اِكْتَمَلَ حُضُورُ المَدْعُوِّيْنَ: تمام مدعووین کا آجانا۔
اِكْتَمَلَ العَدَدُ: تعداد پوری ہوجانا۔
اِكْتَمَلَتِ الصُّورَةُ عَنْ كَذَا: چہرہ سامنے آجانا، تصویر مکمل ہوجانا۔
اَسْتَكْمَلَ العَدَدَ: تعداد پوری کرنا۔
اِسْتَكْمَلَ المَسِيْرَةَ: سفر پورا کرنا، مشن پورا کرنا۔
كَمَالِيَّات: زیب وزینت کا سامان۔
كَامِل: فُل، مکمّل۔
كَامِلُ الصَّلَاحِيَّات: مختارِ کُل، بااختیارات۔
تَكَامُل: یکجہتی، ہم آہنگی۔
التَّكَامُلُ الاقْتِصَادِیّ: اقتصادی یکجہتی۔
تَكَامُلٌ إقْلِيْمِیّ: صوبائی یکجہتی۔
تَكَامُلٌ سِيَاسِیّ: سیاسی یکجہتی
تَكَامُلٌ كَامِل: مکمل یکجہتی۔
مُتَكَامِل: ہمہ جہتی۔
مُتَكَامِلُ الأبْعَاد: ہمہ جہتی۔
كَمَّمَ و كَمَّ ـُ كَمّاً: منھ بند کرنا، جانور کے منھ پر جالی لگانا۔
كَمَّمَ و اَكَمَّ القَمِيْصَ: آستین لگانا۔
كَمَّ ـُ كَمّاً: چھپانا، ڈھانپنا۔
كَمٌّ، كَمِّيَّةٌ: مقدار۔
كَمِّیٌّ: مقدار والا۔
كُمٌّ: آستین ج: اَكْمَامٌ و كِمَعَة۔
كِمٌّ: غلافِ شگوفہ، کلی کے اوپر کی جھلی ج: أكْمَام و اَكِمَّة۔
كُمَّةُ المِصْبَاح: لمپ شیڈ۔
كِمَامُ الفَم، كِمَامَة: منھ بند۔
كِمَامُ و كِمَامَةُ الوِقَايَةِ مِنَ الغَازَاتِ السَّامَّة: چہرہ پوش، گیس ماسک۔
كَمِنَ ـَ كُمُوناً: پوشیدہ ہونا۔
كَمِيْن، كَامِن: پوشیدہ۔
كَمِيْن، مَكْمَن: کمین گاہ، چھپنے کی جگہ۔
قُوَّةٌ كَامِنَة: مستور طاقت۔
كَمَنْجَة: سارنگی۔
كَمَهٌ: کورچشمی، اندھاپن۔
اَكْمَهُ: کورچشم، اندھا۔

ك.....ن

كَنَبَة: صوفہ، تکیہ دار کرسی (دا)۔
الكِنْتَال: (مع) کونٹل۔
كَنَدَ ـُ كُنُوداً: ناشکری کرنا۔

کَنُود: ناشکرا، ناسپاس۔
کَنَدا: کینڈا۔
کَنَدِیّ: کینڈا کا رہنے والا۔
کَنَزَ ـِ کَنْزاً: جمع کرنا، ذخیرہ کرنا، زمین میں مال دبانا۔
کَنْزٌ: مدفون خزانہ ج: کُنُوز۔
کَنَسَ ـِ کَنْساً: جھاڑو دینا۔
الکَنْسُ و التَّنْظِیْفُ: آرائشِ بلدہ۔
کَنَّاس: جاروب کش۔
کُنَاسَة: کوڑا کرکٹ۔
کَنِیْسُ الیَهُود: یہود کا عبادت خانہ۔
کَنِیْسَة: گرجا، یہود و نصاریٰ کا عبادت خانہ ج: کَنَائِسُ۔
الکنیست: اسرائیلی پارلیمنٹ۔
مِکْنَسَة: جھاڑو ج: مَکَانِسُ۔
کَنَفَ ـُ کَنْفاً: حفاظت کرنا۔
کَنَفَ، کَانَفَ، اَکْنَفَ: مدد دینا۔
اِکْتَنَفَ الشیٔ: احاطہ کرنا، گھیرنا۔
کَنَفٌ: جانب، کارہ (۲) پہلو، بازو (۳) حفاظت، حمایت (۴) گود (۵) سایہ ج: اَکْنَاف۔
کَنِیْف: جانوروں کا باڑا (۲) پاخانہ، بیت الخلا ج: کُنُف۔
کَنَّ و کَنَّ ـُ کَنّاً و اَکَنَّ: چھپانا۔
اِسْتَکَنَّ و اکْتَنَّ: پوشیدہ ہونا۔
کِنٌّ: گھونسلا (۲) گھر ج: اَکْنَان۔
کَنَّة: بہو (۲) بھاوج ج: کَنَائِنُ۔
کُنَّةُ البَاب: دروازہ کا گھونگھٹ۔
کُنَّة، کِنَّة: پردہ۔

کَانُون: چولہا، اسٹوو ج: کَوَانِیْن۔
کَانُونُ الاوَّلُ: ماہِ دسمبر۔
کَانُونُ الثَّانِیُ: جنوری۔
کُنْهٌ: خلاصہ (۲) حقیقت، اصل (۳) اصلیت (۴) صفت (۵) تہہ۔
اَدْرَکَ کُنْهَ الشیٔ: حقیقت کو پالینا۔
اِکْتَنَهَ الاَمْرَ: معاملہ کی تہہ کو پہنچنا۔
کَنَی ـِ کِنَایَةً عَنْ کَذا: کنایہ کرنا، ایک لفظ بول کر اس کا غیر مدلول مراد لینا، اشارہ کرنا۔
کَنَاهُ بکذا ـِ کُنْیَةً: کنیت دینا، لقب دینا۔

ک ..... ہ

کَهْرَبَة: کسی جگہ بجلی پہنچانا، بجلی کا بنانا، برقانا۔
کَهْرَبَةُ الرِّیْف: دیہات میں بجلی پہنچانا۔
کَهْرَبَةُ سِکَّةٍ حَدِیْدِیَّة: ریلوے لائن کو بجلی والا بنانا۔
تَکَهْرُب: بجلی جیسا ہونا، بجلی دار ہونا۔
کَهْرَبٌ، کُهَیْرِب: برقی شعاع، الکٹران۔
کَهْرَبَاء، کَهْرَبِیَّة: بجلی، برق، الیکٹرک۔
طَلَی بِالکَهْرَبَاء: برقی رو سے چاندی چڑھانا۔
کَهْرَبِیّ، کَهْرَبَائِیّ: برقی، بجلی کا (۲) برقی کام کرنے والا، الیکٹرانک۔
اِعْدَامٌ کَهْرَبِیّ: برقی ذریعہ سے ہلاک کرنے کا عمل۔
جَرَسٌ کَهْرَبِیّ: برقی گھنٹی۔
دَافِعٌ کَهْرَبِیّ: برقی رو۔
مُحَرِّکٌ کَهْرَبِیّ: برقی موٹر۔
عِلَاجٌ کَهْرَبِیّ: برقی علاج۔

كَاشِفٌ كَهْرَبِيّ: برق نما۔
سَالِبٌ كَهْرَبِيّ: منفی برق سے متعلق۔
مُوجَبٌ كَهْرَبِيّ: مثبت برق سے متعلق۔
مُوَلِّدٌ كَهْرَبِيّ: بجلی بنانے کی مشین۔
مُكَهْرَب: برقایا ہوا، بجلی کا بنایا ہوا۔
كَهْفٌ: غار، کھوہ ج: كُهُوف۔
كَهَلَ ـَ كُهُولاً و كَهُلَ ـُ كُهُولَةً و اكْتَهَلَ: ادھیڑ ہوا، تیس اور پچاس سال کے درمیان ہونا۔
كَهْلٌ: درمیانی عمر کا، ادھیڑ عمر ج: كُهُول۔
كُهُولَة: میانہ عمری، ادھیڑ عمری۔
كَاهِلٌ: پیٹھ کا بالائی ج: كَوَاهِل۔
كَهَنَ ـَ كَهَانَةً و تَكَهَّنَ: اٹکل سے آئندہ کی خبریں دینا۔
كَهُنَ كَهَانَةً: کاہن بننا۔
كِهَانَة: کاہن کا پیشہ (۲) غیب دانی (۳) نجومی کا پیشہ۔
كِهَانَة، كَهُنُوت: پروہتائی، عیسائی، ملاّ گری۔
كَاهِن: پروہت (۲) پادری (۳) پجاری (۴) مذہبی پیشوا ج: كَهَنَة۔
كَاهِنٌ هِنْدُوكِيّ: گرو، ہندو مذہب کا پیشوا۔
كَاهِن، مُتَكَهِّن: پیش گوئی کرنے والا نجومی، جوتشی۔
كُهْنَة: پرانا، ناقابلِ مرمّت (۲) پھٹے پرانے کپڑے، چیتھڑے۔

ك.....و

كَوَالِينِيّ: (دا) قفل ساز۔
كُوب: کپ، پیالہ، پیالی، آبخورہ، گلاس ج: اَكْوَاب۔
كُوبْرِيّ: پُل ج: كُبَارِي۔
الكُوبْرِيُّ الجَوِّيّ: فضائی پل۔
كُوبُون: (قَسِيمَة) کوپن۔
كَوْث: سلیپر ج: اَكْوَاث۔
كَوْثَر: خیرِ کثیر (۲) جنّت کی ایک نہر۔
كُوخ: جھونپڑی (۲) معمولی مکان ج: اَكْوَاخ۔
كَاخِيَة: گورنر کا سکریٹری۔
كَوَّدَ: ڈھیر لگانا۔
كَوْدَة: ڈھیر ج: أَكْوَاد۔
كُود: کوڈ۔
رَقْمُ الكُود: کوڈ نمبر۔
كَادَ ـَ كَوْداً: قریب ہونا۔
مَا كَادَ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے بھی نہ پایا تھا۔
كَوَّرَ العِمَامَةَ تَكْوِيراً: عمامہ کو سر پر لپیٹنا، پیچ دینا۔
كَوْرٌ: عمامہ کا ایک چکر، پھیر ج: أَكْوَار۔
كُورُ الحَدَّاد: لوہار کی بھٹی ج: اَكْوَار و كِيرَان۔
كُور: اونٹ کا کجاوہ اَكْوُر۔
كُور: (دا)، كِيرٌ: دھونکنی۔
كُورَة: صوبہ (۲) ضلع (۳) چھوٹا قصبہ ج: كُوَر۔
كُورَة (دا): (كُرَة) گولا، گیند۔
مَكْوَرَة: عمامہ، پگڑی۔
كُورَنْتِينَا: (مع) قرنطینہ، وبا کی وجہ سے کسی

مقام پر روکنا۔
کُوز: مگ، ڈونگا، ڈنڈی دار پیالہ ج: اَکْوَاز۔
کُوس: مثلث پیمانہ (۲) بڑھئی کا پیمانہ ج: کُوسَان۔
کُوفِیَّة: سر کو لپیٹنے کا رومال۔
کَوْکَب: ستارہ ج: کَوَاکِب۔
کَوْکَب: صدر، بڑا آدمی۔
کَوْکَبُ الاَرْض: چمکدار پتھر۔
کَوْکَبَة: جماعت، لوگوں کی ٹکڑی (۲) ستاروں کا مجموعہ۔
کَوْکَبِیّ: ستاروں کا (۲) عالمی۔
کُولُمْبُس: امریکہ کی دریافت کرنے والا۔
کَوَّمَ تکْوِیماً: ڈھیر لگانا، جمع کرنا۔
تَکَوَّمَ: ڈھیر لگنا۔
کُوْمَة: ڈھیر ج: کُوَم و اَکْوَام۔
کُوْمٌ مِنَ النُّقُود: روپوں کا ڈھیر۔
کَوْمِخ ج: کَوَامِخ: اچار، چٹنی۔
کُومَنْوِیلت (رَابِطَةُ الشُّعُوب): کومنویلتھ۔
کَوَّنَ تکْوِیناً: بنانا، وجود میں لانا۔
کَوَّنَ مِنْ کذا: مرکب بنانا۔
کَوَّنَ الحِزْبَ: پارٹی بنانا۔
کَوَّنَ الرَّأیَ فی کذا: رائے بنانا، ذہن بنانا۔
کَوَّنَ شَرِکَةً: کمپنی بنانا۔
کَوَّنَ کُتْلَةً إسْلَامِیَّةً: اسلامی بلاک بنانا۔
کَوَّنَ مُنَظَّمَةً: تنظیم قائم کرنا۔
تَکَوَّنَ مِنْ: مرکب بنانا، مرکب ہونا۔
اِسْتَکَانَ: عاجز و ذلیل ہونا۔

کَانَ ـُـ کَوْناً: ہونا، پیدا ہونا۔
کَانَ: وہ تھا۔
أیُّ مَن کَانَ: جو بھی تھا، جو بھی ہو۔
کَمَا لَوْ کَانُوا هُنَا: جیسے کہ جب وہ یہاں ہوتے۔
کَوْن، کِیَان، کَیْنُونَة: وجود، ہستی، ذات۔
کَوْن: حالت۔
الکَوْنُ: عالمِ وجود، کائنات۔
کَوْنِیّ: عالمی، کائناتی۔
کِیَان: (۲) فطرت، طبیعت، ڈھانچہ۔
الکِیَانُ الاقْتِصَادِیّ: اقتصادی ڈھانچہ۔
کِیَانٌ صِنَاعِیّ: صنعتی ڈھانچہ۔
کِیَانٌ قَانُونِیّ: قانونی وجود۔
کِیَانٌ مُتَمَیِّز: مستقل وجود۔
کِیَانٌ مُسْتَقِلٌّ: مستقل ہستی۔
کِیَانٌ مُنْفَصِل: جداگانہ وجود۔
کِیَانٌ وَطَنِیّ: قومی وجود۔
کَائِن: موجود (۲) پیدا ہونے والا۔
کَائِنٌ حَیٌّ: مخلوق، زندہ وجود۔
الکَائِنَات: موجودات۔
مَکَان ج: أمْکِنَة: جگہ (۲) موقع (۳) وہ جگہ جسے کوئی شے گھیرے ہوئے ہو (۴) پوسٹ، حیثیت، مرتبہ (۵) گنجائش (لَیْسَ لَهُ مَکَانٌ فِی البَیْت)۔
مَکَانُ اَخْذِ الاَصْوَات: پولنگ بوتھ۔
مَکَانُ تَقَاطُعِ الطُّرُق: چوراہا، کراسنگ لیول۔
مَکَانُ الحَادِث: جائے واردات۔

مَكَانُ الصَّحَفِيِّين: پریس گیلری۔
مَكَانٌ لِتَرْبِيَةِ الحَيَوَان: فارم۔
مَكَانٌ لِوُقُوفِ المَرْكَبَات: پارکنگ کی جگہ۔
مَكَانٌ مُخَصَّصٌ للإِعْلَان: اشتہار کی جگہ۔
المَكَانُ المَرْمُوق: نمایاں پوزیشن۔
مَكَانٌ مُوْحِشٌ: وحشت ناک جگہ۔
مَكَانُ المِيْلَاد أو المَوْلِد: جائے پیدائش۔
مَكَانَة: جگہ (۲) پوزیشن، رُتبہ، اثر و رسوخ۔
مَكَانَةٌ دُوَلِيَّة: بین الاقوامی پوزیشن۔
مَكَانَكُمْ: ٹھیرو، اپنی جگہ رہو۔
كُوَّة: روشندان، کھڑکی ج: كُوًى و كُوَّات۔
كَوَى ـِ كَيًّا: لوہے سے داغ دینا (۲) آگ سے جلانا (۳) ڈنک مارنا۔
كَوَى المَلَابِسَ: کپڑوں پر استری کرنا۔
اِكْتَوَى بالنَّار: آگ میں جلنا، داغ لگنا۔
كَيٌّ: داغ، جلن۔
كَادٍ: جلانے والا، داغ دینے والا۔
بُوتَاسَا كَاوِيَة: (مع) کاسٹک پوٹاش۔
صَوْدَا كَاوِيَة: (مع) سوڈا کاسٹک۔
كَوَّاءُ المَلَابِس: استری کرنے والا۔
مِكْوَاة: استری ج: مَكَاوٍ۔
مَكْوِيّ: داغ دیا ہوا (۲) استری شدہ۔

ک.....ی

كَيْ: تاکہ۔
كَيْد: دھوکہ، مکر۔
كَادَ ـِ كَيْداً: مکر کرنا، دھوکہ کرنا۔
كَادَلَهُ: چال چلنا، خفیہ تدبیر کرنا۔
مَكِيْدَة: چال ج: مَكَائِدُ۔
كِيْرُ الحَدَّاد: لوہار کی دھونکنی۔
كَيْس، كِيَاسَة: عقل (۲) ذکاوت، ہوشیاری۔
كِيَاسَة (بالمَعْنَى السَّيِّئ): نزاکت، عیاری، بڑا پتا ہوتے ہوئے چھوٹے پتے سے جیتنے کی ترکیب۔
كِيْسٌ: تھیلا (۲) بوری (۳) بیگ (۴) بٹوا، پاکٹ ج: أَكْيَاس۔
كِيْسُ الوِسَادَة: تکیہ کا غلاف۔
كِيْسُ الثَّلْج: آئس بیگ۔
كِيْسُ الدَّرَاهِم: پرس۔
كِيْسُ الغَاز: گیس بیگ۔
كِيْسٌ لِلإِرْسَالِيَّات: میل بیگ۔
كِيْسُ نُقُودٍ: منی بیگ۔
كَيِّسٌ: ہوشیار، سمجھدار، عقل مند۔
كَيَّفَ تَكْيِيْفاً: مخصوص کیفیت قائم کرنا، کیفیت مقرر کرنا (۲) شکل دینا۔
كَيَّفَ الحُجْرَةَ بالهَوَاء: کمرہ کو ایرکنڈیشن بنانا۔
كَيَّفَ السِّيَاسَةَ: سیاست کو رُخ دینا۔
كَيَّفَ النَّفْسَ بكذا: خود کو کسی چیز کے مطابق بنانا۔
كَيَّفَهُ مَعَ كذا: ہم آہنگ بنانا۔
تَكَيَّفَ: کیفیت اختیار کرنا۔
تَكَيَّفَ بالهَوَاء: ایرکنڈیشن ہونا۔
كَيْفَ: کیسا، کیوں کر۔
كَيْفٌ: حالت، کیفیت، مزاج۔

كَيْفَمَا كَانَ: کسی طرح، خواہ کسی طرح، کسی طرح بھی (۲) جیسا بھی ہو۔
كَيْفِيَّة: حالت (۲) صورت (۳) صفت ج: كَيْفِيَّات۔
تَكْيِيْفُ الهَوَاء: ایرکنڈیشنگ۔
مُكَيَّفٌ بالهَوَاء: ایرکنڈیشن۔
كَيَّلَ تَكْيِيْلاً و كَالَ ـِ كَيْلاً: ناپنا، پیمانہ سے وزن کرنا۔
كَايَلَهُ مُكَايَلَةً: ترکی بہ ترکی جواب دینا، برابر کا معاملہ کرنا۔
كَيْلٌ: ناپ۔
مِكْيَال: پیمانہ ج: مَكَايِيْلُ۔

كِيْلُوجِرَام أو غِرَام: کلوگرام، ایک ہزار گرام۔
كِيْلُوفُولت: کلوولٹ (۱۰۰۰ وولٹ)۔
كِيْلُولِتْر: کلولیٹر (۱۰۰۰ لیٹر)۔
كِيْلُومِتْر: (كِيْلُو مِتْرَات) کلومیٹر (۱۰۰۰ میٹر)۔
كِيْلُو وَات: کلوواٹ (۱۰۰۰ واٹ)۔
كِيْمِيَائِيّ: دوافروش (۲) کیمیادان۔
كِيْمِيَا: کیمسٹری، خاصیاتِ اشیا کا علم (۲) معادن کو سونے میں تبدیل کرنے کی کوشش۔
كِيْنَا، كِيْنِيْن: (مع) کونین، بخار کی دوا۔

ل

ل: برائے (۲) نزد۔

ل.....أ

لَأَ لَأَ ، تَلَأْ لَأَ: چمکنا۔
لَأْلَأَ بِلِسَانِه: ہانپنا۔
لَأْلَاء: موتی فروش۔
لُؤْلُؤٌ: موتی ج: لَآلِئ و : لُؤْلُؤَة۔
لَأَمَ ـُ لَأْماً: زخم پر پٹی باندھنا۔
لَأَم ، لَاءَمَ: درست کرنا (۲) مرمت کرنا۔
لَاءَمَ بَيْنَهُمْ: مصالحت کرانا۔
لَاءَمَ بَيْنَ الأَمْرَيْن: دو باتوں میں تطبیق کرنا۔
لَاءَمَهُ مُلَاءَمَةً: موافق ہونا، راس آنا، فِٹ ہونا۔
لَاءَمَهُ جَوُّ بَلَدٍ: آب وہوا راس آنا۔
لَؤُمَ ـُ لُؤْماً و لَآمَةً: کمینہ ہونا، کم درجہ ہونا، تنگ ظرف ہونا، بخیل ہوا۔
اِلْتَأَمَ: درست ہونا (۲) جُڑنا، ملنا (۳) متفق ہونا (۴) زخم بھرنا (۵) لوگوں کا اکٹھا ہونا (۶) مجلس منعقد ہونا۔
اِلْتِئَامُ الْمَجْلِس: مجلس کا اتحاد۔
تَلَاءَمَ مع: جوڑ لگنا، میل کھانا۔
تَلَاؤُم: اتحاد، اتفاق، صلح وآشتی۔
لُؤْم: گھٹیا پن (۲) بخیل (۳) تنگ ظرفی۔
لَئِيم: تنگ ظرف (۲) خسیس (۳) کمینہ (۴) دھوکہ باز ج: لِئَام۔
مُلَائِمٌ: مناسب، موزوں، رائٹ، فٹ۔
لَا: (حرفِ نفی (۲) حرفِ نہی) نہیں۔
لَا إِرَادِيّ: غیر ارادی۔
لَا سِلْكِيّ: بے تار برقی، وائرلیس۔
رِسَالَةٌ لَا سِلْكِيَّة: وائرلیس پیغام۔
لَا يَلِينُ: بے رحم۔
لَا يَهْدَأُ: غیر منقطع۔

ل.....ب

لِبَأٌ: کھیس، بیاہی بھینس وگائے کا کیلوں دار دودھ، پیوی ج: أَلْبَاء۔
لَبَأَة ، لَبُوَة: شیرنی ج: لَبَآت و لَبَوَات۔
لَبَّبَ الْجَوْزُ و اللَّوْزُ: بادام یا اخروٹ میں گری پڑنا، مغز پیدا ہونا۔
لَبَّ الْجَوْزَةَ ـُ لَبّاً: اخروٹ توڑ کر گری نکالنا۔
لَبَّ بِالْمَكَان ـُ لَبّاً: قیام کرنا۔
لَبَّ ـِ لَبَباً و لَبَابَةً: دانشمند ہونا۔
لُبٌّ ، لُبَابٌ: ہر چیز کا خالص حصہ، گری، مغز، جوہر، خلاصہ۔

لُبُّ الثَّمر: گودا۔
لُبُّ الخُبز: روٹی کا بیچ کا حصہ۔
لُبُّ الوَرَق: وہ خمیر شدہ مادہ جس سے کاغذ تیار کیا جائے۔
لُبٌّ: عقل (۲) دل ج: أَلْبَاب۔
لَبِیب: عقل مند، دانش مند ج: اَلِبّاء۔
تَلْبِیب: طوق، گریبان ج: تَلَابِیبُ۔
اَخَذَ بِتَلَابِیبِہ: گریبان پکڑنا۔
لَبَّیکَ: میں حاضر ہوں، میں آپ کی خدمت کے لئے تیار ہوں۔
لَبِثَ ـَ لُبْثاً و تَلَبَّثَ: ٹھیرنا، قیام کرنا۔
مَا لَبِثَ أَنْ فَعَلَ کَذَا: اس نے بلا تاخیر ایسا کیا۔
تَلَبَّثَ: توقف کرنا۔
لُبْثَة: تھوڑا توقف۔
لَبَخَ ـَ لَبْخاً: مارنا۔
لَبْخَة: پولٹس (وَضِیعَةٌ سَاخِنَة)۔
لَبَدَ ـُ لُبُوداً: قیام کرنا، کسی جگہ سے چمٹ جانا، الگ نہ ہونا۔
لَبَدَ ـِ لَبْداً و لَبَّدَ الصُّوفَ: اُون کا نمدہ بنانا۔
تَلَبَّدَتِ السَّمَاءُ بِالغُیُوم: آسمان پر بادل چھانا، اَبر آلود ہونا۔
لِبْد، لَبَدٌ: اون کا نمدہ۔
لُبْدَةُ الاَسَد: شیر کی گردن کے بال ج: لُبَد و اَلْبَاد۔
لَبَّاد: نمدہ ساز۔
لَبَسَ عَلَیْہِ الاَمْرَ ـِ لَبْساً: خلط ملط کرنا، مشتبہ بنانا۔
لَبِسَ ـَ لُبْساً: پہننا۔
لَبَّسَ عَلَیْہِ الاَمْرَ: مشتبہ بنانا۔
لَبَّسَ تَلْبِیساً: عیب چھپانا، دھوکہ دینا۔
لَابَسَہُ مُلَابَسَةً: میل جول کرنا۔
تَلَبَّسَ و اِلْتَبَسَ عَلَیْہِ الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔
لِبَاس: پوشاک ج: اَلْبِسَة۔
لِبَاسٌ رَسْمِیّ: یونیفارم، خاص لباس، قانونی لباس۔
اللِّبَاسُ التَّامّ: فل ڈریس۔
اَلْبِسَةٌ جَاهِزَة: سلے ہوئے کپڑے۔
اِلْتِبَاس: ابہام، اشتباہ۔
مَلْبَس: لباس، پہننے کا کپڑا ج: مَلَابِسُ۔
مَلَابِسُ تَحْتَانِیَّة: نیچے پہننے کے کپڑے۔
مَلَابِسُ جَاهِزَة: تیار شدہ کپڑے۔
المَلَابِسُ الرِّجَالِیَّة: مردانہ کپڑے۔
المَلَابِسُ المَدَنِیَّة: سول ڈریس، شہری لباس۔
المُلَابَسَات: متعلقات، حالات، احوال۔
مُلَابَسَاتُ الشَّیء: متعلقات، کوائف۔
مُلَبَّس: (دا) شکر وغیرہ چڑھایا ہوا جیسے بادام پر چڑھائی جاتی ہے۔
مَلْبُوسٌ بِالجِنّ: آسیب زدہ۔
مُلْتَبِسٌ: مبہم، غیر واضح، مشتبہ۔
مُلْتَبِسٌ بِالجَرِیمَة: جرم میں ملوّث۔
مُتَلَبِّسٌ بِالجَرِیمَة: جرم میں ملوث۔
لَبُقَ ـُ لَبَاقَةً: خوش طبع ہونا (۲) ماہر ہونا۔
لَبُقَ بِہ: لائق ہونا، مطابق ہونا۔
لَبِقٌ: لائق، مطابق۔
لَبِقٌ و لَبِق: خوش طبع، چرب لسان (۲) ہوشیار،

ماہر۔
لَبق ، لَباقَة: لیاقت (۲) مہارت، چالاکی۔
لَباقَة: خوش اسلوبی، خوش مذاقی، ظرافت۔
لَبَّنَ تَلْبِیناً: اینٹ بنانا۔
اِلْتَبَنَ: (بچہ کا) دودھ پینا۔
لَبِنَ ـَ لَبَناً: دودھ والا ہونا۔
لَبَنٌ: دودھ (۲) شیرۂ بادام وغیرہ ج: أَلْبان۔
___ عُلَبٌ: ڈبوں کا بند دودھ۔
___ حَامِضٌ: کھٹا دودھ۔
___ رَائِبٌ: دہی۔
___ الخَضّ (خَبِیط): چھاچھ۔
اللَّبَنُ الزَّبَادِیّ: دہی۔
لَبَنٌ مَثْلُوجٌ: آئس کریم۔
إِبْرِیقُ اللَّبَن: دودھ دان۔
مِسْمَارُ اللَّبَن: کھیس (دا)۔
سِنُّ اللَّبَن: دودھ کے (بچپن کے) دانت۔
مِیزَانُ اللَّبَن: شیر پیما، دودھ کسوٹی۔
اَبْیَضُ کَاللَّبَن: سفید دودھ سا۔
لِبْن ، لَبِن: خام اینٹ و: لَبِنَة۔
الخَامِضُ اللَّبِنِیّ: لبنی ترشہ۔
لِبَان: شیر خواری۔
لَبَّان: اینٹیں بنانے والا (۲) دودھ فروش۔
لِبَانَة: دودھ کی ڈیری، دودھ مکھن وغیرہ کی دکان۔
لُبَانَة: حاجت، ضرورت۔
قَضَی لُبَانَتَه: حاجت پوری کرنا۔
لَبِنَة ، لَبُون ، لَبُونَة: دودھ دینے والا جانور ج: لِبَان۔
مِلْبَن: دودھ صاف کرنے کی چھلنی (۲) اینٹ کا سانچہ۔
مَلْبَنَة: دودھ کی ڈیری، کارخانہ۔
مِلْبَنَة: چمچہ۔
لَبُوَة: شیرنی ج: لَبَوَات۔
لَبَّی تَلْبِیَةً: جواب دینا، لبیک کہنا، فرمائش یا درخواست کو پورا کرنا۔
___ الحَاجَاتِ: ضرورتیں پوری کرنا۔
___ المُتَطَلَّبَات: مقتضیات کو پورا کرنا۔
___ المُطَالَبَاتِ: مطالبات کو پورا کرنا۔
___ لِلدَّعْوَة: دعوت پر لبیک کہنا۔

ل.....ت

لَتَّ ـُ لَتّاً: چورہ کرنا، پیسنا۔
لَتَّ الدَّقِیقَ: آٹے میں پانی یا گھی ملانا۔
لَتَّ العَجِینَ: (دا) آٹا گوندھنا۔
لِتْر: لیٹر ج: لِتْرَات۔

ل.....ث

لَثِغَ ـَ لَثَغاً: ہکلا ہونا۔
لَثَغ ، لُثَغَة: ہکلا پن۔
اَلْثَغُ: ہکلا، توتلا ج: لُثْغٌ۔
لَثَمَ ـِ لَثْماً: بوسہ دینا، چومنا۔
لَثَمَ و لَثَّمَ و اِلْتَثَمَ و تَلَثَّمَ بِکَذا: چہرہ ڈھانکنا، ڈھاٹا باندھنا، نقاب اوڑھنا۔
لَثَمَتِ المَرْأَةُ: گھونگھٹ کرنا۔
لَثْمَةٌ: بوسہ۔
لِثَام: ڈھاٹا، وہ کپڑا جو ناک اور سر کے اردگرد لپیٹا جائے (۲) نقاب، آنچل، گھونگھٹ ج: اَلْثِمَة۔
أَزَاحَ اللِّثَامَ: نقاب ہٹانا، پردہ اٹھانا۔
مُلَثَّم ، مُتَلَثِّم ، مُلْتَثِم: نقاب پوش۔
لِثَةُ الأَسْنَان: مسوڑھا ج: لِثَات و لِثًی۔

ل.....ج

لَجَا ـِ لَجأً و لُجوءاً و الْتَجَأَ إلَى: پناہ لینا (۲) سہارا لینا (۳) مجبور ہونا۔
لَجأَ إلَى القَضَاء: مقدمہ دائر کرنا۔
لَجأَ إلَى التَّسوِيَةِ السِّلْمِيَّة: پُرامن تصفیہ کی راہ پر چلنا۔
لَجأَ الْمُتَظَاهِرُونَ إلَى العُنف: مظاہرین کا تشدد اختیار کرنا۔
اِلْتَجأَ إلَى النَّاس: اپیل کرنا (۲) پناہ لینا۔
لَجَّأَه و أَلْجَأَه إلَى: مجبور کرنا۔
أَلْجَأَهُ: پناہ دینا۔
أَلْجَأَ الأَمْرَ إلَى اللّٰه: معاملہ خدا کے سپرد کرنا۔
اِلْتِجَاءٌ سِيَاسِيّ: سیاسی پناہ۔
لاجِئٌ: پناہ گزین ج: لاجِئُون۔
مَلْجَأ: پناہ گاہ، کیمپ ج: مَلاجِئ۔
مَلْجَأُ الأيْتَام: یتیم خانہ۔
مَلْجَأُ العُمْيَان: اندھوں کی پرورش گاہ۔
لَجَجٌ، لَجَاجٌ، لَجَاجَةٌ: سخت اصرار، چم چچڑ پن۔
لَجَّ فِي الخُصُومَة ـِ لَجَجاً: دشمنی میں لگے رہنا، پیچھے پڑنا۔
لَجَّ فِي الأمْر: ثابت قدم رہنا۔
لَجَّ على: ضد کرنا، اصرار کرنا۔
لَجُوج، لاجٌّ: چم چچڑ، چٹو، ضدی۔
لَجَمَ ـُ لَجْماً: سینا۔
اَلْجَمَ و لَجَّمَ الدَّابَّة: لگام ڈالنا۔
لِجَام: لگام ج: اَلْجِمَة۔
مُلَجَّم، مَلْجُوم: لگام لگایا ہوا۔
لَجِنَ بِه ـَ لَجَناً: چمٹنا۔
لَجْنَة: کمیٹی (۲) بورڈ (۳) کمیشن ج: لِجَان۔
لَجْنَةُ اتِّصَال: رابطہ کمیٹی۔
لَجْنَةُ اخْتِيَارِ أفْرَادِ الخِدْمَةِ المَدَنِيَّة: سِول سروس چناؤ بورڈ۔
لَجْنَةُ الإدَارَة: انتظامی کمیٹی۔
لَجْنَةُ أرْكَانِ الحَرْب: ملٹری اسٹاف کمیٹی۔
لَجْنَةٌ اِسْتِشَارِيَّة: مشیر کمیٹی، صلاح کار کمیٹی۔
لَجْنَةُ اسْتِقْبَال: استقبالیہ کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإشْرَافِ العَسْكَرِيَّة: فوجی نگراں کمیٹی۔
لَجْنَةُ أعْمَال: تیاری کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإغَاثَة: امداد کمیٹی، ریلیف کمیٹی۔
لَجْنَةُ الاقْتِرَاحَات: سلیکشن کمیٹی۔
لَجْنَةُ الاقْطَاع: جاگیرداری کمیشن۔
اللَّجْنَةُ الإقْلِيمِيَّة: ریجنل کمیٹی۔
لَجْنَةُ الامْتِيَازَات: مراعات کمیٹی۔
لَجْنَةُ اِنْتِخَابِيَّة: الیکشن کمیٹی، انتخابی کمیٹی۔
لَجْنَةُ الإسْعَاف: ریلیف کمیٹی۔
لَجْنَةٌ تَابِعَة: سب کمیٹی، ماتحت کمیٹی۔
لَجْنَةُ تَحْرِير: ادارتی کمیٹی۔
لَجْنَةُ تَحْضِيرِ جَدْوَلِ الأعْمَال: ایجنڈا کمیٹی۔
لَجْنَةٌ تَحْضِيرِيَّة: تیاری کمیٹی، استقبالیہ کمیٹی، مجلسِ استقبالیہ۔
لَجْنَةُ تَحْقِيقٍ فِي كذا: تحقیقاتی کمیٹی، انکوائری کمیٹی۔
لَجْنَةُ التَّرْشِيحَات: نامزدگی کمیٹی۔

لَجنَةُ تَصفِيَةِ الاقطاع: خاتمۂ زمینداری کمیشن۔
لَجنَةُ التَّنسِيق: یکجہتی کمیٹی، ترتیب کمیٹی۔
لَجنَةُ تَنظِيم: تنظیمی کمیٹی۔
لَجنَةٌ تَنفِيذِيَة: انتظامی کمیٹی، مجلسِ عاملہ، ایگزیکٹو کمیٹی۔
لَجنَةُ التَّوجِيه: رہنما کمیٹی۔
لَجنَةُ التَّوعِيَةِ الاِسلامِيَّة: راہنما اسلامی کمیٹی۔
اللَّجنَةُ الثَّقافِيَة: کلچرل کمیٹی۔
لَجنَةٌ خاصَّة: اسپیشل کمیٹی، ایڈہاک کمیٹی۔
لَجنَةٌ دائِمَة: مستقل کمیٹی، اسٹینڈنگ کمیٹی، مجلس قائمہ۔
اللَّجنَةُ الدُّستُورِيَة: دستوری کمیٹی۔
لَجنَةُ الصِّياغَة: مجلسِ مضامی، ڈرافٹنگ کمیٹی۔
لَجنَةُ الضِّيافَة: ضیافت کمیٹی۔
لَجنَةُ الطَّاقَةِ الذَّرِيَّة: ایٹمی توانائی کمیشن۔
لَجنَةٌ عادِيَّة: معمولی کمیٹی۔
لَجنَةٌ عامِلَة: ورکنگ کمیٹی۔
لَجنَةُ العَلاقاتِ الخارِجِيَّة: کمیٹی برائے تعلقاتِ خارجہ، خارجی تعلقات کی کمیٹی۔
لَجنَةُ العَمَل: تیاری کمیٹی، ایکشن کمیٹی۔
لَجنَةُ العَمَلِ الشَّعبِيّ: عوامی ایکشن کمیٹی، عوامی مجلسِ عمل۔
لَجنَةُ فَحص: جانچ کمیٹی، جانچ کمیشن۔
لَجنَةُ فَحصِ اَورَاقِ الاعتِماد: اسنادِ سفارت کی جانچ کمیٹی۔
لَجنَةٌ فَرعِيَّة: سب کمیٹی، ذیلی کمیٹی۔
لَجنَةُ القَبُول: داخلہ کمیٹی۔
لَجنَةٌ لِبَحثِ مَوضُوعٍ مُعَيَّن: ایڈہاک کمیٹی۔
اللَّجنَةُ المالِيَّة: فنانس کمیٹی، مالیاتی کمیٹی، مالی کمیٹی۔
لَجنَةُ المُتابَعَة: جائزہ کمیٹی۔
لَجنَةُ المُحَلَّفِين: جیوری، ججوں کی جماعت۔
لَجنَةٌ مُختَلِطَة: مشترکہ کمیٹی۔
لَجنَةٌ مُستَدِيمَة: مستقل کمیٹی۔
لَجنَةُ المُراقَبة: کنٹرول کمیٹی، نگراں کمیٹی۔
لَجنَةُ المَساعِي الحَمِيدَة: خیر سگالی کمیٹی۔
لَجنَةٌ مُشتَرَكَة: مشترکہ کمیٹی۔
لَجنَةُ مُصالَحَة: مصالحت کمیٹی۔
اللَّجنَةُ المَلِكِيَّة: شاہی کمیشن۔
لَجنَةُ المُنازَعات: تصفیہ کمیٹی۔
لَجنَةُ مَنعِ الاَسلِحَة: اسلحہ بندی کمیشن۔
لَجنَةُ المَواضِيع: مجلسِ مضامین، سبجیکٹ کمیشن۔
لَجنَةُ مُؤتَمَرِ عُمُومِ الهِند: آل انڈیا کانگریس کمیٹی۔
لَجنَةٌ مُؤَقَّتَة: عارضی کمیٹی، ایڈہاک کمیٹی۔
لَجنَةُ نَزعِ السِّلاح: تخفیفِ اسلحہ کمیشن۔
لَجنَةٌ وِزارِيَّة: وزارتی کمیٹی۔
لَجنَةُ الهُدنَة: امن کمیٹی۔
لُجَين: چاندی۔

ل.....ح

اَلَحَّ فِي السُّؤال: اصرار سے مانگنا۔
اَلَحَّ فِي المُطالَبَةِ بِدَين: سخت تقاضا کرنا۔
لَحَدَ ـ لَحداً: دفن کرنا (۲) لحد بنانا۔

لَحَدَ و الْتَحَدَ عَنِ الدِّیْن: بے دین ہونا۔
لَحَدَ عَنْ کذا: ہٹنا، منحرف ہونا۔
لَحَدَ و الْتَحَدَ إلَی: مائل ہونا۔
لَحْدٌ: قبر ج: لُحُود۔
لَحَّاد: گورکن۔
لَحَسَ ـَ لَحْساً: چبا کر کھانا (۲) چاٹنا۔
لَحِسَ ـَ لَحْساً: چاٹنا (۲) ہونٹوں پر زبان پھیرنا، زبان سے منہ صاف کرنا (الکَلْبُ یَلْحَسُ یَدَ صَاحِبِہ)۔
لَحَظَ ـَ لَحْظاً: کن انکھیوں سے دیکھنا۔
لَحَظَ و لَاحَظَ: دیکھنا (۲) ملاحظہ کرنا (۳) نگہداشت رکھنا (۴) تکنا۔
لَاحَظَ العَمَلَ: نگرانی کرنا۔
لَحْظَة: ایک نظر، سرسری نگاہ (۲) لمحہ، پل، آن: لَحَظَات۔
لَحَظَاتٌ حَاسِمَة: فیصلہ کن لمحات۔
لَاحِظَةٌ: آنکھ ج: لَوَاحِظ۔
مُلَاحِظ: گراں، فورمین، سپرنٹنڈنٹ۔
مُلَاحِظُ العَمَل: (دا) سپرنٹنڈنٹ۔
مُلَاحِظُ البُولِیْس: (دا) پولیس سپرنٹنڈنٹ۔
مُلَاحَظَة ج: مُلَاحَظَات: نوٹ، ریمارکس، سپرویژن، نگرانی، مشاہدہ، رائے، علمی گرفت، تبصرہ۔
مُلَاحَظَةٌ عَنْ کذا و حَوْلَ کذا: رائے، خیال۔
مُلَاحَظَات: خیالات، قابلِ غور امور، تاثرات۔
مُلَاحَظَاتٌ مُنْحَازَة: جانبدارانہ اشارے، ریمارکس۔
مَلْحُوظ: قابلِ لحاظ، قابلِ دید۔
لَحَفَ ـَ لَحْفاً و أَلْحَفَ: ڈھانکنا۔
اِلْتَحَفَ، تَلَحَّفَ: لحاف اوڑھنا۔
لَحِقَ فُلَاناً و بہ ـَ لَحْقاً و لَحَاقاً: پالینا، پکڑنا، لاحق ہونا، تابع ہونا۔
لَحِقَهُ: لازم ہونا، پیچھے لگنا، چمٹنا۔
لَاحَقَهُ: پیچھا کرنا، نظر رکھنا۔
لَاحَقَهُ بِهَجَمَاتٍ: تابڑتوڑ حملے کرنا، مسلسل حملے کرنا۔
اَلْحَقَ کَذَا بِکَذا: نتھی کرنا، منسلک کرنا (۲) شامل کرنا، اضافہ کرنا، ملانا (۳) داخلہ دینا۔
اِلْتَحَقَ بہ: نتھی ہونا، شامل ہونا، منسلک ہونا۔
اِلْتَحَقَ بِالمَدْرَسَة: مدرسہ میں داخلہ لینا۔
اِلْتَحَقَ بِالخِدْمَة: نوکری پر لگنا، خدمت سے وابستہ ہونا۔
اِلْتَحَقَ بِالسِّلْکِ الدِّبْلُومَاسِیّ: سفارتی خدمت سے منسلک ہونا۔
تَلَاحَقَ: مسلسل ہونا، پے در پے ہونا۔
لَاحِق: اگلا ضد: سَابِق۔
اِلْتِحَاق: وابستگی، داخلہ، شمولیت۔
تَلَاحُق: تسلسل۔
مُلْحَق: ضمیمہ، پچھلی منڑی، اضافہ (۲) اضافی، تابع، شامل (۳) اٹاچی، رکنِ عملۂ سفارت ج: مُلْحَقَات۔
مُلْحَقٌ بَحْرِیّ: بحری اٹاچی، اٹاچی

برائے بحری امور۔
مُلْحَقٌ تِجَارِیّ: تجارتی مشیر، کمرشل اٹاچی۔
مُلْحَقٌ ثَقَافِیّ: کلچراٹاچی، مشیر تعلیم و تمدن۔
مُلْحَقٌ جَوِّیّ: اٹاچی برائے فضائی امور۔
مُلْحَقٌ صَحَفِیّ: پریس اٹاچی، مشیر صحافتی امور۔
مُلْحَقٌ عَسْکَرِیّ: فوجی اٹاچی، ملٹری اٹاچی۔
مُلْحَقٌ عُمَّالِیّ: اٹاچی برائے امورِ محنت، لیبراٹاچی۔
مُلْحَقٌ فی سِفَارَةٍ سِیَاسِیَّة: اٹاچی، رکن عملۂ سفارت۔
مُلْحَقات: متعلقات، ضمیمے۔
اِمْتِحَانٌ مُلْحَق: سپلیمنٹری امتحان۔
لَحَمَ ـُ لَحماً: جوڑنا، مسالہ کا ٹانکا لگانا مسالہ سے جوڑنا، لوہے کو آگ میں تپا کر اور چھیت پیٹ کر جوڑنا۔
لَحَمَ و الْتَحَمَ الجُرْحُ: زخم بھرنا۔
لَحِمَ بالمَکان ـَ لَحماً: ایک جگہ کو چپکنا۔
لَحُمَ ـُ لَحامَةً: فربہ ہونا۔
لَاحَمَ، اَلْحَمَ: چپکانا۔
تَلَاحَمَ القَوْمُ: باہم جنگ کرنا۔
تَلَاحَمَ مَعَ: متحد ہونا۔
تَلَاحَمَ و الْتَحَمَ به: چپکنا، جڑنا۔
اِلْتَحَمَتِ الحَرْبُ بَیْنَهُمْ: لڑائی ٹھن جانا
لَحْمٌ مَفْرُوم: قیمہ۔
لَحْمَة: گوشت کا ٹکڑا۔
لَحْمَةُ و لُحْمَةُ النَّسِیْج: کپڑے کا بانا۔
لُحْمَة: قرابت۔
لِحَام: ٹانکا، ویلڈنگ، جوڑنے کا مسالہ۔
لِحَامٌ بالکَهْرَبَاء: الیکٹرک ویلڈنگ۔
لِحَّام (عَامِلُ اللِّحَام): ویلڈر، ٹانکا لگانے والا۔
تَلَاحُم: اتحاد، یکجہتی۔
مَلْحَمَة: کشت وخون، خون ریزی ج: مَلَاحِمُ۔
لَحَنَ ـَ لَحْناً: اعراب میں غلطی کرنا۔
لَحَّنَ فِی القِرَاءَة: ترنم کے ساتھ پڑھنا۔
لَحْنٌ: نغمہ (۲) لَے ج: اَلْحَان (۳) لب و لہجہ (۴) زبان (۵) غلطی۔
لَحْیٌ: جبڑا ج: لِحَاء و لُحِیّ و أَلْحٍ۔
لِحْیَة: داڑھی ج: لُحًی۔
لِحَاءٌ: چھال۔
لَحْیَانِیّ، اَلْحَی: دراز داڑھی، لمبی داڑھی والا۔
لَحَی ـِ لَحْیاً: درخت کی چھال اُتارنا۔
اِلْتَحَی: داڑھی چھوڑنا، رکھنا۔

ل.....خ

لَخَّصَ الکَلَامَ: مختصر کرنا، تلخیص کرنا (۲) وضاحت کرنا، بیان کرنا۔
مُلَخَّص: سمری، خلاصہ۔
مُلَخَّصٌ أَدَبِیّ: ڈائجسٹ۔

ل.....د

لَدَّ ـُ لَدَداً: سخت دشمنی کرنا، جھگڑالو ہونا۔

لَدُود ، لَدِید ، اَلَدُّ: جانی دشمن ج: اَلِدَّاءُ۔
لَدَغَ ـُـ لَدْغاً: ڈسنا، ڈنک مارنا، زہریلے جانور کا کاٹنا۔
لَدِیغ ، مَلْدُوغ: مارگزیدہ۔
لَدُنَ ـُ لَدَانَةً و لُدُونَةً: نرم ہونا۔
لَدَّنَ تَلْدِیناً: نرم بنانا۔
لَدْن: نرم، لچکدار ج: لُدُنٌ۔
لَدُنْ ، لُدُنْ: نزد۔
لَدَانَة ، لُدُونَة: نرمی، لچک۔
لَدَائِن ، لَدْن: پلاسٹک۔
لَدَی: پاس (۲) سامنے۔
لَدَی الطَّلَب: عندالطلب۔
لَدَیْه کَلَامٌ: اسے بات کرنی ہے۔

ل.....ذ

لَذَّذَ: مزہ دلانا۔
لَذَّ ـُ لَذَاذاً: خوش ذائقہ ہونا۔
اِلْتَذَّ و تَلَذَّذَ به: لطف لینا، مزہ لینا۔
اِلْتَذَّ و تَلَذَّذَ و اسْتَلَذَّ الشیٔ: چکھنا۔
لَذِیذ: اچھا، ذائقہ دار۔
لَذَعَ ـُ لَذْعاً: جلانا، چرکہ لگانا۔
لَذَعَ بِلِسَانِه: زبان سے تکلیف پہنچانا۔
لَذْع: جلن، سوزش۔
لَـذَّاع ، لَاذِع: جلانے والا، تیز گرم جو منہ کو جلائے، تیز مرچ جو منہ کو جلائے۔
لَوْذَعِیّ: ذکی، ہوشیار۔
لَذِیَ ـَ لَذًی: وابستہ ہونا، چپکنا۔
اَلَّذِیْ: اسم موصول برائے مذکر غیر عاقل: وہ کہ، جو کہ، جس نے کہ۔

ل.....ز

لَزَبَ الشیٔ ـُ لُزُوباً: جما رہنا، مضبوطی کے ساتھ قائم رہنا۔
لَزَبَ به: چپکا، چمٹا۔
لَزِجَ ـَ لَزَجاً و لُزُوجاً و تَلَزَّجَ: لیس دار ہونا۔
لَزِجَ بِاِصْبَعِه: انگلی کو لگنا، چپکنا۔
لُزُوجَة: لیس، چپکاہٹ۔
لَزِقَ ـَ به لُزُوقاً و اَلْتَزَقَ: چپکنا۔
لَزَّقَ و اَلْزَقَ: چپکانا۔
لِزْق: چپکاہٹ۔
لَزْقَة: پلاسٹر۔
لَزِقٌ: چپکنے والا۔
لِزَاق: چپکانے کی چیز، لیئی، گوند۔
لَزِمَه ـَ لُزُوماً: لازم ہونا، پیچھے پڑنا، ساتھ ہونا، الگ نہ ہونا۔
لَزِمَ الصَّمْتَ: سکوت اختیار کرنا۔
لَزِمَ بَیْتَه: خانہ نشین ہونا۔
لَزِمَ جَانِبَ الحَذَر: احتیاط سے کام لینا۔
لَزِمَ الحَذَرَ فی کذا: احتیاط کرنا۔
اَلْزَمَه: مجبور کرنا۔
اَلْزَمَه بکذا: لازم کرنا، پابند بنانا۔
اَلْزَمَه بالدَّفْع: ادائیگی پر مجبور کرنا۔
اِلْتَزَمَ: مجبور ہونا۔
اِلْتَزَمَ الشیٔ و به: پابند ہونا، تابع ہونا (۲) وابستہ ہونا (۳) ذمہ دار ہونا۔
اِلْتَزَمَ العَمَلَ: کام کا ذمہ لینا (۲) اجارہ دار بن جانا۔
اِلْتَزَمَ بِجَدْوَلِ الاَعْمَال: ایجنڈے کا پابند ہونا۔

اِلْتَزَمَ بِرَأْیِ الأَغْلَبِیَّة: اکثریت کی رائے کی پابندی کرنا۔
اِلْتَزَمَ بِسِیَاسَةِ الدِّفَاع: دفاعی پالیسی پر چلنا۔
اِلْتَزَمَ بِعَمَلٍ مُعَیَّن: ٹھیکہ لینا، ذمہ داری لینا۔
اِلْتَزَمَ بِالقَوَانِیْن: قوانین کی پابندی کرنا۔
اِلْتَزَمَ بِالتَّقَالِیْد: رسم ورواج کا پابند ہونا۔
اِلْتَزَمَ اليَقَظَةَ: چوکنا رہنا۔
اِلْتَزَمَ بِالعَهْد أو الوَعْد: وعدہ کا پابند ہونا۔
اِلْتَزَمَ بِالقَاعِدَة: قانون وضابطہ کا پابند ہوا۔
اِسْتَلْزَمَه: ضروری سمجھنا (۲) مقتضی ہونا، درکار ہونا۔
لُزُوم: ضرورت (۲) اقتضا (۳) فائدہ۔
عِنْدَ اللُّزُوْم: وقتِ ضرورت۔
لَازِمٌ: ضروری (۲) لازمی (۳) واجب۔
لَوَازِمُ: ضروریات۔
لَوَازِمُ السَّفَر: سامانِ سفر۔
لَوَازِمُ المَرَاكِب: جہازوں کا سامان۔
لَوَازِمُ المَعِیْشَة: لوازمِ زندگی۔
اِلْزَمِیّ: جبری، لازمی۔
اِلْتِزَام: (۱) مجبوری، پابندی (۲) فریضہ (۳) اجارہ داری (۴) ٹھیکہ (۵) ذمہ داری (۶) کنسیشن، وہ رعایت جو حکومت کی طرف سے دی جاتی ہے (۷) وابستگی ج: اِلْتِزَامَات۔

اِلْتِزَاماً: ٹھیکہ پر، معاہدہ پر۔
اِلْتِزَامَات: پابندیاں، ذمہ داریاں (۲) ٹھیکے (۳) رعایتیں (۴) شرائط۔
اِلْتِزَامَاتٌ عَلَى: عائد شدہ پابندیاں، فرائض۔
اِلْتِزَامَاتٌ تَعَاقُدِیَّة: معاہدہ کی پابندیاں، شرائط معاہدہ۔
مُلْزَمٌ بكذا: پابند۔
مِلْزَمَة: شکنجہ۔
مُلَازِم: غیر منفک جو جدا نہ ہو (۲) تابع (۳) ماتحت۔
مُلَازِمٌ بَیْتَه: خانہ نشین۔
مُلَازِمُ الفِرَاش: صاحبِ فراش۔
مُلَازِمٌ اَوَّلُ: لفٹنٹ، ایک فوجی عہدہ۔
مُلَازِمٌ ثَان: (دا) سیکنڈ لفٹنٹ۔
مُلْتَزَم، مَلْزُوْم: پابند، مجبور۔
مُلْتَزِم: (مُقَاوِل، عَهِیْد، مُتَعَهِّد): ٹھیکہ دار، اجارہ دار، ذمہ دار، معاہد کنندہ۔
مَلْزُوْمِیَّة (اِلْتِزَام): ذمہ داری، مجبوری، پابندی۔

ل.....س

لَسَعَ ـَ لَسْعاً: ڈنک مارنا، ڈسنا۔
لَسَعَ بِلِسَانِه: بدزبانی کرنا، تکلیف پہنچانا۔
لَتَعَ فَمَهُ الفُلْفُلُ: مرچ لگنا۔
لَاسِعٌ، یَلْسَعُ: نیش زن (۲) چبھتا ہوا (۳) جلتا ہوا، چرچرا۔
لَسِنَ ـَ لَسَناً: فصیح اللسان ہونا۔
لَسَنَ فُلَاناً ـُ لَسْناً: کسی کو برائی سے یاد کرنا۔

لَسَنَ و لَسَّنَ: نوک نکالنا، دھار بنانا۔
لَسِنٌ، اَلْسَنُ: فصیح اللسان۔
لِسَانٌ: زبان، جیب ج: اَلْسِنَة۔
لِسَانُ الحَال: ترجمان، زبانِ حال۔
لِسَانُ القَوْم: قوم کا ترجمان۔
طَلْقُ اللِّسَان: خوش بیان۔
طَلاقَةُ اللِّسَان: خوش بیانی۔
مَعْقُودُ اللِّسَان: جس کی زبان بند ہو، جس سے بات نہ کی جا سکے۔
مَسَکَ لِسَانَه: زبان بند رکھنا۔

ل.....س

لَا شَاهُ مُلاشَاةً: معدوم کرنا۔
تَلاشَی: معدوم ہونا، ناپید ہونا۔
تَلاشَی الصَّوْتُ: آواز گم ہونا، بے اثر ہونا۔
مُتَلاشٍ: معدوم۔

ل.....ص

لَصَّصَ البُنْيَانَ: عمارت کو پختہ بنانا۔
لَصَّ الاَمْرَ ـُ لَصّاً: پوشیدہ طور پر کرنا۔
لَصَّ الشیٔ: چُرانا۔
تَلَصَّصَ: چور بننا۔
تَلَصَّصَ عَلَيْهِم: کسی کے حالات خُفیہ طریق سے معلوم کرنا، جاسوسی کرنا۔
لِصٌّ: چور ج: لُصُوص۔
لُصُوصِيَّة: چوری۔
لَصَفَ ـُ لُصُوفاً: چمکنا۔
لَصِقَ ـَ لَصْقاً و لُصُوقاً: چپکنا۔
لِصْقَ، لَصِيْقَ: متصل، قریب۔
لَصُوق: پلاسٹر (علاجی)۔
اَلْصَقَ: چپکانا۔
اَلْصَقَ بِهِ: لٹکانا۔
اَلْصَقَ الإِعْلَانَاتِ: اشتہار لگانا، پوسٹر چپکانا۔
اَلْصَقَ رُقْعَةً عَلَى: لیبل لگانا۔
اَلْصَقَ شَيْئاً فِيْ دَفْتَرٍ: رجسٹر میں چپکانا۔
اِلْتَصَقَ: چپکنا۔
اِلْتَصَقَ الافْتِرَاءُ بِأَحَدٍ: تہمت لگنا۔
مُلْصِقُ الإِعْلَانَات: اشتہار لگانے والا، پوسٹر لگانے والا۔
مُلْتَصِق: چپکا ہوا، لگا ہوا۔

ل.....ط

لَطَخَ ـَ لَطْخاً و لَطَّخَ: آلودہ کرنا۔
لَطَخَ ـَ لَطْخاً السُّمْعَةَ فِي اَعْيُنِ النَّاس: عوام کی نظروں میں حیثیت گرانا۔
تَلَطَّخَ: آلودہ ہونا، ملوث ہونا، گندہ ہونا۔
لُطَخَة: کودن، خبطی، احمق (۲) شراب خوار۔
لَطَسَ ـُ لَطْساً: طمانچہ مارنا۔
مِلْطَاس: نوک دار ہتھوڑی، پتھر توڑنے کی ہتھوڑی ج: مَلاطِيْس۔
لَطَعَ ـَ لَطْعاً: مارنا، مٹانا۔
لَطَفَ ـُ لُطْفاً بِفُلان: مہربانی کرنا۔
لَطُفَ ـُ لَطَافَةً: ہلکا پھلکا ہونا، نرم نازک ہونا (۳) مہربان ہونا۔
لَطَّفَ: سختی کم کرنا، تخفیف کرنا۔
لَطَّفَ الأَلَمَ: تکلیف میں کمی کرنا۔
لَطَّفَ وَقْعَ الخَبَرِ السَيِّئ: بدخبر کے اثر کو ہلکا کرنا۔

لَطَّفَ الشیٔ: نرم بنانا، لچک پیدا کرنا۔
لَطَفَ الحُکمَ: فیصلہ میں لچک رکھنا۔
لَطَّفَ الذَّنبَ: جُرم کو خفیف ثابت کرنا۔
لَطَّفَ الإجْرَاءَ: کارروائی بہتر طور پر کرنا۔
لاطَفَہ مُلاطَفَةً: شفقت کرنا (۲) دلداری کرنا، دل بہلانا (۳) چمکانا (۴) لاڈ پیار کرنا۔
تَلَطَّفَ: نرم بننا، نرمی برتنا (۲) مہربانی کرنا۔
اِستَلْطَفَ: مہربانی کی درخواست کرنا۔
لُطف ، لَطَافَة: نرمی (۲) لچک (۳) خوش مزاجی۔
لَطَافَة: (ضد: کَثَافَة) باریکی، نزاکت۔
لَطِیف: مہربان (۲) خوب رُو (۳) نازک (۴) عمدہ، خوش گوار (۵) خوش مزاج (۶) ہلکا پھلکا (ضد: کَثِیف)۔
الجِنسُ اللَّطِیف: صنفِ نازک۔
مُلَطِّف: تسکین بخش۔
مُلاطَفَة: خوش طبعی (۲) دلداری (۳) لاڈ پیار۔
لَطَمَ ـِ لَطْماً: تھپڑ مارنا، چہرہ پر مارنا۔
لَطْمَة: طمانچہ، چپت ج: لَطَمَات۔
تَلاطُم: تصادم، موجوں کا باہم ٹکراؤ۔
مَلْطَم: رخسار۔

ل.....ظ

لَظِیَ ـَ لَظًی، تَلَظَّی، اِلْتَظَی: آگ بھڑکنا، مشتعل ہونا۔
لَظًی: شعلہ، لپٹ۔

ل.....ع

لَعِبَ ـَ لَعِباً: کھیلنا (۲) مذاق کرنا (۳) بیکار کام کرنا۔
___ القِمَارَ: جُوا کھیلنا۔
___ عَلَیْہ: ٹھگنا، آنکھوں میں دھول جھونکنا۔
___ فِی الاَمْر: کسی معاملہ کو کھیل سمجھنا۔
___ بِالسَّیْف: پٹا کھیلنا، تیغ بازی کرنا۔
___ بالنَّار: آتش بازی کرنا۔
___ بِدَوْرِ کَذَا: کسی قسم کا رول ادا کرنا، پارٹ ادا کرنا، کردار ادا کرنا۔
___ بِعَقْلِہ: جھانسا دینا، جُل دینا، چونا لگانا۔
لَعَّبَ و اَلْعَبَ: کھیل میں لگانا۔
لَعَّبَہ عَلَی اَصَابِعِہ: انگلیوں پر نچانا۔
لاعَبَہ مُلاعَبَةً: کسی کے ساتھ کھیلنا، اٹکھیلیاں کرنا۔
تَلاعَبَ بِشیٔ: کھلونا بنالینا۔
لَعِب: کھیل (۲) مذاق (۳) تفریح ج: اَلْعَاب۔
لَعِبُ السَّیْف: پٹا، تیغ بازی۔
اَلْعَاب: کھیل۔
اَلْعَابُ خِفَّةِ الیَد: شعبدہ بازی، بازی گری۔
اَلْعَابٌ رِیَاضِیَّة: ورزشی کھیل۔
اَلْعَابٌ نَارِیَّة: آتش بازی۔
لُعْبَة: کھلونا ج: لُعَب (۲) وہ شخص جس کا مذاق بنایا جائے۔
لُعْبَة ، لِعْبَة: ایک کھیل، کھیل کی ایک قسم۔
لُعْبَةُ الغُمَّیْضَة: آنکھ مچولی۔
لُعَبَة ، لَعَّاب ، لِعِّیب: کھلاڑی۔
لُعَاب: تھوک، منہ کا جھاگ۔

لُعابُ النَّحل: شہد۔
لُعابُ البِزر: شیرہ۔
اُلعُوبَة: کھلونا ج: اَلاعِیبُ۔
مُلعُوبٌ: جس کی رال بہتی ہو۔
مَلعَبٌ: کھیل کا میدان، اسٹیڈیم (۲) تھیٹر، تماشا گاہ ج: مَلاعِبُ۔
مَلعَبُ تَنِس: ٹینس کا میدان۔
مَلعَبُ الخَیل وغَیرِها: سرکس۔
مُلاعِب: کھیل کا رفیق (۲) دھوکہ باز۔
لَعثَمَ، تَلَعثَمَ: (فِی الاَدَاء) توقف کرنا، ہچکچانا۔
التَّلَعثُم: تھوک نگلنا۔
لَعَجَ ـَـ لَعجاً: تکلیف دینا (۲) سوزش پیدا کرنا۔
لاعِجٌ: دل سوز۔
لَواعِجُ الحُبّ: جذباتِ محبت۔
لَعِقَ ـَـ لَعقاً: چاٹنا۔
مِلعَقَة: چمچہ ج: مَلاعِقُ۔
لَعَلَّ: شاید (۲) ممکن ہے، امید ہے۔

ل ..... ع

لَغَزَ ـُـ لَغزاً و أَلغَزَ و لاغَزَ فِی الکَلام: بات گھما پھرا کر کہنا، معمہ بنانا، چیستاں بنانا۔
لُغزٌ: معمہ، چیستاں، پیچیدہ بات ج: أَلغاز۔
لُغزٌ غامِض: ناقابلِ حل معمہ۔
لَغَطَ ـَـ لَغطاً: شور کرنا۔
لَغط: لوگوں کے بولنے کا شور، شوروغوغا ج: - اَلغاط۔
لَغَمَ المَکانَ ـَـ لَغماً و أَلغَمَ: سرنگ بچھانا، ڈائنامیٹ کرنا، آتشیں مادہ سے اُڑانا۔
لَغمٌ: بارودی سرنگ ج: أَلغام۔
لَغا ـُـ لَغواً: بے کار ہونا، لغو ہونا، کالعدم ہونا (۲) کلام کرنا۔
لَغا، لَغِیَ ـَـ لَغًی: بے سوچے سمجھے بولنا (۲) کلام میں غلطی کرنا۔
اَلغَی إلغاءً: منسوخ کرنا، کالعدم قرار دینا، کینسل کرنا، ملتوی کرنا، بے اثر کرنا۔
اَلغَی الاتِّفاقَ: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلغَی إجازَةً مَمنُوحَةً لِاَحَدٍ: لائسنس منسوخ کرنا۔
اَلغَی الاَحکامَ: فیصلے منسوخ کرنا۔
اَلغَی الاَحکامَ العُرفِیَّةَ: مارشل لا ختم کرنا، اُٹھانا۔
اَلغَی الامتِیازَ: لائسنس ختم کرنا۔
اَلغَی الامتِیازاتِ الاَجنَبِیَّة: غیر ملکی رعایت ختم کرنا۔
اَلغَی الاَوامِرَ: احکام منسوخ کرنا۔
اَلغَی الحَظرَ عَن: پابندی ختم کرنا۔
اَلغَی الرِّقابَةَ: سنسر ختم کرنا۔
اَلغَی الرِّقابَةَ عَنِ الصُّحُف: اخباروں کی نگرانی ہٹانا، سنسر شپ ختم کرنا۔
اَلغَی الطَّلَبَ: آرڈر کینسل کرنا۔
اَلغَی العَقدَ: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلغَی القَوانِینَ: آئین توڑنا، قوانین ختم کرنا۔
اَلغَی قِیمَةَ العُملَة: سکہ کی قیمت ختم کرنا۔
اَلغَی المُرافَعَةَ: اپیل خارج کرنا۔

اَلْغَى الْمُرَتَّبَ: وظیفہ بند کرنا۔
اَلْغَى الْمُعَاهَدَةَ: معاہدہ ختم کرنا۔
اَلْغَى النِّظَامَ: سسٹم ختم کرنا۔
اَلْغَى النُّقُودَ: نوٹ بند کرنا۔
اَلْغَى الزِّيَارَةَ: دورہ منسوخ کرنا۔
اَلْغَى الْقَرَارَ: فیصلہ یا تجویز منسوخ کرنا۔
لُغَة ج: لُغَات: زبان (۲) اصطلاح۔
لُغَةٌ اِصْطِلَاحِيَّة: کوڈ۔
لُغَةٌ اَكْثَرُ حِدَّةً: زیادہ تیز لہجہ۔
لُغَةُ الْبَلَاط: درباری زبان۔
لُغَةٌ خُصُوصِيَّة: لہجہ۔
لُغَةٌ رَسْمِيَّة: سرکاری زبان۔
لُغَةُ الرُّمُوز: خفیہ تحریر۔
لُغَةُ الشَّفْرة: خفیہ زبان۔
اللُّغَةُ الْعَامِّيَّة: عام بول چال کی زبان۔
اللُّغَةُ الْعَرَبِيَّة: عربی زبان۔
اللُّغَةُ الْمُصْطَلَحُ عَلَيْهَا: اصطلاحی زبان۔
لُغَةُ الْمَوْلِد: مادری زبان۔
عِلْمُ اللُّغَة: الفاظ کے معانی اور ان کے اشتقاقات کے جاننے کا علم۔
كِتَابُ اللُّغَة: ڈکشنری۔
لُغَوِيّ: ماہر السنہ، فن لغت کا ماہر (۲) زبان سے متعلق۔
لَاغٍ: منسوخ، باطل، کالعدم، ختم، بے بنیاد، بے کار، بے اثر۔
اِلْغَاء: منسوخی، ابطال، خاتمہ۔
اِلْغَاءُ الْعُبُودِيَّة: خاتمہ، غلامی۔
مُلْغًى: منسوخ، ناقابل عمل، باطل و کالعدم قرار دیا ہوا۔

ل.....ف

لَفَتَ ـِـ لَفْتاً و لَفَتَهُ: گھمانا، دائیں بائیں موڑنا۔
لَفَتَ ـِـ لَفْتاً عَنْ: موڑنا، پھیرنا، منحرف کرنا، توجہ ہٹانا۔
لَفَتَ نَظَرَه و اهْتِمَامَه و انْتِبَاهَه إِلَى: توجہ دلانا، توجہ مبذول کرانا۔
اِلْتَفَتَ و تَلَفَّتَ إِلَى: متوجہ ہونا۔
اِلْتَفَتَ يُمْنَةً و يُسْرَةً: دائیں بائیں دیکھنا۔
لِفْت: شلجم و: لِفْتَة۔
لِفْتِيُّ الشَّكْل: شلغمی شکل کا۔
لَفْتَة، اِلْتِفَاتَة: ایک نگاہ، ایک نظر (۲) نظر کرم، توجہ، التفات۔
لَافِتَة: موٹو ج: لَافِتَات و لَوَافِت۔
لَافِتَةٌ لِلتَّحْذِير: سگنل۔
لَافِتَاتُ التَّرْحِيب: خیر مقدمی موٹو، استقبالیہ موٹو۔
الْمُلَفِّتُ لِلنَّظَر: قابلِ التفات۔
لَفَحَ ـَـ لَفْحاً: مارنا، تلوار مارنا (۲) جلانا، جھلسنا۔
لَفْحٌ: آنچ، گرمی، لپٹ۔
لَفَظَ ـِـ لَفْظاً: پھینکنا۔
لَفَظَ كَلِمَةً: لفظ بولنا۔
لَفَظَ النَّفَسَ الْأَخِيرَ: آخری سانس چھوڑنا۔
لَفَظَ و تَلَفَّظَ: بولنا۔
لَافِظٌ: بولنے والا۔
لَفَعَ ـَـ لَفْعاً و لَفَّعَ الشَّيْبُ رَأْسَه: سر پر بڑھاپا چھا جانا، سر سفید ہونا۔

اِلْتَفَعَ و تَلَفَّعَ بکذا: لپٹنا، کسی چیز کو اپنے پر لپیٹنا۔
لِفَاع: مفلر، سر کو لپیٹنے کا کپڑا۔
لَفَّفَ و لَفَّ ـُـ لَفّاً: لپیٹنا، ڈھانپنا، پیک کرنا۔
لَفَّ و الْتَفَّ: چکر کھانا۔
اِلْتَفَّ الثُّعْبَانُ: سانپ کا بل کھانا، لپٹنا۔
اِلْتَفَّ عَلَيْهِ القَوْمُ: لوگوں کا کسی کے گرد جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔
لَفٌّ: پیکنگ، فولڈنگ۔
لَفَّة: لچھا، دھاگوں کا گولا، انٹی۔
لَفَّاف: گھومنے والا۔
بَابٌ لَفَّاف: گھومنے والا دروازہ۔
لِفَافَة: (۱) پٹی (۲) لپیٹنے کا کپڑا (۳) پیکٹ۔
لِفَافَةُ تَبْغٍ: سگریٹ۔
لِفَافَةُ السَّاق: پنڈلی بند۔
لَفِيف: جماعت، گروپ، مخلوط قسم کا مجمع۔
لَفِيفَةٌ مِنَ التَّبْغ: سگریٹ، بیڑی ج: لَفَائِفُ۔
مِلَفّ، مِلْفَاف: لبادہ (۲) ریپر، اخبار یا کاغذ وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ۔
مِلَفّ (دا) مِثْقَاب: سوراخ کرنے کا آلہ۔
مِلَفّ: کاغذات کا فائل، ریکارڈ، سیاہ ریکارڈ، فائل ج: مِلَفّات۔
مِلَفٌّ فَرْعِيّ: ذیلی فائل۔
لَفَقَ ـِـ لَفْقاً: ٹانکے بھرنا (۲) کپڑے کو دہرا کر کے سینا۔
لَفَّقَ الحَدِيثَ: بات کو باطل سے مزین کرنا۔
لَفَّقَ الكَلَامَ: بات گھڑنا۔
لَفَّقَ التُّهْمَةَ: الزام تراشنا۔
لَفَّقَ الأَخْبَارَ: خبریں گھڑنا۔
لَفْق: سلائی۔
تَلْفِيق: بناوٹ، جعل سازی۔
تَلْفِيقَة: من گھڑت کہانی۔
لَفْلَفَ المَوْضُوعَ لَفْلَفَةً: مسئلہ کو لپیٹ دینا۔
أَلْفَى إِلْفَاءً: پانا۔
تَلَافَى: تدارک کرنا۔
تَلَافَى الشَّرَّ قَبْلَ اسْتِفْحَالِهِ: فتنہ کے سر اٹھانے سے پہلے اس کی تدبیر کرنا۔

ل.....ق

لَقَب: ٹائٹل، لیبل، لقب ج: أَلْقَاب۔
لَقَبُ الأُسْرَة: سرنام، خاندانی نام۔
لَقَّحَ و لَقَحَ ـَـ لَقْحاً و أَلْقَحَ أُنْثَى الحَيَوان: حاملہ بنانا۔
لَقَّحَ و لَقَحَ النَّبَاتَ: نر اور مادہ کو ملا کر بار آور بنانا۔
لَقَّحَه تَلْقِيحاً: انجکشن لگانا۔
لَقَّحَه ضِدَّ مَرَض كذا: کسی مرض سے بچاؤ کا ٹیکہ لگانا۔
لَقَّحَه بِلِقَاحِ مَرَضٍ مُعْدٍ: وبائی امراض کا ٹیکہ لگانا۔
لَقَّحَه بِمَصْلِ الجُدَرِيّ: چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
لِقَاح: مادہ منویہ، نطفہ (۲) کھجور کا شگوفہ جو مادہ میں ڈالا جائے، نر دانہ جو مادہ میں پہنچایا جائے (۳) انجکشن، ٹیکہ، دوا جو بدن میں پہنچائی جائے۔
لِقَاحُ الجُدَرِيّ: چیچک کا ٹیکہ۔

تَلْقِيحٌ صِناعِيّ: مصنوعی حمل کاری۔
لَقَطَ ـُ لَقْطاً و الْتَقَطَ و تَلَقَّطَ: زمین سے اٹھانا۔
اِلْتَقَطَ الصُّوْرَةَ: فوٹو لینا۔
لَقْطَة: منظر ج: لَقَطات۔
لُقْطَة: پڑی ہوئی چیز (۲) بچی کھچی چیز جو سستی خرید لی جائے۔
لَقِيط: اٹھایا ہوا نومولود بچہ۔
مِلْقَطٌ، مِلْقاط: چمٹی۔
مِلْقَطُ النَّار: دست پناہ، چمٹا۔
لَقِفَ ـَ لَقْفاً، تَلَقَّفَ، اِلْتَقَفَ: کیچ کرنا، اچکنا، جلدی تھام لینا۔
تَلَقَّفَ الطَّعَامَ: نگلنا۔
تَلَقَّضَهُ المَرَضُ: مرض کا گھیر لینا۔
لَقَمَ ـُ لَقْماً: دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ الشَّيْءَ ـَ لَقْماً: منہ میں لینا۔
لَقِمَ الطَّعَامَ: کھانا ہڑپ کرنا۔
لَقَّمَ و أَلْقَمَ: لقمہ بنانا۔
لُقْمَةٌ سائِغَة: لقمۂ تر، ترنوالہ ج: لُقَم۔
لَقِنَ ـَـ لَقَناً و تَلَقَّنَ مِنْ: بالمشافہ کوئی چیز حاصل کرنا، سیکھنا۔
لَقَّنَ تَلْقِيناً: سکھانا، بتانا، املا کرانا، بالمشافہ سمجھانا، ذہن میں بٹھانا۔
لَقانَة: زود فہمی۔
لَقِيَ ـَ لِقاءً و الْتَقى: پانا، ملنا، واسطہ پڑنا۔
لَقِيَ و الْتَقى به و لاقاهُ: ملاقات کرنا۔
لَقِيَ أَسْوَأَ مَصِيرٍ: اس کا انتہائی بُرا حشر ہوا۔
لَقِيَ تَجاوُباً: اسے مقبولیت حاصل ہوئی۔
لَقِيَ حَفاوَةً بالِغَةً: اس کا بڑا اعزاز ہوا۔
لَقِيَ القَرارُ اِسْتِجابَةً عامَّةً في الوطَن: ملک میں فیصلہ کو عام پذیرائی حاصل ہوئی۔
لَقِيَ العَدُوُّ جَزاءَه: دشمن کو اس کی سزا ملی۔
لاقاهُ: استقبال کرنا۔
لاقى مَصاعِبَ جَمَّةً: زبردست مشکلات کا سامنا کرنا۔
لاقى فُلانٌ العِلاجَ: حل پا جانا۔
لاقى: وصول کرنا۔
اِلْتَقَتِ العُيُونُ: آنکھیں چار ہونا۔
تَلَقَّاه: استقبال کرانا (۲) حاصل کرنا، وصول کرنا، رسیو کرنا۔
تَلَقَّاه بِتَرْحاب: کشادگی سے ملنا۔
تَلَقَّى عَلَيْه: کسی سے علم حاصل کرنا۔
تَلَقَّى البَلاغ: رپورٹ ہونا، اطلاع ملنا۔
تَلَقَّى تَحِيَّةَ الجَماهِير: سلامی لینا۔
تَلَقَّى التَّدْرِيبَ العَسْكَرِيَّ مِنْ: فوجی تربیت حاصل کرنا۔
تَلَقَّى الدَّعْوَةَ مِنْ: کسی کی طرف سے دعوت پانا۔
تَلَقَّى الدُّرُوسَ: سبق حاصل کرنا۔
تَلَقَّى المُساعَداتِ: امدادیں حاصل کرنا۔
تَلَقَّى مُكالَمَةً تِلِيفُونِيَّةً: ٹیلیفون کال وصول کرنا۔
أَلْقَى إِلْقاءً: ڈالنا۔
أَلْقَى عَنْه: معاف کرنا۔
أَلْقَى عليه الدَّرْسَ: سبق پڑھانا، سبق کا املا کرانا۔
أَلْقَى عليه سُؤالاً: سوال کرنا۔

أَلْقَی علیه الشئَ: پھینکنا۔
أَلْقَی علی عَاتِقِه: ذمہ داری ڈالنا۔
أَلْقَی الحَبْلَ عَلی الغَارِب: آزاد چھوڑنا۔
أَلْقَی القَبْضَ علی: گرفتار کرنا، اریسٹ کرنا۔
أَلْقَی الشِّقَاقَ بَیْنَهُمْ: لڑائی کرانا۔
أَلْقَی الأَوَامِرَ لَه و إِلَیْه: احکام جاری کرنا۔
أَلْقَی خُطْبَةً: تقریر کرنا، خطبہ دینا۔
أَلْقَی خُطْبَةً حَمَاسِیَّةً: جوشیلی تقریر کرنا۔
أَلْقَی الرُّعْبَ فی: خوف پیدا کرنا۔
أَلْقَی عَصَا التَّرْحَال: قیام کرنا۔
أَلْقَی الشئَ فِی رُوْعِه: دل میں ڈالنا۔
أَلْقَی القَنَابِلَ عَلَی: بمباری کرنا۔
أَلْقَی الکَلِمَةَ: تقریر کرنا۔
أَلْقَی المَسْئُولِیَّةَ و المُهِمَّةَ علی: ذمہ داری ڈالنا۔
أَلْقَی عَلَیْهِ القَوْلَ: املا کرانا۔
أَلْقَی إِلَیْهِ القَوْلَ و بِالقَوْلِ: بات پہنچانا۔
أَلْقَی إلیه الشئَ: ڈالنا۔
أَلْقَی إلیه السَّمْعَ: کان لگانا، توجہ دینا۔
أَلْقَی بِنَفْسِه فی کذا: مبتلا کرنا۔
أَلْقَی بِنَفْسِه بَیْنَ أَنْیَابِ المَوْت: خود کو موت کے مُنھ میں ڈالنا۔
تَلَاقَی الشَّیْئَانِ فِی الطَّرِیْق: کراس کرنا۔
تَلَاقَوْا و الْتَقَوْا: باہم ملنا۔
اِسْتَلْقَی: لیٹنا، چٹ لیٹنا۔
لِقَاء: مڈبھیڑ، مقابلہ، ملاقات، اجتماع۔
لِقَاءٌ اِسْلَامِیّ: اسلامی اجتماع۔
لِقَاءٌ حَضَارِیّ: تہذیبی اجتماع۔
لِقَاءٌ صَحَفِیّ: پریس انٹرویو۔
لِقَاءٌ فِکْرِیّ: فکری اجتماع۔
لِقَاءٌ نِهَائِیّ: آخری ملاقات۔
لِقَاءَ کذا: بدلہ میں۔
اللِّقَاءَ ات: ملاقاتیں۔
اللِّقَاءَ اتُ الجَانِبِیَّة: یک طرفہ ملاقاتیں۔
تِلْقَاءٌ: ملاقات۔
تِلْقَاءَ: سامنے، بالمقابل۔
مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِه: اپنی طرف سے۔
تِلْقَائِیّ: بدیہی، خود بخود حاصل ہونے والا۔
تِلْقَائِیّاً: خود بخود۔
مَلْقَی، مُلْتَقَی: جائے اجتماع۔
مَلْقَی و مُلْتَقَی الخُطُوْط و الفُرُوْع: جنکشن۔
مَلْقَی و مُلْتَقَی الطُّرُق: چوراہا، کراسنگ۔
مُلْتَقَی: (۲) میٹنگ، سیمینار۔

ل.....ک

لَکَأَ ـُ لَکْأً: مارنا۔
تَلَکَّأَ: توقف کرنا، جھجکنا۔
لَکَزَ ـُ لَکْزاً: مکا مارنا۔
لَکِزٌ: بخیل۔
لَکَّ ـُ لَکّاً: گدی پر مارنا۔

اِلْتَکَّ فِی کَلَامِہٖ: غلطی کرنا۔
لَکٌّ: لاکھ ۱۰۰۰۰۰ (۲) لاک جس سے مہر لگائی جاتی ہے (مع)۔
لَکَمَ ـُ لَکْماً: مکّا مارنا۔
لَاکَمَہٗ مُلَاکَمَۃً: مکّا بازی کرنا۔
لَکْمَۃ: ایک مکّا، باکس ج: لَکَمَاتٌ۔
لَکْمَۃٌ وَ جِیْعَۃ: سخت مُکّا۔
المُلَاکَمَۃ: مکّے بازی، باکسنگ۔
المُلَاکِم: مکّے باز، باکسر۔
لَکِنَ ـَ لَکَناً: ہکلا ہونا، ثقلِ لسانی میں مبتلا ہونا۔
اَلْکَنُ: ہکلا م: لَکْنَاءُ۔
لِکَیْ، لِکَیْمَا: تاکہ۔

ل.....م

لَمْ: نہیں (حرف جازم مضارع)۔
اِنْ لَمْ: اگر نہیں۔
مَا لَمْ: جب تک۔
لَمَّا: جب۔
لَمْبَۃ: (مع) لمپ۔
لَمَحَ ـَ لَمْحاً وَ لَمَحَاناً: چمکنا۔
لَمَحَ ـَ لَمْحاً الشیٔ وَ إلیہ: اچٹتی ہوئی نگاہوں سے دیکھنا۔
لَمَّحَ إلی: اشارہ کرنا۔
لَامَحَہ: دُزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔
لَمْحَۃ: اچٹتی نگاہ (۲) چمک۔
لَمْحَۃٌ سَرِیْعَۃ: سرسری نظر۔
لَمْحَۃٌ خَاطِفَۃ: اچٹتی نگاہ۔
لَمْحٌ: سرسری نظر۔
کَلَمْحِ البَصَر: چشم زدن میں۔

مَلَامِح: خدوخال، نمایاں آثار، علامات۔
مَلَامِحُ المُسْتَقْبَل: مستقبل کا نقشہ۔
مَلَامِحُ النُّبُوغ: قابلیت کے آثار۔
مَلَامِحُ الوَجْہ: چہرہ کے خط وخال۔
لَمَزَ ـُ لَمْزاً بِالکَلَام: عیب لگانا۔
لَمَزَ بِالعَیْن: اشارہ کرنا۔
لَمَسَ ـُ لَمْساً: چھونا (۲) ٹٹولنا (۳) طلب کرنا۔
لَامَسَہٗ مُلَامَسَۃً: چھونا، ہاتھ لگانا (۲) جماع کرنا۔
تَلَمَّسَ: جستجو کرنا، ڈھونڈنا۔
تَلَمَّسَ عُذْراً: بہانہ تلاش کرنا۔
تَلَمَّسَ طَرِیْقَہ: راستہ معلوم کرنا۔
تَلَمَّسَ الإمْکَانَاتِ: ذرائع تلاش کرنا۔
تَلَمَّسَ الأَصْوَاتِ فی الانْتِخَابَات: الیکشن میں کنوشنگ کرنا۔
اِلْتَمَسَ: طلب کرنا (۲) اپیل کرنا، درخواست کرنا۔
اِلْتَمَسَ عَنْ شیٔ: تلاش کرنا، جستجو کرنا۔
اِلْتَمَسَ الشیٔ مِنْ فُلَانٍ: مانگنا، کسی چیز کی درخواست کرنا۔
اللَّمْسُ المَنْبُوذ: چھوت چھات۔
اِلْتِمَاس: درخواست، فرمائش، اپیل۔
لَمَعَ ـَ لَمَعَاناً: چمکنا۔
لَمَعَ وَ اَلْمَعَ بِیَدِہٖ: اشارہ کرنا۔
لَمَّعَ الکِتَابَ: رنگین بنانا، رنگوں سے آراستہ کرنا۔
لَمَّعَ الشیٔ: چمکانا، پالش کرنا۔
لَمْعٌ، لَمَعَان: چمک، آب وتاب۔

لَمَّاع: چمکدار، بھڑکدار (۲) وارنش کیا ہوا۔
جِلْدٌ لَمَّاع: پیٹنٹ لیدر، وارنش کیا ہوا چمڑا۔
لَامِع: گولڈن، چمکدار۔
لَمَمٌ: مراق، معمولی درجہ کا جنون۔
لَمَّ ـُ لَمّاً: جمع کرنا۔
اَلَمَّ بِكَذا: واقف ہونا، جاننا۔
اَلَمَّ بِشَيْءٍ بِصُوْرَةٍ مُبَسَّطَة و سَرِيْعَة: کسی چیز کا سرسری اور معمولی مطالعہ کرنا۔
اَلَمَّ البَلَدَ: ملک کو متحد کرنا۔
اَلَمَّ به كذا: پیش آنا، لاحق ہونا۔
اَلَمَّ بِالذَّنب: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
لَمَّا: جب۔
لَمَّة: ہر جمع شدہ چیز (۲) اجتماع۔
لَمَّة: سختی، شدت۔
لَامَّة: نظرِ بد۔
لِمَاماً: وقتاً فوقتاً۔
اِلْمَامٌ بشيء: واقفیت، علم، شغف، مہارت۔
مُلِمَّة: مصیبت ج: مُلِمَّات۔
مَلْمُوم: جمع شدہ۔
لِيْمُون: لیموں۔

ل.....ن

لَنْ: ہرگز نہیں۔
لُنْدُرَة: (مع) لندن۔
لَنْش: اسٹیمر، لانچ، موٹر بوٹ ج: لَنْشَات۔

ل.....ہ

لَهِبَ ـَ لَهَباً: پیاسا ہونا، تشنہ ہونا۔
لَهِبَ، اِلْتَهَبَ، تَلَهَّبَ: آگ بھڑکنا، سوزش ہونا۔
اِلْتَهَبَ و تَلَهَّبَ عَطَشاً أو غَيْظاً: پیاس یا غصہ سے بھڑکنا۔
اِلْتَهَبَ الشيُ: بھبکنا، آگ لگنا۔
اِلْتَهَبَ اللَّوْزَتان: گلے آجانا، ٹونسل ہونا، حلق کے غدوں کا ورم آلود ہونا۔
لَهَّبَ و أَلْهَبَ: آگ بھڑکانا (۲) جلانا۔
أَلْهَبَ المَشَاعِرَ: جذبات بھڑکانا۔
أَلْهَبَ الحَمَاسَ: جوش دلانا، مشتعل کرنا۔
أَلْهَبَ عَوَاطِفَ العَامَّة: عوام کے جذبات کو بھڑکانا۔
لُهَاب: پیاس۔
لَهَبٌ: آگ کی لپٹ، شعلہ۔
لَهْبَان: پیاسا۔
لَهِيْب: آنچ، لپٹ۔
اِلْتِهَاب: سوزش، ورم۔
